https://www.scribd.com/document/176998796/Farhang-e-Aamira#download&from_embed

۳۲۱۹
CHECKED-2002

فرہنگ عامرہ

کے متعلق

چند قیمتی رائیں

نگار لکھنؤ

فرہنگ عامرہ چھوٹے سائز کا لغت ہے جس میں عربی فارسی اور ترکی کے تقریباً چالیس ہزار الفاظ صحیح تلفظ کے ساتھ یکجا کر دیے گئے ہیں، اور جن کا عام فہم ترجمہ اردو میں کیا گیا ہے۔ اس فرہنگ کی خصوصیات فاضل مؤلف نے ظاہر کی ہیں کہ:-

(۱) الفاظ کی ترتیب حروف تہجی کے لحاظ سے اس طرح رکھی گئی ہے کہ کسی لفظ کی جستجو میں دقت نہیں ہوتی۔

(۲) صحت تلفظ کے لئے یہ اہتمام کیا گیا ہے کہ ہر لفظ کے آگے اس کے ٹکڑے کر دئے گئے ہیں اور ہر ٹکڑے پر اعراب دیدئے گئے ہیں، یہ وہی طریقہ ہے جو انگریزی زبان کی لغات میں رائج ہے۔

(۳) فارسی کی خلاف قیاس اور عربی کی مستعمل جمع اپنے صیغہ مفرد کے ذیل میں درج کر دی گئی ہیں اور کثیر الاستعمال صیغہائے جمع کو مستقل لغت کی حیثیت سے اسکی ہر جگہ پر پھر دوبارہ دیدیا گیا ہے۔

(۴) کثیر الاستعمال فارسی مصادر کے مضارعات اور سماعی و قیاسی مشتقات بھی دئے گئے ہیں اسی کے ساتھ قلیل الاستعمال مصادر کی بڑی تعداد بھی شامل کر دی گئی ہے۔

(۵) فارسی میں اکثر حروف دوسرے حروف سے بدل جاتے ہیں، اس کی صراحت بھی ہر حرف کی تقطیع کی ابتداء میں کر دی گئی ہے۔

(۶) دورِ حاضرہ کے بہت سے مفید معرّبات و مفرّسات اس میں شامل ہیں۔
(۷) اشیاء کی ماہیت و معانی بیان کرنے میں جدید تحقیقات کا خیال رکھا گیا ہے۔
(۸) اسماء الرجال کے سلسلہ میں افسانوی افراد اور تاریخی شخصیتوں کے درمیان حدِ فاصل قائم کر دی گئی ہے۔

میں نے اس فرہنگ کو خوب دیکھا ہے اور میں نے یہ تمام خصوصیات اس میں پائی ہیں۔ ہماری زبان میں لغت کی کتابوں کی بہت کمی ہے اور خصوصیت کے ساتھ وہ جامع بھی ہوں اور مختصر بھی، اس لئے ملک کو جناب محمد عبد اللہ خاں خویشگی کا ممنون ہونا چاہئے کہ انھوں نے سالہا سال کی محنت کے بعد یہ قابل قدر فرہنگ مرتب کی اور اچھے کاغذ پر مجلد شائع کر کے طلبہ کی بڑی ضرورت کو پورا کیا۔

اُردوئے معلّٰی کانپور

مدت سے اردو میں ایک ایسے لغت کی ضرورت تھی جو جامع ہونے کے ساتھ اخبار نویسوں، مترجموں، شاعروں اور طالب علموں کی ضروریات کو پورا کر سکے۔

ہمیں مسرت ہے کہ جناب محمد عبد اللہ خاں صاحب خویشگی نے بے انتہا محنت و کاوش سے ایک ایسا لغت مرتب کیا ہے جس میں عربی، فارسی اور ترکی کے تقریباً چالیس ہزار الفاظ کی تشریح کی گئی ہے۔ اس لغت کی ایک نمایاں خصوصیت یہ ہے کہ الفاظ کے سامنے قوسین میں ان کا صحیح تلفظ بھی درج کر دیا گیا ہے۔ مثلاً :-

قوت (قُوْ وَتْ) طاقت
ربیع الاوّل (رَبِیْ عُلْ۔ اَوْ وَلْ) تیسرا اسلامی قمری مہینہ

اس لغت کا نام فرہنگ عامرہ ہے۔ الفاظ کے معنی بیان کرنے میں جدید تحقیقات کا خیال رکھا گیا ہے۔ متروک الفاظ کی جگہ متبادل الفاظ کی طرف توجہ دلائی گئی ہے۔ فارسی مصادر کے مضارع اور سماعی و قیاسی مشتقات بھی درج کر دیئے گئے ہیں۔ اسماء الرجال میں تاریخی اور

افسانوی ناموں میں امتیاز کیا گیا ہے۔ دیباچہ میں السلاک الصدور (Prefixes) اور توابعات ترکیبی (Suffixes) کی فہرست ہے، مثالیں بھی دیدی گئی ہیں جس سے نئے الفاظ کے اختراع میں مدد ملتی ہے، الغرض مرتب نے انتہائی عرق ریزی اور کاوش سے کام لیا ہے۔

ہمیں امید ہے کہ حامیان اردو کے حلقہ میں اس لغت کا پرجوش خیر مقدم کیا جائے گا۔

ہندستان لکھنؤ

فرہنگ عامرہ :- اردو میں لغت کی بہت بڑی کمی تھی، لیکن اب وہ کمی رفتہ رفتہ دور ہو رہی ہے۔ کئی اچھی لغتیں نکل آئی ہیں، یہ لغت بھی دوسری اچھی لغتوں کے ساتھ رکھی جا سکتی ہے معنی کے ساتھ بہت اچھی طرح لفظ کا تلفظ بھی دیدیا ہے۔ اس میں اصطلاحیں فارسی اور عربی جمعیں، فارسی مصدروں کے ساتھ مضارع، کچھ ضروری تاریخی اور افسانوی نام بھی موجود ہیں۔ روزمرہ کے چھوٹے ادبی کاموں کے لئے اور طالب علموں کے لئے یہ بے مثل چیز ہے۔ ابھی تک ہماری نگاہ سے کوئی ایسی لغت نہیں گذری تھی جو یہ ضرورت پوری کرتی ہو۔ اسے تیار کر کے مصنف نے اردو کی بہت بڑی خدمت کی ہے۔

فرہنگ عامرہ میں چالیس ہزار عربی، فارسی اور ترکی الفاظ کے معنی ہیں۔ ساتھ ساتھ الفاظ کے ٹکڑے کر کے ان کا تلفظ بھی دیدیا گیا ہے۔ فارسی کی خلاف قیاس اور عربی کی مستعمل جمع دے دی گئی ہیں۔ ترجمہ آسان اور بامحاورہ زبان میں ہے۔ اس لغت نے اردو کی ایک بہت بڑی کمی کو پورا کر دیا ہے۔ اردو کے ہر قدردان کو اپنے کتبخانہ میں یہ کتاب رکھنا چاہیئے۔

مدینہ بجنور

فرہنگ عامرہ :- یہ فارسی و عربی کے ان الفاظ کا لغت ہے جو عام طور سے فارسی کتابوں میں مستعمل ہیں اور جن میں اکثر اردو زبان میں بھی رائج ہیں۔

اس فرہنگ کی خصوصیت یہ ہے کہ اس میں ہر لفظ کا تلفظ، اس لفظ کے آگے حسبِ جدید قاعدے کے مطابق دیا گیا ہے، مثلاً "زنجبیل" کے آگے بریکٹ میں تلفظ یوں لکھا ہے (زَن۔ جَبِیل) پرانے لغات کی طرح تلفظ کو لفظوں میں اس طرح نہیں لکھا کہ "بفتح زائے معجمہ و سکون نونِ منقوطہ و فتحہ جیم ......" اور نہ لغاتِ کشوری وغیرہ کی طرح اصل لفظ پر زیر زبر پیش لگائے گئے ہیں بلکہ کوشش یہ کی گئی ہے کہ لفظ کے جتنے ٹکڑے (SYLLABLE) آواز کے اعتبار سے ہو سکیں ان کو الگ الگ لکھا جائے اور پھر ان پر زیر زبر لگائے جائیں مثلاً "خوش اسلوبی" کا تلفظ اس طرح لکھا گیا ہے (خُش۔ اُس۔ لُو۔ بِی)

علاوہ ازیں ہر جمع کا واحد اور واحد کی جمع لفظ کے ساتھ ہی بتلا دی گئی ہے کثیر الاستعمال فارسی مصدروں کے قیاسی و سماعی صیغے بھی لفظ کے ساتھ ساتھ لکھ دیئے گئے ہیں نئے الفاظ جو موجودہ صدی میں زبان میں داخل ہوئے ہیں ان کا اضافہ کیا گیا ہے اور اس کے مقابلہ میں بہت سے غیر ضروری نادر الاستعمال الفاظ کو نکال دیا گیا ہے۔ مشہور و معروف ادیبوں کا تعارف نہایت مناسب اور صحیح انداز میں کیا گیا ہے۔ پرانے لغت نویسوں کی طرح یہ نہیں کیا گیا کہ حاتم و رستم کی تشریح میں خیالی افسانے لکھ دیئے جائیں۔

ان باتوں کی وجہ سے یہ لغت فارسی کے طالب علموں کے لئے بے انتہا مفید ہے۔ اردو زبان سے دلچسپی رکھنے والے افراد کی میز پر بھی اس کا رہنا ضروری ہے۔ اس لئے کہ ہماری زبان میں عربی، فارسی کے بہت کافی الفاظ مستعمل ہیں، جن کے معنی اور تلفظ کو معلوم کرنے میں اکثر دقت پیش آتی ہے۔ اس مقصد کے لئے یہ فرہنگ بہترین رہبر کا کام دے سکتی ہے۔ پھر چونکہ یہ مختصر ہے اور چھوٹی تقطیع کی بیاض دست (Handy) ایڈیشن میں چھاپی گئی ہے، اس لئے بڑے لغات کے مقابلہ میں قابلِ ترجیح ہے۔

حقیقت یہ ہے کہ کتاب کی خوبیوں اور ضخامت کو دیکھتے ہوئے قیمت بہت ہی کم ہے۔

الامان دہلی

یوں تو ملک میں اردو لغت کی بہت سی کتابیں رائج الوقت ہیں مگر اردو جیسی عالمگیر اور عام فہم زبان کے لئے جس عام فہم اردو لغت کی ضرورت تھی، ملک کی یہ اہم ضرورت تشنۂ تکمیل تھی، چونکہ اردو زبان فارسی، عربی، ترکی وغیرہ لغات سے مرکب ہے اس لئے پڑھے لکھے حضرات کو لغت سے صحیح تلفظ میں، یا سخت تکلف سے کام لینا پڑتا تھا، یا پھر صحیح تلفظ میں دشواریاں پیش آتی تھیں مگر ـــ

للہ الحمد ہر آں چیز کہ خاطر میخواست آخر آمد ز پس پردۂ تقدیر پدید

خدا کا شکر ہے کہ مولوی عبداللہ خاں صاحب خویشگی ساکن خورجہ نے ملک کی اس اہم ضرورت کا احساس فرما کر، فرہنگ عامرہ کے نام سے جدید اصول تالیف کو پیش نظر رکھتے ہوئے کافی جد و جہد تحقیق و تدقیق کے بعد تقریباً چالیس ہزار عربی، فارسی اور ترکی الفاظ و مصطلحات کا ایک بیش بہا ذخیرہ جمع فرما کر دنیائے علم و ادب پر احسان عظیم کیا ہے جو طلبائے مدارس کے علاوہ فضلاء و کملاء کے وسعت معلومات کیلئے نہایت قیمتی سرمایہ ہے۔

صحت تلفظ، دور حاضرہ کے معرب و مفرس لغات، علامات قرأت، حروف پر اعراب کامل وغیرہ وغیرہ، یہ وہ مخصوص صفات ہیں جو کسی دوسری لغت میں جستجو سے بھی دستیاب نہ ہونگے۔

ان تمام خصوصیات کو پیش نظر رکھ کر یہ رائے حق بجانب ہوگی کہ متلاشیان الفاظ و معانی کے لئے فرہنگ عامرہ سے بہتر کوئی لغت ملک میں تالیف نہیں ہوئی۔

انصاری دہلی

یہ لغت جدید اصول ترتیب پر چالیس ہزار عربی، فارسی، ترکی الفاظ اور مصطلحات جدیدہ کا بیش بہا ذخیرہ ہے، جسے فاضل مؤلف نے کافی جد و جہد، کاوش اور تحقیق کے بعد مرتب کیا ہے، یہ لغت جدید طرز کی بہت سی خوبیوں کی حامل ہے۔ سب سے بڑی، اہم اور ضروری

خصوصیت اور خوبی یہ ہے کہ ہر لفظ کے سامنے حرکت و اعراب کے ساتھ اس کا صحیح تلفظ قوسین (بریکٹ) میں دیدیا گیا ہے۔ الفاظ کے معانی بیان کرنے میں جامعیت و اختصار سے کام لیا گیا ہے۔ لغات کے حروف تہجی کی ترتیب جدید لائنوں پر نہایت صحت کے ساتھ قائم رکھنے کی کوشش کی گئی ہے۔ فرہنگ ہٰذا کو عصر جدید کے قالب میں ڈھالنے کی جو کامیاب کوشش کی گئی ہے وہ قابل قدر، لائق تحسین اور کافی قدر افزائی کی مستحق ہے۔

ہم ایک نظر دیکھنے کے بعد بلا شبہ یہ کہہ سکتے ہیں کہ اس فرہنگ کی ممتاز خصوصیات متلاشیانِ الفاظ و معنی کے لیے بڑی حد تک تسکین بخش ثابت ہوں گی۔ اس بنا پر یہ کہا جا سکتا ہے کہ "فرہنگ عامرہ" اپنے امتیازی محاسن کے اعتبار سے ملک میں پہلی کوشش ہے۔ ضرورت ہے کہ اس سے زیادہ سے زیادہ استفادہ کیا جائے۔ اس کی بہت سی افادی خصوصیات صرف مطالعہ سے تعلق رکھتی ہیں۔ اس مختصر ریویو میں ان کا اظہار نہیں کیا جا سکتا۔

علم و تمدن کے ارتقا کے ساتھ زبان میں جن نئے نئے الفاظ و مصطلحات کا اضافہ ہوا ہے ان کے جمع کرنے کی کامیاب کوشش کی گئی ہے اور اکثر کتب متداولہ سے زیادہ لغات کا ذخیرہ فرہنگ عامرہ کے دامن میں نظر آتا ہے۔

ریاست دہلی

"فرہنگ عامرہ" جیسا کہ نام سے ظاہر ہے ایک لغت ہے جس میں عربی، فارسی اور ترکی کے تقریباً چالیس ہزار الفاظ یکجا کر دیئے گئے ہیں۔ اس لغت میں سب سے بڑی خوبی یہ ہے کہ ہر لفظ کے سامنے حرکت و اعراب کے ساتھ اس کا تلفظ بریکٹ میں دیدیا گیا ہے۔ اور الفاظ کے معنی بیان کرنے میں جامعیت و اختصار سے کام لیا گیا ہے۔

فارسی کی خلاف قیاس اور عربی کی مستقل جمع اپنے صیغہ مفرد کے ذیل میں درج کر دی گئی ہیں اور جمع کے کثیر الاستعمال صیغوں کو مستقل لغت کی حیثیت سے اس کے مقام پر ہر جگہ کر کے درج کر دیا ہے۔ فارسی میں جو حروف دوسرے حروف سے بدل جاتے ہیں ان کی بھی

حروف کی تقطیع کے شروع میں صراحت کر دی گئی ہے۔ چیزوں کی ماہیت اور ان کے معنی بیان کرنے میں جدید تحقیقات کا خیال رکھا گیا ہے۔

علاوہ ازیں فرہنگ عامرہ میں ہر مصدر کے ساتھ اس کا مضارع بھی درج ہے۔ مردہ اور بے رواج چیزوں کے نام علیحدہ کر کے ان کی جگہ ہزاروں مفید اور کارآمد معربات اور مفرسات داخل کئے گئے ہیں۔ دیباچے میں انسلاک المصدر اور لواحقات ترکیبی کی بہت سی تفصیلات دی گئی ہے، جس کے باعث نئے نئے خوبصورت الفاظ اختراع کرنے میں مدد ملتی ہے۔ غرض کتاب اپنی صوری و معنوی خوبیوں کے اعتبار سے بہت دلکش ہے۔

ہند کلمہ

جناب محمد عبداللہ خاں خویشگی نے فرہنگ عامرہ نام سے ایک اردو لغت تیار کی ہے جس میں فارسی، عربی اور ترکی کے وہ تمام الفاظ جمع کئے ہیں، جو کسی صورت سے ہماری زبان میں شامل ہو چکے ہیں۔ اس میں چالیس ہزار الفاظ شامل ہیں۔

الفاظ کی ترتیب اور معنوں کے ساتھ آپ نے زبان پر یہ بہت بڑا احسان کیا ہے کہ ہر لفظ کا صحیح صحیح تلفظ بھی کر دیا ہے مثلاً لکھا ہے:-

امداد (اِم۔ دَا د) مدد کرنا

امراض (اِم۔ راض) بیمار کرنا (اَم۔ راض) مرض کی جمع

اس طرح ہر شخص صحیح تلفظ اور اس تلفظ کے معنی نہایت آسانی سے سمجھ سکتا ہے۔

اس کتاب کو اگر اسکولوں میں شامل کر دیا جائے۔ اور طالب علموں کو استفادہ کا موقع دیا جائے تو بہت ہی کارآمد چیز ثابت ہوگی۔ ہم خاص طور سے اپنی طرف سے محمد عبداللہ خاں صاحب خویشگی کو اردو کی اس خدمت پر مبارکباد پیش کرتے ہیں

ملاپ لاہور

فرہنگ عامرہ ایک مختصر و جامع لغت ہے جس میں عربی، فارسی اور ترکی کے چالیس ہزار الفاظ صحیح تلفظ کے ساتھ یکجا کر دیئے گئے ہیں اور ان کا عام فہم اردو ترجمہ نہایت دلنشیں انداز میں کیا گیا ہے۔ اس فرہنگ کی ایک چیدہ خصوصیت جو ہماری دوسری فرہنگوں میں سرے سے مفقود ہے یہ ہے کہ اس میں ہر لفظ کے سامنے حرکت و اعراب کے ساتھ اسکا تلفظ بریکیٹ میں دیدیا گیا ہے اور وہ اس طرح پر کہ لفظ کا صحیح تلفظ بآسانی ذہن نشین ہو جاتا ہے۔ اس کے علاوہ انگریزی ڈکشنریوں کے اصول پر الفاظ کی ترتیب حروف تہجی کے لحاظ سے اس طرح رکھی گئی ہے کہ کسی لفظ کی جستجو میں چنداں دقت نہیں ہوتی۔ خویشگی صاحب نے جس جانفشانی اور عرق ریزی سے اس گراں پایہ ادبی خدمت کو انجام دیا ہے اس کے لئے وہ مبارکباد کے مستحق ہیں۔

ہمیں امید ہے کہ اہل ذوق ان کی کاوش کی قدر کر کے حسن ذوق کا ثبوت دینگے۔

تیج ویکلی دہلی

فرہنگ عامرہ:۔ اس نام سے جناب عبداللہ خاں خویشگی نے زبان اردو کے لئے ایک بہترین لغت تصنیف کی ہے جس میں عربی، فارسی، ترکی اور وہ تمام الفاظ شامل ہیں جو زبان اردو میں داخل اور مستعمل ہو گئے ہیں۔ ظاہر ہے کہ دنیا میں ہر زبان کو ایک مستقل فرہنگ کی ضرورت ہوتی ہے۔ اس ڈکشنری کو شائع کر کے جناب عبداللہ خاں خویشگی نے وقت کی ایک بڑی ضرورت پوری کر دی ہے۔ فرہنگ عامرہ میں بہت ہی تحقیق کے بعد تمام الفاظ کے تلفظ بھی لکھے گئے ہیں اور چالیس ہزار الفاظ شامل ہیں۔ جن کے معنی بھی نہایت واضح اور جامع طریقہ پر دیئے گئے ہیں۔ اس ڈکشنری کی خوبی یہ ہے کہ جامع ہونے کے باوجود مختصر ہے اس لئے نہایت آسانی سے ہر شخص اس سے کام لے سکتا ہے اور ضرورت کے لئے

اپنی میز پر رکھ سکتا ہے۔ فرہنگ عامرہ اردو میں نئے طرز کی ایک مکمل لغت ہے جو مدرسوں، طالب علموں، مصنفوں، اخبارات اور رسائل کے ایڈیٹروں، مترجموں، مضمون نگاروں اور ادیبوں کے لئے مفید ہے۔

ہماری رائے ہے کہ یہ کتاب ہر اس سکول یا کالج کی لائبریری میں ہونی چاہیئے، جہاں زبان اردو ذریعۂ تعلیم ہے۔ اس ڈکشنری میں الفاظ کی ترتیب بھی بہت سہل رکھی گئی ہے تاکہ لفظ کو ڈھونڈنے میں آسانی ہو۔

مُنادی دہلی

فرہنگ عامرہ:۔ اردو کی خوش نصیبی ہے کہ اس میں ہر مہینہ نہایت مفید اور اعلیٰ کتابوں کا اضافہ ہو رہا ہے۔ محمد عبداللہ خاں صاحب خویشگی نے ایک فرہنگ مرتب کی ہے جو ہر لحاظ سے بے مثل ہے۔ اردو کے تقریباً سب الفاظ اس میں درج کر دیئے گئے ہیں اور ان کے معنی بہت سلیس اور مختصر الفاظ میں درج کئے گئے ہیں اور سب سے بڑی خوبی یہ ہے کہ الفاظ کا تلفظ بہت اچھی طرح سے سمجھایا ہے مثلاً:۔

ضیق النفس (ضَی۔ قُن۔ نَفَ۔ س) سانس کی بیماری

عبداللہ خاں کی اس کاوش کی قدر کرنی چاہیئے۔

پارس لاہور

ضرورت کو ایجاد کی ماں کہا جاتا ہے۔ "فرہنگ عامرہ" کی تدوین و تالیف نے اس ضرب المثل پر تصدیق کی مہر ثبت کر دی۔

"فرہنگ" اردو زبان میں جدید رنگ کی وہ پہلی کتاب ہے جس کے قابل قدر مؤلف نے عربی، فارسی اور ترکی زبان کے چالیس ہزار الفاظ کا خزانہ اس خوبی کے ساتھ جمع کر کے ملک و قوم کے سامنے پیش کر دیا ہے کہ ایک انسان کو اپنی علمی ضروریات کی تلاش

میں مختلف لغتوں کی اوراق گردانی کی قطعاً ضرورت باقی نہیں رہ جاتی ۔

"فرہنگ عامرہ" نہ صرف تعلیم یافتہ طبقہ کے لئے مفید ہے بلکہ اس سرچشمۂ علم سے معمولی علمی استعداد رکھنے والے حضرات بھی یکساں طور پر فائدہ اٹھا سکتے ہیں، بشرطیکہ اٹھانا چاہیں ۔

ہمارے خیال میں "فرہنگ" شعراء، ادباء، فصحاء، مضامین نگاروں، واعظوں، خطیبوں، طلباء اور اساتذہ غرض ہر طبقہ، ہر جماعت، اور ہر مذاق کے لوگوں کے علمی خزانوں میں اضافہ کرنے کی پوری پوری استعداد رکھتی ہے ۔ الفاظ کی ماہیتوں اور مشتقات کے معانی کے بیان کا طریقہ جدید اور جلدی سے سمجھ میں آ جانے والا ہے ۔ جہاں جہاں مصادر آ گئے ہیں وہاں مضارع بھی درج کر دیئے ہیں اور یہ ایک ایسی چیز ہے جس سے آپ کو دوسری لغتیں کلیتاً خالی نظر آئیں گی ۔

یہ فرہنگ اپنے ظاہری اور باطنی دونوں محاسن کے لحاظ سے مفید، کارآمد اور قابل قدر کتاب اور لغات اردو میں اپنی نوعیت کا جدید ترین اضافہ ہے ۔

ہم ادیب اردو کی اس قابل قدر خدمت کے سلسلہ میں فرہنگ عامرہ کے فاضل مؤلف کی خدمت میں قلبی مبارکباد پیش کرتے ہیں اور امید کرتے ہیں کہ ملک کا علم دوست طبقہ آپ کی خدمات جلیلہ سے وسیع پیمانہ پر فائدہ اندوز ہوگا ۔

گرو گھنٹال لاہور

فرہنگ عامرہ میں الفاظ کی ترتیب اور انکے ادائے تلفظ کی ترکیب ایسی آسان رکھی گئی ہے کہ معمولی لکھا پڑھا شخص بھی ہر لفظ کو بے تکلف ڈھونڈ سکتا اور اس کے صحیح تلفظ کو سمجھنے میں کوئی دقت پیش نہیں آتی ۔

یہ کتاب اپنے طرز کی ایک نئی کتاب ہے جو موجودہ زمانہ کے صاحب ذوق حضرات کی علمی ضرورتوں کو اچھی طرح پورا کریگی ۔

اسکول ماسٹروں کیلئے بیحد ضروری کتاب ہے کیونکہ انہیں ہر روز لغوی اور علمی الجھنیں درپیش ہوتی رہتی ہیں ۔

طلباء کے لئے ایک نادر تحفہ ہے کیونکہ اس میں ان کی ہر قسم کی سہولتوں کو مد نظر رکھا گیا ہے اور وہ اس زبان کے مطالعہ سے کامل زباندان بن سکتے ہیں ۔

علم دوست حضرات کو بھی کتب و رسائل اور اخبارات کے مطالعہ میں کافی سے زیادہ مدد مل سکتی ہے ہر لفظ کو اچھی طرح سمجھ اور بول سکتے ہیں ۔ وہ لوگ جو اردو بولتے ہیں مگر تلفظ صحیح نہیں ادا کر سکتے ۔ ان کے لئے اس کا مطالعہ ضروری ہے ۔ وہ اس کے مطالعہ سے زباندانوں کی مجلس میں بے خوفی سے زباندانوں کی طرح بول سکتے ہیں ۔ اس کتاب کی خوبصورتی اور خوبیاں ہر شخص کو مجبور کرتی ہیں کہ یہ ان کی میز پر ضرور ہونی چاہیئے ۔ سب سے بڑی خوبی یہ ہے کہ مترجم حضرات کے لئے اس میں بہت سی علمی اصطلاحات اور لغات کا وافر ذخیرہ موجود ہے ۔

اخبار نویس و مضمون نگار حضرات کے لئے ہر قسم کی اقتصادی ، تمدنی اور سیاسی الفاظ جنکی اخباری دنیا میں ہر روز ضرورت پیش آتی رہتی ہے موجود ہیں ۔

مقرر حضرات کو جلسوں میں تقریر کرتے وقت صحیح تلفظ کا خیال رکھنا ضروری ہے ۔ اس سلسلہ میں یہ کتاب ان کے لئے ایک کامل رہنما ثابت ہوگی ۔ کیونکہ اس میں مجلسی الفاظ کا خاص خیال رکھا گیا ہے ۔

نیشنل کانگریس لاہور

فرہنگ عامرہ : — یہ باتلفظ لغت ہے اور اسے ترتیب دینے میں مؤلف نے کافی محنت اور عرق ریزی سے کام لیا ہے ۔ عام طور پر دیکھا گیا ہے کہ اچھے سے اچھے پڑھے لکھے آدمیوں کا تلفظ بھی غلط ہوتا ہے اور یہ ایک ایسی کمزوری ہے ۔ جس کی تلافی یونیورسٹی کی بڑی سے بڑی ڈگری بھی نہیں کر سکتی ۔

اردو زبان میں ایسے لغت تقریباً ہیں ہی نہیں جن میں تلفظ کا خیال رکھا گیا ہو اسلئے

امید کی جانی چاہیئے کہ اس لغت کا غیر معمولی گرمجوشی سے استقبال کیا جائیگا اور مؤلف کی محنت کی داد دی جائے گی۔

مؤلف نے یہ لغت ترتیب دے کر اردو زبان پر واقعی احسان کیا ہے۔

جناب پروفیسر حامد اللہ صاحب افسر (لکھنؤ کالج)

"فرہنگ عامرہ ہر تعریف و توصیف سے بالاتر ہے۔ آپ کی محنت اور تحقیق و تدقیق کی داد دینا ظلم ہے۔ تقریباً چالیس ہزار الفاظ کا ایک مختصر سے حجم میں جمع کر دینا، معانی کی تفہیم میں اختصار اور وضاحت کا خیال رکھنا، تلفظ کی توضیح جدید مغربی زبانوں کے طرز پر ہر لفظ کے ٹکڑے ٹکڑے کر کے کرنا، اسقدر دشوار کام تھا کہ علماء کی ایک جماعت سے بھی اس کا بخیر و خوبی انجام کو پہونچنا مشکل تھا۔ اس کا صلہ آپ کو حکومت سے ملنا چاہیئے۔ حامیانِ اردو غریب ہیں، اُنکے پاس "دُعا" کے سوا دینے کے لئے کچھ نہیں ہے، خدا آپ کو جزائے خیر دے۔

"کتاب نما" جامعہ ملیہ دہلی

اردو زبان میں نئے طرز کی یہ پہلی لغت ہے جس میں عربی، فارسی اور ترکی کے تقریباً چالیس ہزار الفاظ یکجا کر دئے گئے ہیں۔ اس میں شک نہیں کہ یہ ایک اہم تصنیف ہے جسے فاضل مؤلف نے بڑی کاوش اور تحقیق کے بعد مرتب کیا ہے۔

مصنف نے اس کتاب کو ترتیب دیکر اردو زبان کی ایک بہت بڑی کمی کو پورا کر دیا ہے۔ ہر لفظ کے معنی کے ساتھ ساتھ صحیح تلفظ اور استعمال پر بھی سیر حاصل بحث کی گئی ہے۔

تہذیب نسواں لاہور

یہ کتاب جو عربی، فارسی اور ترکی کے چالیس ہزار الفاظ کا مجموعہ ہے جناب محمد عبد اللہ خاں خویشگی نے بڑی محنت اور کاوش سے مرتب کی ہے اور عام اردو داں طبقے کے علاوہ معلمین

اور متعلمین کے لیے یکساں مفید ہے۔ الفاظ کے معنی کے علاوہ کتاب کے شروع میں ایسی ہدایات درج ہیں جن سے زبان سیکھنے میں مدد ملتی ہے۔

امید ہے کہ اس لغات کی اشاعت کے بعد اردو اور فارسی الفاظ پر اس قسم کے اعتراضات کا سلسلہ بند ہو جائیگا کہ ان کی "مکتوبی صورت" اور "ملفوظی صورت" میں کوئی تطابق نہیں۔ یعنی ہم ان الفاظ کو اس طرح نہیں لکھتے جس طرح انھیں ادا کرتے ہیں۔

دیباچے میں مصنف نے صحیح تلفظ کی ضرورت پر بحث کی ہے۔

طلوع اسلام دہلی

اردو میں کوئی لغت ایسا نہیں ملتا تھا جو جدید اصول کے مطابق مرتب کیا گیا ہو، اس باب میں مولوی عبداللہ خاں خویشگی شکریہ کے مستحق ہیں کہ انھوں نے برسوں کی محنت شاقہ کے بعد عربی، فارسی، ترکی کے قریب چالیس ہزار ایسے الفاظ کا لغت مرتب کیا ہے جو ہماری زبان میں مستعمل ہیں۔

یہ فرہنگ ہماری موجودہ ضروریات کو بڑی حد تک پورا کرے گا۔ ناظرین طلوع اسلام میں سے وہ حضرات جو رسالہ کے انداز تحریر کی مشکل پسندی کی شکایت کیا کرتے ہیں۔ اس فرہنگ سے مزید رہنمائی حاصل کریں۔

شاہکار لاہور

یہ دیکھ کر بڑی خوشی ہوتی ہے کہ اکثر ہندوستانی تعلیمات و ادبیات سے اب خاص دلچسپی لے رہے ہیں اور ان کی یہ کوشش بڑی حد تک کامیاب ہو رہی ہیں کہ رفتار زمانہ کے ساتھ تعلیم و تعلم میں جو بہتر تبدیلیاں پیدا ہو گئی ہیں۔ ان کے مطابق پرانے مشرقی انداز کو بھی نیا رنگ دیا جاوے۔

ادبی دنیا لاہور

کسی زبان کی اہم ترین کتاب اس زبان کی لغت ہی ہوتی ہے ۔ اردو زبان میں فرہنگ آصفیہ کے بعد سے کوئی خاص اچھی لغت شائع نہیں ہوئی تھی۔ البتہ لوگوں کی نظریں انجمن ترقی اردو کی لغات کی جانب تھیں۔ یہ ڈکشنریاں جہاں تک ان کے حسن و خوبی کا تعلق ہے خوب ہیں لیکن ان میں دو باتوں کی کمی ہے ۔ پہلی یہ کہ ان کی قیمتیں ایک غریب طالب علم کے لئے بہت زیادہ ہیں ۔ دوسرے یہ اپنی جامعیت کی وجہ سے بہت زیادہ لمبی چوڑی معلوم ہوتی ہیں ۔ ضرورت اس بات کی تھی کہ ایک ایسی لغت بھی شائع کی جائے جو الفاظ کی کثرت کے ساتھ ہلکی پھلکی روز مرہ کے استعمال کے قابل ہو ۔ مولوی محمد عبداللہ خاں (صاحب) خویشگی نے حال ہی میں "فرہنگ عامرہ" کے نام سے ایک ڈکشنری مرتب کر کے شائع کی ہے ۔

یہ لغت اردو زبان کے ہر طالب علم کے لئے ایک مفید کتاب ہو سکتی ہے ۔ معانی کے ساتھ ہر لفظ کا صحیح تلفظ بھی اس میں درج ہے ۔ ہم کئی روز سے وقتاً فوقتاً اس لغت کا استعمال کر رہے ہیں اور ہم نے اسے اب تک ہر طرح سے صحیح پایا ہے ۔

امید ہے کہ اردو زبان کے مشتاق اس لغت کی قدر کریں گے ۔

سرگذشت علی گڑھ

فرہنگ عامرہ ۔ زبان اردو میں نئے طرز کی یہ پہلی فرہنگ ہے جس میں موجودہ زمانہ کے مذاق کی کلی طور پر تکمیل پوری کرنے کی صلاحیت موجود ہے ۔ یہ نہ صرف ماہرین زبان کے واسطے ایک مفید ذخیرہ ہے بلکہ معمولی لکھے پڑھوں کے واسطے بھی حد درجہ مفید ہے ۔ کیونکہ اس نے روزمرہ گفتگو میں ہر لفظ صحیح بولنا اور لکھنا آسان کر دیا ہے ۔ المختصر یہ کہ مدرسوں ، دفاتر ، قانون پیشہ ، مضمون نگاروں اور شاعروں غرض ہر مذاق کے لوگوں کیواسطے مفید اور کار آمد ہے۔

یہ فرہنگ اپنی ظاہری و معنوی خوبیوں کے اعتبار سے بہت ہی مفید اور دلکش ہے۔ جس کے واسطے فاضل خاں صاحب ملک سے مبارکباد کے مستحق ہیں۔

صداقت کان پور

کسی زبان کی تکمیل کے لئے قواعد صرف و نحو کے علاوہ ایک مکمل لغت کی بھی ضرورت ہوتی ہے۔ چنانچہ اس ضرورت کو ہر دور کے فضلا پورا کرتے رہتے ہیں۔

اردو زبان میں لغت کی کتابوں کی بہت کمی ہے، مگر ہم کو فرہنگ عامرہ دیکھ کر نہایت خوشی ہوئی ہے جو اس وقت ہمارے پیش نظر ہے اور بڑی قابلیت، محنت اور جانفشانی کے ساتھ مرتب کی گئی ہے، اور اس میں وہ خصوصیات ہیں جو یقینی طور پر کسی دوسرے اردو لغت میں نہیں پائی جاتی اور جن کی اشد ضرورت تھی۔

ہم فرہنگ عامرہ کو دیکھ کر یہ کہہ سکتے ہیں کہ وہ اردو زبان کی تقریباً تمام ضروریات کو اچھی طرح پورا کر سکتی ہے، جس کے لئے ملک کو مولنا محمد عبداللہ خاں صاحب خویشگی کا ممنون ہونا چاہیئے کہ ان کی بدولت اردو زبان میں ایک بڑی کمی پوری ہو گئی۔ غرضکہ کتاب اپنی صوری و معنوی خوبیوں کے اعتبار سے بہت قابل تعریف اور مفید کارآمد ہے۔

ہمارے خیال میں یہ لغت اردو اور فارسی زبان کے طلبا، معلمین، دونوں کے لئے نہایت مفید ہے اور کتب خانوں، درسگاہوں یا دیگر علم دوست حضرات کی الماریوں میں سجنے کے قابل ہے۔

ہمایوں لاہور

فرہنگ عامرہ:۔ یہ چالیس ہزار عربی، فارسی، ترکی الفاظ کا ایک لغت ہے، جو محمد عبداللہ خاں صاحب خویشگی نے بڑی کاوش سے مرتب کیا ہے۔ معانی کے ساتھ ہر لفظ کا صحیح تلفظ بھی درج کیا گیا ہے۔ جہاں تک ہمیں علم ہے اب تک ہمارے ہاں کوئی ایسا

لغت موجود نہیں جس میں یک جا ان زبانوں کے الفاظ مل سکیں ۔

خویشگی صاحب نے زبان کی بڑی خدمت کی ہے ۔ اہل علم کو اس کی پوری قدر کرنی چاہیئے ۔

انقلاب لاہور

فرہنگ عامرہ جو مولوی محمد عبداللہ خاں صاحب خویشگی خورجوی کی کئی سال کی جانفشانی اور عرق ریزی کا نتیجہ ہے ۔ اس میں ایسی خوبیاں ہیں جن سے توقع ہے کہ فرہنگ عامرہ بہت مقبولیت حاصل کرے گی ۔ یہ لغت ہمارے خیال میں نہ صرف طلبا اور معلمین بلکہ ادبا، شعرا، مصنفین، مؤلفین اور قانون پیشہ حضرات کے لئے بھی بہت مفید ہے ۔

ہم مولوی عبداللہ خاں خویشگی خورجوی کو اس کامیابی پر مستحق مبارکباد سمجھتے ہیں ۔

احسان لاہور

فرہنگ عامرہ : ۔ مؤلف نے یہ گرانقدر ذخیرہ مرتب کر کے اردو زبان پر ایک غیر فانی احسان کیا ہے ۔

علوم و فنون کی ترقی کے لازمی نتیجہ میں جو اصطلاحات پیدا ہوئی ہیں وہ عمدہ اسلوب اور ترتیب کے ساتھ جمع کر دی گئی ہیں ۔ الفاظ کی تلاش میں کوئی دشواری پیش نہیں آتی ۔ جدید فارسی کے لغات بھی بکثرت شامل ہیں ، اسلئے طلباء کے لئے یہ لغت خصوصیت کے ساتھ مفید ہے ۔

جامعیت اور اختصار کے لحاظ سے فرہنگ عامرہ لغات میں ایک ممتاز حیثیت رکھتی ہے ۔ امید ہے کہ حامیان اردو فاضل مؤلف کی حوصلہ افزائی کریں گے ۔

زمیندار لاہور

فرہنگِ عامرہ :- یہ کتاب جو چالیس ہزار عربی، فارسی اور ترکی الفاظ کا گرانقدر ذخیرہ ہے جدید اُردو لغات میں بلند پایہ اضافہ ہے۔ اس لغت کی نمایاں خصوصیت یہ ہے کہ اعراب کے ذریعہ صحیح تلفظ بتا دیا گیا ہے جو حد درجہ مفید ہے۔

الفاظ کے اتنے بڑے ذخیرہ کو یکجا کرنے میں مولوی عبداللہ خاں صاحب خویشگی نے جو کوشش کی ہے وہ اس کے لئے مستحق تبریک و تحسین ہیں۔

اس گرانقدر ذخیرہ کتب کو دیکھتے ہوئے اس کی قیمت کچھ بھی زیادہ نہیں۔

شہباز لاہور

یہ ایک جامع فرہنگ ہے جس میں عربی، فارسی اور ترکی زبان کے چالیس ہزار الفاظ کا صحیح تلفظ اور معنی درج ہیں۔

اردو زبان میں ایسی فرہنگ قریباً کمیاب ہے جس میں الفاظ کے صحیح تلفظ کو پورے اعراب کے ساتھ اور لفظ کے ٹکڑے کر کے دکھایا گیا ہو۔ عربی اور فارسی الفاظ کے اعراب میں تغیر ہونے پر ان کے معنی بدل جاتے ہیں۔ حتیٰ کہ بعض اوقات ایک ہی لفظ کی پہلی صورت اور آخری صورت میں معنوی لحاظ سے کوئی علاقہ تک باقی نہیں رہتا۔ ان زبانوں کے الفاظ کے متعلق دوسری مشکل یہ ہے۔ بعض الفاظ کے ساتھ کچھ ایسے زائد حروف شامل ہوتے ہیں کہ ان کے املا اور تلفظ میں کامل ہم آہنگی نہیں ہوتی۔

فرہنگِ عامرہ میں ایسی تمام مشکلات حل کر دی گئی ہیں اور ہر لفظ کی ماہیت واضح کر دی گئی ہے۔

یہ کتاب بیحد مفید ہے اور اہلِ قلم کے پاس ضرور موجود ہونی چاہیئے۔

ساقی دہلی

فرہنگ عامرہ:- محمد عبداللہ خاں صاحب خویشگی نے یہ نئی لغت ساری عمر کی کاوش و تحقیق کے بعد پیش کی ہے۔ یہ تقریباً چالیس ہزار عربی، فارسی، ترکی وغیرہ الفاظ کی جامع فرہنگ ہے۔ الفاظ کے علاوہ مصطلحات کی بھی اس میں ایک بہت بڑی تعداد ہے۔

سب سے بڑی خوبی اس لغت کی یہ ہے کہ ہر لفظ کا صحیح تلفظ حروف کے جوڑ الگ الگ بنا کر اور اعراب کے ذریعے بتایا ہے۔ یہ اس دشواری کا بہت اچھا حل ہے جو ہمیں اکثر عربی میں پیش آتی ہے کہ لفظ کو املا کے مطابق (جیسا کہ فارسی اور اردو کا قاعدہ ہے) نہیں پڑھا جاتا مثلاً رب النوع میں بلحاظ لفظ "ا" اور "ل" کا ہونا نہ ہونا برابر ہے۔ صاحب فرہنگ عامرہ نے اس کا تلفظ اس طرح بتایا ہے۔ (رَبْ۔ بُنْ۔ نَوْع)

اسی طرح کی بے شمار تلفظی دشواریوں سے آئے دن سابقہ پڑتا رہتا ہے جن کے لئے فرہنگ عامرہ سے بہتر اردو لغت ملنی ناممکن ہے۔

خیام لاہور

فرہنگ عامرہ:- یہ لغت جو عربی، فارسی اور ترکی کے قریب چالیس ہزار الفاظ پر مشتمل ہے۔ اردو داں طبقہ کی ایک دیرینہ ضرورت کو پورا کرتا ہے۔ مرتب نے انتہائی محنت و کاوش سے کام لیا ہے۔ لغت میں بہت سی ایسی خصوصیات ہیں جو اردو کے کسی اور لغت میں موجود نہیں ہیں۔

یہ فرہنگ اخبار نویسوں، مترجموں، شاعروں اور طالب علموں کے لئے علی الخصوص مفید رہے گی۔

ہم مصنف کو اس عظیم الشان کارنامہ ——— پر مبارکباد دیتے ہیں۔

اولڈ بوائے علی گڑھ

فرہنگ عامرہ — قرمزی جلد کی ایک نہایت خوشنما لغات اس وقت ہمارے پیش نظر ہے جس کو محمد عبداللہ خاں خویشگی نے سالہا سال تک شبانہ روز کی عرق ریزی اور کاوش کے بعد مرتب کی ہے۔

یہ بہت سی اچھوتی اور مستثنیٰ خوبیوں کی حامل ہے جو کسی دوسری متداول لغت میں نہیں پائی جاتی ہیں۔

ہماری رائے میں اس قابل قدر لغت کو صوبجات سرحد، سندھ، بنگال اور مملکت آصفیہ میں علی الخصوص رواج دینے کی ضرورت ہے۔ جہاں آجکل اردو اشاعت پذیر ہے، تاکہ وہاں کے نو آموز لوگوں کو زبان کے سیکھنے، بولنے اور کتابیں و اخبارات کے پڑھنے میں فرہنگ سے پوری مدد حاصل ہو۔

ہمیں امید ہے کہ مؤلف کی ہر طریقہ پر حوصلہ افزائی کی جاوے گی۔

زمانہ کان پور

فرہنگ عامرہ — اس نام سے محمد عبداللہ خاں صاحب خویشگی خورجوی نے عربی، فارسی، ترکی کی لغات کا ایک کارآمد فرہنگ تیار کیا ہے۔ جس میں کئی ہزار الفاظ و اصطلاحات کے معنی درج ہیں اور ہر لفظ کے سامنے بریکٹ میں اس کا تلفظ بھی دیدیا گیا ہے۔ جس سے لفظ کا صحیح تلفظ معلوم ہو جاتا ہے۔

حریم لکھنؤ

زبان اردو کو ایک ایسی فرہنگ کی ضرورت تھی جو موجودہ زمانہ کی ضرورتوں کو پورا کرے اور اس میں آجکل کے مروج اور جدید الفاظ ہوں۔ فرہنگ عامرہ نے اس کمی کو پورا کر دیا ہے

یہ اردو کی پہلی فرہنگ کہی جاسکتی ہے جو بلحاظ ترتیب، کتابت، طباعت اور قیمت، اردو لٹریچر میں ایک قابلِ قدر اضافہ ہے۔

ہم وثوق کے ساتھ کہہ سکتے ہیں کہ اردو میں اب تک اسقدر جامع اور کارآمد لغت نہیں شائع ہوئی ہے۔ ہر اردو داں کو اپنے پاس اس کی ایک جلد رکھنا چاہیئے۔

محمد عبداللہ خاں صاحب خویشگی نے ایسی مفید کتاب کو پیش کر کے صحیح معنوں میں ملک اور قوم کی خدمت کی ہے۔

پرتاب لاہور

عرصہ سے ایک ایسے لغت کی ضرورت محسوس کی جارہی تھی کہ جس میں فارسی، عربی اور ترکی کے ان الفاظ کا جو عام استعمال میں آگئے ہیں انہیں اردو کا جامہ پہنایا جائے۔

مولوی عبداللہ خاں خویشگی نے فرہنگ عامرہ تالیف کرکے اس ضرورت کو پورا کردیا ہے اور ایسا مجموعہ پوری کاوش اور محنت سے مرتب کیا ہے۔

اس لغت سے پہلے کئی لغت شائع ہو چکی ہیں مگر ان میں وہ ترتیب اور ضبط نہیں جو فرہنگ عامرہ میں ہے۔ یہ لغت بالکل انگریزی طرز پر تیار کی گئی ہے۔

انجام غازی آباد

اس وقت ۵۱۱۷ صفحات کی ایک ضخیم لغت ”فرہنگ عامرہ“ ہمارے سامنے ہے۔ جس کی ترتیب کا سہرا جناب محمد عبداللہ خاں صاحب خویشگی کے سر ہے۔

ہمیں اچھی طرح معلوم ہوا ہے کہ جناب خویشگی صاحب اس کتاب کی تالیف میں لگاتار چار پانچ سال تک شب و روز محنت کرتے رہے۔

کتاب کے مطالعہ سے اس امر کا اعتراف کرنا پڑتا ہے کہ جہاں تک ہماری معلومات کا تعلق ہے اب تک ہمارے یہاں کوئی ایسی عمدہ و بہترین لغت موجود نہیں تھی۔

خویشگی صاحب نے اردو زبان پر احسان عظیم کیا ہے اور ہمیں توقع ہے کہ اہل علم حضرات اس کی پوری قدر کریں گے ۔

قومی گزٹ غازی آباد

فرہنگ عامرہ :۔ عبداللہ خاں صاحب خویشگی رئیس خورجہ نے درحقیقت ایک ایسی لغت تالیف کی ہے جو موجودہ دور تعلیم کے لئے بیحد مفید ہے ۔ اب تک جس قدر لغت ترتیب دی گئی ہیں ان کو ایک ایسی لغت نہیں کہا جا سکتا جس سے معمولی استعداد کے طلبہ اور اعلیٰ استعداد کے اساتذہ یکساں مستفید ہو سکیں ۔ ان خوبیوں کی حامل اگر کوئی لغت ہو سکتی ہے تو وہ "فرہنگ عامرہ" ہی ہے ۔

اتنی خوبیاں یک جا جمع کر دینا مؤلف کی محنت کی داد دینے پر مجبور کرتی ہیں اور ہم دعوے کے ساتھ کہہ سکتے ہیں کہ لغت فرہنگ عامرہ کو دیکھ کر ہر صاحب ذوق سلیم خریدے بغیر نہیں رہ سکتا ۔

وطن دہلی

مولوی محمد عبداللہ خاں صاحب خویشگی ساکن خورجہ نے " فرہنگ عامرہ " نامی ایک جامع لغات کی تدوین فرما کر درحقیقت اردو علم ادب کی شاندار خدمت انجام دی ہے جو سلسلہ ترقی اردو کی اہم کڑی ہے ۔ لغات مذکور کی تدوین و ترتیب میں جدید اصول تالیف کو سختی کے ساتھ مدنظر رکھا گیا ہے ۔

فرہنگ عامرہ واقعی عربی، فارسی اور ترکی لغات کا مخزن ہے ۔

پیسہ اخبار لاہور

فرہنگ عامرہ :۔ جناب محمد عبداللہ خاں صاحب خویشگی ساکن خورجہ نے فرہنگ عا

کا ایک نسخہ برائے ریویو ہمارے پاس بھیجا ہے۔ یہ کتاب خاں صاحب نے بچوں کے لئے تالیف کی ہے، جو موجودہ زمانہ کی علمی ضرورتوں کو کما حقہ پورا کرتی ہے۔ اوریئنٹل اور ادیب عالم وغیرہ کے امتحانوں کی تیاری کے لئے یہ لغات بڑی مفید ہے۔ یہ فرہنگ اپنی ظاہری اور معنوی خوبیوں کے اعتبار سے بہت مفید ہے۔

ادا کار لاہور

ہماری رائے میں یہ لغت ماہرین زبان اور معمولی لکھے پڑھوں کے واسطے بدرجہ مفید ہے۔ خصوصیت سے کالجوں اور اسکولوں کے طلباء کے لئے یہ لغت ایک نعمت غیر مترقبہ ہے۔

غرضکہ یہ لغت اپنی ظاہری و معنوی خوبیوں کے اعتبار سے بہت ہی مفید و دلکش ہے جس کے لئے اس کتاب کے قابل تالیف کنندہ جناب محمد عبید اللہ خاں صاحب خویشگی مبارکباد کے مستحق ہیں۔

شیخ الحدیث حضرت مولانا حسین احمد صاحب مدنی

صدر مدرس دار العلوم دیوبند

یہ کتاب اپنے نئے اسلوب پر نہایت عرق ریزی سے تیار کی گئی ہے اور ہندوستان کے اردو خوان طلبہ کے لئے بہت زیادہ نافع اور مفید ہے۔ میرا خیال ہے کہ نہ صرف اسکول اور کالج کے طلبہ بلکہ ان کے مدرسین بھی اس سے مستغنی نہیں ہو سکتے۔ ان کے لئے تعلیم و تعلم کے سلسلہ میں یہ کتاب آب حیات کا کام دے گی۔ نیز ارباب علم اور شائقین اردو فارسی کے لئے بھی نہایت کارآمد ہے۔

میں علم دوست طبقہ سے پر زور اپیل کرتا ہوں کہ وہ اس کتاب کی اشاعت میں بیش از بیش حصہ لیں اور اللہ تعالیٰ سے دعا کرتا ہوں کہ مؤلف موصوف کو

اس علمی خدمت کی جزائے خیر عطا فرمائے اور عام و خاص اہل ہند کو اس سے نفع حاصل کرنے کی توفیق عطا فرمائے ۔ آمین!

عصمت دہلی

ہر ترقی یافتہ زبان میں ایسی لغات موجود ہوتی ہیں جو لسانی ضروریات کو پورا کریں۔ اردو میں چند لغات ایسی تو ضرور ہیں جنھیں عمدہ کہا جا سکتا ہے، مگر ایسی کوئی نہیں تھی جس میں زبان کے تمام متعلقات موجود ہوں

شکر ہے عبداللہ خاں صاحب خویشگی نے سالہا سال کی محنت، عرق ریزی کے بعد "فرہنگ عامرہ" کو ترتیب دے کر اس کمی کو بڑی حد تک پورا کر دیا۔

اس میں ایسی خصوصیات ہیں جو اُسے تمام دوسری لغات سے ممتاز کرتی ہیں۔

جناب پروفیسر رشید احمد صاحب صدیقی صدر شعبہ اردو مسلم یونیورسٹی علیگڑھ

فرہنگ عامرہ میں ان تمام الفاظ کے معنی اور تلفظ نہایت واضح اور جامع طریقے سے دیئے گئے ہیں جو اردو میں عام طور سے مروج ہیں۔

قابل مولف نے بڑی محنت اور تحقیق سے کام لیا ہے۔ اور یہ دیکھ کر اور تعجب ہوتا ہے کہ انھوں نے ایک خالص علمی اور تحقیقی کام کو ایسے مقام و ماحول میں رہ کر انجام دیا جو ایسے کام کے لئے موزوں نہ تھے۔

فرہنگ عامرہ کی تالیف بڑی عرق ریزی، قابلیت اور ذمہ داری کا کام ہے، اور مجھے بڑی خوشی ہے کہ خانصاحب ممدوح اپنے فرائض سے عہدہ برآ ہونے میں پورے طور پر کامیاب ہوئے ہیں۔

مجھے امید ہے کہ اس فرہنگ کی پذیرائی اردو داں طبقہ میں نہایت فراخ دلی سے ہوگی۔

سوراجیہ دہلی

اردو زبان میں اب تک کوئی مستند اور مکمل لغت نہ تھی جو جملہ ضروریات پر حاوی ہو سکتی۔ حالانکہ ویسے کئی لغت تھیں مگر وہ ناکافی خیال کی جاتی تھیں۔ اس کمی کو جناب عبداللہ خاں صاحب خویشگی نے ”فرہنگ عامرہ“ تصنیف کر کے پورا کر دیا۔

دوسرے الفاظ میں یہ کہا جا سکتا ہے کہ خانصاحب موصوف نے اپنے اس کارنامے سے اردو زبان میں نئے سرے سے جان ڈالدی ہے۔

فرہنگ عامرہ ایک جامع اور مکمل لغات ہے جس کا مطالعہ خاصکر طلباء کے لئے بہت مفید ثابت ہو سکتا ہے۔

میں جناب عبداللہ خاں صاحب کو خصوصاً ایک عظیم الشان کارنامے پر مبارکباد دیتا ہوں۔ امید کامل ہے کہ اردو داں طبقہ اس جانفشانی کا اعتراف کرے گا۔

حضرت مولنا طیب صاحب قاسمی ناظم دارالعلوم دیوبند

ذخیرۂ لغت پر زبان کا، اور زبان پر تمدنی شائستگی کا بہت حد تک دارومدار ہے۔ اجتماعی زندگی میں تعارف و تعاون باہمی کے لئے پہلا سابقہ زبان ہی سے پڑتا ہے، عمل دوسرے درجہ کی چیز ہے، اس لئے کہا جا سکتا ہے کہ ”زبان و لغت“ متمدن انسان کی پوری زندگی کا ½ حصہ ہے، جس پر اس کی عملی زندگی کی، جو زندگی کا نصف ثانی ہے، خوبی و خرابی موقوف ہے اور اس لئے پوری زندگی کو شائستہ بنانے کے لئے ناگزیر ہوگا کہ زبان اور تعبیر کو درست اور بامحاورہ کیا جائے اور ذخیرۂ لغت کی فراہمی اور اس کے صحیح تلفظ کی ترجمانی

میں کوئی دقیقہ فروگذاشت نہ کیا جائے ۔

میرے محترم دوست عبداللہ خانصاحب خویشگی خورجوی مبارکباد کے مستحق ہیں جنھوں نے اس مقصد کی تکمیل کے لئے "فرہنگ عامرہ" کے نام سے چالیس ہزار لغات کا ذخیرہ جمع فرمایا اور ساتھ ہی ہر ہر لغت کے صحیح تلفظ اور ہجا کے لئے ایسی مقبول صورت اختیار کی کہ یہ مقصد بغیر کسی عبارت و عنوان کے محض اعراب اور نشست کلمات سے حاصل ہوجاتا ہے ۔ کتاب بحیثیت مجموعی اردو ادب کی ایک بے نظیر خدمت ہے ، خدا تعالیٰ قبول فرمائے اور اردو خواں طبقہ کے لئے اُسے مشعل راہ بنائے ۔

امید ہے کہ اہل زبان اسے قدر کے ہاتھوں لیں گے اور مصنف کو دعائے خیر سے فراموش نہ کریں گے ۔

نگارستان دہلی

جہاں تک ہمیں تحقیق ہے اردو زبان میں یہ فرہنگ اپنی قسم کی واحد فرہنگ ہے جو انگریزی ڈکشنری کے اصول پر تالیف کی گئی ہے ۔

خورجہ جیسی غیر ادبی سرزمین میں بیٹھ کر الفاظ کے اتنے بڑے ذخیرہ کو یکجا کرنے میں مولوی عبداللہ خاں صاحب خویشگی نے جو کوشش کی ہے وہ اس کے لئے مستحق تبریک و تحسین ہیں ۔

ہماری رائے میں اس قابل قدر لغات کو اردو کی ترویج کے لئے ہر جگہ رواج دینے کی ضرورت ہے ، تاکہ نوآموز طالبان اردو زبان کے سیکھنے بولنے اور کتابیں و اخبارات کے پڑھنے میں اس فرہنگ سے استفادہ کرسکیں ۔

امید ہے کہ حامیان ترقی اردو اسے قدر کے ہاتھوں لیں گے ۔

ہمجولی دہلی

اردو زبان و ادب کے شیدائیوں کو یہ معلوم کرکے خوشی ہوگی کہ فرہنگ عامرہ کے نام سے لغت کی ایک نہایت مفید کتاب شائع ہوگئی ہے، یہ لغت جناب عبداللہ خاں صاحب خویشگی خورجوی کی محنت اور ادبی ذوق کا نتیجہ ہے۔ آپ نے اس فرہنگ میں ایسے چالیس ہزار الفاظ جمع کر دئے ہیں جو اسکولوں اور کالجوں کے طلبار کی ضروریات کی بہت بڑی حد تک پورا کرسکتے ہیں۔

فرہنگ عامرہ یقیناً لغت کی ایک مفید کتاب ہے اور ہمارا مشورہ یہ ہے کہ جو لوگ لغت کی کتاب خریدنے والے ہوں وہ فرہنگ عامرہ کو کم سے کم دیکھ ضرور لیں۔ گمان غالب یہی ہے کہ وہ اسی کو خریدنا پسند کریں گے۔

حسان العصر حضرت احسن مارہروی سابق پروفیسر اردو مسلم یونیورسٹی علیگڈھ

اس وقت تک جتنی کتب لغت متداول ہیں، ان کی ضخامت، نیز ان کی عبارت طلبار کی برداشت اور قدرت فہم سے باہر ہے، اس صورت میں کسی جامع و مانع لغت کا شائع ہونا، پڑھنے، پڑھانے والوں کے لئے افادہ و استفادے کا بہترین ذریعہ ہے۔

مولوی محمد عبداللہ خاں صاحب خویشگی قابل مبارکباد ہیں کہ انھوں نے ایک ایسا مجموعۂ لغت اپنی پوری محنت اور گہری کاوش سے مرتب کیا ہے۔ جس میں چالیس ہزار الفاظ ضروری تشریح اور مناسب تصریح کے ساتھ فراہم ہوگئے ہیں، اس سے پہلے لغات کشوری وغیرہ کی طرح اور کتب لغت بھی شائع ہوچکی ہیں، لیکن ان میں وہ شرح و بسط اور قید و ضبط نہیں جس سے فرہنگ عامرہ

موسوم ہے۔ مروجہ انگریزی لغات کی ترتیب کے مطابق اسکو مرتب کیا ہے۔ ہر لغت کے تحت میں ضروری اور مفید معنی و مفہوم کے اندراج سے کام لیا گیا ہے۔ فضولیات کو یک قلم ترک کر دیا ہے اور تمام وہ لغات جو مروجہ کتب نصاب میں پائے جاتے ہیں۔ فرہنگ عامرہ میں یکجا کر دیئے گئے ہیں۔

ایک نمایاں اور مفید ترین خصوصیت، صحیح تلفظ کا اظہار و التزام ہے، جس کی وجہ سے طلبہ غلط تلفظ کی ابتلا سے بچے رہیں گے اور بغیر کسی کی مدد کے صحت الفاظ پر اعتماد حاصل کر سکیں گے۔

مؤلف موصوف نے یہ علمی فرض کفائی پوری کامیابی کے ساتھ پورا کیا ہے۔ طلبہ غلطی کریں گے۔ اگر ایسے کارآمد لغت سے کام نہ لیں گے۔ اس کا مطالعہ یقیناً ان کو دوسرے لغتوں سے مستغنی کر دے گا اور امتحان کے وقت بآسانی کامیابی کا اطمینان دلائے گا۔

جناب خواجہ غلام السیدین صاحب ڈائرکٹر سررشتہ تعلیمات ریاست کشمیر

آپ نے اس فرہنگ کو بہت محنت اور قابلیت سے مرتب کیا ہے اور اب سے پہلے جس مقصد کے لئے ضخیم کتابوں کی طرف رجوع کرنا ہوتا تھا وہ اب آپ کی اس فرہنگ سے حاصل ہو سکتا ہے۔

خدا کرے آپ کی یہ ادبی اور لسانی کوشش مشکور ہو۔

جناب قاضی سید محمد احمد صاحب کاظمی ایم۔ ایل۔ اے (سنٹرل)
ایڈووکیٹ الٰہ آباد ہائی کورٹ

زمانہ کی تبدیلی کے ساتھ زبان کی تبدیلی ایک فطری امر ہے، لیکن اور زبانوں کے مقابلے میں اردو زبان میں جو تبدیلیاں ہو رہی ہیں وہ بہت زیادہ ہیں۔ ایسے وقت میں عبداللہ خاں صاحب خویشگی نوروزی کی خدمت نہایت قابل قدر ہے۔

انھوں نے فرہنگ عامرہ ترتیب دے کر ایک بڑی ضرورت کو پورا کر دیا۔ تقریباً چالیس ہزار الفاظ کو یکجا کر کے اور ان کے صحیح تلفظ، معنی اور ماخذ تحقیق سے جمع کر کے انھوں نے پبلک کے سامنے ایک خزانہ پیش کر دیا ہے۔

ظاہر ہے کہ ایسی جامع کتاب کی تیاری کے لئے تبحر علمی کے ساتھ صد درجہ کی محنت و کاوش کی ضرورت ہے اور یہ کتاب برسوں کی سعی و کوشش کا نتیجہ ہے۔

میں مولوی عبداللہ خاں صاحب کو اس کی تکمیل پر مبارکباد دیتا ہوں، انھوں نے اردو زبان پر ایک بڑا احسان کیا ہے اور امید ہے کہ اس کی ہر طبقہ کے حضرات پوری قدر کریں گے۔

آتاترک دہلی

اس لغت کی سب سے بڑی خوبی یہ ہے کہ ایک نوجوان جس کو اردو سے شوق ہو لیکن اردو کے تلفظ سے ناآشنا ہو، بغیر کسی دوسرے کی امداد کے اس کتاب کے مطالعہ سے اپنی خواہش پوری کر سکتا ہے۔

اس کتاب کی جس قدر بھی تعریف کی جائے کم ہے، ضرورت ہے کہ ملک کا اردو زبان سے دلچسپی رکھنے والا طبقہ کتاب کی قدر کرے۔ ہمارے خیال میں اس کتاب کو ملک کی تمام یونیورسٹیوں کے نصاب میں داخل کرنا چاہیے۔

نگار خانہ دہلی

عبداللہ خاں صاحب خویشگی خورجوی نے جس محنت و جانفشانی سے اس کتاب کو ترتیب دیا ہے۔ وہ قابل صد ستائش و داد ہے۔ قدیم و جدید اردو کے الفاظ میں کوئی ایسا لفظ نہیں معلوم ہوتا، جو آپ نے چھوڑ دیا ہو۔

سرپنچ لکھنؤ

سرپنچ کے کالموں میں آپ سرپنچی لغات تو عرصہ تک ملاحظہ فرما چکے ہیں، اب آج ایک ایسی لغت پر تبصرہ کیا جا رہا ہے جو صحیح معنوں میں اردو کی پہلی مکمل ڈکشنری کہلانے کی مستحق ہے۔

دراصل فرہنگ عامرہ کی تالیف مولانا محمد عبد اللہ خاں صاحب خویشگی کا ایک کارنامہ عظیم ہے۔

عالمگیر لاہور

مدت سے اردو میں ایک ایسے لغت کی ضرورت تھی جو جامع ہونے کے علاوہ اخبار ایڈیٹر مترجموں، شاعروں اور طالب علموں کی ضروریات کو پورا کرے۔ ہمیں مسرت ہے کہ جناب محمد عبد اللہ خاں صاحب خویشگی نے بے انتہا محنت و کاوش سے ایک ایسا لغت مرتب کیا ہے جس میں عربی، فارسی اور ترکی کے تقریباً چالیس ہزار الفاظ کی تشریح کی گئی ہے۔

مرتب نے انتہائی عرق ریزی اور شبانہ روز کاوش سے کام لیا ہے۔ ہمیں امید ہے کہ حامیان اردو کے حلقہ میں اس لغت کا پرجوش خیر مقدم کیا جائے گا۔

محشر خیال دہلی

جناب محمد عبد اللہ صاحب خویشگی نے نہایت محنت اور کاوش کے بعد تقریباً چالیس ہزار الفاظ کو کتابی شکل میں جمع کر کے لغت کی کتاب تیار کی ہے۔ اس کا نام فرہنگ عامرہ رکھا گیا ہے۔

مؤلفین اور مصنفین اور شائقین ادب اردو کے لئے فرہنگ عامرہ ایک ضروری کتاب ہے۔

جناب سید سجاد حیدر صاحب یلدرم سابق رجسٹرار مسلم یونیورسٹی علیگڑھ

یہ فرہنگ مغربی ڈکشنریوں کے طرز پر لکھی گئی ہے، جس سے الفاظ کے ڈھونڈنے میں بہت آسانی ہوتی ہے۔ الفاظ کے معانی مختصر مگر صحیح اور تشفی بخش دیئے گئے ہیں۔

جناب پروفیسر الیاس صاحب برنی ایم اے۔ ایل۔ ایل۔ بی

ناظم دارالترجمہ عثمانیہ یونیورسٹی حیدرآباد دکن

مدت سے اردو میں ایسے مختصر اور جامع فرہنگ کی ضرورت تھی، اس کتاب نے بڑی حد تک یہ ضرورت پوری کر دی۔ الفاظ کی ترتیب، معنی کی مختصر تفہیم اور خاص کر تلفظ کی توضیح، اس فرہنگ کی یہ خصوصیات بہت مفید ہیں۔

مصنفین اُردو دہلی

اردو زبان کا بالکل جدید چالیس ہزار با تلفظ لغات کا خزانہ ہے، فرہنگ کو دور حاضرہ کے قالب میں ڈھالنے کی ہر امکانی کوشش کی گئی ہے۔ نہایت جامع اور پر از معلومات ہے۔

عزیز ہند جھانسی

فرہنگ عامرہ جس میں تقریباً چالیس ہزار فارسی، عربی اور ترکی کے الفاظ جمع کیے گئے ہیں۔ ایک نادر ڈکشنری ہے۔

کوئی کمی ایسی نہیں ہے جو اس میں پوری نہ کی گئی ہو۔

نیرنگ خیال لاہور

اس لغت میں چالیس ہزار الفاظ ہیں جن کے تلفظ کا طریقہ بتلاتے ہوئے اُن کے معانی بھی بتلائے گئے ہیں ۔

یہ جدید طرز کا لغت مڈل اور ہائی کلاسوں کے لئے بیحد مفید ہوگا ۔

مولوی محمد مظہر اللہ صاحب اسسٹنٹ رجسٹرار
عثمانیہ یونیورسٹی حیدرآباد دکن

یہ بڑی مفید کتاب ہے اور جدید طرز پر مرتب ہوئی ہے ۔

منشور دہلی

”فرہنگ عامرہ“ محمد عبداللہ خاں خویشگی کی تالیف ہے ۔ اس میں ایسے چالیس ہزار مرکب اور مفرد الفاظ جمع کیے گئے ہیں جو اردو زبان میں معمولاً بولے اور لکھے جاتے ہیں ۔ ہر لفظ کے معنی تحقیق کے ساتھ درج کیے گئے ہیں اور اعراب لگا کر اور الفاظ کا تجزیہ کر کے صحیح تلفظ بتائے گئے ہیں ۔ الفاظ کی ترتیب حروف تہجی کے مطابق ہے اور بالکل دور حاضر کے دستور کے مطابق ۔ اس لئے الفاظ کی تلاش میں بڑی سہولت ہوتی ہے ۔

یہ فرہنگ طلباء کے لئے اور ان سب لوگوں کے لئے مفید ہے جو مطالعہ سے دلچسپی رکھتے ہیں ۔

نوائے وطن

فرہنگ عامرہ عبداللہ خاں صاحب خویشگی کی دماغ سوزی کا کامیاب نتیجہ ہے ۔ مؤلف نے تقریباً چالیس ہزار عربی، فارسی اور ترکی الفاظ کو صحیح تلفظ کے ساتھ یکجا کر دیا ہے ۔ انگریزی لغت کے مانند ہر لفظ کے ٹکڑے کر دیئے گئے ہیں تاکہ تلفظ

ادا کرنے میں آسانی ہو۔

عبداللہ صاحب کی یہ کوشش زبان اردو پر بڑا بھاری احسان ہے۔ کتاب نہایت مفید ہے اور قیمت بہت کم۔

پیغام وطن دہلی

اردو زبان میں ہندی، عربی، فارسی اور ترکی زبان کے بے انتہا الفاظ داخل ہیں۔ مگر موجودہ زمانہ میں جو لغات پائی جاتی ہیں۔ ان میں محض پرانی اصطلاحات ملتی ہیں۔ جدید اصطلاحی الفاظ اور ان کے معانی کا نام ونشان بھی نہیں۔

عرصہ سے ایک ایسی لغت کی ضرورت تھی، جس میں دور حاضرہ کے اصطلاحی معنے درج کئے گئے ہوں۔ ہمیں خوشی ہے کہ مصنف ممدوح نے فرہنگ میں اس ضرورت کو پورا کر کے اردو پر احسان کیا ہے۔ اس میں قریب قریب چالیس ہزار الفاظ کے معنے دئے گئے ہیں۔ جن کی زبان نہایت ہی آسان ہے۔

مصنف اردو کے حامیوں کے شکریہ کے مستحق ہیں۔

نیشنل گزٹ دہلی

فرہنگ عامرہ ہی صرف ایک ایسی مستند لغت ہے جو زمانہ جدید کے مطابق ہے اور اردو زبان کو ملک میں رواج دینے کی غیر معمولی صلاحیت رکھتی ہے۔ ادائے تلفظ کا طریقہ اس قدر مفید اور کارآمد ہے جس سے ہر شخص مستفید ہو سکتا ہے۔ اس لئے حامیان اردو کو یہ کتاب خریدنا اور اس کو ملک میں رواج دینا چاہئے۔

رائٹ آنریبل ڈاکٹر سر تیج بہادر سپرو

صدر آل انڈیا انجمن ترقی اردو

میں آپ کی عنایت کا بہت ممنون ہوں کہ آپ نے مجھے ایک جلد اپنی کتاب کی عطا فرمائی۔ اس عرصہ میں میں نے چند بار آپ کی کتاب کا مطالعہ کیا۔ میں بہت خوش ہوں کہ "ایسی فرہنگ" اس وقت شائع ہوئی۔ میری رائے ناقص میں یہ نہایت مفید ثابت ہوگی اور ہم سب کو جنکو کہ اردو سے تعلق ہے آپ کا احسان ماننا پڑے گا کہ آپ نے اس قدر محنت کے ساتھ اس کتاب کو طیار کیا۔

یہ لغت نہایت قابل تعریف ہے۔

حق لکھنؤ

فرہنگ عامرہ۔ عربی، فارسی اور ترکی لغات کا باقاعدہ مخزن مؤلفہ جناب محمد عبداللہ خاں صاحب خویشگی، اسوقت ہمارے روبرو ہے۔ اس میں چالیس ہزار با تلفظ لغات کا خزانہ محفوظ ہے جو ترقی اردو کے سلسلہ میں ایک قابل قدر اور غیر فانی چیز ہے۔

کہنے کو تو یہ لغت طالب علموں کے لئے لکھا گیا ہے، لیکن ہماری آزاد رائے یہ ہے کہ یہ لغت مبتدی اور منتہی دونوں کے لئے یکساں طور پر مفید ہے۔ مصنف نے اس کی ترتیب و تدوین میں انتہائی دقت نظر، محنت اور تلاش و تحقیق سے کام لیا ہے۔ پورے لغت کو دیکھ جائیے ایک جملہ، ایک لفظ یا ایک حرف بھی خلاف تہذیب نہ ملے گا۔ ورنہ عام طور پر دیکھا جاتا ہے کہ اعضاء و اعصاب کا ترجمہ نہایت غلیظ الفاظ میں پیش کیا گیا ہے۔ فرہنگ عامرہ اس قسم کی تمام لغویات اور لسانی مکروہات سے پاک و صاف ہے۔

عبداللہ خاں صاحب خویشگی کی یہ مایۂ ناز پیشکش، اُن کی ادبی و فنی جد و جہد اور علمی زندگی کا ایک ایسا کارنامہ ہے جسکو محفوظ رکھنے اور اس کے فوائد کو عام و وسیع کرنا ہر فرد قوم کا اولین فرض ہے ۔

اردو طالب علموں اور ناآشنا ادبا و شعرا کے لئے عموماً یہ ایسی مشعل راہ ہے جس کی روشنی میں ذہن و نگاہ کی مجبوریاں غبار کارواں بن سکتی ہیں ۔ غرض جدت، ندرت اور بلاغت کی وہ تمام مثالیں جو کسی ذخیرۂ لغت کے لئے ضروری ہو سکتی ہیں فرہنگ عامرہ میں ایک ایک لفظ کے ساتھ موجود ہیں ۔

محمد عبداللہ خاں صاحب خویشگی کی یہ خلوص بھری پیشکش قابل قبول اور لائق ستائش ہے ۔ خدا کرے ملک کے طول و عرض میں اسکا طوطی بولے اور ملک کے ہر چھوٹے بڑے تعلیمی اداروں، انجمنوں، مجلسوں میں اسکو ممتاز جگہ ملے ۔

جناب آصف علی صاحب بیرسٹر دہلی ۔ ایم ۔ ایل ۔ اے (سنٹرل)

آپ نے ایک بڑی مہم سر کی ہے اور جس محنت سے آپ نے یہ کام انجام دیا ہے وہ مبارکباد کی مستحق ہے ۔ ہر ایک شخص صراح اور قاموس اور بڑی بڑی ضخیم لغت کی کتابیں ہر وقت پاس نہیں رکھ سکتا مگر مختصر ضرورت فرہنگ عامرہ سے قطعی پوری ہو جانی چاہیئے ۔

عصر جدید کلکتہ

خورجہ ضلع بلند شہر کے جناب محمد عبداللہ خاں صاحب خویشگی نے ایک جدید لغات "فرہنگ عامرہ" کے نام سے تصنیف کی ہے جس کی ایک جلد ہمارے پاس تبصرہ کے لئے آئی ہے جس میں عربی، فارسی اور ترکی کے چالیس ہزار الفاظ کے معنی بیان کئے گئے ہیں ۔ اس کتاب کی خصوصیت یہ ہے کہ الفاظ کے ساتھ ساتھ ان کا تلفظ بھی دے دیا گیا ہے اور یہ جدت بھی قابل تحسین ہے ہم نے جا بجا سے اس کو دیکھا ۔ حقیقت یہ ہے کہ اردو

زبان کے طلبہ ہی کے لئے نہیں بلکہ اساتذہ کے لئے بھی یہ مجموعہ بیحد مفید ہے۔ ضرورت کے تمام الفاظ اس میں موجود ہیں۔ جہاں تک ہم نے اندازہ کیا ہے عربی کے جدید الفاظ بھی اس میں لے لئے گئے ہیں۔

ہم کو معلوم ہے کہ اسکول اور مدارس کے طلبہ اس قسم کی جامع لغات کی تلاش میں رہتے ہیں بنا بریں اسکولوں اور مدارس کے تمام طلبہ سے ہم سفارش کرتے ہیں کہ وہ ضرور یہ کتاب منگوا کر اپنے پاس رکھیں۔ اتنی جامع لغت کی کتاب ایسی خوبصورت تقطیع پر شاید اب تک ہماری نظروں سے نہیں گذری ہے۔

مصنف صاحب یقیناً ملک کے اہل علم کی طرف سے ہمت افزائی کے مستحق ہیں۔

حضرت مفتی کفایت اللہ صاحب صدر جمعیت العلماء ہند

یہ کتاب عربی، فارسی، ترکی کے چالیس ہزار الفاظ کا بیش بہا خزانہ ہے۔ فاضل مؤلف نے الفاظ کے صحیح تلفظ کو اعراب کے ذریعہ واضح کرنے کی سعی مشکور فرمائی ہے جو لغت کی تالیفات میں ایک مفید اضافہ ہے۔

میرا خیال ہے کہ اس قسم کی سہل المأخذ مفید اور کوئی کتاب موجود نہیں ہے، جو اہل علم تحریر و انشا سے دلچسپی رکھتے ہیں ان کیلئے یہ کتاب بیحد کارآمد ہے۔

حق تعالیٰ مؤلف کو جزائے خیر دے اور اس تالیف کو مقبولیت عامہ کے خلعت سے سرفراز فرمائے۔ آمین۔

شاہکار لاہور

یہ دیکھ کر بڑی خوشی ہوتی ہے کہ اکثر ہندوستانی تعلیمات و ادبیات سے اب خاص دلچسپی لے رہے ہیں اور ان کی یہ کوششیں بڑی حد تک کامیاب ہو رہی ہیں کہ رفتار زمانہ کے ساتھ تعلیم و تعلم میں جو بہتر تبدیلیاں ہوگئی ہیں، ان کے مطابق پہلے

مشرقی انداز کو بھی نیا رنگ دیا جائے ۔

اسی سلسلہ میں مولوی محمد عبداللہ خاں خویشگی نے ایک ایسا مجموعہ لغت مرتب کیا ہے ۔ جسے ہر لحاظ سے جامع کہا جا سکتا ہے ۔ کتاب انگریزی ترتیب کے مطابق ہے اور اس کی تکمیل اس خوبی سے کی گئی ہے کہ اس میں موجودہ زمانہ کی ہر علمی ضرورت پیدا کرنے کی صلاحیت ہے ۔

کتاب کی سب سے بڑی خوبی یہ ہے کہ ہر لفظ کے سامنے اس کا صحیح تلفظ درج ہے اور الفاظ کے معنی جامعیت اور اختصار کے ساتھ بیان کئے گئے ہیں ۔ ہر مصدر کے ساتھ اس کا مضارع بھی موجود ہے اور ہر حرف کی تقطیع کے شروع میں ان حروف کو مثالوں کے ساتھ دیا گیا ہے جن سے اس کا بدل ہے ۔

دیباچے نے کتاب کی خوبیوں میں اور اضافہ کر دیا ہے ۔ نئے نئے الفاظ کے لئے اس میں جہاں اشتراک الصدور اور لواحقات ترکیبی کی فہرست دی گئی ہے وہاں عام فارسی اسماء کی جمع بنانے کا قاعدہ بھی لکھ دیا گیا ہے ۔ معنوں میں روزمرہ کی شستگی ، مجلسی رواداری ، تہذیب اور سنجیدگی کا لحاظ رکھا گیا ہے اور بے رواج چیزوں کی جگہ ہزاروں نئے اقتصادی ، تمدنی اور سیاسی الفاظ داخل کئے گئے ہیں ۔

مولوی محمد عبداللہ خاں صاحب نے یہ قابل قدر فرہنگ مرتب کر کے زبان پر ایک بہت بڑا احسان کیا ہے اور ہمیں یقین ہے کہ ملک کے علمی و ادبی حلقوں میں اس کی بہت قدر ہوگی ۔

ویش سماچار دہلی

فرہنگ عامرہ ۔ جیسا کہ نام سے ظاہر ہے یہ ایک لغت ہے جس میں عربی ، فارسی اور ترکی کے تقریباً چالیس ہزار الفاظ یکجا کر دئے گئے ہیں ۔ عبداللہ خاں خویشگی نے درحقیقت یہ ایک ایسی لغت تالیف کی ہے جو موجودہ دور تعلیم کے لئے بے حد مفید ہے ۔

خوشتگل صاحب نے زبان کی بڑی خدمت کی ہے۔ اہل علم کو اسکی پوری قدر کرنی چاہیئے۔

دین دنیا دہلی

فرہنگ عامرہ عربی اور فارسی الفاظ کی (جن میں مستعملہ ترکی الفاظ بھی شامل ہیں) ایک مختصر اور جامع فرہنگ ہے۔ ترتیب و تالیف فرہنگ میں زیادہ تر انگریزی سکولوں اور کالجوں میں پڑھنے والے طالب علموں کی ضرورتوں کو مدنظر رکھا گیا ہے۔ اس لئے فرہنگ عامرہ مذکور طالب علموں کے لئے ایک جامع مختصر سستی اور مفید لغت ہے جس سے فائدہ اٹھانا بڑی لغتوں کے مقابلہ میں ان کے لئے زیادہ آسان ہے۔

امید ہے کہ قابل مؤلف کی حوصلہ افزائی کی جائے گی اور اسکولوں اور کالجوں میں فرہنگ عامرہ بہت جلد کافی مقبولیت حاصل کرلے گی۔

نواب ابوالمعظم سراج الدین احمد خانصاحب سائل

جانشین استاد داغ

مؤلف موصوف نے جس خوبی و انتظام سے اتنا ضخیم لغت فراہم کیا قابل ستائش ہے الفاظ کے تلفظ کی صحت کی غرض سے جو اہتمام حروف مقطعات کی صورت میں کیا ہے یہ ان کی اختراع ہے، جو کم پایہ استعداد کے لوگوں کو تصحیح ملفوظات میں مشعل راہ ہے۔ یہ مجموعہ خط خفی میں اس غرض سے مدون کیا گیا ہے جس سے مقصود یہ ہے کہ کم استطاعت کے لوگوں کے ہاتھوں تک پہونچ جائے۔ جہاں تک میں دیکھ سکا، اسکی خوبیوں کا مجھ کو اعتراف ہے۔

مؤلف کے متعلق میرے ناقد دانا کیا لکھتے ہیں۔ خدائے توانا و تقدس اس کی عمر میں برکت دے۔ ذوق مطالعہ میں اضافہ فرمائے اور مبارکباد دیتا ہوں اس کو جسے میں اپنا قوت بازو جانتا ہوں اور فیروز بھائی کہکر خطاب کرتا ہوں۔

مجھے امید ہے کہ یونیورسٹیوں کے کمیٹی نے جتنے ہندوستان میں ہیں اور پرائیویٹ کالج

مدارس وغیرہ کے کتب خانوں کے لئے اس فرہنگ عامرہ کو موجب زینت سمجھیں گے۔ اور شائقین ادب اردو اسے نعمت غیر مترقبہ جانیں گے اور اس کے مطالعہ سے عام و خاص فوائد کثیر حاصل کریں گے۔

انوکھی دنیا لاہور

فرہنگ عامرہ میری نظر میں :—

فاضل مؤلف نے چالیس ہزار عربی، فارسی اور ترکی الفاظ کو اس خوبی و قابلیت سے مرتب کیا ہے کہ ایک بڑے سے بڑے دارالعلوم کو فرہنگ عامرہ کی موجودگی میں کسی دوسری لغت کی ضرورت ہی نہیں رہتی۔ مؤلف نے طالب علموں اور عالموں پر یکساں احسان کیا ہے اس تالیف کے لئے وہ مستحق مبارکباد ہیں۔ میں ضرورتمند اصحاب سے اس کے خریدنے کی سفارش کرتا ہوں۔

(ایڈیٹر)

کامیاب دہلی

زبان اردو کے شاداب چمن میں ایک اور پھول کھلا۔ اس نئے پھول کا نام فرہنگ عامرہ ہے۔ مدت سے ایک ایسی فرہنگ کی ضرورت محسوس ہو رہی تھی جو اردو کی جملہ ضروریات پر حاوی کہی جاسکے۔ اب یہ دیکھ کر ہمیں بے حد مسرت ہوئی کہ خورجہ کے مولوی عبداللہ صاحب خویشگی نے نہایت ذمہ داری اور ہوشمندی کے ساتھ فرہنگ عامرہ مرتب کرکے ضرورتمندوں کے سامنے پیش کر دی۔

فرہنگ عامرہ کی سب سے نمایاں خصوصیت یہ ہے کہ یہ مغربی ڈکشنریوں کے طرز پر مرتب ہوئی ہے اور الفاظ کا تلفظ سمجھانے کا بہت ہی آسان طریقہ استعمال کیا گیا ہے۔

ہمارا خیال ہے کہ "فرہنگ عامرہ" اخبار نویسوں اور مترجموں اور طالب علموں کے لئے خصوصیت سے کارآمد ثابت ہوگی۔

خویشگی صاحب اس شاندار خدمت زبان کے لئے یقیناً مبارک باد کے مستحق ہیں۔ امید ہے کہ حامیان اردو خویشگی صاحب کی حوصلہ افزائی میں امکانی امداد دینگے۔ اور ان کے اس انتہائی مفید کارنامہ کی قدر کریں گے۔

کہکشاں دہلی

یو پی کے مشہور اہل قلم مولوی محمد عبداللہ خانصاحب خویشگی نے ہمیں فرہنگ عامرہ تبصرہ کے لئے روانہ فرمائی ہے۔ یہ چالیس ہزار عربی، فارسی اور ترکی کے ایسے الفاظ کا لغت ہے جو اردو میں مستعمل ہیں اور جو ہم تقریر و تحریر میں روزانہ استعمال کرتے ہیں۔ یہ عام طور پر دیکھا جاتا ہے کہ مبتدیوں کے علاوہ خاصے پڑھے لکھے لوگ بھی اعرابی غلطیاں کرتے ہیں۔ اس فرہنگ نے یہ مشکل خوبصورتی کے ساتھ ختم کر دی ہے۔

حقیقت میں فرہنگ عامرہ، مفید، دلکش اور آسان لغت ہے جس کی ایک ایک جلد اڈیٹر، واعظ، لیڈر اور اردو داں حضرات کے پاس ضرور رہنی چاہیئے۔

خضر راہ لاہور

مولوی عبداللہ خانصاحب نے اردو زبان کے چالیس ہزار الفاظ، ان کے تلفظ، معانی و ماخذ کو تحقیق سے جمع کر کے اردو زبان کی گرانقدر خدمت کی ہے۔

حقیقت میں کسی زبان کی ترقی کے لئے اچھی لغات کی موجودگی نہایت ضروری امر ہے چنانچہ مولوی صاحب موصوف نے اس طرف توجہ کر کے ایک بڑی ضرورت کو پورا کیا ہے۔ فرہنگ عامرہ ترتیب، حروف تہجی، صحت تلفظ و معانی کے اعتبار سے عام لغات سے امتیاز رکھتی ہے۔

جدت مراد آباد

اردو ہندوستان کی "لنگوا فرانکا" (مشترک زبان) ہے جس کو دس کروڑ سے زائد باشندے

بولتے اور سمجھتے ہیں اور جسکو تقریباً تمام ملک سمجھتا ہے۔ لیکن کس قدر افسوس کا مقام ہے کہ دنیا کی اتنی بڑی زبان میں کوئی ایک بھی ایسی لغات کی کتاب نہیں ہے جو عصر حاضر کے معیار پر پوری اتر سکے۔

ہمیں مسرت ہے کہ مولوی محمد عبداللہ خاں صاحب خویشگی نے ایک فرہنگ "فرہنگ عامرہ" کے نام سے تالیف فرما کر اردو زبان کی نہایت ہی قابل قدر خدمت انجام دی ہے جس کے لئے وہ ابنائے ملک کے شکریہ کے مستحق ہیں۔ یوں تو یہ کتاب ہر شخص کیلئے مفید و کار آمد ہے لیکن طلباء کے لئے خصوصیت سے یہ ایک نعمت غیر مترقبہ ہے۔

ہم سفارش کرتے ہیں کہ "فرہنگ عامرہ" کو ہر دارالمطالعہ، کتب خانہ اور ادارہ تعلیمی کی زینت بنایا جائے اور کسی اردو خواں شخص کا گھر اس کتاب سے خالی نہ رہے۔

ماہ نیم ماہ دہلی

فرہنگ عامرہ اردو زبان کی ایک لغت ہے جو فارسی، عربی اور مروجہ ترکی الفاظ پر مشتمل ہے۔ اس کے مرتب ہمارے محترم خان محمد عبداللہ خاں صاحب خویشگی ہیں۔

فرہنگ کم و بیش چالیس ہزار الفاظ اور ان کے ضروری معانی و مطالب کا جامع ذخیرہ ہے۔ جس میں الفاظ کے ٹکڑے کر کے اور اعراب لگا کر ہر لفظ کے تلفظ کو اس طرح نمایاں کیا گیا ہے۔ کہ ایک مبتدی بھی آسانی کے ساتھ صحیح تلفظ معلوم کر سکتا ہے۔

ہم پر زور الفاظ میں درخواست کرینگے کہ وہ تمام حضرات جو اردو زبان سے دلچسپی رکھتے ہیں اس فرہنگ سے ضرور استفادہ حاصل کریں۔

ہندوستان ریویو پٹنہ عظیم آباد

فرہنگ عامرہ :- ایک اردو لغات

یہ کتاب ایک فرہنگ ہے جس میں عربی، فارسی اور ترکی الفاظ کے معنی اردو میں دئے گئے ہیں اور جو فاضل مؤلف کی گہری کاوش اور تحقیق کا ثمرہ ہے۔ ایک سہل دست مگر جامع لغات کی ضرورت جو اردو کے طلبہ عرصے سے محسوس کر رہے تھے، یہ کتاب باحسن وجوہ پوری کر دے گی۔ (ترجمہ)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

دیباچہ

جس زبان کی خود اپنی مستقل فرہنگ نہیں وہ ناکمل ہے، اور جو فرہنگ تلفظ سے معرّا ہے لایعنی ہے، اس لیئے کہ تلفظ ہی کے بطن سے معانی پیدا ہوتے ہیں پس جس طرح کہ لغات کے معنوں کو سمجھنا اور اُن کو یاد کرنا طالب علم کے لیے ایک ضروری امر ہے، بالکل اسی قدر بلکہ اس سے بھی زیادہ ضروری صحیح تلفظ کو جاننا اور بولنا ہے۔

کسی زبان کو شستہ لب و لہجہ میں ادا کرنے کی مہارت کا فقدان کمال زباندانی میں ایک نقص ہے، مگر اس سے بھی بڑھ کر معیوب یہ ہے کہ ہم غلط اور بے جوڑ الفاظ بولنے کے باعث اپنا صحیح مافی الضمیر بیان کرنے سے قاصر ہوں، کیونکہ عربی و فارسی لغات میں ایک ہی اسم کے متعدد تلفظ ہوتے ہیں اور بسا حالات ہر تلفظ اپنی ایک جداگانہ حیثیت اور معنے رکھتا ہے، چنانچہ اس فرہنگ کے مطالعہ سے یہ حقیقت واضح طور پر منکشف ہو جاویگی کہ ایک ہی لغت کے اعراب میں تغیر ہونے پر کس طرح اُس کے معنے بدلتے ہوئے چلے جاتے ہیں، حتی کہ بعض اوقات اُن میں کوئی باہمی علاقہ تک باقی نہیں رہتا، لہذا تلفظ سے ناواقفیت کی بنا پر ایک ہم شکل مگر غیر معنے لفظ کا بے محل استعمال کور ذوقی اور جہالت لسانی کا مضحکہ انگیز نمونہ ہے اور ایک مدعی علم کی عبائے

فضیلت پر ایسا بدنما دھبہ ہے کہ جس کی تلافی کسی یونیورسٹی کی اعلیٰ ترین سند بھی نہیں کر سکتی۔

عربی میں علی العموم مرکب الفاظ، فارسی اور ترکی میں بالخصوص مفرد لغات ایسے پائے جاتے ہیں کہ جن کے چہروں پر زائد حروف کے پردے پڑے ہوئے ہیں جن کی وجہ سے اُن کے املے اور تلفظ میں کامل ہم آہنگی نہیں، یعنی جس ہجے کے بموجب لکھے جاتے ہیں اُس کے ماتحت پڑھے نہیں جاتے، اور یہ تفہیم تلفظ میں ایک ایسی سنگین دشواری ہے کہ جس کا ازالہ اعراب بھی نہیں کر سکتے، اس لیے جب تک ہر لغت کے پہلو بہ پہلو اُس کا براہ راست تلفظ مستند درج نہ ہو اصلی شکل بے نقاب نہیں ہو سکتی۔

آج سے تقریباً ایک صدی ماقبل جب کہ فارسی ہندوستان کی سرکاری زبان تھی اور گھر گھر اُس کا چرچا تھا، جب کہ یہاں کا طبقۂ اعلیٰ اُردو کی نوشت و خواند سے بھی ابا کرتا تھا اور فارسی انشا پردازی کا سکہ جما ہوا تھا، ممکن ہے کہ یہ کسی حد تک کتابی تلفظ سے بے نیاز ہو، اور کیا عجب ہے کہ اس زمانہ کی فرہنگوں میں ہر لغت کے ہمدوش مکمل تلفظ کا التزام نہ ہونے کی یہی علت غائی ہو، مگر آج جب کہ فارسی کے سر سے بادشاہت کا تاج اُتر چکا ہے اور خود اُسی کے متوسلین دیرینہ کی ایک جماعت موقع پا کر بیخ کنی پر تلی ہوئی بیٹھی ہے، آج جب کہ فارسی سمجھنے والوں کی تعداد بتدریج محدود اور بولنے والوں کی مفقود ہوتی چلی جاتی ہے، نا ممکن ہے کہ تشنہ کامان

دیباچہ

ادب با تلفظ فرہنگوں کی امداد کے بغیر پورے طور پر سیراب ہو سکیں۔

اب تک ہماری زبان اُردو میں فارسی کی جتنی فرہنگیں لکھی جا چکی ہیں وہ تلفظ سے بیگانہ ہیں اور اُن کا نصب العین طلبا کو صرف لغات کے معانی رٹا کر تحریری امتحانات میں کامیاب کرا دینا ہے، یہ ایک ایسا صریح نقص ہے جو ان کی قدر و قیمت کو بہت کم کر دیتا ہے، کیونکہ شعرا، خطبا، اور صحیح الذوق جویانِ علم و ادب جو ایک زبان کو بحیثیتِ زبان سیکھنا چاہتے ہیں ایسی ناتمام کتابوں سے کوئی معتدبہ فائدہ حاصل نہیں کر سکتے کہ جن میں لغات کا تلفظ محض قیاس اور وجدان پر یاد کرنا پڑتا ہے۔

فرہنگ ہذا میں حتی الوسع پوری تحقیق و تدقیق کے بعد تلفظ لکھے گئے ہیں مگر بڑی مصیبت یہ ہے کہ جہاں ہماری اجتماعی زندگی کا شیرازہ ہر معاملہ میں بکھرا ہوا ہے وہاں ہماری زبان بھی اس پراگندگی اور انتشار سے مستثنیٰ نہیں کیونکہ ہمارے یہاں کوئی ایسی فارسی فرہنگ موجود نہیں جو ایک مسلّم حاکمانہ سند متصور ہو، پس نکتہ چینوں کو ہر جدید فرہنگ کی تردید کے لیے کوئی نہ کوئی موافقِ مطلب کتاب ہاتھ لگ جاتی ہے، یہی وجہ ہے کہ ایک غریب مؤلف سالہا سال خونِ جگر کھا کر لغات مرتب کرتا ہے مگر اپنی مساعی شاقہ کا کوئی خوشگوار صلہ پانے کے بجائے اُس کو اُلٹا معترضین کا ہدفِ ملامت بننا پڑتا ہے۔

ڈاکٹر سیموئل جانسن نے ۱۷۵۵ء میں جب اپنی ڈکشنری لندن کی

پبلک کے سامنے پیش کی تو مشہور مربی علوم ارل آف چیسٹر فیلڈ نے مج
"ورلڈ" کی دو مسلسل اشاعتوں میں نہایت فراخدلی سے داد تحسین دی، جس پر
تمام قوم نے ہمنوا ہو کر لبیک کہا اور اس کے ہجے، تلفظ اور معنوں کو قولِ فیص
کیا۔ مگر ٹھیک اُسی زمانہ میں جب کہ علامہ سراج الدین خاں آرزو نے اپنی فا
فرہنگ "دلی والوں" کی نذر کی تو وہ خود بیں اور خود پسند طبائع کے غبار میں د
رہ گئی، حالانکہ جانسن کا جو پایہ انگریزی لٹریچر میں تسلیم کیا گیا ہے خان آرزو
کہ جن کی دایۂ قابلیت نے میرؔ، سوداؔ، دردؔ اور مظہرؔ جیسے فخرِ روزگار باکمال پر
چڑھائے، ہمارے علم ادب میں اس سے بھی بڑھ کر ارفع و اعلیٰ ہے۔

لغات کا تلفظ بیان کرنے کا پُرانا طریقہ اس قدر طولانی اور دیر عمل ہے کہ کتا
کی ضخامت میں بیجا طوالت اور قیمت میں ناواجب اضافہ کے ماسوا
طالب علم کے قیمتی وقت کا ایک حصہ تلفظ ٹٹول کر نکالنے میں صرف ہوتا ہ
اس کے بجائے ازقسم فرہنگ ہٰذا کے ادائے تلفظ کا طریقہ انگریزی کتب لغات
استخراج کیا گیا ہے اور اس کے اصول و ضوابط فارسی کتب قواعد سے ماخو
ہیں، جو اس قدر جامع اور حاوی ہیں کہ تمام کتاب میں ایک لغت بھی اُن ک
حدود سے باہر نہیں پایا جا سکتا۔ بحمد اللہ اب تلفظ اتنا سلیس اور عام فہم ہو گ
ہے کہ ایک نو آموز بھی بیک نظر صحیح طور پر معلوم کر سکتا ہے۔

مُلک میں قدیم فارسی فرہنگوں کی کمی نہیں، مگر مرقع عالم کے جس

دیباچہ

رنگین ورق پر یہ نقوش ثبت کیے گئے تھے یادِ حوادث کے تھپیڑوں نے اُس کو ثلث زیادہ دور منقلب ہو گیا۔ البتہ یہ مجموعۂ اوراقِ تقاویمِ پارینہ بن کر یادگار باقی رہ گئے ہیں جن میں آج سے صدہا سال پہلے کی مجلسی زندگی اور تمدن کا انعکاس جلوہ نما ہے اور جو بے شمار ایسے فرسودہ اسمار سے مملو ہیں کہ جن کے مسمّے تک بھی زمانہ کی دستبرد سے معدوم ہو چکے ہیں۔ جب ہم ان لغاتِ قدیمہ کی سیر کرتے ہیں تو عالمِ تصور میں وہ تمام جیتا جاگتا سماں پیشِ نظر ہو جاتا ہے کہ جس کو زمانہ اپنی اتنی بے پرواہی سے پیچھے چھوڑتا ہوا آج سیکڑوں برس آگے بڑھ آیا ہے۔

سچی بات یہ ہے کہ ارتقائے علوم و فنون کے دوش بدوش ہماری فرہنگوں کی تہذیب و تجدید نہیں کی گئی، اور اس کوتاہی کے بہت سے اسباب تھے جو اس وقت ہمارے موضوعِ بحث سے خارج ہیں، مگر جن پر بجائے خود ایک مستقل کتاب تصنیف کی جا سکتی ہے۔ ان ہی میں سے ایک سبب یہ بھی تھا کہ قدیم الایام سے پُرانی فارسی کتابیں نصابِ تعلیم میں داخل تھیں، اور اُن کے اندر جو متروک لغات، دُور از کار تلمیحات اور فرضی اسماء مرقوم تھے وہ سب بلا تحقیق و امتیاز طالب علموں کے فہمِ مطالب کی خاطر عام فرہنگوں میں بھی بھر دیے جاتے تھے۔

متاخرین نے جو فارسی فرہنگیں ہماری زبان میں تدوین کیں اُن میں اکثر بدقسمتی سے تجارتی اغراض پر مبنی تھیں جن میں کسی اصلاح کی جانب توجہ

نہیں کی گئی جو یا تو فرہنگہائے قدیمہ کے تحت اللفظ تراجم تھے یا اُن کی محض کورانہ تقلید۔

فرہنگ ہٰذا کو عصرِ جدید کے قالب میں ڈھالنے کے لیے حتی الامکان جانفشانی کی گئی ہے جس کے خاص خاص اصلاحی امور علی الترتیب مندرجۂ ذیل ہیں:

(۱) لغات کے حروفِ تہجی کی ترتیب جدید اصولوں پر نہایت صحت کے ساتھ قائم رکھی گئی ہے جس کے باعث کسی لفظ کی جستجو میں اِصرافِ وقت اور پریشانیٔ خاطر کا اب کوئی احتمال باقی نہیں رہا ہے۔

(۲) ادائے تلفُّظ کا التزام اعراب اور علائمِ ترکیبی سے مکمل طور پر کر دیا گیا ہے۔

(۳) فارسی کی خلافِ قیاس اور عربی کی مستعمل جمع اپنے صیغۂ مفرد کے ذیل میں بتمامہ درج کر دی گئی ہیں اور کثیر الاستعمال صیغہائے جمع کو مستقل لغت کی حیثیت میں اپنی مُناسب جگہ پر پھر دوبارہ دیدیا گیا ہے۔ جمع فراہم کرنے میں سب سے بڑی صعوبت یہ پیش آئی کہ پُرانی لُغاتوں میں جمع کے معنے صرف اُن میں دیدیئے گئے ہیں اِلّا اُن کا مُفرد بیان نہیں کیا۔ برعکس ازیں فرہنگ ہٰذا میں جمع کے معنے ہیں اُس کا صیغۂ مفرد بتادیا گیا ہے جس کے معنے آسانی سے تلاش کیے جاسکتے ہیں۔

(۴) کثیر الاستعمال فارسی مصادر کے مضارعات نیز اُن کے سماعی اور قیاسی مشتقات خاص اہتمام سے درج کئے گئے ہیں اور افادۂ طلباء کی غرض سے ایک

دیباچہ

بڑی تعداد قلیل الاستعمال مصادر کی بھی شامل کر دی گئی ہے۔

(۵) فارسی میں ایسے الفاظ بیشتر پائے جاتے ہیں کہ جو فی الواقع ایک ہی لغت کی دو مختلف صورتیں ہیں۔ بات یہ ہے کہ فارسی کے اکثر حروف میں باہمی بدل ہے جس سے معنے اور طریقۂ ادائے تلفظ میں گو کوئی فرق نہیں آنے پاتا مگر املا تبدیل ہو جاتا ہے اس ضروری امر کی وضاحت ہماری فرہنگوں میں نہیں پائی جاتی جس کے باعث بہت سے طلبا اُن لفظوں کو اپنی اپنی جگہ جداگانہ لغات سمجھتے رہتے ہیں کہ جو فی الاصل ایک ہی ماں کے جڑواں بچے ہیں۔ کونسے حرف کا کس کے ساتھ بدل ہے اس کی پوری تصریح فرہنگ ہذا کے اندر ہر حرف کی تقطیع کے شروع میں معلوم کی جا سکتی ہے۔ معہٰذا یہ امر فراموش نہ ہونا چاہیے کہ اس تبادلہ کرنے کا ہر شخص مجاز نہیں، بلکہ جس لفظ میں جس طرح پر اگلے اساتذہ تصرّف کر گئے ہیں اُن ہی کا تتبع ہم کو بھی کرنا پڑتا ہے، چنانچہ یہ پہلو مدّ نظر رکھتے ہوئے ایسے ہمسلک لغات کے معنے صرف ایک جگہ پر لکھ دیئے گئے ہیں اور باقی میں اُس کو دیکھنے کی ہدایت کر دی گئی ہے۔

(۶) عہد مغلیہ کی مُردہ اور بے رواج چیزوں کے نام احتیاط سے الگ کر کے اُن کی جگہ زمانۂ حاضرہ کے ہزارہا مفید اور زندہ معرّبات اور مُفرّسات درج کر دیئے گئے ہیں۔

(۷) مخرّب اخلاق استعارات اور محرّک جذبات شوخ تشبیہات سے جو زبان

حکومت کے بعد ہمارے مجلسی عیش پرستانہ زندگی کا لازمہ اور اس عہد کے لٹریچر کا مایۂ افتخار بن چکی تھیں تا بمقدور اجتناب کیا گیا ہے، البتہ اعضائے جسمانی کے نام، نیز طبی اصطلاحات یا بعض دیگر لغات ضروریہ کا مفہوم متانت اور تہذیب کے ساتھ ادا کر دیا گیا ہے۔

(۸) اشیا کی ماہیت اور معانی میں جو قدیم تحقیقاتیں علوم جدیدہ اور تازہ انکشاف سے غلط ثابت ہو چکی ہیں ان کے بجائے نئی تحقیقاتیں انگریزی کتب لغات کے توسل سے داخل کر دی گئی ہیں۔

(۹) فرہنگہائے قدیمہ نے افسانوی افراد اور تاریخی شخصیتوں سے متعارف کرانے میں کذب و صدق کے مابین کوئی حد فاصل قائم نہیں کی، ان کے اندر حاتم طائی اور رستم دستاں پہلو بہ پہلو نظر آتے ہیں، حالانکہ ایک ان میں تاریخی حقیقت ہے اور دوسرا حکیم فردوسی کی قوت متخیلہ کی شاعرانہ تخلیق۔ اس کوتاہی کی وجہ سے لسان و ادب کے طالب علم کا ذہن تاریخی حقائق کے ادراک سے عاری رہتا تھا۔ فرہنگ ہٰذا میں اسماء الرجال کی ترتیب اور تبویب سے یہ غلط فہمی بھی رفع کر دی گئی ہے۔

(۱۰) لغات کے معانی بیان کرنے میں مجلسی رواداری کا احترام حتی الامکان ملحوظ رکھا گیا ہے۔

صرف مندرجہ بالا اصلاحات ہی پر اکتفا نہیں کیا گیا بلکہ اور بہت سے ضمنی

دیباچہ

اور جزوی معاملات میں بھی اصلاح و درستی کی گئی ہے جن کا اعادہ موجب طوالت ہوگا۔ غرض کتاب کو مفید بنانے میں کوئی دقیقہ اٹھا نہیں رکھا گیا، مگر بہرکیف یہ ایک محض منفردہ اور اپنی نوعیت کی اولین اصلاحی کوشش ہے، جس میں قدم قدم پر بے شمار مشکلات حائل تھیں اور کوئی مددگار مشورے، اور نمونہ رہنمائی کے لئے موجود نہ تھا، لہٰذا قارئین کرام کی خدمت میں التماس ہے کہ اگر کوئی لغزش پائیں تو نگاہ عفو فرمائیں۔ آئندہ اشاعت میں مزید تصحیح کی سعی کی جاوے گی۔ انشاء اللہ تعالےٰ۔

اتنی بات ہر شخص جانتا ہے کہ ہماری زبان اُردو نے فارسی کی آغوش تربیت میں پرورش پائی ہے، سو یہ فرہنگ اُن الفاظ کے بھی ایک قیمتی خزانہ سے معمور ہے جو ہماری زبان کی زینت ہیں، لہٰذا اُردو اور فارسی طالب علموں کے لیے یکساں مفید ہے۔ ماسوئے اس کے علوم و تمدّن کے ارتقاء کے ساتھ روز افزوں اخباری لٹریچر، مختلف العنوان تازہ تراجم، روزانہ جدید انکشافات و اکتشافات و ذہنیت نئی ایجادات نے بے شمار نئے الفاظ کی ضرورت ہماری زبان میں آئے دن پیدا کر رکھی ہے، جن کے لیے فرہنگ ہٰذا ہر طرح معین ثابت ہوگی جو اکثر کتب متداولہ سے زیادہ لغات کا ذخیرہ اپنے دامن میں سمیٹے ہوئے ہے۔ اور اُن زندۂ جاوید الفاظ سے لبریز ہے کہ جو ایک علم پرور اور ثریا رفعت تہذیب کے امانت دار ہیں اور جو ہزار سال سے ہندوستان، ایشیا، مشرقی یورپ اور شمالی و مشرقی افریقہ کے کروڑوں اشراف و شائستوں کا

نسلاً بعد نسلٍ روزمرہ بنے ہوئے ہیں اور ایک ہمہ گیر بین الاقوامی وسعت اپنے اندر رکھتے ہیں فرہنگ اردو۔ بھی ایک ایسی فرہنگ جس کے اندر اَن گنت اعراب وعلائم ہوں لیتھو کی صحت طباعت کے لیے کس قدر جانفشانی اور عرق ریز مساعی کی محتاج ہے، اس کا اندازہ کچھ وہی لوگ زیادہ اچھی طرح کر سکتے ہیں جنہوں نے کبھی اس دشت کی سیاحی کی ہے۔

میں اپنے اُن تمام اعزّا اور احباب کا بدل ممنون ہوں کہ جنہوں نے کسی نوع سے اس کام میں میرا ہاتھ بٹایا ہے۔ علی الخصوص میرے لائق دوست پروفیسر لکشمی نرائن ٹنڈن ایم۔ اے۔ ایل۔ ٹی۔ نے جن کو اُردو اور فارسی ادبیات سے ایک شغف ہے بعض قابل قدر کتابیں بہم پہنچائیں۔

بہرکیف پبلک کی خدمت میں یہ ایک اصلاحی نمونہ پیش کیا جا رہا ہے، ملک وقوم کا جو مفاد اس خدمت سے متصور ہے اُس کو تجربہ خود ثابت کر دیگا۔ اَلسَّعْیُ مِنِّیْ وَالْاِتْمَامُ مِنَ اللہِ ❖

محمد عبد اللہ خان خویشگی

فیروز منزل۔ خورجہ

دوشنبہ ۱ فروری ۱۹۳۷ء

اَصنافِ کَلِمات

انسلاکُ الصُّدُور و توابعاتِ ترکیبی

آسا، مانند مثلاً شیرآسا، مردآسا۔
ار، زینتِ کلام مثلاً گفتار، دیدار۔
ار، فاعلیت مثلاً خریدار، فروختار۔
ار، حاصلِ مصدر مثلاً گفتار، رفتار۔
اک، نسبت مثلاً فتراک، مغاک۔
ان، نسبت مثلاً صفاہان، ایران۔
ان، فاعلیت مثلاً خندان، گریان۔
انہ، نسبت مثلاً سالانہ، ماہانہ۔
انہ، لیاقت مثلاً شاہانہ، مردانہ۔
اوند، مشابہت مثلاً خویشاوند۔
ب، زینتِ کلام مثلاً بجز، بگو۔
بار، کثرت مثلاً دریابار، رودبار۔
بام، رنگ مثلاً سبزبام، سرخ بام۔
بان، محافظت مثلاً دربان، فیلبان۔
بر، زینتِ کلام مثلاً برجید، بربست
پیش، مشابہت مثلاً شیرپیش۔
جرتہ، جردہ، رنگ مثلاً سیاہ جرتہ، سیاہ جردہ
چہ، تصغیر مثلاً باغچہ، طاقچہ۔
دار، محافظت مثلاً پردہ دار، رازدار۔
دان، ظرفیت مثلاً نمکدان، چاہدان۔
در، زینتِ کلام مثلاً درخواست، درساخت۔
دس، مشابہت مثلاً حوردس۔
دیس، مشابہت مثلاً حوردیس۔
زار، ظرفیت یا کثرت مثلاً گلزار، صدف زار۔

سار، مشابہت مثلاً خاکسار، سنگسار۔
سار، ظرفیت یا کثرت مثلاً شاخسار، کہسار۔
سان، مشابہت مثلاً شیرسان، تیرسان۔
ستان، ظرفیت مثلاً گلستان، نیستان۔
ش، حاصلِ مصدر مثلاً آمرزش، گردش۔
فام، رنگ مثلاً گلفام، سیاہ فام۔
فرا، زینتِ کلام مثلاً فرارفت۔
فرو، زینتِ کلام مثلاً فروگذاشت، فروخواند۔
فش، مشابہت مثلاً شاہ فش، ماہ فش۔
ک، تصغیر مثلاً مردک، اسپک۔
کدہ، ظرفیت مثلاً بتکدہ، میکدہ۔
گار، صاحب، خداوند مثلاً پروردگار، گنہگار۔
گان، لیاقت مثلاً شایگان، رایگان۔
گر، فاعلیت مثلاً شیشہ گر، فتنہ گر۔
گون، رنگ مثلاً گلگون، شفقگون۔
گونہ، رنگ مثلاً زردگونہ، گلگونہ۔
گین، پیوستگی مثلاً اندوہگین، سہمگین۔
لاخ، کثرت مثلاً سنگلاخ، رودلاخ۔
ما، زینتِ کلام مثلاً ماورے، ماسوے۔
مند، صاحب، خداوند مثلاً زورمند، مستمند۔
ن، نسبت مثلاً آہن، جوشن۔
ناک، پیوستگی مثلاً غمناک، نمناک۔
و، تصغیر مثلاً پسرو، بچو، سقو۔
وا، زینتِ کلام مثلاً واگذاشت، واشگاف۔

وار، مشابہت مثلاً بزرگوار، بسندہ وار۔
وار، لیاقت مثلاً شاہوار، گوشوار۔
وام، رنگ مثلاً سبزوام، تیرہ وام۔
وان، محافظت مثلاً پہلوان، بسندیوان۔
وان، مشابہت مثلاً حیوان۔
ور، صاحب خداوند مثلاً تاجور، ہنرور۔
وش، مشابہت مثلاً ماہوش، پری وش۔
ون، مشابہت مثلاً ہیلون، استرون۔
وند، ظرفیت مثلاً آوند۔

وند، مشابہت مثلاً خداوند، پولادوند۔
ویہ، نسبت مثلاً راہویہ، سیبویہ۔
ہ، نسبت مثلاً یکسالہ، یکروزہ۔
ہم، شرکت مثلاً ہمدرد، ہمراز۔
ی، حاصل مصدر مثلاً شرمندگی، بخشندگی۔
ی، لیاقت مثلاً گفتنی، خوردنی۔
ی، نسبت مثلاً قریشی، بری۔
ین، زینت کلام مثلاً آفرین، تحسین۔
ین، نسبت مثلاً سیمین، نگارین۔

تشریح التلفظ

علامات قراءت

زیر، کسرہ، جر، یعنی علامت (ِ)
زبر، فتحہ، نصب، 〃 〃 (َ)
پیش، ضمہ، رفعہ، 〃 〃 (ُ)
جزم مطلق، 〃 〃 (ْ)
جزم مجہول، 〃 〃 (ٛ)
تشدید، 〃 〃 (ّ)
مد، 〃 〃 (ٓ)
حرکت، یعنی زبر، زیر یا پیش (َ ِ ُ)
تنوین، یعنی دو زبر، زیر یا پیش (ً ٍ ٌ)
وقف، یعنی کوئی علامت نہ ہونا

سکتہ، یعنی علامت (،)
بیت کامل، 〃 〃 (–)
بیت ناقص، 〃 〃 (')
قوسین، 〃 〃 ( )

اعراب کا عمل حُرُوف پر

مجرور، مکسور، جس کے نیچے زیر ہو مثلاً دل (دِل) کی دال۔
مفتوح، منصوب، جس کے اوپر زبر ہو مثلاً من (مَن) کی میم۔
مضموم، مرفوع، جس پر پیش ہو مثلاً گل (گُل) کا کاف۔
مجزوم، جس پر کوئی جزم ہو مثلاً بدگو (بدْ گوْ) کے دال اور واو۔
مشدّد، جس پر تشدید ہو اور دو دفعہ پڑھا جائے مثلاً ملت (مِلّت) کا لام۔
ممدودہ، جس الف کے اوپر مد ہو۔
متحرک، جس پر کوئی حرکت ہو مثلاً غلامی (غُلَامِی) کا غین، لام یا میم۔
منوّن، جس پر تنوین ہو اور جس کے آخر میں نون پڑھا جاوے مثلاً قولاً (قَوْلَنْ)۔

موقوف ، جس کا ماقبل مجزوم ہو مگر خود اُس پر کوئی اعراب نہ ہو مثلاً اَسپ (اَس۔ پ) کی پ۔

مدہ جس حرف علت کی حرکت ماقبل موافق ہو مثلاً نور، باغ، جبین (نُور، بَاغ، جَبِین)

لین جس حرف علت کی حرکت ماقبل موافق نہ ہو مثلاً قول، بیت (قَوْل، بَیْت)

اقسام حروف باعتبار تلفظ

الف مقصورہ ، جو اپنی کھینچی آواز دے مثلاً اگر (اَگَر) کا الف۔

الف ممدودہ ، جو دوسرے الف سے مل کر آواز دے مثلاً آ (اا)

نون مخلوط ، جو درمیان کلمہ میں حرف ماقبل سے مل کر آواز دے مثلاً سنگ، رنگ (سَنْگ، رَنْگ)۔

نون غنہ ، جو درمیان کلمہ میں الف کے ساتھ ناک میں بولا جاوے مثلاً خواندہ، ماندہ (خواں، دہ، ماں، دہ)۔

نون غنہ ، جو آخر کلمہ میں حرف علت کے ساتھ ناک میں بولا جائے مثلاً جہاں، بریں، چنوں (جَہَاں، بَرِیں، چُنُوں)۔

واو معروف ، جس کے ماقبل ضمہ خالص ہو مثلاً فضول، شکور (فُضُول، شُکُور)۔

واو مجہول ، جس کے ماقبل ضمہ غیر خالص ہو مثلاً ہوش، شور (ہُوش، شُور)

واو معدولہ ، جو پڑھنے میں نہ آئے مثلاً خوش، تو (خُش، تُ)

واو اشمام ، جس کے پہلے خائے مفتوحہ اور مابعد الف ہو اور جس کے تلفظ میں خ کو ادا کرتے ہی ہونٹوں کو بغیر ملائے ضمہ کی طرف اشارہ کیا جاوے مثلاً خواہ، خوال (خُواہ، خُوال)

یائے معروف ، جس کے ماقبل کسرہ خالص ہو مثلاً امیر، فقیر (اَمِیر، فَقِیر)۔

یائے مجہول ، جس کے ماقبل کسرہ غیر خالص ہو مثلاً بیشی، شیر (بے، شی۔ شیر)۔

جس لغت کے معانی سلسلہ وار دئے گئے ہیں منشا یہ ہے کہ وہ اپنے علیحدہ معنوں اور جدا مفہوم کے ساتھ ان اسمائے مختلفہ میں علی الترتیب مستعمل ہے جن سے ہماری زبان اردو نے تشکیل پائی ہے۔

مخففات

جع	یعنی	جمع
جع جع	"	جمع الجمع
مضع	"	مضارع

فارسی جمع

اکثر الفاظ کی جمع فارسی قاعدے کے بموجب ہماری زبان اردو کے اندر بھی استعمال ہوتی ہیں۔ جن کے بنانے کے قاعدے بہت آسان سیدھے سادے اصولوں پر مبنی ہیں۔ لہٰذا بنظر اختصار ان کو عربی جمع کے بدوش اپنے مفردات کے ساتھ درج کرنے کی ضرورت نہیں سمجھی گئی۔ تاہم قارئین اردو کی سہولت کو ملحوظ رکھتے ہوئے چند عام فہم قاعدے بیان کیے جاتے ہیں۔

جاندار اسماء

(۱) اسم مفرد ذی روح کے آخر میں خواہ وہ مذکر ہو یا مؤنث حروف 'ان' بڑھا دینے سے اس کی جمع بن جاتی ہے۔ مثلاً مرد سے 'مردان' 'زن' سے 'زنان' 'مرغ' سے 'مرغان'۔

(۲) جو اسم مفرد حروف 'ا و' میں سے کسی پر ختم ہوتا ہو اس کی جمع بنانے میں حروف 'ان' علامت جمع سے پہلے حرف 'ی' اور زائد ملا لینا چاہیے مثلاً دانا سے دانایان، خوبرو سے خوبرویان۔

(۳) جس اسم مفرد کے آخر میں حرف 'ہ' ہو اس کی جمع بناتے وقت یہ حرف 'ہ' حرف 'گ' سے بدل دینا چاہیے مثلاً بچہ سے بچگان، خفتہ سے خفتگان۔

بے جان اشیاء

(۱) اسم مفرد غیر ذی روح کے آخر میں خواہ وہ اردو کے اندر مذکر بولا جاتا ہو یا مؤنث حروف 'ہا' یعنی کلمہ 'ہا' بڑھا دینے سے اس کی جمع بن جاتی ہے مثلاً دل سے دلہا، سنگ سے سنگہا۔

(۲) اگر یہ اسم مفرد حرف 'ہ' پر ختم ہو تو یہ 'ہ' جمع کی 'ہا' سے مل کر ساقط ہو جاتی ہے مثلاً افسانہ سے افسانہا

بعض اسماء کی جمع بطریقہ عربی بھی فارسی میں بنائی جاتی ہے مثلاً بیگم سے بیگمات، دہ سے دہات، کارخانہ سے کارخانجات وغیرہ۔

کبھی کبھی متذکرہ بالا فارسی قاعدے کے برعکس بھی جمع استعمال کی گئی ہیں۔ اس قسم کی خلاف قیاس جمع کو اپنے مفرد کے ماتحت حتی الامکان درج کر دیا گیا ہے۔

[illegible] برقی پریس بلیماران دہلی

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

فرہنگِ عامرہ

ا (اَلِف) قائم مقام عدد ۱، حرفِ قمری، حرفِ علت، فارسی میں چند حرفوں سے بدل جاتا ہے - ۱ - د کے ساتھ مثلاً بایں، بدیں۔ ۲ - گ کے ساتھ مثلاً اُستاخ، گستاخ۔ ۳ - ہ کے ساتھ مثلاً ایچ، ہیچ۔ ۴ - ی کے ساتھ مثلاً ایلاق، ییلاق۔

آ (آ) حرفِ ندبہ، حرفِ تنبیہ، آؤ، نقلِ آواز۔

آب (آب) پانی، رونق، چمک، خوبی، عزت، قدر، جوہر، خالص شراب۔

آبا (آ-با) اب کی جمع، بزرگ، باپ دادا، (آبا) بمعنی بستان، بوستان۔

آبِ آتشیں (آ-بِ-آ-تشیں) تیز شراب۔

آباد (آ-باد) ۱ - سرسبز، بسا ہوا۔ ۲ - ابد کی جمع۔

آبادان (آ-با-دان) آباد کا مزید علیہ، سرسبز۔

آبادانی (آ-با-دا-نی) سرسبزی، چہل پہل۔

آبادی (آ-با-دی) بستی، بساہٹ۔

آبار (آ-بار) ۱ - بیر کی جمع۔ ۲ - جلا ہوا سیسہ۔

آبارانیدن (آ-با-را-نی-دن) تعریف کرنا۔

آبارہ (آ-با-رہ) حساب۔

آبال (آ-بال) ابل کی جمع۔

آبان (آ-بان) فارسی کا آٹھواں شمسی مہینہ۔

آب انار (آ-ب-انار) سرخ شراب۔

آب انگور (آ-ب-انگور) انگور کی شراب۔

آبائی (آ-با-ئی) منسوب بہ آبا، پشتینی۔

آب باران (آ-ب-با-ران) مینھ کا پانی۔

آبباز (آ-ب-باز) تیراک۔

آب پرندہ (آ-ب-پرن-دہ) ہلکا اور ہاضم پانی۔

آب بستہ (آ-ب-بس-تہ) شیشہ۔

آب بقا (آ-ب-بقا) آبحیات۔

آبپاشی (آ-ب-پا-شی) سینچائی، چھڑکاؤ۔

آبتاب (آ-ب-تاب) چمک دمک، رونق۔

آبتاختن (آ-ب-تاخ-تن) پیشاب کرنا۔

آب جاری (آ-ب-جا-ری) بہتا ہوا پانی۔

آبجو (آ-ب-جو) ندی، نالہ۔

آبجوش (آ-ب-جوش) شوربا، یخنی، سوڈا واٹر۔

آب چشم (آ-ب-چش-م) آنسو۔

آبچک (آ-ب-چک) پانی ٹپکنے کی جگہ۔

آبِ حیات، آبِ حیوان (آ-ب-حیات، آ-ب-حی-وان) امرت، وہ پانی جسکو پی کر کبھی موت نہیں آتی۔

آب خاصہ (آ-ب-خا-صہ) امیروں کے پینے کا پانی۔

آبخانہ (آب۔ خَا۔ نَہ) آبخانہ، پانی رکھنے کا مکان۔

آبخست (آب۔ خَس۔ ت) پانی کے درمیان کی کوئی چیز

آبِ خضر (آب۔ خِضَر) (د) آبِ حیات۔

آبخورد (آب۔ خُرد) مقسوم، نصیب۔

آبخورہ (آب۔ خُو۔ رَہ) پانی پینے کا برتن۔

آبخیز (آب۔ خیز) موج۔

آبدار (آب۔ دَار) چمکدار، ابیرہ پانی۔

آبدارخانہ (آب۔ دَار۔ خَا۔ نَہ) پانی رکھنے کی جگہ۔

آبداری (آب۔ دَا۔ رِی) چمک، صفائی۔

آب ودانہ (آب۔ دَا۔ نَہ) دانہ پانی، رزق، روزی۔

آبدست (آب۔ دَس۔ ت) پانی کا استنجا، وضو۔

آبدوز (آب۔ دُوز) پانی کے اندر والا۔

آبراہ (آب۔ رَاہ) موری، پانی کا راستہ، براہ

آب رفتن (آب۔ رَف۔ تَن) بے آبرو ہونا۔

آبرو (آب۔ رُو) عزت، نیکنامی، تازگی۔

آبِ رواں (آب۔ رَوَاں) بہتا ہوا پانی۔

آبرہ (آب۔ رَہ) دیکھو آبراہ۔

آب ریختن (آب۔ ریخ۔ تَن) بے آبرو کرنا۔

آبریز (آب۔ ریز) پانی کا برتن، لوٹا وغیرہ۔

آبریشم (آب۔ رے۔ شَم) دیکھو ابریشم۔

آبِ زر (آب۔ زَر) چاندی سونے کا پانی۔

آبِ زلال (آب۔ زُلَال) میٹھا صاف پانی۔

آبزن (آب۔ زَن) نہانے کا حوض۔

آبسال (آب۔ سَال) باغ، انگور کا باغ۔

آبست، آبستان، آبستن (آ۔ بَس۔ ت، آ۔ بَس۔ تَان، آ۔ بَس۔ تَن) گابھن، حاملہ، پوشیدہ

آبستنی (آ۔ بَس۔ تَ۔ نِی) حاملہ، گابھن، برلطف۔

آبستہ (آ۔ بَس۔ تَہ) حاملہ، گابھن، بچہ والی، (آ۔ بِس۔ تَہ) کھیتی کے لئے نکالی ہوئی زمین۔

آبشار (آب۔ شَار) جھرنا

آبشتن (آ۔ بَش۔ تَن) پوشیدہ رکھنا۔

آب شناس (آب۔ شَنَاس) ملاح۔

آبِ شور (آب۔ شُور) کھاری پانی۔

آب شورہ (آب۔ شُو۔ رَہ) شورے سے ٹھنڈا کیا ہوا پانی۔

آبق (آ۔ بِق) بھاگنے والا۔

آبکار (آب۔ کَار) شراب کا کام کرنے والا، بہشتی

آبکاری (آب۔ کَا۔ رِی) شراب کا کاروبار، منشیات کا محصول۔

آبِ کوثر (آب۔ کَو۔ ثَر) جنت کے حوض کوثر کا پانی

آب گوشت (آب۔ گو۔ شت) یخنی، شوربا۔

آبگیر (آب۔ گیر) پوکھر، جوہڑ۔

آبگینہ (آب۔ گی۔ نَہ) شیشہ، کانچ۔

آبلہ (آب۔ لَہ) پھپھولا، چھالا، چیچک۔

آبنائے (آب۔ نَائے) دو سمندروں کے بیچ تنگ راستہ۔

آب نقرہ (آب۔ نُق۔ رَہ) پارہ، سیماب

آبنوس (آب۔ نُوس) ایک قسم کی چمکدار کالی لکڑی

آبونہ (آ۔ بُو۔ نَہ) اخبار یا رسالے کا چندہ۔

آبی (آ۔ بِی) منسوب بہ آب، انگاری، معنویہ

آبیاری (آب۔ یَا۔ رِی) آبپاشی، سینچائی۔

آبیانہ (آب۔ یَا۔ نَہ) پانی کا محصول۔

آپا (آ۔ پَا) بہن۔

آتت (آ۔ تَت) گھوڑا۔

آتش (آ۔ تَش) آگ، غصہ، جہنم۔

آتش افگن (آ۔ تَش۔ اَف۔ گَن) آگ پھینکنے والا

آتش انگیز (آ۔ تَش۔ اَن۔ گیز) آگ بھڑکانے والا۔

آتشبار (آ۔ تَش۔ بَار) آگ برسانے والا۔

آتشباری (آ۔ تَش۔ بَا۔ رِی) آتشیں اسلحہ کا چھوٹنا

آتشباز (آ۔ تَش۔ بَاز) آتشبازی بنانے والا۔

آتشبازی (آ۔ تَش۔ بَا۔ زِی) آتشیں کھلونا، آتشی کھیل

آتشپا (آ۔ تَش۔ پَا) بیقرار۔

آتشپارہ (آ۔ تَش۔ پَا۔ رَہ) چنگاری، انگارہ۔

آتش پرست (آ۔ تَش۔ پَرَس۔ ت) مجوسی، پارسی، آگ کا پجاری۔

آتش پرستی (آ۔ تَش۔ پَرَس۔ تِی) آگ کی پوجا۔

آتش خانہ (آ۔ تَش۔ خَا۔ نَہ) انگیٹھی۔

آتش خوار (آ۔ تَش۔ خوَار) چکور، آگ کھانے والا۔

آتشدان (آ۔ تَش۔ دَان) انگیٹھی۔

آتش زبان (آ۔ تَش۔ زَبَان) تیز زبان۔

آتش زبانی (آ۔ تَش۔ زَ۔ بَا۔ نِی) تیز زبانی۔

آتش زدگی (آ۔ تَش۔ زَ۔ دَ۔ گِی) آگ لگ جانا۔

آتش زدہ (آ۔ تَش۔ زَ۔ دَہ) آگ لگا ہوا، جلا ہوا۔

آتش زن (آ۔ تَش۔ زَن) آگ لگانے والا۔

آتش زنی (آ۔ تَش۔ زَ۔ نِی) آگ لگانا۔

آتش زیر پا (آ۔ تَش۔ زیر۔ پَا) بے قرار۔

آتشستان (آ۔ تَش۔ ستَان) آتش کدہ، میدان جنگ

آتشک (آ۔ تَشَک) ایک موذی بیماری، فرنگ۔

آتشکار (آ۔ تَش۔ کَار) بارودی، آتشباز۔

آتشکاری (آ۔ تَش۔ کَا۔ رِی) سلگنا، سینکنا۔

آتشکدہ (آ۔ تَش۔ کَ۔ دَہ) آتش خانہ۔

آتشگیر (آ۔ تَش۔ گیر) آگ پکڑنے والی چیز۔

آتش مزاج (آ۔ تَش۔ مِزَاج) غصیلا، غضبناک۔

آتش مزاجی (آ۔ تَش۔ مِزَا۔ جِی) غصیلاپن، غضبناکی۔

آتشی (آ۔ تَشِی) آتش سے منسوب، آگ کا۔

آتشیزہ (آ۔ تَشِی۔ زَہ) جگنو، پٹ بیجنا۔

آتشیں (آ۔ تَشِیں) آتشی۔

آتون، آتوں (آ۔ تُوں) دایہ، استانی۔

آتی (آ۔ تِی) آنے والا، پہونچنے والا۔

آتیہ (آ۔ تی۔ یَہ) آنے والی، پہونچنے والی۔

آثار (آ۔ ثَار) اثر کی جمع، دیواروں کی چوڑائی۔

آثارِ صنادید (آ۔ ثَار۔ صَنَا۔ دِید) سرداروں کے نشانات

آثارِ قدیمہ (آ۔ ثا۔ رِ قَ۔ دی۔ مہ) پرانی چیزیں، پرانے نشانات۔

آثم (آ۔ ثِم) گنہگار، پاپی۔

آثِل (آ۔ ثِل) اصل جیسی، نصیب گو۔

آچھالنا (آ۔ چھال۔ نا) ابھری پیدا کرنا۔

آچھوا (آ۔ چھوا) چھیدا ہوا، اکھڑا ہوا، ابھری پڑا ہوا۔

آچھری (آ۔ چھ۔ ری) پری، اپسرا، حور، دیو مالا۔

آچل (آ۔ چل) جھگڑا، قیامت، اٹکل، ٹوکا۔

آچیدن (آ۔ چی۔ دن) دیکھو آچدن۔

آچیدہ (آ۔ چی۔ دہ) دیکھو آچدہ۔

آچار (آ۔ چار) کسی پھل کا مصالحہ دار ترش مربہ۔

آچاریدن (آ۔ چا۔ ری۔ دن) ملنا، ملانا، مشتق آچارندہ۔

آخ (آ۔ خ) کلمۂ تحسین، واہ آفریں۔

آختن (آخ۔ تن) کھینچنا، سونتنا، مشتق آختہ، آختند۔

آختہ (آخ۔ تہ) خصی جانور، کھینچا ہوا۔

آخذ (آ۔ خذ) لینے والا، پکڑنے والا۔

آخذہ (آ۔ خ۔ ذہ) لینے والی، پکڑنے والی۔

آخر (آ۔ خر) دوسرا، نقیضِ اوّل، پچھلا، انجام، آخرش، [illegible] چارہ، طریقہ۔

آخرالامر (آ۔ خِ۔ رُل۔ اَم۔ ر) آخر، آخرش، آخرکار۔

آخربین (آ۔ خر۔ بیں) دوراندیش، آخر دیکھنے والا۔

آخربینی (آ۔ خر۔ بی۔ نی) دوراندیشی، انجام سوچنا۔

آخرت (آ۔ خِ۔ رت) عقبیٰ۔

آخرشیدن (آ۔ خ۔ رشی۔ دن) شور و غل کرنا۔

آخری (آ۔ خِ۔ ری) پچھلا، قطعی۔

آخریں (آ۔ خ۔ ریں) آخری، پچھلا، جو سب سے پیچھے

آخشیج، آخشیک (آخ۔ شیج) (آخ۔ شیک) ضد، عناصر
غالباً عنصر

آخور (آ۔ خور) چراگاہ، اصطبل۔

آخوند (آ۔ خوند) معلم، استاد۔

آداب (آ۔ داب) ادب کی جمع، پسندیدہ طریقہ، شائستگی، مراسم، سلام، کورنش۔

آدت (آ ۔ دَتْ) بیوپار، جمع آدات ۔
آدر (آ ۔ دُرْ) دیکھو آذر (آ ۔ ذَرْ) نشتر ۔
آدرخش (آ ۔ دَرَخْشْ) بجلی، کڑک، چمکارا ۔
آدم (آ ۔ دَمْ) انسان ۔
آدم خور (آ ۔ دَمْ ۔ خُوْرْ) جو آدمی کو کھا جائے ۔
آدم زاد (آ ۔ دَمْ ۔ زَادْ) انسان، نسلِ انسان ۔
آدمی (آ ۔ دَمِی، آدْ ۔ مِی) انسان ۔
آدمیت (آدْ ۔ مِی ۔ یَتْ) انسانیت ۔
آدینہ (آ ۔ دِیْ ۔ نَہْ) جمعہ ۔
آذان (آ ۔ ذَانْ) اذن کی جمع ۔
آذر (آ ۔ ذَرْ) فارسی کا نواں مہینہ، چنگاری
آذریون (آ ۔ ذَرْ ۔ یُوْنْ) سورج مکھی ۔
آذن (آ ۔ ذَنْ) لمبے کانوں والا، کنکوا ۔
آر (آ ۔ رْ) لاؤ، لے آؤ ۔
آرا (آ ۔ رَا) آراستہ کرنے والا (آ ۔ رَاءْ) رائے کی جمع ۔
آراب (آ ۔ رَابْ) ارب کی جمع ۔
آراستگی (آ ۔ رَاسْ ۔ تَگِی) سجاوٹ ۔
آراستن (آ ۔ رَاسْ ۔ تَنْ) سجانا، مضع آرایَد ۔
آراستہ (آ ۔ رَاسْ ۔ تَہْ) سجایا ہوا ۔
آرام (آ ۔ رَامْ) چین، سکھ، تخفیفِ مرض، ۲ ۔ ریم کی جمع
آرامِ جان (آ ۔ رَامْ ۔ جَانْ) جان کا آرام، محبوب
آرامش (آ ۔ رَا ۔ مِشْ) راحت، فراغت ۔
آرامگاہ (آ ۔ رَامْ ۔ گَاہْ) چین کی جگہ ۔
آرامندہ (آ ۔ رَا ۔ مَنْ ۔ دَہْ) آرام کرنے والا
آرامیدن (آ ۔ رَا ۔ مِیْ ۔ دَنْ) آرام کرنا، پانا، مضع آرامد ۔
آرامیدہ (آ ۔ رَا ۔ مِیْ ۔ دَہْ) آرام کیا ہوا ۔
آرائی (آ ۔ رَا ۔ ئِی) سجاوٹ ۔
آرائیدن (آ ۔ رَا ۔ ئِیْ ۔ دَنْ) سجانا، مضع آرایَد
آرائیدہ (آ ۔ رَا ۔ ئِیْ ۔ دَہْ) سجایا ہوا

آرائی (آ ۔ رَا ۔ ئِی) سجانے والا ۔
آرائش (آ ۔ رَا ۔ ئِشْ) سجاوٹ ۔
آرایندہ (آ ۔ رَا ۔ یِنْ ۔ دَہْ) سجانے والا ۔
آرد (آرْدْ) آٹا ۔
آردن (آرْ ۔ دَنْ) کفگیر، برچھا ۔
آرزم (آ ۔ رَزْمْ) لڑائی، جنگ
آرزو (آرْ ۔ زُوْ) امید، آس ۔
آرزوگاہ (آرْ ۔ زُوْ ۔ گَاہْ) حصولِ آرزو کی جگہ ۔
آرزومند (آرْ ۔ زُوْ ۔ مَنْدْ) امیدوار ۔
آرستن (آ ۔ رَسْ ۔ تَنْ) سکنا، طاقت رکھنا، مضع آرَدْ ۔
آرغیدن (آرْ ۔ غِیْ ۔ دَنْ) غصہ کرنا ۔
آرمان (آرْ ۔ مَانْ) دیکھو ارمان ۔
آرمانیدن (آرْ ۔ مَا ۔ نِیْ ۔ دَنْ) حسرت کرنا، افسوس کرنا
آرمیدن (آرْ ۔ مِیْ ۔ دَنْ) آرام پانا، مضع آرمد
آرن، آرنج (آ ۔ رَنْ، آ ۔ رَنْجْ) کہنی، مرفق ۔
آرندہ (آ ۔ رَنْ ۔ دَہْ) لانے والا ۔
آرنہ (آرْ ۔ نَہْ) نہیں تو، ورنہ ۔
آروغ (آ ۔ رُوْغْ) ڈکار ۔
آروغندہ (آ ۔ رُوْ ۔ غَنْ ۔ دَہْ) ڈکار لینے والا ۔
آروغیدن (آ ۔ رُوْ ۔ غِیْ ۔ دَنْ) ڈکار لینا، مضع آروغد
آروغیدہ (آ ۔ رُوْ ۔ غِیْ ۔ دَہْ) ڈکار لیا ہوا ۔
آروق (آ ۔ رُوْقْ) دیکھو آروغ ۔
آزمون (آزْ ۔ مُوْنْ) امتحان، آزمائش، تجربہ ۔
آرے (آ ۔ رے) ہاں، بلے، اچھا ۔
آز (آزْ) حرص، ہوس، لالچ ۔
آزاد، آزادہ (آ ۔ زَادْ، آ ۔ زَا ۔ دَہْ) حر، بے قید
آزادی (آ ۔ زَا ۔ دِی) حریت، بے قیدی ۔
آزار (آ ۔ زَارْ) دکھ، بیماری، روگ ۔
آزاردن (آ ۔ زَارْ ۔ دَنْ) دیکھو آزردن
آزاردہ (آ ۔ زَارْ ۔ دَہْ) ستایا ہوا ۔

آزارندہ (آ-زا-رَن-دَہ) ستانے والا، موذی

آزاری (آ-زا-رِی) بیماری، رنجگی۔

آزاریدن (آ-زا-رِی-دَن) ستانا، مضارع آزارد

آزدن (آ-زَ-دَن) سوئی چبھونا۔

آزردگی (آ-زُر-دَ-گی) ایذا، رنجیدگی، تکلیف

آزردن (آ-زُر-دَن) ستانا، مضارع آزارد

آزردہ (آ-زُر-دَہ) رنجیدہ، ملول، ستایا ہوا

آزرم (آ-زَرْم) شرم، حیا، صلح۔

آزما (آ-زْ-ما) آزمانے والا۔

آزمایش (آ-زْ-ما-یِش) جانچ، امتحان۔

آزمایندہ (آ-زْ-ما-یَن-دَہ) آزمانے والا۔

آزمند (آ-زْ-مَنْد) لالچی، لوبھی۔

آزمودن (آ-زْ-مُو-دَن) آزمانا، مضارع آزماید

آزمودنی (آ-زْ-مُو-دَنی) آزمانے کے لائق۔

آزمودہ (آ-زْ-مُو-دَہ) آزمایا ہوا۔

آزمودہ کار (آ-زْ-مُو-دَہ-کار) تجربہ کار۔

آزمودہ کاری (آ-زْ-مُو-دَہ-کا-رِی) تجربہ کاری

آزفہ، **آزوفہ** (آزُفہ) (آ-زُ-فَہ) چوگا، تھوڑی سی غذا۔

آزورد (آ-زْ-وَرْد) لالچی، لوبھی۔

آزیخ (آ-زِیخ) آنکھ کا چیپڑ۔

آژخ (آ-ژَخ) مسّہ۔

آژدن (آ-ژْ-دَن) دیکھو آزدن۔

آژمون (آ-ژْ-مُون) امتحان، آزمایش۔

آژندن (آ-ژَن-دَن) دیکھو آژندیدن

آژندیدن (آ-ژَن-دِی-دَن) اینٹ کی چنائی کرنا

آژنگ (آ-ژَنْگ) جھرّی، سلوٹ۔

آژیدن (آ-ژِی-دَن) سوئی، چھری چبھونا

آژیر (آ-ژِیر) [illegible] آواز، ہیا۔

آژیریدن (آ-ژِی-رِی-دَن) مہیا کرنا، آمادہ کرنا، خبردار کرنا، آواز کرنا۔

آژینہ (آ-ژِی-نَہ) چھینی۔

آس (آس) چکی، گھٹنہ، ماش کا بیج۔

آسا (آ-سا) مانند، مثل۔

آساس (آ-ساس) اُسس کی جمع۔

آسان (آ-سان) سہل۔

آسانی (آ-سا-نی) سہولت۔

آسائیدن (آ-سا-ئِی-دَن) آرام پانا، مضارع آساید

آسائیدنی (آ-سا-ئِی-دَنی) آرام پانے کے لائق

آسائیدہ (آ-سا-ئِی-دَہ) آرام پایا ہوا۔

آسایش (آ-سا-یِش) سکھ، چین

آسایندہ (آ-سا-یَن-دَہ) آرام پانے والا۔

آستان، **آستانہ** (آس-تان) (آس-تا-نَہ) چوکھٹ

آستر (آس-تَر) ضد ابرہ، پوشش کا اندرون

آستین، **آستیں** (آس-تِین) (آس-تِیں) ہاتھ کی پوشش

آسک (آ-سَک) ہاتھ کی چکی۔

آسمان (آس-مان) چرخ، گردوں، عرش۔

آسمانہ (آس-ما-نَہ) چھت، سقف۔

آسمانی (آس-ما-نی) سماوی، آسمان سے متعلق

آسودگی (آ-سُو-دَ-گی) خوشحالی، سیری۔

آسودن (آ-سُو-دَن) آرام پانا، مضارع آساید

آسودہ (آ-سُو-دَہ) آرام پایا ہوا، خوشحال، سیر۔

آسی (آ-سی) غمگین، طبیب، راہ نشین۔

آسیا (آ-سِیا) چکی۔

آسیاب (آ-سِیاب) پن چکی۔

آسیا زنہ (آ-سِیا-زَ-نَہ) چکی کھودنے کا آلہ۔

آسیانہ (آ-سِیا-نَہ) دھار تیز کرنے کا پتھر

آسیب (آ-سِیب) خلل، خطرہ، تکلیف۔

آسیب باد (آ-سِیب-باد) باد، جھوکا۔

آسیمہ (آ-سِی-مَہ) پریشان، متحیّر، مدہوش۔

آش (آش) شوربا، رقیق غذا، ابا۔

آشام، **آشامندہ** (آ-شام)

آ۔شا۔مَن۔دَہ) پینے والا۔

آشامیدن (آ۔شا۔مِی۔دَن) پینا مضع آشامد

آشامیدہ (آ۔شا۔مِی۔دَہ) پیے ہوئے، پیا ہوا۔

آشپز (آش۔پَز) باورچی۔

آشپزخانہ (آش۔پَز۔خا۔نَہ) باورچی خانہ۔

آشتا (آش۔تا) جلدی، شتاب۔

آشتی (آش۔تی) دوستی، صلح۔

آشفتگی (آ۔شُف۔تَگی) بوکھلاہٹ، بدحواسی۔

آشفتن (آ۔شُف۔تَن) برہم ہونا، فریفتہ ہونا مضع آشوبد۔

آشفتہ (آ۔شُف۔تَہ) پریشان، سراسیمہ، پراگندہ، بیخود

آشفتہ بیان (آ۔شُف۔تَہ۔بَیان) یاوہ گو۔

آشفتہ بیانی (آ۔شُف۔تَہ۔بَیا۔نی) یاوہ گوئی، بکواس

آشفتہ حال (آ۔شُف۔تَہ۔حال) پریشان حال۔

آشفتہ سر (آ۔شُف۔تَہ۔سَر) سر پھرا ہوا

آشفتہ مو (آ۔شُف۔تَہ۔مو) بال بکھرا ہوا۔

آشفتہ نوا (آ۔شُف۔تَہ۔نَوا) پریشان نالہ، [illegible]

آشکار، آشکارا (آش۔کار، آش۔کا۔را) ظاہر۔

آشلیق (آش۔لِیق) غلہ، اناج۔

آشمالی (آش۔ما۔لی) خوشامد، چاپلوسی۔

آشنا (آش۔نا) واقف کار، یار۔

آشناب (آش۔ناب) تیراکی، شناوری۔

آشنائی (آش۔نا۔ئی) جان پہچان، واقف کاری

آشوب (آ۔شوب) ہلچل، گھبراہٹ، فتنہ۔

آشوب آگہی (آ۔شوب۔آ۔گَہی) انکار دعوی۔

آشوب چشم (آ۔شوب۔چَشم) آنکھیں دکھنا۔

آشوب زمانہ (آ۔شوب۔زَ۔ما۔نَہ) زمانے کی ہلچل، زمانے کا فتنہ۔

آشوبندہ (آ۔شو۔بَن۔دَہ) فریفتہ ہونے والا، پریشان ہونے والا۔

آشوبیدن (آ۔شو۔بِی۔دَن) فریفتہ ہونا، پریشان ہونا مضع آشوبد۔

آشوبیدہ (آ۔شو۔بِی۔دَہ) پریشان، فریفتہ

آشوردن، آشوریدن (آ۔شُر۔دَن، آ۔شو۔رِی۔دَن) ملانا، خمیر کرنا، گوندھنا۔

آشوفتن (آ۔شوف۔تَن) دیکھو آشفتن۔

آشیان، آشیانہ (آ۔شِ۔یان، آ۔شِ۔یا۔نَہ) گھونسلا۔

آشیمہ (آ۔شِی۔مَہ) دیکھو شیمہ۔

آصال (آ۔صال) اصیل کی جمع۔

آصفیہ (آ۔صَ۔فِی۔یَہ) منسوب بہ آصف (اعلحضرت آصف جاہ ششم نظام حیدرآباد دکن)

آغا (آ۔غا) بھائی، صاحب۔

آغاریدن (آ۔غا۔رِی۔دَن) دیکھو آغاردن

آغاز (آ۔غاز) شروع، ابتدا۔

آغازندہ (آ۔غا۔زَن۔دَہ) شروع کرنے والا۔

آغازیدن (آ۔غا۔زِی۔دَن) شروع کرنا مضع آغازد۔

آغازیدہ (آ۔غا۔زِی۔دَہ) شروع کیا ہوا۔

آغاشتن (آ۔غاش۔تَن) اکٹھا کرنا، حاصل کرنا

آغال (آ۔غال) جنگل میں چوپایوں کے رہنے کی جگہ

آغالیدن (آ۔غا۔لِی۔دَن) بھڑکانا، لڑائی جھگڑا کرانا، شور وغل مچانا۔

آغشتن (آ۔غَش۔تَن) آلودہ ہونا، لتھڑنا۔

آغشتہ (آ۔غَش۔تَہ) آلودہ، لتھڑا ہوا۔

آغل (آ۔غَل) حظیرہ، باڑہ

آغندن (آ۔غَن۔دَن) دیکھو آگندن۔

آغوز (آ۔غوز) پیوسی۔

آغوش (آ۔غوش) گود، بغل، کنار۔

آغوشیدن (آ۔غو۔شِی۔دَن) بغل میں لینا۔

آف (آف) سورج، خورشید۔

آفاق (آ۔فاق) دنیا۔ ۲۔ افق کی جمع

آفاقی (آ-فا-قی) حرم سے باہر کا باشندہ، دنیا والا

آفت (آ-فت) مصیبت جمع **آفات**

آفتاب (آف-تاب) سورج۔

آفتاب پرست (آف-تا-ب-پرس-ت) آفتاب کا پجاری، سورج مکھی، گرگٹ۔

آفتاب گیر (آف-تا-ب-گیر) چھجہ، سائبان، چھتری۔

آفتابہ (آف-تا-بہ) پانی کا لوٹا۔

آفتابی (آف-تا-بی) دھوپ دی ہوئی چیز، سورج مکھی، کڑھائی، انگوٹھی۔

آفریدگار (آف-ری-د-گار) پیدا کرنے والا، خدا

آفریدن (آف-ری-دن) پیدا کرنا مضارع **آفریند**

آفریدہ (آف-ری-دہ) پیدا کیا ہوا، مخلوق جمع **آفریدگان**

آفریں (آف-ریں) تحسین، شاباش، پیدا کرنے والا

آفرینش (آف-ری-نش) پیدائش، جنم

آفرینندہ (آف-ری-نن-دہ) پیدا کرنے والا، خدا

آفندن (آ-فن-دن) دیکھو آفندیدن۔

آفندی (آ-فن-دی) ترکی زبان میں صاحب کا مرادف

آفندیدن (آ-فن-دی-دن) شیخی اور بڑائی جتانا۔

آفیدن (آ-فی-دن) تعجب کرنا۔

آقا (آ-قا) مالک، آقا۔

آکا (آ-کا) بڑا بھائی۔

آکال (آ-کال) اکل کی جمع۔

آکل (آ-کل) کھانے والا، بادشاہ، کھانا کھایا ہوا، ردی۔

آکو (آ-کو) اتو۔

آکوفت (آ-کوف-ت) دیکھو کوفت۔

آگاہ (آ-گاہ) خبردار، مطلع، واقف۔

آگاہی (آ-گا-ہی) خبرداری۔

آگاہیدن (آ-گا-ہی-دن) خبردار ہونا، مضارع آگاہد۔

آگندن (آ-گن-دن) بھرنا مضارع **آگند**۔

آگندہ (آ-گن-دہ) بھرا ہوا۔

آگوش (آ-گوش) دیکھو آغوش۔

آگوشیدن (آ-گو-شی-دن) دیکھو آغوشیدن۔

آگہی (آ-گ-ہی) دیکھو آگاہی۔

آگیدن (آ-گی-دن) پاٹنا، ڈھیر کرنا۔

آگیرہ (آ-گی-رہ) آگ لے اٹھنے والی چیز۔

آگین (آ-گین) بھرا ہوا، پُر، لبالب۔

آل (آل) کنبہ، اولاد، اہل خانہ جمع **آوال**

آلا (آ-لا) الی کی جمع، الو کی جمع۔

آلاف (آ-لاف) الف کی جمع۔

آلام (آ-لام) الم کی جمع۔

آلائیدن (آ-لا-ئی-دن) لتھڑنا، لتھیڑنا مضارع آلاید۔

آلائیدہ (آ-لا-ئی-دہ) لتھڑا ہوا، لتھیڑا ہوا۔

آلائش (آ-لا-ئش) آلودگی۔

آلائندہ (آ-لا-ئن-دہ) لتھڑنے والا، لتھیڑنے والا

آلت (آ-لت) اوزار، ہتھیار جمع آل، **آلات**

آل تمغا (آل-تم-غا) زبان شاہی، مہر و شاہی سند، ایک محصول۔

آلف (آ-لف) محبت کرنے والا۔

آلفتہ (آ-لف-تہ) رند، شرابی، بے باک۔

آلو (آ-لو) آلو بخارا، انجیری، آڑو۔

آلود (آ-لود) لتھڑا ہوا، آلودہ ہونے والا

آلودگی (آ-لو-د-گی) ناپاکی، آلائش۔

آلودن (آ-لو-دن) لتھڑنا، لتھیڑنا، آلودہ ہونا مضارع آلاید

آلودہ (آ-لو-دہ) لتھڑا ہوا، ملوث۔

آلوس (آ-لوس) ناز، غصہ یا کنکھیوں سے دیکھنا

آلہ (آ-لہ) دیکھو آلت جمع آلات

آلۂ حرارت (آ۔ لِ ہ۔ حَ۔ را۔ رَت) گرمی دیکھنے کا آلہ۔

آلۂ کار (آ۔ لِ ہ۔ کار) کام کا آلہ۔

آماج (آ۔ ماج) نشانہ، کل

آماجگاہ (آ۔ ماج۔ گاہ) نشانہ کی جگہ۔

آمادگی (آ۔ ما۔ دَ۔ گی) رضامندی، مستعدی

آمادن (آ۔ ما۔ دَن) ہونا، مستعد کرنا
مضارع آماید۔

آمادہ (آ۔ ما۔ دَہ) رضامند، مستعد۔

آمارہ (آ۔ ما۔ رَہ) دیکھو آیارہ۔

آماس (آ۔ ماس) سوجن، ورم۔

آماسندہ (آ۔ ماس۔ دَہ) سوجنے والا، متورم۔

آماسیدن (آ۔ ما۔ سی۔ دَن) سوجنا مضارع آماسد

آماسیدنی (آ۔ ما۔ سی۔ دَ۔ نی) سوجنے کے لایق۔

آماسیدہ (آ۔ ما۔ سی۔ دَہ) سوجا ہوا۔

آمال (آ۔ مال) امل کی جمع۔

آمان (آ۔ مان) امن کی جمع۔

آماہ (آ۔ ماہ) دیکھو آماس۔

آماییدن (آ۔ ما۔ یی۔ دَن) بھرا ہونا مضارع آماید۔

آمد (آ۔ مَد) آنا، خود بخیال آنا، آمدنی ہونا۔

آمد آمد (آ۔ مَد۔ آ۔ مَد) آنے کا شہرا۔

آمدن (آ۔ مَدَن) آنا مضارع آید۔

آمدنی (آ۔ مَد۔ نی) پیداوار، آمد۔

آمد و رفت، **آمد و شد** (آ۔ مَد۔ وَ۔ رَفت،
آ۔ مَد۔ وَ۔ شُد) آنا جانا۔

آمدہ (آ۔ مَ۔ دَہ) آیا ہوا۔

آمر (آ۔ مِر) حکم کرنے والا، صاحب حکم، دیکھو آمرزیدن۔

آمرزش (آ۔ مُر۔ زِش) بخشش

آمرزگار (آ۔ مُرز۔ گار) بخشنے والا۔

آمرزگاری (آ۔ مُرز۔ گا۔ ری) بخشش۔

آمرزندہ (آ۔ مُر۔ زَن۔ دَہ) بخشنے والا۔

آمرزیدن (آ۔ مُر۔ زی۔ دَن) بخشنا مضارع آمرزد

آمرزیدہ (آ۔ مُر۔ زی۔ دَہ) بخشا ہوا۔

آمس (آ۔ مِس) وقت نزدیک۔

آمل (آ۔ مِل) امیدوار، جمع آمال۔

آملہ (آ۔ مِلَہ) ایک پھل۔

آمن (آ۔ مِن) امن پانے والا، بے خوف۔

آموختن (آ۔ موخ۔ تَن) سیکھنا، سکھانا
مضارع آموزد۔

آموختنی (آ۔ موخ۔ تَ۔ نی) سیکھنے سکھانے کے لایق۔

آموختہ (آ۔ موخ۔ تَہ) سکھایا، سکھلایا ہوا، پڑھا ہوا سبق

آمودن (آ۔ مو۔ دَن) بھرنا، سنوارنا مضارع آماید۔

آمودنی (آ۔ مو۔ دَ۔ نی) بھرنے کے لایق

آمودہ (آ۔ مو۔ دَہ) بھرا ہوا، پر۔

آموز (آ۔ موز) سکھانے والا، سیکھنے والا۔

آموزش (آ۔ مو۔ زِش) سکھاوٹ، سکھائی۔

آموزگار (آ۔ موز۔ گار) سکھانے والا، سیکھنے والا

آموزندہ (آ۔ مو۔ زَن۔ دَہ) سکھانے والا، سیکھنے والا

آموزیدن (آ۔ مو۔ زی۔ دَن) دیکھو آموختن۔

آمہ (آ۔ مَہ) ذوات۔

آمیختن (آ۔ میخ۔ تَن) ملنا، ملانا مضارع آمیزد۔

آمیختنی (آ۔ میخ۔ تَ۔ نی) ملنے کے لایق، ملانے
کے لایق۔

آمیختہ (آ۔ میخ۔ تَہ) ملایا ہوا، مخلوط۔

آمیز (آ۔ میز) ملنے والا، ملانے والا۔

آمیزش (آ۔ می۔ زِش) ملاوٹ، ملونی۔

آمیزندہ (آ۔ می۔ زَن۔ دَہ) ملنے والا، ملانے والا

آمیزیدن (آ۔ می۔ زی۔ دَن) دیکھو آمیختن

آمیزیدہ (آ۔ می۔ زی۔ دَہ) ملایا ہوا۔

آمیغ (آ۔ میغ) دیکھو آمیز

آمین (آ۔ مِین) خدا یونہی کرے۔

آن (آن) وقت، لمحہ، جمع آنات

آن (آن) شان، چھب، مال، ملکیت

(آں) وہ شخص یا شے **آناں** حرف اشارہ بعید وہ

آثار (آ۔ ثار) دیکھو اثار

آناً فاناً (آ۔ نن۔ فا۔ نن) ایکا ایکی، یکلخت۔

آثام (آ۔ ثام) دیکھو اثام۔

آنچہ (آں۔ چہ) جو کچھ۔

آنرا (آں۔ را) اُس کے تئیں، اُس کو۔

آنس (آ۔ نِس) محبت کرنے والا (آ۔ نس) عادی۔

آنسہ (آ۔ نِسہ) محبت کرنے والی، کنواری لڑکی۔

آنستہ (آ۔ نِس۔ تہ) موقع لمس مسعد۔

آنف (آ۔ نِف) اول وقت، آہستہ، سابق۔

آنک (آ۔ نُک) چھالا، دور کی چیز کیلئے اشارہ، رنگ، سیسہ۔

آنکس، **آنکڑ** (آں۔ کُس، آں۔ کُر) ہاتھی بان کا ہانکنے کا آلہ۔

آنہا (آں۔ ہا) وہ لوگ۔

آنیہ (آ۔ نیہ) اناء کی جمع۔

آو (آو) دیکھو آب۔

آوا (آ۔ وا) آواز۔

آوارگی (آ۔ وا۔ رگی) اوباشی، خاک چھاننا۔

آوارہ (آ۔ وا۔ رہ) بے ٹھکانے، اوباش، چندا۔

آوارہ گردی (آ۔ وا۔ رہ۔ گر۔ دی) خاک چھانتا پھرنا

آواز (آ۔ واز) بانگ، صوت، بول۔

آوازہ (آ۔ وا۔ زہ) شہرہ، ناموری۔

آوک (آ۔ وک) ٹوٹی چیز۔

آوال (آ۔ وال) آل کی جمع۔

آوان (آ۔ وان) آن کی جمع۔

آوای (آ۔ وای) دیکھو آواز۔

آورد (آ۔ ورد) یقین، تحقیق، درست، لکھا دار، صاحب، ذکی، لانے والا

آورد (آ۔ وُرد) لایا ہوا، بنا کیا ہوا خیال۔

آوردن (آ۔ وُر۔ دن) لانا، مع آورد

آوردنی (آ۔ وُر۔ دنی) لانے کے قابل۔

آوردہ (آ۔ وُر۔ دہ) لایا ہوا، متوسل

آوریدن (آ۔ وَ۔ ری۔ دن) جھگڑا کرنا، مع آورد

آورندہ (آ۔ ور۔ ندہ) لانے والا، حملہ آور

آوند، **آونگ** (آ۔ وَن، آ۔ ونگ) برتن، کر، انگنی۔

آویج (آ۔ ویج) دیکھو آویز۔

آویختن (آ۔ ویخ۔ تن) چپٹنا، لٹکنا، لٹکانا، مضارع آویزد۔

آویختنی (آ۔ ویخ۔ تنی) لٹکانے کے قابل۔

آویختہ (آ۔ ویخ۔ تہ) چپٹا ہوا، لٹکا ہوا، ٹنگا ہوا۔

آویزا (آ۔ وی۔ زا) پیٹنے والا، لٹکانے والا، لٹکنے والا۔

آویزش (آ۔ وے۔ زش) چپقلش، لاگ، ڈانٹ۔

آویزندہ (آ۔ وے۔ زن۔ دہ) سودا لینے والا، لٹکنے والا، لٹکانے والا

آویزہ (آ۔ وے۔ زہ) بندا، مچھلی، لٹکن کالب

آہ (آہ) کلمہ افسوس و درد کا ہے۔

آہا (آ۔ ہا) کلمہ ظاہر خوشنودی۔

آہار (آ۔ ہار) مانڈی، لئی، کلف۔

آہختن (آ۔ ہیخ۔ تن) دیکھو آہیختن۔

آہستگی (آ۔ ہس۔ تگی) دھیما پن۔

آہستہ (آ۔ ہس۔ تہ) دھیما، ٹھنڈا۔

آہک (آ۔ ہک) چونا۔

آہل (آ۔ ہل) جہاں کسی کے بیوی بچے ہوں۔

آہن (آ۔ ہن) لوہا۔

آہنج (آ۔ ہنج) دیکھو آہنگ۔

آہنجیدن (آ۔ ہن۔ جی۔ دن) کھینچنا، قصد کرنا۔

آہن ربا (آ۔ ہن۔ ربا) چقماق پتھر، مقناطیس۔

آہنگ (آ۔ ہنگ) قصد، وقت، آواز، راگ۔

آہنگر (آ۔ ہن۔ گر) لوہار۔

آہنگیدن (آ۔ ہن۔ گی۔ دن) دیکھو آہنجیدن۔

آہنی، **آہنیں** (آ۔ ہنی، آ۔ ہنیں) لوہے کی چیز۔

آہو (ف۔ آ۔ہُو) ہرن، عیب

آہو بَرہ (ف۔ آ۔ہُو۔بَ۔رَہ) ہرن کا بچہ۔

آہو گیری (ف۔ آ۔ہُو۔گی۔ری) شکار کی وحشت۔

آہون (ف۔ آ۔ہُون) سرنگ، سوراخ۔

آہیختن (ف۔ آ۔ہیخ۔تَن) کھینچنا۔ آہیزد کا مصدر

آہیختنی (ف۔ آ۔ہیخ۔تَ۔نی) کھینچنے کے لائق۔

آہیختہ (ف۔ آ۔ہیخ۔تہ) کھنچا ہوا، اٹھا ہوا۔

آہیزیدن (ف۔ آ۔ہی۔زی۔دن) دیکھو آہیختن۔

آسپار (آ۔ اِسپار) امر، جمع آداب، نایاب، آقوب

آئین (ف۔ آ۔ئین) قانون، قاعدہ، دستور، طریقہ، چلن

آئینہ (ف۔ آ۔ئی۔نہ) منہ دیکھنے کا شیشہ۔

آئینہ بندی (ف۔ آ۔ئی۔نہ۔بن۔دی) [illegible] کی سجاوٹ

آئینہ دار (ف۔ آ۔ئی۔نہ۔دار) نائی، آئینہ رکھنے والا

آئینہ داری (ف۔ آ۔ئی۔نہ۔دا۔ری) آئینہ رکھنا۔

آیا (ف۔ آ۔یا) حرفِ استفہام، حرفِ ندا۔

آیان (ف۔ آ۔یان) آنے والا

آیاتی (ع۔ آ۔یا۔تی) [illegible]

آیت (ع۔ آ۔یت) قرآنی یا آسمانی کتاب کا جملہ۔
جمع آیات۔

آیندہ (ف۔ آ۔یَن۔دہ) آنے والا۔

آیہ (ع۔ آ۔یہ) دیکھو آیت جمع آیات

اب (ع۔ اَب) باپ جمع آبا

اِبا (ع۔ اِ۔با) [illegible]
علامت [illegible] انکار کرنا۔

ابابیل (ع۔ اَ۔با۔بیل) ابول، ابیل کی جمع، نام پرندہ۔

اباحت (ع۔ اِ۔با۔حَت) اجازت دینا، مباح کرنا۔

اباریق (ع۔ اَ۔با۔ریق) ابریق کی جمع۔

اباطل (ع۔ اَ۔با۔طِل) الباطل کی جمع۔

اباطیل (ع۔ اَ۔با۔طیل) باطل کی جمع۔

اباً عن جد (ع۔ اَ۔بن۔عن۔جد) باپ دادا سے

اباق (ع۔ اِ۔باق) بھگوڑا

ابتدا (ع۔ اِب۔تِ۔دا) آغاز، شروع

ابتدائی (ع۔ اِب۔تِ۔دا۔ئی) شروع کا، پہلے

ابتذال (ع۔ اِب۔تِ۔ذال) بے قدری، ذلیل ہونا، استعمال میں آنا

ابتر (ع۔ اَب۔تَر) بدحال، بے ترتیب، دم کٹا ہوا۔

ابتری (ع۔ اَب۔تَ۔ری) خرابی، بدحالی۔

ابتسام (ع۔ اِب۔تِ۔سام) مسکراہٹ، ہنسنا۔

ابتعاد (ع۔ اِب۔تِ۔عاد) دور ہونا۔

ابتغا (ع۔ اِب۔تِ۔غا) چاہت کرنا، خواہش کرنا۔

ابتکار (ع۔ اِب۔تِ۔کار) نیا کرنا۔

ابتلا (ع۔ اِب۔تِ۔لا) آزمائش، [illegible]

ابتلاع (ع۔ اِب۔تِ۔لاع) ہضم کرنا، نگلنا۔

ابتلال (ع۔ اِب۔تِ۔لال) بھیگنا، تر ہونا۔

ابتہاج (ع۔ اِب۔تِ۔ہاج) خوشی، مسرور ہونا۔

ابتہال (ع۔ اِب۔تِ۔ہال) زاری، رونا۔

ابجد (ع۔ اَب۔جَد) الف بے کی طرح حروف تہجی۔

ابحار، ابحُر (ع۔ اَب۔حار، ع۔ اَب۔حُر) بحر کی جمع۔

ابخر (ع۔ اَب۔خَر) گندہ دہن۔

ابخرہ (ع۔ اَب۔خِ۔رہ) بخار، بخور کی جمع۔

ابخل (ع۔ اَب۔خَل) بہت کنجوس۔

ابد (ع۔ اَبَد) ہمیشگی، جمع آباد۔

ابدا (ع۔ اِب۔دا) ظاہر کرنا، پیدا کرنا۔

ابداً (ع۔ اَب۔دَن) ہرگز، ہمیشہ، اصلاً، کبھی

ابدار (ع۔ اَب۔دار) بدر کی جمع۔

ابداع (ع۔ اِب۔داع) ایجاد، نئی چیز پیدا کرنا

ابدال (ع۔ اِب۔دال) بدلنا، تبادلہ کرنا، [illegible]
اولیا کا لقب۔ بدل، بدیل کی جمع۔

ابدان (ع۔ اَب۔دان) بدن کی جمع۔

ابدی (ع۔ اَبَ۔دی) ہمیشگی، [illegible]

ابذا (ع۔ اِب۔ذا) [illegible] کہنا۔

ابذار (ع۔ اَب۔ذار) بذر کی جمع۔

ابر (اَب) بادل، گھٹا (اَبَر) بڑھ کر۔
ابراء (اِب) - بَرَءَ، بیزاری، بیماری سے اچھا ہونا۔
ابرار (اَب) - بَرَرَ، بار، نیک کی جمع۔
ابراز (اِب) - بَرَزَ، ظاہر و فاش کرنا۔
ابراق (اِب) - بَرَقَ، چمکنا، بجلی گرنا۔
ابرام (اِب) - بَرَمَ، بدمزگی، ضرورت، التماس، کبیدگی، استواری۔
ابر بہاراں (اَب ر بہا راں) موسم برسات کی گھٹا۔
ابرد (اَب) - بَرَدَ، بہت ٹھنڈا۔
ابرش (اَب) - بَرَشَ، ابلق۔
ابرص (اَب) - بَرَصَ، سفید کوڑھ کا بیمار۔
ابرق، ابرک (اَب) - بَرَقَ (اَب) - برق، [illegible]
مانند آئینہ کے ہوتی ہے۔
ابرل (اَب) - برل، [illegible]۔
ابرو (اَب) - برو، بھوں۔
ابرہ (اَب) - [illegible]
[illegible]
ابری (اَب) - [illegible] (اَب) - [illegible]
منسوب بطرف ابر۔
ابریشم (اَب) - [illegible]
ابریسم، ابریشم [illegible]
[illegible]
ابریق (اِب) - بَرَقَ، کوزہ و لوٹا، جمع اباریق۔
ابشار (اَب) - بشر، بشری کی جمع۔
ابصار (اِب) - بصر، دیکھنا (اَب) - بصر، بصر کی جمع۔
ابط (اِب) بغل، جمع آباط۔
ابطاء (اِب) - بطؤ، دیر کرنا۔
ابطال (اِب) - بطل، باطل کرنا، نیست کرنا (اَب) - بطل، بطل کی جمع۔
ابطل (اَب) - بطل، بہت ناحق، بیہودہ، جھوٹا۔
ابعاد (اَب) - بعد، [illegible] بعد کی جمع۔
[illegible]

ابعار (اَب) - بعر، بعرہ کی جمع۔
اباعر، اباعیر (اَ) - بعر، اباعیر، بعیر کی جمع۔
ابعد (اَب) - بعد، بہت دور، فاصلہ - جمع اباعد۔
ابعرہ (اَب) - بعر، بعیر کی جمع۔
ابقا (اِب) - بقاء، باقی رکھنا، مروت کرنا۔
ابقاق (اِب) - بقق، بہت کہنا، بہت بکنا۔
ابقر (اَب) - بقر، شوربہ۔
ابکا (اِب) - بکی، رلانا۔
ابکار (اَب) - بکر، بکر کی جمع (اِب) - بکر، صبح۔
ابکم (اَب) - بکم، گونگا بکم۔
ابلغ (اَب) - بلغ، پہنچانے والا۔
ابل (اِب) بہت سے اونٹ جمع آبال۔
ابلا (اِب) - بلاء، آزمائش، مصیبت میں ڈالنا۔
ابلاس (اِب) - بلس، ناامیدی، غمگین ہونا۔
ابلاغ (اِب) - بلغ، پہنچانا۔
ابلغ (اَب) - بلغ، بہت ہی اچھا۔
ابلج (اَب) - بلج، روشن، ظاہر۔
ابلق (اَب) - بلق، چتلا، کبرا۔
ابلوج (اَ) - بلج، شکر سفید۔
ابلہ (اَب) - بلہ، بیوقوف، نادان، بیوقوف جمع بُلہ۔
ابلہی (اَب) - بلہ، حماقت، نادانی۔
ابلیس (اِب) - بلس، شیطان کا نام، ناامید۔
ابن (اِب) - بنی، بیٹا، جمع ابناء، بنون، مونث بنت۔
ابناء (اَب) - بنی، بیٹے (اِب) ابن کی جمع۔
ابن الاخ (اِب) - بنی، اخ، بھتیجا۔
ابن الاخت (اِب) - بنی، اخت، بھانجا۔
ابن السبیل (اِب) - بنی، سبل، مسافر، راہگیر۔
ابن الحرب (اِب) - [illegible]
ابن العنب (اِب) - بنی، عنب، انگوری شراب۔
ابن الوقت (اِب) - بنی، وقت، زمانہ ساز۔
ابنائے جنس (اَب) - بنی، ہم جنس، ہم قوم۔

ابنائے زمانہ (اَبْ ۔ نا ۔ ءے ۔ زَ ۔ نا ۔ نَہ) زمانہ والے

ابنائے وطن (اَبْ ۔ نا ۔ ءے ۔ وَطَنْ) ہم وطن ، وطن والے

ابنہ (اَبْ ۔ نَہ) **ابنچی** (اَبْ ۔ نَہ) لکڑی کا کیڑا

ابنیات ، ابنیہ (اَبْ ۔ نِیاتْ ، اَبْ ۔ نِیَہ) بِنا کی جمع ۔

ابو (اَ ۔ بُو) باپ ، صاحب ، علامت کنیت ۔

ابواب (اَبْ ۔ وابْ) باب کی جمع ، [illegible] ۔

ابواز (اَبْ ۔ وازْ) باز کی جمع ۔

ابوال (اَبْ ۔ والْ) بول کی جمع

ابوالشفا (اَبُشْ ۔ شِفا) شفا ، شخاص ، شکر ۔

ابوالمنہا (اَبُلْ ۔ مُنْ ۔ تَہا) شراب ۔

ابوبہ (اَبْ ۔ وِبَہ) باب کی جمع ۔

ابوت (اُبُوّتْ) باپ ہونا ۔

ابول (اَ ۔ بُولْ) گروہ جمع اَبابِیل

ابوی (اَبَوِی) باپ سے منسوب

ابہام (اِبْ ۔ ہامْ) انگوٹھا جمع اَباہِم ، اباہیم صاف بیان نہ کرنا ۔

ابہت (اُبْ ۔ ہَتْ) بزرگی ، رونق ، شکوہ ۔

ابہی (اَبْ ۔ ہٰی) بہت زیبا ، سیاہ لب ۔

ابی (اَ ۔ بِی) منکر ، سرکش ، میرے باپ

ابیے (اَ ۔ بِیے) دیکھو بیے ۔

ابیات (اَبْ ۔ یاتْ) بیت کی جمع ۔

ابیس (اَ ۔ بِیسْ) بہت خشک ۔

ابیض (اَبْ ۔ یَضْ) سفید ، چاندی ، تلوار جمع بیض

ابیضان (اَبْ ۔ یَضانْ) دو سفید چیزیں ، دودھ اور پانی

ابیل (اَ ۔ بِیلْ) گروہ جمع اَبابِیل

ابیون (اَبْ ۔ یُونْ) دیکھو افیون

اَت (اَتْ) دلیل سے بھاری پڑنا ۔

اتا (اَتْ ۔ تا) باپ

اتابک (اَ ۔ تا ۔ بَکْ) بزرگ باپ ، اتالیق ، خطاب ۔

اتازونی (اَ ۔ تا ۔ زُو ۔ نِی) ممالک متحدہ امریکہ ۔

اتاق (اُ ۔ تاقْ) خیمہ ، ڈیرہ ، مکان ، گھر ۔

اتاقہ (اُ ۔ تا ۔ قَہْ) کلغی ، طرہ

اتالیق (اَ ۔ تا ۔ لِیقْ) استاد ، ادب سکھانے والا ۔

اتالیقی (اَ ۔ تا ۔ لِی ۔ قِی) ادب آموزی کا فن

اتان (اَ ۔ تانْ) گدھیا ، گدھی جمع اُتُنْ ، اُتْن ، آتُن

اتب (اِ ۔ تَبْ) کُرتی ۔

اتباع (اِتْ ۔ تِباعْ) پیروی ، تابع ہونا ، اَتْباع تبع کی جمع ۔

اتثال (اِتْ ۔ ثالْ) دشمنی رکھنا ، نمالی کرنا ۔

اتحاد (اِتْ ۔ تِحادْ) یگانگت ، ملاپ ، دوستی ۔

اتحاف (اِتْ ۔ حافْ) سوغات ، تحفہ دینا ۔

اتخاذ (اِتْ ۔ تِخاذْ) پکڑنا ، لینا ، اختیار کرنا ۔

اتراب (اِتْ ۔ رابْ) مٹی میں ملانا (اَتْ ۔ رابْ) تِرب کی جمع

اتراس (اَتْ ۔ راسْ) تُرس کی جمع ۔

اتراک (اَتْ ۔ راکْ) ترک کی جمع ۔

اتران (اِتْ ۔ رانْ) سنجیدہ ہونا ۔

اتریک (اِتْ ۔ رِیکْ) الیکٹریسٹی ، بجلی ۔

اتساق (اِتْ ۔ تِساقْ) ترتیب دینا ، فراہم ہونا ، درست ہونا

اتسام (اِتْ ۔ تِسامْ) نقش ، نشان کرنا ۔

اتصاف (اِتْ ۔ تِصافْ) صفت رکھنا ، تعریف کیا جانا

اتصال (اِتْ ۔ تِصالْ) میل ، لگاتار ملنا ۔

اتضاح (اِتْ ۔ تِضاحْ) روشن ہونا ۔

اتعاب (اِتْ ۔ عابْ) دکھ میں ڈالنا ، ماندہ کرنا ، رنج میں ڈالنا (اَتْ ۔ عابْ) تعب کی جمع ۔

اتعاد (اِتْ ۔ تِعادْ) وعدہ کرنا

اتفاق (اِتْ ۔ تِفاقْ) ایک بات ، یکجہتی ج **اتفاقات** ، ساتھی ہونا ۔

اتفاقاً (اِتْ ۔ تِفا ۔ قَنْ) ایکایک ، ناگاہ ۔

اتفاقی ، اتفاقیہ (اِتْ ۔ تِفا ۔ قِی ، اِتْ ۔ تِفا ۔ قِی ۔ یَہ) منسوب بہ اتفاق ۔

اتقا (اِت۔ تِقا) پرہیزگاری، گناہ سے بچنا
اتقان (اِت۔ تِقان) مضبوط کرنا۔
اتقیا (اَت۔ قِیا) تقی کی جمع۔
اتکا (اِت۔ تِکا) تکیہ، بھروسہ کرنا۔
اتکار (اِت۔ تِکار) گھونسلا بنانا۔
اتکال (اِت۔ تِکال) تکیہ، بھروسہ کرنا۔
اتگہ (اَت۔ گَہ) اتا یا دائی کا شوہر۔
اتلاد (اِت۔ لاد) پرانے مال کا مالک ہونا۔
اتلاف (اِت۔ لاف) بربادی، ضائع ہونا۔
اتلال (اَت۔ لال) تل کی جمع۔
اتم (اَ تَم) کامل، پورا، تمام تر۔
اتمام (اِت۔ مام) تمام کرنا۔
اتمک (اَت۔ مَک) نان، خمیری روٹی۔
اتون (اَتُّون) (اَت۔ تون) انگیٹھی، تنور، بھٹی۔
اتہاب (اِت۔ ہاب) بخشش طلب کرنا، ہبہ کرنا۔
اتہام (اِت۔ ہام) بہتان، تہمت تراشنا۔
اتیان (اِت۔ یان) رسیدگی، اقدام، حصول۔
اثابت (اِثا۔ بَت) اجر، جزا، بدلہ دینا۔
اثاث (اَثاث) اثاثہ کی جمع۔
اثاث البیت (اَثا۔ ثُل۔ بیت) گھر کا سامان
اثاثہ (اَثا۔ ثہ) اسباب خانگی جمع اثاث۔
اثارہ (اِثا۔ رہ) دھول اڑانا، جوتنا۔
اثامی (اَثا۔ می) مجرم، گنہگار۔
اثبات (اِث۔ بات) ثبوت، اقرار، ثابت کرنا۔ (اَث۔ بات) ثبت کی جمع۔
اثخان (اِث۔ خان) زخموں سے نڈھال کر دینا
اثر (اَثَر) سنت نبوی، نشان، زخم کا داغ، کھوج جمع آثار، اثرات
اثفیہ (اُث۔ فِیَّہ) چولھے کا روڑا، جمع اثافی
اثقال (اِث۔ قال) بھاری ہونا، لادنا، (اَث۔ قال) ثقل کی جمع۔

اثقل (اَث۔ قَل) بہت بھاری جمع اثاقل
اثل (اَثَل) جھاؤ کا درخت جمع اثول، اثلات۔
اثم (اِثم) گناہ، شراب، جمع آثام
اثمار (اِث۔ مار) پھل لانا، پھلدار ہونا (اَث۔ مار) ثمر کی جمع
اثمان (اِث۔ مان) آٹھ عدد ہونا (اَث۔ مان) ثمن کی جمع
اثمد (اِث۔ مِد) سرمہ کا پتھر۔
اثن، اثنہ (اَثن) (اَث۔ نہ) ثن کی جمع۔
اثنا (اِث۔ نا) تعریف کرنا (اَث۔ نا) ثنی کی جمع
اثنا عشر (اِث۔ نا۔ عَشَر) بارہ ۱۲۔
اثنا عشری (اِث۔ نا۔ عَشَری) شیعہ مسلمانوں کا ایک فرقہ جو بارہ اماموں کو مانتا ہے، شیعوں کی ایک شاخ۔
اثنان (اِث۔ نان) دو۔
اثنین (اِث۔ نین) دوشنبہ، دو، اثنان۔
اثینہ (اَثی۔ نہ) اثنا کی جمع (اَثی۔ نہ) شہر ایتھنز (یونان)
اثواب (اَث۔ واب) ثوب کی جمع۔
اثوار (اَث۔ وار) ثور کی جمع۔
اثیر (اَثیر) بلند آسمان، فضا کا بالا حصہ، خالص، برگزیدہ
اثیل (اَثیل) دیکھو اصیل۔
اثیم (اَثیم) گنہگار۔
اج (اَج) لپا گرد، قریب، دیار۔
اجابت (اِجا۔ بَت) منظوری، پاخانہ، جواب دینا۔
اجاج (اُجاج) کڑوا، کھاری۔
اجارہ (اِجا۔ رہ) ٹھیکہ۔
اجارہ دار (اِجا۔ رہ۔ دار) ٹھیکہ دار
اجارہ داری (اِجا۔ رہ۔ دا۔ ری) ٹھیکہ داری
اجازت (اِجا۔ زت) پروانگی۔
اجاص (اِجّاص) آلو بخارہ۔
اجاق (اُجاق) چولھا۔
اجانب (اَجا۔ نِب) اجنبی کی جمع۔
اجانہ (اِجا۔ نہ) کونڈا، لوٹا، مرکن
اجبار (اِج۔ بار) زبردستی، جبر کرنا۔

اجبال (ا ج) ۔ بال ، (ا ج) ۔ بل ، جبل کی جمع ۔
اجبار (ا ج) ۔ جبار ، بالجبر کرنا ، دبا دینا ۔
اجترام (ا ج) ۔ ترام ، جرم کرنا ، گنہگار ہونا ۔
اجتماع (ا ج) ۔ تماع ، بھیڑ ، اکٹھا ہونا ، سمٹنا ۔
اجتماع ضدین (ا ج) ۔ تماع ۔ ضِدّین (
دو برخلاف چیزوں کی یکجائی ۔
اجتماعی (ا ج) ۔ تما ۔ عی ، منسوب بہ اجتماع ۔
اجتنا (ا ج) ۔ تنا ، پھل چننا ، میوہ چننا ۔
اجتناب (ا ج) ۔ تنا ۔ ب ، پرہیز ، بچاؤ ، کنارہ کرنا ۔
اجتہاد (ا ج) ۔ تہا ۔ د ، کوشش کرنا ، ٹھیک راہ ڈھونڈنا
اجداب (ا ج) ۔ دا ۔ ب ، کال پڑنا ۔
اجداد (ا ج) ۔ داد ، باپ دادا ، اسلاف ، جد کی جمع ۔
اجدع (ا ج) ۔ دع ، لولا ، ہاتھ کٹا ہوا
ہاتھ کٹا ۔
اجدل (ا ج) ۔ دل ، شکاری جانور جمع اجادل ۔
اجذم (ا ج) ۔ ذم ، ہاتھ کٹا ہوا ۔
اجر (ا ج) ۔ ر ، انعام ، اجرت ، ثواب جمع اجور ۔
اجرا (ا ج) ۔ را ، جاری کرنا ۔
اجرام (ا ج) ۔ رام ، جرم کرنا (ا ج) ۔ رام ، جرم کی جمع
اجرام فلکی (ا ج) ۔ رام ۔ فلکی ، سورج چاند ستارے
اجرت (ا ج) ۔ رت ، مزدوری ۔
اجرد (ا ج) ۔ رد ، صفاچٹ ، بے بال کا آدمی
اجر غیر ممنون (ا ج) ۔ ر غیر ۔ مم ۔ نون ، ثواب بے نقصان
اجزا (ا ج) ۔ زا ، ٹکڑے ٹکڑے کرنا ، اس پر راضی ہونا
اجزا (ا ج) ۔ زا ، جزو کی جمع ۔
اجزاخانہ (ا ج) ۔ زا ۔ خا ۔ نہ ، عطاری کی دوکان
اجزاز (ا ج) ۔ زاز ، کھیت کٹائی آنا ۔
اجزائے ترکیبی (ا ج) ۔ زا ۔ ئے ۔ ترکیبی ، وہ ٹکڑے جن سے مل کر چیز بنی ہو ۔
اجزم (ا ج) ۔ زم ، کاٹا ہوا ۔
اجساد (ا ج) ۔ ساد ، جسد کی جمع ۔

اجساس (ا ج) ۔ ساس ، خبروں کی جستجو کرنا ۔
اجسام (ا ج) ۔ سام ، جسم کی جمع ۔
اجسر (ا ج) ۔ سر ، جسر کی جمع ۔
اجفان ، اجفن (ا ج) ۔ فان ، (ا ج) ۔ فن ، جفن کی جمع ۔
اجل (اَجَل) موت ، تقدیر ، وقت مقررہ ، مہلت ، اوائل
جمع آجال (اُجَل) ، بہت بڑا (ع) ، اس سے بڑا
اجلاد (ا ج) ۔ لاد ، جلد کی جمع ۔
اجلاس (ا ج) ۔ لاس ، نشست ، بٹھانا ۔
اجلاف (ا ج) ۔ لاف ، جلف کی جمع ، کمینے ۔
اجلال (ا ج) ۔ لال ، بزرگی ، شکوہ ، منزلت
اجلح (ا ج) ۔ لح ، جس کے دونوں طرف سر سے بال اڑے ہوں
اجلہ (ا ج) ۔ لہ ، اجل ، جلیل کی جمع
اجلی (ا ج) ۔ لا ، بہت روشن ۔
اجم (اَجَم) ، اجمہ ، ایک غذا سے اکتا جانا
اجماع (ا ج) ۔ ماع ، اتفاق کرنا ، متفق ہونا ۔
اجمال (ا ج) ۔ مال ، اختصار ، طول کا الٹا
(ا ج) ۔ مال ، جمل کی جمع
اجمعون ، اجمعین (ا ج) ۔ معون ، (ا ج) ۔ معین
تمام ، کل ، سب ۔
اجمل (ا ج) ۔ مل ، نہایت خوبصورت ۔
اجمہ (ا ج) ۔ مہ ، بیشہ ، جنگل جمع آجام
اجام ، اجم ۔
اجناب (ا ج) ۔ ناب ، بے فصل ہونا ، جنب کرنا
(ا ج) ۔ ناب ، جنب کی جمع ۔
اجناد (ا ج) ۔ ناد ، جند کی جمع ۔
اجناس (ا ج) ۔ ناس ، جنس کی جمع ۔
اجنان (ا ج) ۔ نان ، دیوانہ کرنا ۔
اجنب (ا ج) ۔ جنب ، انجان ، بیگانہ جمع اجانب
اجنبی (ا ج) ۔ نبی ، انجان ، بیگانہ ۔
اجنبیت (ا ج) ۔ نبی ۔ یت ، بیگانگی ۔

اجنحہ (ا ج) ۔ نحہ ، جناح کی جمع ۔
اجنہ (ا ج) ۔ نہ ، جنین کی جمع ۔
اجواد (ا ج) ۔ واد ، جواد کی جمع ۔
اجوار (ا ج) ۔ وار ، جار کی جمع ۔
اجواف (ا ج) ۔ واف ، جوف کی جمع ۔
اجوبہ (ا ج) ۔ وبہ ، جواب کی جمع ۔
اجور ، اجورہ ، اجُور (ا ج) ۔ رہ ، مزدوری ، مشاہرہ ، کرایہ
اجوف (ا ج) ۔ وف ، کھوکھلا ، خالی پیٹ ۔
اجہر (ا ج) ۔ ہر ، جس کو دن میں نظر نہ آئے ۔
اجہرہ (ا ج) ۔ ہرہ ، چوپایا گھاس ۔
اجہل (ا ج) ۔ ہل ، بڑا جاہل جمع اجاہل ۔
اجیاف (ا ج) ۔ یاف ، جیفہ کی جمع
اجید (ا ج) ۔ ید ، بہت عمدہ ، اچھا ۔
اجیر (اَجِیر) ، مزدور ، منشی ۔
اجیارہ (اجارہ) دیکھو اجارہ ۔
اچّی (ا ۔ چی) ، بڑا بھائی ۔
اُچک (ا ج) ، کھسکنا ۔
احاد (آحاد) ، احد کی جمع ۔
احادیث (ا ۔ حا ۔ دیث) ، حدیث کی جمع ۔
احاطہ (ا ۔ حا ۔ طہ) ، گھیر ، حصار ، چار دیواری ۔
احب (اَحَب) ، بہت پیارا ۔
احبا (اَحِبّا) ، حبیب کی جمع ۔
احباب (ا ج) ۔ باب ، دوست (ع) ۔ باب ، حبیب کی جمع
احبار (ا ج) ۔ بار ، حبر کی جمع ۔
احتباس (ا ج) ۔ باس ، چیز وقف کرنا ۔
احتبار (ا ج) ۔ بار ، مضبوط باندھنا ۔
احتباس (ا ج) ۔ تباس ، رکاوٹ ، رک جانا ۔
احتبال (ا ج) ۔ تبال ، جلسہ کا رخصت ہونا ۔
احتجاج (ا ج) ۔ تجاج ، حجت کرنا ۔
احتجار (ا ج) ۔ تجار ، حجرہ بنانا ، گھر بنانا ۔
احتجام (ا ج) ۔ تجام ، پچھنے لگانا ۔

احتجان (ع) - تجان، اپنی طرف کھینچنا۔
احتراب (ع) - تراب، آپس میں لڑائی کرنا
احتراز (ع) - تراز، پرہیز، بچنا۔
احتراس (ع) - تراس، نگہبانی، نگرانی کرنا۔
احتراق (ع) - تراق، سوزش، جلا ہوا ہونا۔
احترام (ع) - ترام، عزت، عزت کرنا۔
احتساب (ع) - تساب، نگرانی امور شرع، ناپ تول دیکھنا
احتشام (ع) - تشام، حشمت، صاحب مقدرت ہونا
احتضار (ع) - تضار، نزع کی حالت، موت کا سامنے آنا، حاضر ہونا
احتضار علم (ع) - تضار، حضور علم، علم کا تازہ ہونا۔
احتظاء (ع) - تظاء، بہرہ مند ہونا۔
احتظاظ (ع) - تظاظ، لذت پانا، مزا اٹھانا۔
احتفال (ع) - تفال، جلسہ، محفل۔
احتقال (ع) - تقال، جڑ سے اکھاڑنا۔
احتقار (ع) - تقار، ذلیل جاننا، حقارت کرنا۔
احتقان (ع) - تقان، حقنہ کرنا، ذخیرہ کرنا۔
احتکار (ع) - تکار، گراں فروشی کو غلہ بھرنا۔
احتلاب (ع) - تلاب، دودھ کاڑھنا۔
احتما (ع) - تما، خوف کسی چیز سے بچانا۔
احتمال (ع) - تمال، گمان، جمع احتمالات، اٹھانا۔
احتواء (ع) - تواء، اپنے پاس اکٹھا کرنا۔
احتیاج (ع) - تیاج، خواہش، ضرورت، حاجت ہونا۔
احتیاز (ع) - تیاز، جمع ہونا۔
احتیاط (ع) - تیاط، ہوشیاری سے کام کرنا۔
احتیال (ع) - تیال، حیلہ بازی، مکر کرنا۔
احجار (ع) - جار، حجر کی جمع۔
احجاف (ع) - جاف، نقصان کرنا، نزدیک ہونا، تیز چلنا
احجیہ (ع) - جی یہ، چیستاں، جمع احاجی۔
احد (ع) - اَحَد، ایک، جمع آحاد، نام اللہ تعالیٰ کا
روز یکشنبہ، اُحُد: مدینہ منورہ کے قریب
ایک پہاڑ کی جہاں دوسرا غزوہ واقع ہوا۔

احداث (ع ۔ اِ ث) نئی بات نکالنا ، حدث کرنا
(ع ۔ اَ ث) حدث کی جمع ۔
احداق (ع ۔ اِ ق) گھیر لینا ، آنکھ سے گھورنا (ع ۔ اَ ق) حدقہ کی جمع
احد عشر (اَ حَد عَشَر) گیارہ
احدوثہ (ع ۔ اُ ثَہ) افسانہ جمع اَحادیث ۔
پوشانیدن (پُو۔ شا۔ نی۔ دَن) پہنانا، ڈھکنا۔
پوشش (پُو۔ شِش) لباس، پہناوا۔
پوشک (پُو۔ شک) بلی، گربہ، آنا، مستور ہونا۔
پوشندہ (پُو۔ شن۔ دَہ) پہننے والا، چھپانے والا۔
پوشیدگی (پُو۔ شی۔ دَگی) چھپاؤ۔
پوشیدن (پُو۔ شی۔ دَن) پہننا، پہنانا، چھپانا، چھپنا، مستور شدن۔
پوشیدنی (پُو۔ شی۔ دَنی) پہننے کی چیز، پہننے کے لائق۔
پوشیدہ (پُو۔ شی۔ دَہ) پہنے ہوا، چھپا ہوا۔
پوطہ (پُو۔ طَہ) [illegible] ڈھول۔
پوطہ دار (پُو۔ طہ۔ دار) نقدی والا، خزانچی۔
پوک (پُوک) کشتی کا بادبان۔
پول (پُول) نقدی، پیسہ، پُل۔
پولا [illegible]
پولانی (پُو۔ لا۔ نی) [illegible]

پولاد (پُو۔ لاد) دیکھو فولاد۔
پول سفید (پُول۔ سَفید) چاندی کا سکہ۔
پول سیاہ (پُول۔ سیاہ) تانبے کا سکہ۔
پول کاغذی (پُول۔ کا۔ غذی) کرنسی نوٹ۔
پولہ (پُو۔ لہ) بگڑا اور ملا ہوا، [illegible]
پوئیدن (پُو۔ ئی۔ دَن) دوڑنا، [illegible]
پوئیدہ (پُو۔ ئی۔ دَہ) دوڑا ہوا۔
پویا (پُو۔ یا) دوڑنے والا۔
پویان (پُو۔ یان) دوڑتا ہوا۔
پوہیچہ (پُو۔ ہی۔ چہ) عشق پیچاں، لبلاب، عشقہ۔
پوئندہ (پُو۔ یَن۔ دَہ) دوڑنے والا۔
پویہ (پُو۔ یَہ) گھوڑے کی چال کا نام
[illegible]
پہلو (پَہ۔ لو) کروٹ، نفع، فائدہ، (پَہ۔ لَو) بہادر، ایران، پہلوی زبان، شہر۔
پہلوان (پَہ۔ لَوان) بہادر اور طاقتور آدمی، [illegible]
پہلوانی (پَہ۔ لَوا۔ نی) پہلوی زبان، منسوب طرف پہلوان، شہری، دہقانی، کشتی لڑنا۔
پہلوتہی (پَہ۔ لُو۔ تہی) [illegible]
پہلوی (پَہ۔ لَوی) منسوب بہ پہلوان، منسوب بہ پہلو، فارسی کی ایک شاخ۔
پہن، پہنا (پَہن، پَہ۔ نا) چوڑا، فراخ۔
پہنائی (پَہ۔ نا۔ ئی) چوڑائی، فراخی۔
پہن چشم (پَہن۔ چَشم) [illegible] بے حیا۔
پہنک (پَہ۔ نک) غیبت۔
پی (پَے) پاؤں، پیچھے، قدم، نشان، [illegible]
پیچھے، واسطے، طاقت، بار، مثلاً چند پی یعنی
چند بار، [illegible]
پیاپ (پَے۔ یاپ) دیکھو پایاب۔
پیاپی (پَے۔ یا۔ پَے) لگاتار، بار بار۔
پیادہ (پِیا۔ دَہ) پیدل۔

پیادہ نظام (پیا-دَہ-نِظَا-م) پلٹن کا سپاہی۔
پیاز (پیاز) بصل، ایک جڑ۔
پیازی (پیا-زی) ایک ہلکا گلابی رنگ۔
پیالی (پیا-لی) چھوٹا پیالہ۔
پیام (پَیَام) اسم، کہلا بھیجی ہوئی بات۔
پیامبر (پَیَامبَر) پیام لانے والا۔
پیامبری (پَیَامبَری) پیام لانا۔
پیاکی (پیا-کی) پیامبر۔
پیچ (پیچ) مروڑ، لپیٹ، داؤں، الجھاؤ۔
پیچاک (پے-چَاک) پیچ و خم، گرہ زلف، گھونگا۔
پیچاں (پے-چَاں) لپٹا ہوا، پیچا ہوا۔
پیچانیدن (پے-چا-نی-دَن) لپٹوانا، لپیٹنا۔
پیچ رشتہ (پیچ-رِش-تَہ) انٹی۔
پیچش (پے-چِش) مروڑ، نام بیماری۔
پیچک (پے-چَک) پنڈی، ڈور، لپٹی ہوئی چیز۔
پیچوان (پیچ-وَان) حقہ کی ایک قسم۔
پیچ و تاب (پے-چو-تَاب) اکڑ، اینٹھ۔
پیچہ (پے-چَہ) امربیل، جس درخت کے جڑ نہیں ہوتی۔
پیچیدگی (پے-چی-دَگی) الجھاؤ۔
پیچیدن (پے-چی-دَن) پھیرنا، لپٹنا، لپیٹنا۔ مصدر پیچیدہ۔
پیچیدنی (پے-چی-دَنی) پیچنے یا لپیٹنے کے لائق۔
پیچیدہ (پے-چی-دَہ) لپٹا ہوا، الجھا ہوا۔
پیچیدہ دست (پے-چی-دَہ-دَس-ت) کمزور۔
پیخ (پیخ) دیکھو بیخ۔
پیخال (پی-خَال) پرندہ کی بیٹ۔
پیختن (پیخ-تَن) دیکھو بیختن مضم بیزد۔
پیختہ (پیخ-تَہ) بیختہ، بیدہ۔
پیخستہ (پی-خَس-تَہ) عاجز، درماندہ۔
پیدا (پَی-دا) ظاہر، حاصل، عیاں
پیداوار (پَی-دا-وَار) حاصل، کسی چیز کی پیدا۔

پیدائش (پَی-دَا-ئِش) پیدا ہونا۔
پی در پی (پَی-دَر-پَی) بار بار۔
پیر (پیر) بوڑھا، بزرگ۔
پیرا (پی-را) سجانے والا، چھانٹنے والا۔
پیراستگی (پی-راس-تَگی) آراستگی، آرائش، زینت، سجاوٹ۔
پیراستن (پی-راس-تَن) چھانٹنا، آرائش کرنا، سنوارنا۔ مضم پیراید۔
پیراستنی (پی-راس-تَنی) سنوارنے کے لائق۔
پیراستہ (پی-راس-تَہ) سنوارا ہوا۔
پیرامن، پیرامون (پی-را-مَن، پی-را-مُون) گرد، گرداگرد، اطراف۔
پیرانہ (پی-را-نَہ) منسوب بہ پیر۔
پیرانہ سالی، پیرانہ سری (پی-را-نَہ-سا-لی، پی-را-نَہ-سَری) بڑھاپا۔
پیراہان (پی-را-ہَان) دیکھو پیراہن۔
پیراہنی (پی-را-ہَنی) دیکھو پیرہنی۔
پیراہن (پَے-رَ-ہَن، پی-را-ہَن) کرتہ، قمیص۔
پیرائی (پی-را-ئی) منسوب بہ پیرا۔
پیرایش (پی-را-یِش) سنوارنا، سجاوٹ۔
پیرایہ دار (پی-را-یَہ-دار) سجانے والا، سنوارنے والا۔
پیرایہ (پی-را-یَہ، پی-را-یَے) سجاوٹ، زیور، طرز، لباس، قرینہ، ڈھنگ۔
پیرزال، پیرزن (پیر-زَال، پیر-زَن) بوڑھی عورت۔
پیرسال (پیر-سَال) بڈھا، بوڑھا۔
پیرسالی (پیر-سَا-لی) بڑھاپا۔
پیرمغاں (پیر-مُغَاں) مے فروش، شراب کا گرگا، مرشد، راہب، آتش پرستوں کا پیشوا۔
پیرو (پَے-رَو) پیچھے چلنے والا، تابع۔
پیروز (پی-روز) دیکھو فیروز۔
پیروزہ (پی-رو-زَہ) دیکھو فیروزہ۔

پیروی (پَیْ - رَوِی) اتباع، پیچھے چلنا۔
پیرہن (پَیْ - رَ - ہَن) دیکھو پیراہن۔
پیری (پِی - رِی) بڑھاپا۔
پیزار (پَیْ - زار) جوتی، کفش۔
پیزن (پے - زَن) چھلنی، چھنّا۔
پیزیدن (پے - زِی - دَن) چھاننا، چھننا۔
پیس (پِیس) سفید کوڑھ، برص، سپیدی۔
پی سپر (پے - سِپَر) قسمت، نصیب۔
پی سفید (پے - سَفید) منحوس قدم۔
پیسراک (پے - سَراک) قبر، دالان، آوٹ۔
پیسودن (پے - سُو - دَن) ارادہ کرنا، کسی طرف
عازم کرنا۔
پیسہ بکی (پے - سَہ - بِکی) کبڑا، ابرص۔
پیش (پیش) سامنے، پہلے، آگے۔
پیشاب (پے - شاب) موت۔
پیشا دست (پے - شا - دَسْت) پیشگی، سابق۔
پیش آمد (پیش - آ - مَد) سلوک، رعایت۔
پیش انداز (پیش - اَن - داز) کھانا کھاتے
وقت زانو پر ڈالنے کا کپڑا۔
پیشانی (پے - شا - نی) ماتھا، نصیب۔
پیش آہنگ (پیش - آ - ہَنگ) قافلے کے آگے چلنے والا۔
پیشباز (پیش - باز) استقبال، پیشکار، پیش دست۔
پیشبندی (پیش - بَن - دی) پہلے سے بندوبست۔
پیش بیں (پیش - بیں) دور اندیش، دانا۔
پیش بینی (پیش - بِی - نی) دور اندیشی۔
پیش خیمہ (پیش - خے - مَہ) ڈیرا، آگے کا خیمہ۔
پیشتر (پیش - تَر) پہلے۔
پیشخانہ (پیش - خا - نَہ) گھر کا اسباب۔
پیش خدمت (پیش - خِد - مَت) نوکر، خدمت گار۔
پیشگیر (پیش - گیر) پیشبند، دسترخوان۔
پیشگاہ (پیش - گاہ) صدر، دربار کا آگے کا حصہ۔

پیشداد (پیش - داد) عادل۔
پیشدامن (پیش - دا - مَن) نوکر، خادم۔
پیشدست (پیش - دَسْت) پیشکار، غالب، مددگار۔
پیشدستی (پیش - دَس - تی) سبقت، نجابت۔
پیشرس (پیش - رَس) وہ پھل جو پہلے پکے۔
پیشرفت (پیش - رَفْت) قابو۔
پیشرو (پیش - رَو) آگے چلنے والا۔
پیشروی (پیش - رَوِی) آگے چلنا۔
پیشطاق (پیش - طاق) شاہی دروازہ، صحن۔
پیش قبض (پیش - قَبْض) نام ہتھیار۔
پیشقدمی (پیش - قَدَ - می) قدم بڑھانا، آگے بڑھنا۔
پیشکار (پیش - کار) سامنے کام کرنے والا، ماتحت،
نائب مددگار۔
پیشکاری (پیش - کا - ری) ماتحتی، مددگاری۔
پیشکش (پیش - کَش) نذر، تحفہ، ڈالی۔
پیشگاہ (پیش - گاہ) برساتی، دیوان خانہ
سامنے
پیشگی (پیش - گی) پہلے سے۔
پیشگیر (پیش - گیر) تولیہ، کھانے پر بچھنے کا رومال۔
پیش نظر (پیش - نَظَر) نگاہ کے سامنے۔
پیش نہاد (پیش - نِہاد) ارادہ، منظور خاطر۔
پیشوا (پیش - وا) راہنما، ہادی۔
پیشواز (پیش - واز) استقبالی، رقاصہ کا لباس،
استقبال
پیشوائی (پیش - وا - ئی) رہنمائی، استقبال
پیشہ (پے - شَہ) کسب، ہنر۔
پیشہ ور (پے - شَہ - وَر) پیشہ کرنے والا، ج پیشہ وران
پیشی (پے - شی) منسوب بہ پیش، آگے ہونا۔
پیشیار (پیش - یار) پیشکار۔
پیشین (پے - شِین) پہلا، اگلا۔
پیشینہ (پے - شی - نَہ) اگلا، پہلا۔

پشیمانان (پے-شی-مان) پشیمان کی جمع، رنج
اٹھے ورگ۔
پیغارہ (پَی-غا-رَہ) طعنہ، سرزنش۔
پیغالہ (پَی-غا-لَہ) جام شراب۔
پیغام (پَی-غام) دیکھو پیام۔
پیغامبر (پَی-غام-بَر) دیکھو پیامبر۔
پیغامبری (پَی-غام-بَری) دیکھو پیامبری۔
پیغانہ (پَی-غا-نَہ) دیکھو طعنہ
پیغمبر (پَی-غَم-بَر) ایلچی، رسول۔
پیغمبری (پَی-غَم-بَری) رسالت، ایلچی گری۔
پیغلہ (پَی-غَ-لَہ) [illegible]، گوشہ۔
پیغولہ (پَی-غُو-لَہ) گوشہ، کونا۔
پیک (پَیک) قاصد۔
پیکار (پَی-کار) لڑائی، جنگ۔
پیکان (پَی-کان) تیر یا برچھی کی انی۔
پیکانی (پَی-کا-نی) ایک قسم کا لعل، ایک قسم کا
یاقوت، ایک قسم کا نوشادر۔
پیکر (پَی-کَر) شکل، جسم، چہرہ۔
پی کردن (پَی-کَر-دَن) پے کاٹ دینا۔
پیل (پِیل) دیکھو فیل۔
پیلباج (پِیل-باج) کرگدن، گینڈا، ہاتھی۔
پیلبان (پِیل-بان) دیکھو فیلبان۔
پیل پا (پِیل-پا) دیکھو فیلپا۔
پیلپایہ (پِیل-پا-یَہ) دیکھو ستون
پیلتن (پِیل-تَن) ہاتھی کی مانند جسم والا۔
پیلتنی (پِیل-تَنی) ہاتھی کی مانند جسم ہونا۔
پیلستہ (پِیل-سْ-تَہ) ہاتھی دانت۔
پیلمال (پِیل-مال) ہاتھی کے روندے ہوئے، پامال
پیلمرغ (پِیل-مُرغ) دیکھو فیلمرغ۔
پیلہ (پِی-لَہ) ادنیٰ فرش
پیلہ (پِی-لَہ) ریشم کا کیڑا یا کویہ۔

پیلہ ور (پِی-لَہ-وَر) طبیب، دوا فروش
پیما (پَی-ما) ناپنے والا۔
پیماں (پَی-ماں) وعدہ، عہد، سوگند،
پیماں شکستن (ف) توڑنا۔ شکستن عہد توڑنا
پیمانہ (پَی-ما-نَہ) ناپنے کا آلہ۔
پیمائی (پَی-ما-ئی) نسب پیما۔
پیمائش (پَی-ما-ئش) ناپ۔
پیمایندہ (پَی-ما-یَن-دَہ) ناپنے والا۔
پیمبر (پَی-مْ-بَر) دیکھو پیغمبر
پیمبری (پَی-مْ-بَری) دیکھو پیغمبری۔
پیمودن (پَی-مُو-دَن) ناپنا، قطع پیمانہ۔
پیمودہ (پَی-مُو-دَہ) ناپا ہوا۔
پیمونہ (پَی-مُو-نَہ) دیکھو پیمانہ۔
پینک و پینکی (پی-نَک) (پی-نَکی) اونگھ۔
پینو (پِی-نُو) خشک کی ہوئی دہی۔
پینہ (پِی-نَہ) پیوند، گٹھلی، گھٹہ، کام کی کثرت سے
ہاتھ پاؤں کا کھردرا پن۔
پیوا (پِی-وا) نارو کی بیماری، مٹی کا ڈھیلا۔
پیوست (پَی-وَس-ت) جذب، جوڑ،
سیلان۔
پیوستگی (پَی-وَس-تَگی) ملا ہوا پن، جڑائی،
[illegible]۔
پیوستن (پَی-وَس-تَن) ملنا، ملانا، جوڑنا،
ضم، پیوند کرنا۔
پیوستنی (پَی-وَس-تَنی) ملنے کے قابل، جوڑنے کے لائق۔
پیوستہ (پَی-وَس-تَہ) ملا ہوا، لگاتار،
ہمیشہ۔
پیوند (پَی-وَن-د) جوڑ، ٹکڑا۔
پیوگی (پے-وُ-گی) عروسی۔
پیہ (پِیہ) چربی، [illegible]، [illegible]۔
پیہم (پَی-ہَم) لگاتار۔

ت

ت (تاء ، ے) تائے مثناۃ ، عدد ۴۰۰ ، حرف شمسی ، تہجی کا تیسرا حرف ، گزشت ، گزارش ، نوازشت ، چند حرفوں سے بدل جاتا ہے ۱ ۔ د کے ساتھ مثلاً تار ۔ ۲ ۔ ط کے ساتھ مثلاً بت ، بط ۔ ۳ ۔ ط کے ساتھ مثلاً بخت ، بخش ۔ ۴ ۔ ظ کے ساتھ مثلاً تیر ، ۵ ۔ ث کے ساتھ مثلاً [illegible]

تا (تا) ۱ ۔ تک ، ہرگز ، جب سے ، جب تک ، تاکہ ۔ ۲ ۔ نرم خاک ۔

تاب (تاب) برداشت ، طاقت ، گرمی ، روشنی ، چمک ، پیچیدگی ، پیچ ، چمکنے والا ۔

تاباں (تا۔باں) چمکدار ، چمکنے والا ۔

تابانی (تا۔با۔نی) چمکداری ۔

تابخانہ (تاب۔خا۔نہ) حمام ، شیشہ گھر

تابدار (تاب۔دار) چمکدار ۔

تابداری (تاب۔دا۔ری) چمکداری ۔

تابدان (تاب۔دان) روشن دان ، روشنی ۔

تابستان (تا۔بس۔تان) گرمی کا موسم ۔

تابش (تا۔بش) گرمی ، چمک ، طاقت ۔

تابطو (تَ۔اَب۔بُط) بغل میں داب لینا ۔

تابع (تا۔بع) ماتحت ، (گرامر) بعد میں ، پیرو ، تابعہ ، لواحق ، تبعات ، تابعین

تابعی (تا۔بعی) وہ مسلمان جس نے اصحاب رسول اللہ کا زمانہ پایا ۔ جمع تابعین

تابکے (تا۔بکے) کب تک

تابناک (تاب۔ناک) روشن ، چمکدار ۔

تابناکی (تاب۔نا۔کی) روشنی ، چمک ۔

تابندگی (تا۔بن۔د۔گی) چمک ۔

تابندہ (تا۔بن۔دہ) چمکنے والا ۔

تابوت (تا۔بوت) مردے کا صندوق [illegible] ۔

تابہ (تا۔بہ) توا ۔

تابید (تا۔بید) ہمیشہ ہمیشہ کرتے رہنا ۔

تابیدن (تا۔بی۔دن) دیکھو تافتن ۔

تابیدہ (تا۔بی۔دہ) چمکا ہوا ۔

تابین (تا۔بین) [illegible] مردے کی مدح کہنا ، مردے پر عیب لگانا ۔

تاپ (تاپ) دیکھو تاب ۔

تاپاک (تا۔پاک) بے قراری ، اضطراب ، التہاب ۔

تاپال (تا۔پال) گندہ بچہ ۔

تاتار (تا۔تار) ایک قوم ترکستان اور وسطی ایشیا

تاتاری (تا۔تا۔ری) منسوب بہ تاتار

تانق (تَ۔اَن۔نُق) پرخوری ، آرزومندی ۔

تاثورہ (تا۔ثو۔رہ) دستورہ ۔

تاتول (تا۔تول) [illegible] ۔

تاثر (تَ۔اَث۔ثُر) اثر قبول کرنا ۔

تاثم (تَ۔اَث۔ثُم) خود کو گنہگار بنانا ۔

تاثیر (تا۔ثیر) اثر ، اثر ڈالنا ۔

تاثیم (تا۔ثیم) گناہ سے نسبت کرنا ۔

تاج (تاج) شاہی ٹوپی ، طرہ ، [illegible] ۔

تاجبخشی (تاج۔بخ۔شی) تاج بخشنا ۔

تاجج (تَ۔اَج۔جُج) آگ کا لپٹ دینا ۔

تاج خروس (تا۔جِ۔خ۔روس) مرغ کی کلغی ، نام پھول کا ۔

تاجدار (تاج۔دار) بادشاہ ۔

تاجدارانہ (تاج۔دا۔را۔نہ) تاجدار سے منسوب

تاجداری (تاج۔دا۔ری) بادشاہت ۔

تاجر (تا۔جر) سوداگر ، بیوپاری [illegible]

تاجِ شمع (تا۔جِ۔شمع) چراغ کی لو ۔

تاجک (تا۔جک) دیکھو تاجیک ۔

تاجگذاری (تاج۔گذا۔ری) تاج پوشی ۔

تاجور (تاج۔ور) بادشاہ

تاجوری (تا ۔ جُو ۔ رِی) بادشاہی، بادشاہت۔

تاجیک (تا ۔ جِیک) عجم میں پرورش پایا ہوا عرب اور ترک۔

تاجیل (تَ ۔ جِیل) مہلت دینا۔

تاچند (تا ۔ چَند) کب تک۔

تاحال (تا ۔ حال) اب تک۔

تاخ (تاخ) نام درخت، اندھیرا، اندھیری۔

تاخت (تا ۔ خْت) دوڑ، حملہ، چھاپہ۔

تاختن (تا ۔ خْ ۔ تَن) دوڑنا، حملہ کرنا، مضارع تازد۔

تاختنی (تا ۔ خْ ۔ تَنی) دوڑنے کے لائق۔

تاختہ (تا ۔ خْ ۔ تَہ) دوڑا ہوا۔

تاخر (تَ ۔ اَخْ ۔ خُر) پیچھے ہونا، دیر کرنا۔

تاخیر (تا ۔ خِیر) دیر، دیر لگانا، پیچھے ہونا۔

تاخیرہ (تا ۔ خِیرَہ) نصیب، حصہ، لینا۔

تادب (تَ ۔ اَدْ ۔ دُب) علم زبان سیکھنا اور ادب سیکھنا۔

تادیب (تا ۔ دِیب) ادب سکھلانا۔

تادیہ (تا ۔ دِیَہ) پہنچانا، ادا کرنا۔

تاذن (تَ ۔ اَذْ ۔ ذُن) آگاہ کرنا۔

تاذی (تَ ۔ اَذْ ۔ ذِی) آزردہ ہونا۔

تاذین (تا ۔ ذِین) کان کھینچنا، کلام کی دوری لینا، خبردار کرنا، اذان دینا۔

تار (تار) ڈورا، سوت، تانا، لوہے کا تار، اندھیرا، تنگ، نام ساز، رقیق چیز کی دھار۔

تارات، تاراج (تا ۔ راج) تاراج، لوٹ، تالان، یغما، غنیمت۔

تاراجگاہ (تا ۔ راج ۔ گاہ) لوٹ مار کی جگہ۔

تارستا (تا ۔ ستا) ایک باجہ جس میں تار تانت

تارک (تا ۔ رِک) چھوڑنے والا۔ جمع تارکین، سر، فرق، سر کی مانگ۔

تارکش (تا ۔ ر ۔ کش) تار کھینچنے والا۔

تارکشی (تا ۔ ر ۔ کَشی) تار کی کھچائی۔

تارم (تا ۔ رَم) دیکھو طارم۔

تارمار (تا ۔ ر ۔ مار) پریشان، تتر بتر۔

تارپود (تا ۔ ر ۔ پُود) تانا اور بانا۔

تاری (تا ۔ رِی) دیکھو تاریک۔

تاریخ (تا ۔ رِیخ) ظاہر ہونیکا وقت، مہینے کا کوئی دن، واقعات زمانہ کا بیان، جمع تواریخ۔

تاریق (تا ۔ رِیق) جگانا، بیدار کرنا۔

تاریک (تا ۔ رِیک) اندھیرا۔

تاریکی (تا ۔ رِی ۔ کی) اندھیراپن۔

تاز (تاز) حملہ، حملہ، دوڑ، تازہ۔

تازنہ (تا ۔ زَنہ) دیکھو تازیانہ۔

تازش (تا ۔ زِش) دوڑ، حملہ۔

تازک (تا ۔ زَک) دیکھو تاجیک۔

تازگی (تا ۔ زَگی) تازہ پن۔

تازندہ (تا ۔ زِن ۔ دَہ) دوڑنے والا، دوڑانے والا، حملہ آور۔

تازہ (تا ۔ زَہ) نیا، تر، صاف کرنے والا۔

تازہ خیال (تا ۔ زَہ ۔ خَیال) نئی سوچنے والا۔

تازہ خیالی (تا ۔ زَہ ۔ خَیا ۔ لی) نئی سوچ۔

تازہ دم (تا ۔ زَہ ۔ دَم) خوش۔

تازہ دماغ (تا ۔ زَہ ۔ دِماغ) شگفتہ، خوشحال۔

تازہ دماغی (تا ۔ زَہ ۔ دِما ۔ غی) خوشحالی، دانائی۔

تازہ کار (تا ۔ زَہ ۔ کار) تازہ کرنے والا

تازہ کاری (تا ۔ زَہ ۔ کا ۔ ری) تازہ کرنا۔

تازی (تا ۔ زِی) عربی۔

تازیانہ (تا ۔ زِیا ۔ نَہ) کوڑا، چابک، ہنٹر۔

تازیدن (تا ۔ زِی ۔ دَن) دیکھو تاختن۔

تازیک (تا ۔ زِیک) دیکھو تاجیک۔

تاس (تاس) دیکھو طاس۔

تاسع (تا ۔ سِع) نواں، نویں ایک

تاسع عشر (تا۔سِع۔ عَشَر) انیسواں (ع)
تاسّف (ت۔اَس۔سُف) افسوس، غم کھانا۔
تاسہ (تا۔سَہ) بے کلی، سانس کی آواز، خرخراہٹ۔
تاسّی (ت۔اَس۔سی) پیروی، اطاعت، پیروی۔
تاسیس (تا۔سیس) بنیاد، جڑ، مضبوطی۔
تاش (تاش) خداوند، شریک، دوست، گچھ۔
تاشقند (تاش۔قَند) نام شہر وسطی ترکستان (ت)
تاشکل (تاش۔کُل) بیکل، اسپ، آزرغ۔
تاصّل (ت۔اَص۔صُل) جڑ پکڑنا۔
تاغ (تاغ) تاغ کا پیڑ، پہاڑ۔
تاغمہ (تا۔غَمہ) عالی، تمغہ۔
تافی (تا۔فی) روگرداں، نافرمان۔
تافتن (تاف۔تَن) چمکنا، بٹنا، پھیرنا، سے تابدہ۔
تافتنی (تاف۔تَ۔نی) بٹنے کے قابل۔
تافتہ (تاف۔تَہ) بٹا ہوا، چمکا ہوا۔
تافّف (ت۔اَف۔فُف) اُف کہنا۔
تاق (تاق) تاق، کلاہ، ٹوپی۔
تاک (تاک) انگور کی بیل۔
تاکجا (تا۔کُجا) کہاں تک۔
تاکد (ت۔اَک۔کُد) مضبوط ہونا۔
تاکستان (تا۔کِس۔تان) انگور کا باغ۔
تاکید (تا۔کید) پختگی، مضبوطی، بار بار کہنا
تالاب (تا۔لاب) تال
تالار (تا۔لار) منڈوا، چھت کی پاڑ۔
تالان (تا۔لان) لوٹ، تاراج۔
تالاو (تا۔لاو) دیکھو تالاب۔
تالبد (تا۔لبد) بڑا بانس۔
تالف (ت۔اَل۔لُف) اُلفت، الفت، دوستی، سازگاری۔
تالق (ت۔اَل۔لُق) چمکنا۔

تالم (ت۔اَل۔لُم) غم، درد پانا۔
تال مال (تال۔مال) دیکھو تار مار۔
تالہ (ت۔اَل۔لُہ) خدا پرستی۔
تالی (ت۔اَل۔لی) دلی، تلف، مقام، پیرو، قسم کھانا۔
تالیف (تا۔لیف) ملانا، اسباب قلم کا مجموعہ، جمع تالیفات الفت دلانا، ربط دینا، ملانا۔
تام (تام) پورا، تمام، کامل، جمع تامات
تامل (ت۔اَم۔مُل) سوچ بچار، اندیشہ۔
تامول (تا۔مول) دیکھو تمبول۔
تامہ (تام۔مَہ) تمام، کامل، پورا، جمع تامات۔
تامیل (تا۔میل) امید رکھنا۔
تامین (تا۔مین) آمین کہنا۔
تان (تان) ٹکڑا، بول جسے گاتا۔
تانبول (تام۔بول) دیکھو تنبول۔
تانس (ت۔اَن۔نُس) انس، عادت پکڑنا، محبت کرنا۔
تانف (ت۔اَن۔نُف) شرم کرنا، عار رکھنا۔
تانق (ت۔اَن۔نُق) تعجب سے دیکھنا۔
تانی (ت۔اَن۔نی) دیر، تاخیر۔
تانیث (تا۔نیث) مادہ پن، مادہ بنانا۔
تانیس (تا۔نیس) عادت ڈلانا، انس کرانا۔
تاو (تاؤ) دیکھو تاب۔
تاوان (تا۔وان) جرمانہ، ڈنڈ، جرمانہ۔
تاوانی (تا۔وا۔نی) قیمت، تاوانیا۔
تاوہ (تا۔وَہ) توا، آہنی تختہ۔
تاویل (تا۔ویل) تعبیر خواب، ظاہر سے پھیرا دوسرے معنی پہنانا۔
تاہ (تاہ) تہ، معنی۔
تاہب (ت۔اَہ۔ہُب) آمادہ، تیار، مستعدی۔
تاہل (ت۔اَہ۔ہُل) بیوی کرنا، گھر بسانا۔
تاہم (تا۔ہَم) تاہم، پھر بھی، باوجود۔

تائب (تا-ئِب) توبہ کرنے والا، توّاب۔
تائق (تا-ئِق) مشتاق، شوقین۔
تائید (تا-ئید) مدد کرنا۔
تائیم (تَ-آئیم) ماندہ ہونا۔
تب (تَب) دیکھو تپ
تباب (تَبا-ب) ہلاکت، زیاں کاری۔
تبادر (تبا-دُر) باہم دوڑنا، بازی لیجانا۔
تبادل (تبا-دُل) باہم ادلنا بدلنا۔
تبادلہ (تبا-دُلہ) باہمی بدلی، آپس میں بدلنا۔
تبار (تبا-ر) ۱- خاندان، اولاد -۲- ہلاکی۔
تبارک (تبا-رُک) بلند ہونا، پاک ہونا، زیادہ ہونا (تبا-رَک) بلند ہوا۔
تباشیر (تبا-شیر) دیکھو طباشیر۔
تباع (تِبا-ع) عمل میں پیروی کرنا۔
تباعد (تبا-عُد) ایک دوسرے سے دور ہونا۔
تباغض (تبا-غُض) ایک دوسرے سے بیر رکھنا۔
تباکی (تبا-کی) باہم رونا۔
تبالہ (تبا-لہ) خود کو پاگل دکھانا۔
تبان (تُبّا-ن) گھٹنوں تک پہنچنے والا (تبان) چھوٹی شلوار۔
تباہ (تبا-ہ) برباد، اوجڑ۔
تباہی (تبا-ہی) بربادی، خرابی، اُجاڑ۔
تبایع (تبا-یُع) سودا، جمع تبایع، باہم بیع کرنا، باہم بیعت کرنا۔
تباین (تبا-یُن) تفاوت باہمی، باہم فرق ہونا۔
تبت (تِبْ-بَت) نام ملک (تبتی چین)
تبتل (تَبَت-تُل) خدا سے لو لگانا، دنیا سے دل اُٹھانا۔
تبتیک (تَب-تیک) کاٹنا۔
تبجح (تَبَج-جُح) خوش ہونا۔
تبجیل (تب-جیل) عزت کرنا۔

تبحر (تَبَح-حُر) بہت علم والا ہونا، دریا سا ہونا۔
تبخالہ (تَب-خا-لہ) تپ گرمی کے دانے جو بخار کے بعد ہونٹھوں پر نکل آتے ہیں۔
تبختر (تَبَخ-تُر) اترا کر چلنا، اکڑنا، اینٹھنا۔
تبخیر (تب-خیر) نام بیماری، بھاپ بنانا، بھاپ بن کر اٹھنا۔
تبدل (تَبَد-دُل) بدلا کرنا۔
تبدیل (تب-دیل) ایک چیز سے دوسری چیز بدلنا۔
تبدہن (تَب-دیہن) کمزور اور بڈھا ہونا۔
تبذیر (تب-ذیر) فضول خرچی کرنا، پراگندہ کرنا۔
تبر (تَبَر) ایک قسم کی کلہاڑی (تِبر) ۱- [illegible] سونا -۲- نام جانور۔
تبرا (تَبَر-را) بیزاری۔
تبرزد (تَبَر-زَد) دیکھو طبرزد۔
تبرزن (تَبَر-زَن) لکڑہارا۔
تبرزہ (تَبَر-زَہ) دیکھو طبرزد۔
تبرع (تَبَر-رُع) چیز بخشنا، وہ کام کرنا جو واجب نہ ہو
تبرک (تَبَر-رُک) پرشاد، برکت حاصل کرنے کی چیز، مبارک شمار کرنا۔
تبرقع (تَبَر-قُع) برقعہ پوشی، برقع پہننا۔
تبرم (تَبَر-رُم) ملول ہونا، عاجز ہونا۔
تبرہ (تَب-رَہ) دیکھو توبرہ۔
تبرید (تب-رید) ٹھنڈائی، سرد کرنا۔
تبریز (تب-ریز) نام شہر (ایران)
تبریزی (تب-ری-زی) تبریز کی طرف منسوب، نام شفتالی۔
تبریق (تب-ریق) تیز دیکھنا۔
تبسط (تَبَس-سُط) کشادگی۔
تبسم (تَبَس-سُم) مسکرانا، کلی کھلنا۔
تبسیدن (تَب-سی-دَن) دیکھو تفسیدن۔

تبشیر (تَبْ-شِیْر) خوشخبری دینا۔

تبصر (تَبَصُّر) غور، نظر، دیکھنا۔

تبصرہ (تَبْ-صِرَہ) ٹھیک ٹھیک بیان کرنا، سمجھانا۔

تبصیر (تَبْ-صِیْر) بینا کرنا، سجھوانا، روشن کرنا۔

تبطن (تَبَطُّن) کسی کو اپنے نیچے لینا۔

تبطین (تَبْ-طِیْن) استر لگانا، نرم بنانا۔

تبع (تَبَعْ) ایک پیرو، بہت سے پیرو جن کا واحد تابع اور تابعہ

تبع تابعی (تَبَعْ تَا-بِعِیْ) وہ مسلمان جس نے
تابعین کا زمانہ پایا۔

تبعض (تَبَعُّض) حصہ حصہ ہونا۔

تبعل (تَبَعُّل) شوہری اختیار کرنا۔

تبعہ (تَبِعَہ) برا کام، انجام بد جمع **تبعات**
(تَبِعَات) تابع کی جمع۔

تبعیت (تَبَعِیَّت) تابعی، پیروی۔

تبعید (تَبْ-عِیْد) دور کرنا۔

تبعیض (تَبْ-عِیْض) حصہ حصہ کرنا۔

تبغ (تَبْغ) سوکھا تمباکو۔

تبغض (تَبَغُّض) دشمن ہونا۔

تبغیض (تَبْ-غِیْض) دشمن کرنا۔

تبقیل (تَبْ-قِیْل) سبزہ نکلنا، سبزہ برآمد ہونا۔

تبقیہ (تَبْ-قِیَہ) باقی رکھنا۔

تبلد (تَبَلُّد) کند ذہن، کند ذہنی۔

تبلغ (تَبَلُّغ) تھوڑی سی چیز سے بسر کرنا، اکتفا کرنا

تبلہ (تَبَلُّہ) بیوقوف اور نادان ہونا۔

تبلیج (تَبْ-لِیْج) بالوں میں سپیدی آنا۔

تبلیغ (تَبْ-لِیْغ) پہونچانا۔

تبن (تِبْن) گھاس، بھوس، بھس، بھوسہ۔

تبنک (تَبْ-نَک) تھال، سانچہ

تبنی (تَبَنِّیْ) بیٹا بنانا، گود لینا۔

تبنیت (تَبْ-نِیَّت) بیٹا بنانا، لے پالک۔

تبور (تَبُوْر) ہلاکی، ہلاکی۔

تبوراک (تَبُوْ-رَاک) کھیت کی رکھوالی کا ڈھول یا
کھٹکا، چھبی، خوان، رکابی۔

تبوک (تَبُوْک) دائرہ جو ڈھول کی ایک قسم ہے۔

تبہ (تَبَہ) دیکھو تباہ۔

تبہ کار (تَبَہ-کَار) بگاڑ کرنے والا۔

تبیارزہ (تَبْ-یَا-رَزَہ) تپ لرزہ۔

تبیان (تِبْ-یَان) بہت زیادہ آشکارا اور واضح کرنا۔

تبیرہ (تَبِیْ-رَہ) ڈھول، نقارہ۔

تبیرہ زن (تَبِیْ-رَہ-زَن) نقارچی۔

تبیع (تَبِیْع) پیرو، مددگار جمع تبائع، تباع۔

تبین (تَبَیُّن) بَیِّن، روشن ہونا، آشکارا کرنا۔

تبییت (تَبْ-یِیْت) شبخون، رات کو چھاپا مارنا۔

تبییض (تَبْ-یِیْض) سفید کرنا۔

تبیین (تَبْ-یِیْن) بیان کرنا، پیدا کرنا، پیدا ہونا۔

تپ (تَپ) بخار، تابش، بیقراری۔

تپاک (تَپَاک) گرمجوشی، چالاکی۔

تپاں (تَپَاں) تڑپتا ہوا۔

تپانچہ (تَپَاں-چَہ) دیکھو طپانچہ۔

تپش (تَپِش) سوزش، گرمی۔

تپک (تُپَک) دیکھو توپک (تُوپَک) [illegible]۔

تپ لرزہ (تَپْ-لَرْ-زَہ) جاڑا، رعشا، جوڑی۔

تپنچہ (تَپَنْ-چَہ) دیکھو تپانچہ

تپندہ (تَپَنْ-دَہ) تڑپنے والا۔

تپیدن (تَپِیْ-دَن) تڑپنا، گرم ہونا مصدر
تپیدن۔

تپیدہ (تَپِیْ-دَہ) تڑپا ہوا، گرم ہوا، جو گرم ہو گیا ہو۔

تتابع (تَتَا-بُع) لگاتار ہونا۔

تتبع (تَتَبُّع) پیروی کرنا، ڈھونڈنا۔

تتر (تَتَر) ملک تاتار (وسطی ایشیا)

تتراق (تِتْ-رَاق) سر کی مانگ۔

تترس (تَتَرُّس) روکنا، سپر لینا۔

تتری (تَتَ-رِی) منسوب بہ تاتار۔ (تَتْ-را) آگے پیچھے، یکے بعد دیگرے۔

تتق (تُتُق) بڑی چادر، سراپردہ۔

تتمہ (تَتِمْ-مَہ) آخر، بقیہ۔

تتمیم (تَتْ-مِیم) پورا، تمام کرنا۔

تتن (تُتُن) (تُتْ-تُن) تمباکو۔

تتوّج (تَتَ-وْ-وُج) تاجپوشی۔

تثاقل (تَثَا-قُل) گرانی ظاہر کرنا، گرانبار ہونا۔

تثاؤب (تَثَا-ؤُب) جماہی۔

تثریب (تَثْ-رِیب) سرزنش کرنا، ملامت کرنا۔

تثقّل (تَثَقْ-قُل) گرانبار ہونا۔

تثقیب (تَثْ-قِیب) چھیدنا۔

تثقیل (تَثْ-قِیل) گرانبار کرنا۔

تثلیث (تَثْ-لِیث) تین حصے کرنا، تین کرنا۔

تثمیر (تَثْ-مِیر) میوہ دینا، پھل پانا۔

تثمین (تَثْ-مِین) آٹھواں حصہ کرنا، ہشت گوشہ کرنا۔

تثنّی (تَثَنْ-نِی) مڑنا، پھر جانا۔

تثنیہ (تَثْ-نِیہ) دوگنا، دو کرنا۔

تثویب (تَثْ-وِیب) نماز کی پھر کہنا۔

تجار (تِجار) تاجر کی جمع (تُجْ-جار) بڑا سوداگر (تُجّار) بچھیرا جس پر سواری نہ ہوئی ہو۔

تجارب (تَجا-رِب) تجربہ کی جمع (تَجا-رُب) آپس میں آزمانا۔

تجارت (تِجا-رَت) بیوپار، بیوہار۔

تجاسر (تَجا-سُر) دلیری کرنا، جسارت کرنا۔

تجالس (تَجا-لُس) ہمنشین ہونا۔

تجانن (تَجا-نُن) دیوانہ ہونا، دیوانہ بننا۔

تجانس (تَجا-نُس) ہم جنس ہونا۔

تحالف (تَحا-لُف) آپس میں حلف کرنا۔

تجافی (تَجا-فِی) یکسو ہونا، کنارے ہونا۔

تجاور (تَجا-وُر) ہمسائگی کرنا، نزدیک ہونا۔

تجاوز (تَجا-وُز) حد سے بڑھنا، گزرنا۔

تجاہد (تَجا-ہُد) کوشش کرنا۔

تجاہل (تَجا-ہُل) دانستہ انجان بننا۔

تجبّر (تَجَبْ-بُر) سرکشی کرنا۔

تجدّد (تَجَدْ-دُد) نیا ہونا۔

تجدید (تَجْ-دِید) از سر نو کرنا، نیا کرنا۔

تجدیف (تَجْ-دِیف) کافر نعمتی کرنا۔

تجر (تَجْر) دیکھو تجارت۔

تجرّب (تَجَرْ-رُب) آزمانا۔

تجربہ (تَجْ-رِبَہ) آزمائش جمع تجارب۔ آزمانا۔

تجربہ کار (تَجْ-رِبَہ-کار) جانچا ہوا، آزمودہ۔

تجربہ کاری (تَجْ-رِبَہ-کا-رِی) جانچ ہونا، آزمودہ کاری۔

تجرّد (تَجَرْ-رُد) تنہائی، کنوارپن، قطع علایق، تنہا رہنا، مجرّد ہونا۔

تجرّع (تَجَرْ-رُع) گھونٹ گھونٹ پینا۔

تجرّم (تَجَرْ-رُم) جھوٹا جرم لگانا، سال تمام ہونا۔

تجریح (تَجْ-رِیح) گھائل کرنا۔

تجرید (تَجْ-رِید) تنہائی اختیار کرنا، ننگا کرنا۔

تجزّی (تَجَزْ-زِی) ٹکڑے ٹکڑے ہونا۔

تجزیم (تَجْ-زِیم) عاجز ہونا۔

تجزیہ (تَجْ-زِیَہ) تقسیم کرنا، ٹکڑے ٹکڑے کرنا۔

تجسّس (تَجَسْ-سُس) ڈھونڈنا، تلاش کرنا۔

تجسّم (تَجَسْ-سُم) موٹا ہونا، کسی چیز کو مجسد کرنا، کسی کو موٹا بنانا۔

تجشّم (تَجَشْ-شُم) محنت مشقت کرنا۔

تجشّؤ (تَجَشْ-شُؤ) ڈکاریں کھانا۔

تجعّد (تَجَعْ-عُد) گھونگھر والے بال ہونا۔

تجفاف (تِجْ-فاف) پاکھر، برگستواں، کیچم۔

تجفیف (تَجْ-فِیف) خشک کرنا۔

تجلا (تَجَلْ-لا) دیکھو تجلی۔

تجلد (ع۔ مذ) جلدی کرنا، پھرتی دکھانا۔
تجلیہ (ع۔ مذ۔ جلیہ) آنکھوں جڑھانا، عیاں، روشن اور آشکارا کرنا۔
تجلی (ع۔ تجلیات) چمکنا، جھلکارا، روشنی، جلوہ کرنا۔
تجلیات (ع۔ تجلی) تجلی کی جمع، روشنیاں۔
تجلید (ع۔ جلد) جلد باندھنا، کھال اتارنا۔
تجمش (ع۔ جمش) بال مونڈنا، ایک دوسرے کو نوچنا۔
تجمع (ع۔ جمع) فراہم ہونا۔
تجمل (ع۔ جمل) آرائش کرنا، ٹھاٹھ دکھانا۔
تجملات (ع۔ تجمل کی جمع) سروسامان، آرائش۔
تجنب (ع۔ جنب) دور رہنا، الگ تھلگ ہونا۔
تجنی (ع۔ جنی) بہانہ ڈھونڈھنا، بے تقصیر کو قصوروار ٹھہرانا۔
تجنید (ع۔ جند) لشکر جمع کرنا۔
تجنیس (ع۔ جنس) ہم جنس کرنا، یکساں کرنا۔
تجوید (ع۔ جود) حرفوں کو صحیح تلفظ ادا کرنا، اچھی بات کرنا۔
تجویز (ع۔ جواز) رائے دینا، مقرر کرنا، جائز رکھنا۔
تجویع (ع۔ جوع) بالقصد بھوکا رکھنا۔
تجویف (ع۔ جوف) کھوکھلا کرنا۔
تجہز (ع۔ جہز) کام پورا ہونا۔
تجہیز (ع۔ جہیز) سروسامان، جہیز دینا، مردے کے کفن دفن کا بندوبست کرنا۔
تحابب (ع۔ حب) آپس میں محبت کرنا۔
تحاشد (ع۔ حشد) آپس میں باہم جمع ہونا۔
تحارب (ع۔ حرب) باہم لڑنا۔
تحاسد (ع۔ حسد) آپس میں حسد کرنا۔
تحاسک (ع۔ حسک) آپس میں چمٹنا۔
تحاشی (ع۔ حشی) الگ ہونا، کنارہ کش ہونا۔
تحافی (ع۔ حفی) ننگے پاؤں ہونا۔
تحاکم (ع۔ حکم) باہم حاکم کے پاس ہونا۔
تحالف (ع۔ حلف) آپس میں حلف اٹھانا۔

تحامی (ع۔ حمی) پرہیز کرنا، اور بچا کر نگاہ رکھنا۔
تحاور (ع۔ حور) آپس میں گفتگو کرنا۔
تحائف (ع۔ تحفہ) تحفہ کی جمع۔
تحت (ع۔ ت) نیچے، زیر، نیچے۔
تحت الثریٰ (ع۔ تحت۔ ثریٰ) ثریٰ، زیر زمین۔
تحت الشعاع (ع۔ تحت۔ شعاع) مہینے کے وہ آخری تین دن جن میں چاند نہیں نکلتا۔
تحت الحنک (ع۔ مذ) ٹھڈی، عمامہ کا پیچ ٹھوڑی کے نیچے۔
تحت اللحن (ع۔ مذ) بغیر لحن، بلا گانے کے سادے طور پڑھنا۔
تحت اللفظ (ع۔ لفظ) لفظ کا، بلفظ، زبانی لفظ بہ لفظ۔
تحتانی (ع۔ تحت) نیچے کا، نیچے والا یا والا۔
تحجم (ع۔ حجم) موٹا ہونا۔
تحجر (ع۔ حجر) پتھر بن جانا۔
تحجیم (ع۔ حجم) کسی چیز کو جسم ہونا، کھلنا، چوسنا، پچھنے لگانا اور رکھنا۔
تحجیر (ع۔ حجر) پتھر کا بنانا۔
تحدث (ع۔ حدیث) بات کرنا، خبر دینا، بات چیت کرنا۔
تحدی (ع۔ تحدی) برابری، دعویٰ کرنا، للکارنا۔
تحدیب (ع۔ حدب) ابھارنا اور کبڑا کرنا۔
تحدید (ع۔ حد) تیز کرنا، حد لگانا، حد باندھنا۔
تحدیق (ع۔ حدق) تیز دیکھنا۔
تحذیر (ع۔ حذر) ڈرانا۔
تحذلق (ع۔ حذلق) عقلمندی کا دعویٰ کرنا۔
تحرز (ع۔ حرز) پرہیز کرنا، دور رہنا، بچنا۔
تحرق (ع۔ حرق) جلا ہوا ہونا۔
تحرک (ع۔ حرکت) ہلنا۔
تحرم (ع۔ حرم) حرمت رکھنا۔

تحری : (تحرّ ۔ ری) (ع ث) ڈھونڈھنا ۔ بہتری ڈھونڈھنا ۔

تحریر (ع ۔ مذ) لکھوانا ۔ عبارت بنانا ۔

تحریر (ع ۔ مذ) الفاظ اکثر ۔ جمع تحاریر ، تحریرات لکھنا ۔

تحریش (ع ۔ مذ) لوگوں میں لڑائی ڈالنا ۔

تحریص (ع ۔ مذ) لالچ دلانا ۔ شغف میں ڈالنا ۔

تحریض (ع ۔ مذ) جنگ پر ابھارنا ۔ ورغلانا ۔

تحریف (ع ۔ مذ) بات کا الٹ بدلنا ۔

تحریق (ع ۔ مذ) بہت جلانا ۔

تحریک (ع ۔ مذ) جنبش ، شغف ، کوشش ، جمع تحریکات ، ہلانا ۔

تحریم (ع ۔ مذ) محترم کرنا ، حرام کرنا ۔

تحریمہ (ع ۔ مث) تکبیر ، نیت نماز ۔

تحزن (تحزّ ۔ زُن) رنجیدہ ہونا ۔

تحزیز (ع ۔ مذ) تیز کرنا ۔

تحزین (ع ۔ مذ) رنجیدہ کرنا ۔ حزین آواز سے پڑھنا ۔

تحسر (تحسّ ۔ سُر) حسرت کرنا ۔ افسوس کرنا ۔

تحسیر (ع ۔ مذ) حسرت میں ڈالنا ۔ آزردہ کرنا ۔

تحسین (ع ۔ مذ) سراہنا ۔ تعریف کرنا ۔

تحشم (تحشّ ۔ شُم) غصہ دکھانا ۔ نوکر چاکر والا ہونا ۔

تحشیر (ع ۔ مذ) اہل و عیال کو نفقہ پورا نہ دینا ۔

تحشیہ (ع ۔ مذ) حاشیہ لکھنا ۔

تحصن (تحصّ ۔ صُن) قلعہ بند ہونا ۔

تحصی (ع ۔ مذ) گھیرا گیا ۔ احاطہ کیا گیا ۔

تحصیل (ع ۔ مذ) لینا ۔ حاصل کرنا ۔ جمع کرنا ۔

تحصیلات (ع ۔ جمع ۔ لات) تحصیل کی جمع ، تحصیلیں جو جمع کی گئی ہوں ۔

تحصین (ع ۔ مذ) شہر پناہ کھینچنا ۔

تحضیض (ع ۔ مذ) ورغلانا ۔ برانگیختہ کرنا ۔

تحفظ (ع ۔ تحفّ ۔ ظُ) نگہبانی ۔ حفاظت ۔

تحفہ (ع ۔ مذ) نادر ، انوکھا ، سوغات ، جمع تحائف ، تحف ، تحفجات ۔

تحفی (تحفّ ۔ فی) مہربانی رکھنا ۔

تحفیظ (ع ۔ مذ) یاد کرانا ۔

تحقق (تحقّ ۔ قُق) ثابت ہونا ۔ درست ہونا ۔

تحقیر (ع ۔ مذ) ذلیل کرنا ۔ حقیر جاننا ۔

تحقیق (ع ۔ مث) کھوج ، جمع تحقیقات ، دریافت ، حقیقت جاننا ۔

تحکم (تحکّ ۔ کُم) حکومت کرنا ۔

تحکیم (ع ۔ مذ) پنچ بنانا ، حاکم بنانا ۔

تحلاق (ع ۔ مذ) سرمہ دان ۔

تحلب (تحلّ ۔ لُب) پسینہ یا پانی بہنا ۔

تحلل (تحلّ ۔ لُل) تحلیل کرنا ہو جانا ۔

تحلم (تحلّ ۔ لُم) حلم ظاہر کرنا ، سوتا ہونا ۔

تحلی (تحلّ ۔ لی) زیور پہننا ، آراستہ ہونا ۔

تحلیف (ع ۔ مذ) قسم دینا ، حلف اٹھوانا ۔

تحلیق (ع ۔ مذ) اُڑتے گول گھومنا ، حلق تک بھرنا ۔

تحلیل (ع ۔ مذ) حلال کرنا ، گھلا ڈالنا ۔

تحلیم (ع ۔ مذ) بردباری کرنا ۔

تحلیہ (ع ۔ مذ) چمکانا ، تعریف کرنا ، زیور پہنانا ۔

تحمق (تحمّ ۔ مُق) احمق ہونا ۔

تحمل (تحمّ ۔ مُل) برداشت ، بردباری ، اٹھانا ۔

تحمید (ع ۔ مذ) حمد کرنا ، سراہنا ۔

تحمیر (ع ۔ مذ) بالوں کا جوڑا باندھنا ۔

تحمیق (ع ۔ مذ) احمق بنانا ۔

تحمیل (ع ۔ مذ) حوالہ کرنا ۔

تحنط (تحنّ ۔ نُط) مُردہ کو خوشبو ملنا ، بوجھ لادنا ۔

تحنف (تحنّ ۔ نُف) سیدھی راہ چلنا ، بہترین مذہب پر چلنا ۔

تحنن (تحنّ ۔ نُن) مہربانی کرنا ۔

تحنی (تحنّ ۔ نی) ٹیڑھا ہونا ، خم ہونا ۔

تحنیط (ع ۔ مذ) مُردے کے خوشبو دار دوا لگانا ۔

تحور (تحوّ ۔ وُر) جلدی کرنا ، منعطف کرنا ۔

تحول (تحوّ ۔ وُل) ایک سے دوسری جگہ جانا ، حوالہ ہونا ۔

تحویلہ (ع ۔ یلہ) دوبارہ جانا۔
تحویلدار (ع ۔ ف) منشی یا منشی آفسر، سپرد کی ہوئی اشیا کا۔
تحویلدار (ع ۔ بدل ۔ وزار) خزانچی۔
تحیت (ع ۔ مؤ) پیغام سلام، بادشاہی، جمع تحیات۔
تحیر (ع ۔ حیرت) حیران، بھونچکا ہونا۔
تحیین (ع ۔ تحیُّن) وقت تاکنا۔
تحیہ (ع ۔ تحیّہ) دیکھو تحیت۔
تخبیر (ع ۔ بخیر) سرمست کرنا۔
تخارج (ع ۔ تخا ۔ رُج) تقسیم ہونا۔
تخاصم (ع ۔ تخا ۔ صُم) آپس میں دشمنی کرنا۔
تخافت (ع ۔ تخا ۔ فُت) پوشیدہ کہنا، راز بتانا۔
تخالج (ع ۔ تخا ۔ لُج) دل میں شک آنا۔
تخالص (ع ۔ تخا ۔ لُص) آزادی۔
تخالف (ع ۔ تخا ۔ لُف) مخالفت، دو رنگی۔
تخاوف (ع ۔ تخا ۔ وُف) آپس میں خوف کھانا۔
تخبط (ع ۔ تخ ۔ بُّط) بے راہ چلنا، جن کا چڑھ کر دیوانہ کر دینا۔
تخت (ف ۔ ت) تخت شاہی، بیٹھنے کی چوکی۔
تخت گاہ (ف ۔ ت) پایۂ تخت، راجدھانی۔
تختم (ع ۔ تخ ۔ تُّم) انگوٹھی انگلی میں ڈالنا۔
تخت نشین (ف ۔ ت ۔ نشین) بادشاہ، تخت پر بیٹھنے والا۔
تخت نشینی (ف ۔ ت ۔ نشی ۔ نی) بادشاہ ہونا۔
تختہ (ف ۔ تہ) لکڑی کا کوئی تختہ، تابوت۔
تخت یا تختہ (ف ۔ ت ۔ یا ۔ ف ۔ تہ) تخت شاہی یا تابوت۔
تختۂ اول (ف ۔ تہ ۔ ا ۔ وّل) لوح محفوظ۔
تختہ بند (ف ۔ تہ ۔ بند) ٹوٹی ہڈی کی باندھنے کی تختی۔
تختۂ نرد (ف ۔ تہ ۔ نرد) چوسر یا شطرنجی۔
تختی (ف ۔ تی) لکھنے کی تختی، چھوٹا تختہ۔

تخجیل (ع ۔ تخ ۔ جیل) شرمندہ کرنا۔
تخدر (ع ۔ تخ ۔ دُّر) کھال سن پڑ جانا، بدن سن ہو جانا۔
تخدیر (ع ۔ تخ ۔ دیر) عورت کو پردے میں بٹھانا، عضو سن کر دینا۔
تخرج (ع ۔ تخ ۔ رُّج) علم سیکھ لینا، ادب پانا۔
تخرجہ (ع ۔ تخ ۔ رجہ) غار کرنا، نکالنا۔
تخرق (ع ۔ تخ ۔ رُّق) پھٹا ہونا، جھوٹ بولنا۔
تخریب (ع ۔ تخ ۔ ریب) بگاڑنا، خراب کرنا۔
تخریج (ع ۔ تخ ۔ ریج) باہر لانا، ادب دینا۔
تخریق (ع ۔ تخ ۔ ریق) چیرنا، پھاڑنا۔
تخسیر (ع ۔ تخ ۔ سیر) کمی، ہلاک کرنا۔
تخشب (ع ۔ تخ ۔ شُّب) سخت ہونا، صبر کرنا، پالنا۔
تخشع (ع ۔ تخ ۔ شُّع) عاجزی کرنا۔
تخشیدن (ف ۔ تخ ۔ شی ۔ دن) ڈرنا، دہشت۔
تخصیص (ع ۔ تخ ۔ صیص) خصوصیت، خاص کرنا۔
تخضع (ع ۔ تخ ۔ ضُّع) عاجزی کرنا۔
تخضیر (ع ۔ تخ ۔ ضیر) ہرا کرنا، سبز کرنا۔
تخطف (ع ۔ تخ ۔ طُّف) اچک لے جانا۔
تخطئہ (ع ۔ تخ ۔ طئہ) خطا سے منسوب کرنا، جھٹلانا۔
تخطیہ (ع ۔ تخ ۔ طیہ) خطا کرنا۔
تخفیر (ع ۔ تخ ۔ فیر) شرمندہ کرنا۔
تخفیف (ع ۔ تخ ۔ فیف) کمی، ہلکا کرنا۔
تخلخل (ع ۔ تخ ۔ لُخ ۔ لُل) بکھر جانا۔
تخلص (ع ۔ تخ ۔ لُّص) چھٹکارا، شاعر کا وہ مختصر نام جو کسی مناسبت سے شعر میں اختیار کیا جاوے۔
تخلع (ع ۔ تخ ۔ لُّع) ٹکڑے ہونا، پراگندہ ہونا۔
تخلف (ع ۔ تخ ۔ لُّف) وعدہ خلافی کرنا، پیچھے رہنا۔
تخلق (ع ۔ تخ ۔ لُّق) عادت ڈالنا، خوش خو ہونا۔
تخلل (ع ۔ تخ ۔ لُّل) خرابی، خلل پڑنا۔
تخلی (ع ۔ تخ ۔ لّی) خالی ہونا۔

تخلید (تَخ-لِید) ہمیشگی کرنا، کان میں پہنانا۔
تخلیص (تَخ-لِیص) خلاص کرنا، چھڑانا۔
تخلیط (تَخ-لِیط) کلام میں باطل ملانا۔
تخلیع (تَخ-لِیع) اکھاڑ دینا، جدا کرنا۔
تخلیق (تَخ-لِیق) پیدا کرنا۔
تخلیل (تَخ-لِیل) خلال کرنا، سرکہ ڈالنا۔
تخلیہ (تَخ-لِیَہ) خالی کرنا، چھوڑ دینا۔
تخم (تُخ م) بیج، انڈا، جمع تخوم، تخمہ۔
تخماق (تُخ-ماق) کاٹی، بھوسا وغیرہ کوٹنے کی موگری۔
تخمر (تَخَم-مُر) چادر وغیرہ اوڑھنا۔
تخم ریزی (تُخم-رے-زی) بیج کی بوائی۔
تخمہ (تُخ-مَہ) بد ہضمی، اصل میں تُخَمَۃ، ثقل کے ساتھ، بعض نے بھی تخمات، تخم۔
تخمہ در تخمہ (تُخ-مَہ دَر تُخ-مَہ) نسلاً بعد نسل۔
تخمی (تَخ-مِی) تخمینہ لگانا، (تُخ-مِی) تخم سے منسوب، بیج کا۔
تخمیر (تَخ-مِیر) خمیر اٹھانا۔
تخمیس (تَخ-مِیس) پانچ کرنا۔
تخمین (تَخ-مِین) اندازہ کرنا۔
تخمیناً (تَخ-مِی-نَن) اٹکل سے۔
تخمینہ (تَخ-مِی-نَہ) اٹکل، اندازہ۔
تخوخہ (تَخَو-خُہ) خمیر کھٹا ہونا۔
تخوف (تَخَو-وُف) ڈرنا۔
تخون (تَخَو-وُن) کسی کا حق گھٹانا۔
تخویف (تَخ-وِیف) ڈرانا۔
تخوین (تَخ-وِین) خیانت سے منسوب کرنا۔
تخیل (تَخَی-یُل) خیال میں لانا۔
تخییر (تَخ-یِیر) اختیار کرنا۔
تخییل (تَخ-یِیل) دھیان کرنا، خیال لانا۔
تداخل (تَدا-خُل) ایک شے بجسم ہوئے بغیر دوسری کو لے لینا، باہم مل جانا۔
تدارک (تَدا-رُک) بدلہ، چارۂ کار، علاج کرنا۔
تداعی (تَدا-عِی) ایک دوسرے کو بلانا۔
تدافع (تَدا-فُع) ایک دوسرے کو ہٹانا۔
تداول (تَدا-وُل) دست بدست پھرنا۔
تداوی (تَدا-وِی) دوا دارو کرنا۔
تدبر (تَدَب-بُر) بات کا پیچھا سوچنا۔
تدبیر (تَد-بِیر) انجام کار پر غور، علاج، جمع تدابیر۔
تدثر (تَدَث-ثُر) چھپنا، پوشیدہ ہونا۔
تدخین (تَد-خِین) دھواں کرنا۔
تدرج (تَدَر-رُج) رفتہ رفتہ ہونا۔
تدریس (تَد-رِیس) پڑھانا۔
تدسیہ (تَد-سِیَہ) گمراہ کرنا، تباہ کرنا۔
تدفین (تَد-فِین) دفنانا، دابنا۔
تدقیق (تَد-قِیق) باریک کرنا، خوب کوٹنا۔
تدلک (تَدَل-لُک) خود کو ملنا۔
تدلل (تَدَل-لُل) باہم ناز کرنا۔
تدلی (تَدَل-لِی) بہت نزدیک ہونا، لٹکا ہونا، لٹکنا۔
تدلیس (تَد-لِیس) دغا، کسی کی نظر بچانا۔
تدمیر (تَد-مِیر) ہلاکت میں ڈالنا۔
تدنس (تَدَن-نُس) میلا ہونا۔
تدنی (تَدَن-نِی) آہستہ آہستہ نزدیک ہونا۔
تدنیس (تَد-نِیس) میلا کرنا۔
تدقیق (تَد-قِیق) نظرِ غور سے دیکھنا، کام کی دیکھ بھال کرنا۔
تدویخ (تَد-وِیخ) شہروں شہروں پھرنا، رام کرنا۔
تدویر (تَد-وِیر) گرد پھرنا۔
تدوین (تَد-وِین) جمع کرنا، تالیف کرنا۔
تدہن، تدہین (تَدَہ-ہُن، تَد-ہِین) تیل چپڑنا۔
تدین (تَدَی-یُن) دیانت داری، دینداری۔
تذبذب (تَذَب-ذُب) ڈگمگانا، تردد کرنا۔

تذرو (تَذَرْ - وْ) ایک نہایت خوبصورت جنگلی پرند۔

تذریق (تَذْ - رِیْق) دودھ میں پانی ملانا۔

تذکار (تَذْ - کَار) یادگار، دیر پا۔

تذکر (تَذَکْ - کُرْ) یاد کرنا، یاد آجانا۔

تذکرہ (تَذْ - کِرَہ) ذکر، یادداشت، یادگار، پروانۂ راہداری کا ٹکٹ، نشانی۔

تذکرۃً (تَذْ - کِرَ - تَنْ) بطور تذکرہ۔

تذکیر (تَذْ - کِیْر) مذکر کرنا، یاد دلانا، نصیحت کرنا۔

تذکیہ (تَذْ - کِیَہ) حلق کا کاٹنا، ذبح کرنا۔

تذلل (تَذَلْ - لُلْ) رام ہونا، عاجزی کرنا۔

تذلیق (تَذْ - لِیْق) تیز کرنا۔

تذلیل (تَذْ - لِیْل) بے عزت کرنا، ذلیل کرنا۔

تذہیب (تَذْ - ہِیْب) طلا چڑھانا۔

تذہیب یا تذہیبا (تَذْ - ہِیْ - بَا) سونے کا جھول چڑھانا۔

تذییل (تَذْ - یِیْل) ایک چیز کا دوسری چیز پر دامن لگانا۔

تر (تَرْ) تازہ، نیا، آبدار، صاف، پاکیزہ، بھیگا، لتھڑا، شیریں، کلمۂ تفضیل، زیادہ۔

ترا (تَرَا) تجھکو، تیرا، مضبوط دیوار۔

تراب (تُرَاب) مٹی، زمین، خاک

ترابخدا (تُرَا - بخدا) تجھے خدا کی قسم۔

ترابی (تُرَا - بِی) منسوب بہ تراب، مٹی کا۔

ترابیدن (تَرَا - بِیْ - دَن) دیکھو تراویدن۔

ترابیزہ (تَرَا - بِیْ - زَہ) [illegible]

تراج (تُرَاج) دیکھو تاراج۔

تراجع (تَرَا - جُعْ) واپس پھرنا، منقلب ہونا۔

تراجم (تَرَا - جِمْ) ترجمہ کی جمع۔

تراحم (تَرَا - حُمْ) باہم رحم کرنا۔

تراخی (تَرَا - خِیْ) کاہلی، تقصیر کرنا، دیر کرنا۔

ترادف (تَرَا - دُفْ) آگے پیچھے آنا، ہم معنی ہونا۔

تراز (تَرَاز) دیکھو طراز۔

ترازو (تَرَا - زُو) تولنے کا کانٹا، تل باٹ۔

ترازیدن (تَرَا - زِیْ - دَن) دیکھو طرازیدن۔

تراژدی (فرانسیسی) یونانی، حزنیہ یا المیہ قصہ یا نظم، ترجمہ۔

تراسل (تَرَا - سُلْ) آپس میں خط بھیجنا۔

تراش (تراشیدن کا امر) کاٹ، ترشوا، کٹاؤ، وضع، نقش، چھیلنے والا۔

تراشندہ (تَرَا - شَنْ - دَہ) چھیلنے والا، کاٹنے والا، کترنے والا۔

تراشہ (تَرَا - شَہ) چھیلن، کترن، کترن۔

تراشیدن (تَرَا - شِیْ - دَن) اترنا، کاٹنا، چھیلنا، مضارع تراشد۔

تراشیدنی (تَرَا - شِیْ - دَنِیْ) کاٹنے کے لائق۔

تراشیدہ (تَرَا - شِیْ - دَہ) کاٹا ہوا، چھیلا ہوا، گھڑا ہوا۔

تراضی (تَرَاضِیْ، تَرَا - ضِیْ) باہم ایک دوسرے سے راضی ہونا۔

تراقی (تَرَا - قِیْ) ترقوہ کی جمع۔

تراکم (تَرَا - کُمْ) جمگھٹ، ہجوم، انبوہ۔

تراکیب (تَرَا - کِیْب) ترکیب کی جمع۔

تراخی (تَرَا - خِیْ) آہستہ، سستی کرنا، تاخیر کرنا۔

ترانہ (تَرَا - نَہ) راگ، گیت۔

تراوت (تَرَا - وَتْ) تری، تازگی۔

تراوش (تَرَا - وِشْ) ٹپکنا، رِسنا۔

تراوندہ (تَرَا - وَنْ - دَہ) ٹپکنے والا۔

تراویح (تَرَا - وِیْح) ترویحہ کی جمع۔

تراویدن (تَرَا - وِیْ - دَن) ٹپکنا، رِسنا، مضارع تراود۔

تراویدنی (تَرَا - وِیْ - دَنِیْ) ٹپکنے کے لائق۔

تراویدہ (تَرَا - وِیْ - دَہ) ٹپکا ہوا، رِسا ہوا۔

تراہی (تَرَا - ہِیْ) تباہی، تباہ ہونا۔

ترائب (تَرَا۔ ءِب) تریبہ کی جمع۔
ترائیدن (فا۔ اِی۔ دَن) دیکھو تراویدن۔
ترب (تِرْ۔ ب) ہمعمر، ہجولی، ج۔ اَتراب۔ (تَرِ۔ ب) مفلس، (تُرْ۔ ب) مٹی، خاک اور گرد ج۔ اَتربہ، تُرْبان۔
تربت (تُرْ۔ بَتْ) قبر، مٹی، زمین۔
تربد (تَرْ۔ بُّد) ہوا بھیگی ہونا، ترشرو ہونا، چہرہ متغیر ہونا (تُرْ۔ بُدْ) نام دست آور دوا، نِسوت۔
تربز (تَرْ۔ بُزْ) تربوز، خیار واشنہ، تخب۔
تربزہ (تَرْ۔ بُزَہْ) سول (تَرْ۔ بُزَہْ) تربوز۔
تربص (تَرَ۔ بُّصْ) ڈھیل، امیدوار رکھنا۔
تربیت (تَرْ۔ بِیَتْ) پرورش کرنا، پالنا۔
تربیع (تَرْ۔ بِیعْ) چار حصوں میں تقسیم کرنا۔
ترتب (تَرَ۔ تُّبْ) ٹھیک اور راست ہونا۔
ترت ومرت (تُرْتْ۔ مُرْتْ) تتر بتر، زیر و زبر۔
ترتیب (تَرْ۔ تِیبْ) موزوں جگہ پر رکھنا، حسب درجہ ٹھیک کرنا۔
ترتیل (تَرْ۔ تِیلْ) آہستہ اور صاف کھول کر پڑھنا۔
ترجل (تَرَ۔ جُّلْ) پیدل چلنا۔
ترجم (تَرَ۔ جُّمْ) دوسری زبان میں مطلب بدلنا۔
ترجمان (تَرْ۔ جُمَانْ) ایک کی بولی دوسرے کو سمجھانے والا۔
ترجمانی (تَرْ۔ جُمَا۔ نِی) منسوب بہ ترجمان۔
ترجمہ (تَرْ۔ جُمَہْ) دوسری زبان میں بدلنا یا بیان کرنا ج۔ تراجم۔
ترجی (تَرَ۔ جِّی) امید رکھنا۔
ترجیب (تَرْ۔ جِیبْ) بزرگ رکھنا، شان رکھنا۔
ترجیح (تَرْ۔ جِیحْ) غالب ہونا، افزوں ہونا، جھکنا۔
ترجیع (تَرْ۔ جِیعْ) انا للہ و انا الیہ راجعون پڑھنا، واپس پھیرنا۔
ترجیل (تَرْ۔ جِیلْ) چھوڑنا۔

ترجیہ (تَرْ۔ جِیَہْ) امیدوار کرنا، امیدوار رکھنا۔
ترح (تَرَ۔ حْ) رنج، غم۔
ترحال (تَرْ۔ حَالْ) کوچ کرنا۔
ترحب (تَرَ۔ حُّبْ) مرحبا کہنا۔
ترحل (تَرَ۔ حُّلْ) کوچ کرنا۔
ترحم (تَرَ۔ حُّمْ) رحم کرنا، ترس کھانا۔
ترحی (تَرَ۔ حِّی) اکٹھا ہونا۔
ترحیب (تَرْ۔ حِیبْ) تعظیم، مرحبا کہنا۔
ترحیل (تَرْ۔ حِیلْ) کوچ کرنا۔
ترخان (تَرْ۔ خَانْ) جس کی شخصیت قانون سے بالا ہو۔
ترخص (تَرَ۔ خُّصْ) آسانی کرنا، رخصت پانا۔
ترخیص (تَرْ۔ خِیصْ) اجازت دینا، رخصت دینا۔
ترخیم (تَرْ۔ خِیمْ) نرم بنانا، کلمہ کا آخر حرف گرانا۔
تردامن (تَرْ۔ دَا۔ مَنْ) گنہگار۔
تردامنی (تَرْ۔ دَا۔ مَنِی) گنہگاری۔
تردد (تَرَ۔ دُّدْ) فکر، الجھن، آمد و رفت۔
تردست (تَرْ۔ دَسْتْ) چست و چالاک، مشاق۔
تردستی (تَرْ۔ دَسْ۔ تِی) مشاقی۔
تردماغ (تَرْ۔ دِ۔ مَاغْ) عقلمند، سرمست۔
تردی (تَرَ۔ دِّی) گڑھے میں گر جانا، ڈوبنا۔
تردید (تَرْ۔ دِیدْ) رد کرنا، کسی بات کا جواب دینا۔
تردیف (تَرْ۔ دِیفْ) اپنے پیچھے سوار کرنا۔
ترزبان (تَرْ۔ زَ۔ بَانْ) خوش کلام۔
ترزبانی (تَرْ۔ زَ۔ بَا۔ نِی) خوش کلامی۔
ترس (تَرْسْ) ڈر، ڈرنے والا (تُرْسْ) ڈھال ج۔ تُرُوس، تِراس، اَتراس۔
ترسا (تَرْ۔ سَا) آتش پرست، نصرانی، ۲۔ ڈرنے والا۔
ترساں (تَرْ۔ سَاں) ڈرتا ہوا، ڈرنے والا۔
ترسانیدن (تَرْ۔ سَا۔ نِی۔ دَنْ) ڈرانا۔
ترسل (تَرَ۔ سُّلْ) مکتوب، خطوط سادہ لکھنا۔
ترسناک (تَرْسْ۔ نَاکْ) ڈرا ہوا۔

ترسندہ (تَرْ-سِن-دَہ) ڈرنے والا۔
ترسیدن (تَرْ-سی-دَن) ڈرنا۔ مضع ترسد۔
ترسیدہ (تَرْ-سی-دَہ) ڈرا ہوا۔
ترسیل (تَرْ-سِیل) روانہ کرنا، بھیجنا۔
ترش (تُرْش) کھٹا، ترش۔
ترشح (تَ-رَشْ-شُح) رطوبت کا ٹپکاؤ، ٹپکنا۔
ترش رو (تُرْش-رُو) بدمزاج۔
ترش روئی (تُرْش-رُو-ئی) بدمزاجی۔
ترشہ (تُرْ-شَہ) چوکا، حماض، ایک کھٹی گھاس۔
ترشی (تُرْ-شی) کھٹائی، ناراضی۔
ترشیح (تَرْ-شِیح) پانی دینا، نام صنعت شاعری۔
ترشیش (تَرْ-شِیش) مینہ کا چھینٹا، پھوار۔
ترصد (تَ-رَصْ-صُد) امید رکھنا، گھات لگانا۔
ترصیص (تَرْ-صِیص) مضبوط بنانا۔
ترصیع (تَرْ-صِیع) جواہر جڑنا، مقفی عبارت لکھنا۔
ترضی یا ترضیہ (تَ-رَضْ-ضی، تَرْ-ضِیَہ) راضی کرنا، خوشنود کرنا۔
ترطیب (تَرْ-طِیب) تر کرنا، مزاج میں تری لانا۔
ترعہ (تُرْ-عَہ) حوض یا بھرا ہوا برتن۔
ترعرع (تَ-رَعْ-رُع) بچے کا بڑھنا۔
ترعہ (تُرْ-عَہ) نہر، سبزہ زار، جمع **ترع**۔
ترغاق، ترغاک (تُرْ-غاق، تُرْ-غاک) [illegible]
پاسبانی انگیا ٹوپی۔
ترغیب (تَرْ-غِیب) رغبت دلانا، لالچ دینا۔
ترف (تَ-رَف) [illegible] کی تازگی۔
ترفان (تُرْ-فان) ترجمان۔
ترفع (تَ-رَفْ-فُع) گھمنڈ کرنا، بلندی ڈھونڈنا۔
ترفق (تَ-رَفْ-فُق) نرمی دکھلانا، مہربانی کرنا۔
ترفہ (تُرْ-فَہ) [illegible]، نادری۔
ترفیہ (تَرْ-فِیہ) آسودگی، آسائش دینا۔
ترقب (تَ-رَقْ-قُب) امید، انتظار۔
ترقوہ (تَرْ-قُوَہ) ہنسلی کی ہڈی جمع **تراقی**۔

ترقی (تَ-رَقْ-قی) اوپر چڑھنا، اونچا ہونا۔
ترقیدن (تَرَ-قی-دَن) بمعنی ترکیدن مضع **ترقد**۔
ترقیص (تَرْ-قِیص) رقص کرانا، نچوانا۔
ترقیع (تَرْ-قِیع) ٹکڑے ٹکڑے جوڑنا۔
ترقیق (تَرْ-قِیق) رقیق کرنا، باریک کرنا۔
ترقیم (تَرْ-قِیم) لکھنا، رقم کرنا۔
ترقین (تَرْ-قِین) کتابت کا صفحہ، **تصحیح** اور اعراب
لگانا، کتاب کی آرائش کرنا، مبتدی کا نقش بنانا۔
ترک (تَرْک) ۱۔ چھوڑ دینا۔ ۲۔ ٹوپی (تَرْک)؛
[illegible] خود، کنٹوپ، [illegible]، قلہ، [illegible]۔
(تُرْک) ایک قوم کا نام، غلام، محبوب جمع
اتراک، ملک ترکستان۔
ترکان (تُرْ-کان) ترکی بیویوں کا لقب، [illegible]
ترک کی فارسی جمع۔
ترکانہ (تُرْ-کا-نَہ) ترک سے منسوب۔
ترکتاز (تُرْک-تاز) دوڑ دھوپ، لوٹ مار۔
ترکش (تَرْ-کَش) تیر رکھنے کا خانہ۔
ترکمان (تُرْک-مان) تاتاری ترکوں کی ایک قوم کا نام۔
ترکنندہ (تَرْک-کُن-نَ-دَہ) ترک کرنے والا۔
ترکہ (تَرْ-کَہ) متوفی کا چھوڑا ہوا مال، (تَرْ-کَہ)
سبزی کا ڈال جو ترکاری کو ملے، خرد۔
ترکی (تُرْ-کی) ترکوں کی زبان، نام ملک، مغربی ایشیا۔
ترکیب (تَرْ-کِیب) جوڑنا، ملاوٹ، ملانا؛
جمع **تراکیب**۔
ترکیبی (تَرْ-کِی-بی) [illegible] طرز ترکیب۔
ترکیدن (تَرَ-کی-دَن) شق ہونا، پھٹنا
مضع **ترکد**۔
ترکیدہ (تَرَ-کی-دَہ) پھٹا ہوا۔
ترمس (تُرْ-مُس) باقلا مصری جو ایک دانہ ہے۔
ترمیل (تَرْ-مِیل) خون آلودہ کرنا۔
ترمیم (تَرْ-مِیم) مرمت کرنا۔

ترنا (تَر۔نا) سیوتی کا پھول۔
ترنابہ (تَر۔نا۔بَہ) روٹی سالن۔
ترنج (تُرَنْج) لیموں، میٹھا، سردٹ۔
ترنجبین (تُرَنْج۔بِین) ایک میٹھی چیز جو جھاڑیوں پر جمی ہوتی ہے ملک شام اور ترکستان میں پیدا ہوتی ہے۔
ترنجیدن (تُرَنْ۔جی۔دَن) ف۔ آزردہ ہونا، شکن پڑنا۔
ترنجیدہ (تُرَنْ۔جی۔دَہ) ف۔ آزردہ، شکن پڑا ہوا۔
ترنج (تَرَنْ۔ج) جھومنا۔
ترنگ (تَرَنگ) کمان کی کڑک۔
ترنگبین (تُرَنگ۔بِین) دیکھو ترنجبین۔
ترنم (تَرَنْ۔نُم) راگ، گیت گانا۔
ترنوازی (تَر۔نَوا۔زی) خوش گلوئی۔
تروتازہ (تَر۔و۔تا۔زَہ) نیا، تازہ، خوش۔
ترویج (تَر۔وِیج) چلانا، رواج دینا۔
ترویح (تَر۔وِیح) راحت دینا، بہانا، جمع تراویح۔
ترویع (تَر۔وِیع) تخویف کرنا۔
ترویق (تَر۔وِیق) چھاننا، چھلنی لگانا۔
ترویل (تَر۔وِیل) رونق بخشنا۔
ترہ (تُرَّہ؛ تُرَہ) بچہ، ساگ، پات؛ (تُرَّہ) کہنا، بیہودہ، باطل۔
ترہب (تَرَہْ۔ہُب) راہب ہونا۔
ترہات (تُرَّ۔ہات) بے تکی جھوٹی بیہودہ باتیں جمع تُرَّہات۔
ترہیب (تَر۔ہِیب) ڈرانا۔
تری (تَرِی) اصفہانی، آبداری۔
تریاق (تِر۔یاق) زہر مہرہ، زہر کی دوا۔
تریاک (تِر۔یاک) افیون، تریاق۔
تریاکی (تِر۔یا۔کی) افیونی۔
تریان (تُر۔یان) ڈولی، ڈول، سبد، الٹی۔
تریب (تُرِیب) بیکی۔
تریبہ (تَرِی۔بَہ) سینہ، سینہ کی ہڈی جمع تَرائِب۔

تریدان (تَرِی۔دان) م بھاگی، معظم [illegible]، تمرد [illegible] کھینچا [illegible]۔
تریش (تَرِیش) بکھرا تفصیل، زیادہ بچھاؤں کا ایک ترقہ۔
تزاحم (تَزا۔حُم) اژدحام، ہجوم، بھیڑ کرنا۔
تزاور (تَزا۔وُر) عزوت کرنا، میل کرنا۔
تزاید (تَزا۔یُد) افزون ہونا، بڑھنا۔
تزجیہ (تَز۔جِیَہ) جھڑکی دینا۔
تزحزح (تَزَح۔زُح) ٹلنا، جگہ سے ہٹنا، کسی چیز کی جگہ بدل دینا۔
تزریق (تَز۔رِیق) ریا، نفاق، دورنگی۔
تزعزع (تَزَع۔زُع) جنبش کرنا، ہلنا۔
تزعیف (تَز۔عِیف) بیاں کرنا۔
تزک (تُزُک) ترتیب، انتظام، قانون، شان، بادشاہوں کا خود نوشت واقعہ۔
تزکیہ (تَز۔کِیَہ) پاک کرنا، زکوٰۃ دینا۔
تزلزل (تَزَل۔زُل) بھونچال آنا، ڈگمگانا۔
تزلل (تَزَل۔لُل) لرزنا، لڑکھڑانا۔
تزمیر (تَز۔مِیر) بانسری بجانا۔
تزمیل (تَز۔مِیل) کپڑے میں لپٹنا۔
تزوج (تَزَو۔وُج) بیاہ کرنا، شوہر کرنا۔
تزود (تَزَو۔وُد) توشہ بغل میں لینا۔
تزویج (تَز۔وِیج) جوڑا ملانا، [illegible]۔
تزویر (تَز۔وِیر) مکر و فریب کرنا۔
تزویق (تَز۔وِیق) سجانا، کتاب درست کرنا۔
تزہد (تَزَہ۔ہُد) عبادت کرنا۔
تزییف (تَز۔یِیف) کھوٹا کرنا۔
تزین (تَزَی۔یُن) آراستہ ہونا، خود کو سجانا۔
تزئین (تَز۔ئِین) زینت دینا، سنوارنا، آراستہ کرنا۔
تس (تُس) پھسکی، گوز بے صدا۔

تسابق (تَ۔ بُق) ایک دوسرے کے آگے ہونا۔
تساند (تَسا۔ نُد) باہم دوسروں کا باہم حقیقی کرنا۔
تساقط (تَسا۔ قُط) ایک دوسرے پر گر پڑنا۔
تساکر (تَ۔ کُر) جھوٹ موٹ نشہ میں ہونا۔
تسالم (تَ۔ لُم) آپس میں صلح کرنا۔
تسامح (تَ۔ مُح) چشم پوشی، بے پروائی کرنا، آسان کرنا۔
تساوی (تَ۔ وی) برابری، برابر ہونا۔
تساہل (تَسا۔ ہُل) نرمی برتنا، غفلت کرنا، سہل سمجھنا۔
تساہم (تَ۔ ہُم) باہم قرعہ ڈالنا۔
تسبب (تَسَب۔ بُب) سبب بننا۔
تسبیح (تَس۔ بیح) سبحان اللہ کہنا، خدا کو پاکی سے یاد کرنا۔
تسطیح (تَس۔ طیح) سپاٹ، سطح کرنا۔
تستر (تَسَت۔ تُر) پوشیدہ ہونا، چھپنا۔
تسجیر (تَس۔ جیر) زیر کرنا، قبضہ، پردہ ڈالنا۔
تسجیع (تَس۔ جیع) مسجع کہنا۔
تسجیل (تَس۔ جیل) رجسٹری، قاضی کا حکم لکھنا، تمسک لکھنا۔
تسحیلن (تَس۔ حیلن) جلد جلد بھیجنا، تیز کر بھیجنا۔
تسخر (تَسَخ۔ خُر) بیگار، بیگار لینا۔
تسخی (تَسَخ۔ خی) بخشش کرنا۔
تسخیر (تَس۔ خیر) تابع کرنا، رام کرنا۔
تسخین (تَس۔ خین) گرم کرنا، گرمی پہنچانا، جوش، گرمی۔
تسدید (تَس۔ دید) درست کرنا، مضبوط کرنا۔
تسدیس (تَس۔ دیس) چھ حصوں میں بانٹنا۔
تسریح (تَس۔ ریح) رخصت، جدا کرنا۔
تسری (تَسَر۔ ری) باندی کو بیوی بنانا۔
تسریع (تَس۔ ریع) جلد جانا۔

تسرق (تَسَر۔ رُق) چوری سے منسوب کرنا۔
تسطیح (تَس۔ طیح) ہموار کرنا، سطح بنانا۔
تسطیر (تَس۔ طیر) سطر بندی کرنا، لکھنا۔
تسع (تِس ع، تُسع) نواں حصہ، نویں، تسعہ کا مونث، نو (۹)
تسعون (تِس۔ عُون) نوے (۹۰)
تسعہ (تِس۔ عَہ) نو (۹)
تسعہ عشر (تِس۔ عَہ۔ عَشر) انیس (۱۹)
تسعیر (تَس۔ عیر) نرخ، بھاؤ مقرر کرنا۔
تسعین (تِس۔ عین) [illegible]
تسفہ (تَسَف۔ فُہ) نادانی کرنا۔
تسقیہ (تَس۔ قیہ) پانی دینا، پلانا۔
تسقیف (تَس۔ قیف) چھت پاٹنا۔
تسکین (تَس۔ کین) تشفی، آرام، دلجمعی۔
تسلح (تَسَل۔ لُح) ہتھیار سجنا۔
تسلس (تَسَل۔ لُس) مکاری، عیاری کرنا۔
تسلسل (تَسَل۔ سُل) سلسلہ بندی، لڑی بندھنا۔
تسلط (تَسَل۔ لُط) غلبہ، قابو، حاکم ہونا۔
تسلف (تَسَل۔ لُف) پیشگی قیمت لینا۔
تسلی (تَسَل۔ لی) ڈھارس، دلجمعی۔
تسلیخ (تَس۔ لیخ) کھال کھینچنا۔
تسلیط (تَس۔ لیط) کسی کو کسی پر مقرر کرنا۔
تسلیم (تَس۔ لیم) سلام کرنا، حکم ماننا، سونپنا۔
تسلیمات (تَس۔ لی۔ مات) تسلیم کی جمع، کورنش و سلام۔
تسمہ (تَس۔ مَہ) چمڑے کی پتلی پٹی۔
تسمیت (تَس۔ میت) چھینک پر دعا کرنا۔
تسمیط (تَس۔ میط) [illegible] سے جڑا ہونا۔
تسمیع (تَس۔ میع) سنانا۔
تسمین (تَس۔ مین) فربہ کرنا، موٹا کرنا۔
تسمیہ (تَس۔ میہ) نام رکھنا، بسم اللہ الرحمن الرحیم۔

تسنید (تَس-نِید) تکیہ لگانا، بھروسہ کرنا۔
تس لقسی (تَس-نَق-سی) بہت رہ گئی۔
تسنّن (تَ-سَن-نُن) سنی ہونا، متغیر ہونا۔
تسنیہ (تَس-نِیَہ) آسنا، مزہ بگڑ جانا۔
تسنیم (تَس-نِیم) جنت کی ایک نہر۔
تسوّق (تَ-سَو-وُق) بازار کو جانا، خرید و فروخت کرنا۔
تسوید (تَس-وِید) مسودہ لکھنا، کالا کرنا۔
تسویس (تَس-وِیس) وسواس کرنا۔
تسویغ (تَس-وِیغ) جاری کرنا، جاری رکھنا۔
تسویف (تَس-وِیف) ڈھیل کرنا، وعدہ پورا نہ کرنا، فریب دینا۔
تسویک (تَس-وِیک) مسواک کرنا، دانتن کرنا۔
تسویل (تَس-وِیل) اغوا، اچھی بنانا، آراستہ کرنا۔
تسویم (تَس-وِیم) غارت کرنا، [illegible]۔
تسویہ (تَس-وِیَہ) سیدھا کرنا، برابر کرنا۔
تسہید (تَس-ہِید) بے خواب کرنا۔
تسہّل (تَ-سَہ-ہُل) سہل ہونا، آسان ہونا۔
تسہیل (تَس-ہِیل) سہل کرنا، آسان کرنا۔
تسییر (تَس-یِیر) سیر کرنا۔
تسییر (تَس-یِیر) سیر کرانا، شہر بدر کرنا، جاری کرنا۔
تش (تَش) طشت۔
تشابہ (تَ-شا-بُہ) آپس میں مشابہ ہونا۔
تشابک (تَ-شا-بُک) الجھنا، آپس میں پھنس جانا، ایک چیز کو دوسری میں ملانا۔
تشاتم (تَ-شا-تُم) آپس میں گالی بکنا۔
تشارک (تَ-شا-رُک) شرکت کرنا، ساجھی ہونا۔
تشاعر (تَ-شا-عُر) خود کو شاعر جتانا۔
تشاغل (تَ-شا-غُل) خود کو مشغول کرنا۔
تشاکل (تَ-شا-کُل) آپس میں ہم شکل ہونا۔
تشاکی (تَ-شا-کی) آپس میں گلہ کرنا۔
تشاور (تَ-شا-وُر) آپس میں مشورہ کرنا۔
تشاہد (تَ-شا-ہُد) ملاقات کرنا، باہم حاضر ہونا، آپس میں گواہی دینا۔
تشبّث (تَ-شَب-بُث) چنگل مارنا، جھپٹ مارنا۔
تشبّک (تَ-شَب-بُک) انگلیوں میں انگلیاں ڈالنا۔
تشبّہ (تَ-شَب-بُہ) مشابہ ہونا۔
تشبیب (تَش-بِیب) قصیدے کی تمہید، ممدوح کی تعریف، جو پہلے قصیدے کی تمہید میں لکھتا ہے۔
تشییع (تَش-یِیع) مسافر کو پہنچانے جانا، جنازے کے پیچھے چلنا۔
تشبیک (تَش-بِیک) انگلیاں باہم ڈالنا۔
تشبیہ (تَش-بِیہ) مشابہ کرنا، مثال دینا۔
تشت (تَشت) دیکھو طشت۔
تشت از بام (تَشت-اَز-بام) ظاہر ہونا۔
تشتّت (تَ-شَت-تُت) پراگندگی، پریشانی۔
تشجّع (تَ-شَج-جُع) بہادر بننا۔
تشحیذ (تَش-حِیذ) دھار تیز کرنا۔
تشخّص (تَ-شَخ-خُص) تعین پانا، متعین ہونا۔
تشخیص (تَش-خِیص) بیماری مقرر کرنا، پہچاننا۔
تشدّد (تَ-شَد-دُد) سختی، سخت ہونا۔
تشدید (تَش-دِید) ایک حرف کو دو مرتبہ پڑھنے کی علامت، استوار کرنا، سخت کرنا۔
تشرّب (تَ-شَر-رُب) پینا۔
تشرّع (تَ-شَر-رُع) شریعت پر عمل کرنا۔
تشرّق (تَ-شَر-رُق) سورج کے آگے بیٹھنا۔
تشریح (تَش-رِیح) شرح کرنا، کھول کر سمجھانا، بدن کی ساخت بیان کرنا، جمع تشریحات۔
تشریف (تَش-رِیف) خلعت شاہی، بزرگی، عزت رکھنا، بزرگ کرنا۔
تشریفات (تَش-رِی-فات) جلوس۔
تشریق (تَش-رِیق) مشرق کی طرف جانا، گوشت دھوپ میں سکھانا

تشریک (تَش ۔ رِیک) کسی کو شریک کرنا۔
تشنیع (تَش ۔ نِیع) بے حیائی کرنا، خلافِ شریعت بکنا۔
تشعب (تَشَ ۔ عُّب) شاخ در شاخ ہونا، گروہ در گروہ ہونا۔
تشفع (تَشَ ۔ فُّع) شفاعت کرنا۔
تشفی (تَشَ ۔ فِّی) اشتفا پانا، کسی سے دل خوش ہونا۔
تشقق (تَشَ ۔ قُّق) شق ہونا، پھٹنا۔
تشکک (تَشَ ۔ کُّک) شک میں پڑنا۔
تشکل (تَشَ ۔ کُّل) خوبصورت ہونا، شکل پکڑنا۔
تشکی (تَشَ ۔ کِّی) شکوہ کرنا، گلہ کرنا۔
تشکیک (تَش ۔ کِیک) شک میں ڈالنا۔
تشکیل (تَش ۔ کِیل) شکل بنانا۔
تشمر (تَشَ ۔ مُّر) کام پر مستعد ہونا، کام پر چست ہونا۔
تشمم (تَشَ ۔ مُّم) آہستہ سونگھنا۔
تشمیر (تَش ۔ مِیر) چستی و مستعدی سے اٹھنا۔
تشمیم (تَش ۔ مِیم) سونگھانا۔
تشنج (تَشَ ۔ نُّج) اینٹھن، اکڑن، کھنچنا۔
تشنک (تَش ۔ نُک) ستانا اور ہلانا۔
تشنگی (تِش ۔ نَگی) پیاس۔
تشنن (تَشَ ۔ نُّن) پرانا ہونا۔
تشنہ (تِش ۔ نَہ) پیاسا۔
تشنیج (تَش ۔ نِیج) کھینچنا۔
تشنیع (تَش ۔ نِیع) برا کہنا، لعنت ملامت کرنا۔
تشوش (تَشَ ۔ وُّش) پریشان ہونا، گھبرانا۔
تشوق (تَشَ ۔ وُّق) آرزو مند ہونا، مشتاق ہونا۔
تشویر (تَش ۔ وِیر) غور کرنا، اشارہ کرنا۔
تشویش (تَش ۔ وِیش) پریشانی، فکر میں ڈالنا۔
تشویغ (تَش ۔ وِیغ) دور رکھنا۔
تشویق (تَش ۔ وِیق) شوق دلانا۔
تشویک (تَش ۔ وِیک) کانٹے دیوار پر چننا، مونڈے ہوئے بال نکلنا۔
تشویہ (تَش ۔ وِیہ) خراب کرنا (تَش ۔ رِیہ) اچھوتا۔
تشہد (تَشَ ۔ ہُّد) تحیات کی پڑھائی۔
تشہاد (تَش ۔ ہاد) کلمۂ شہادت پڑھنا۔
تشہی (تَشَ ۔ ہِّی) آرزو مندی چاہنا۔
تشہیر (تَش ۔ ہِیر) برائی سے منسوب کرنا، شہرت دینا۔
تشیخ (تَشَ ۔ یُّخ) شیخ بننا، شیخی بگھارنا۔
تشیع (تَشَ ۔ یُّع) شیعہ مذہب کا ہونا یا دوست داری کا دعویٰ دکھانا۔
تشیب، تشییب (تَشِ ۔ یِّب) تخیل، بڑھاپا آنا، بوڑھا ہونا۔
تصابی (تَصا ۔ بِی) عاشق ہونا۔
تصادف (تَصا ۔ دُف) بلا ارادہ ملاقات۔
تصادق (تَصا ۔ دُق) باہم سچائی سے پیش آنا۔
تصادم (تَصا ۔ دُم) دھکا، بھیڑ، آپس میں ٹکرانا۔
تصاریف (تَصا ۔ رِیف) تصریف کی جمع۔
تصاعد (تَصا ۔ عُد) بلندی، برتری۔
تصافح (تَصا ۔ فُح) ملاقات کے وقت ہاتھ ملانا۔
تصانیف (تَصا ۔ نِیف) تصنیف کی جمع۔
تصاویر (تَصا ۔ وِیر) تصویر کی جمع۔
تصاوت (تَصا ۔ وُت) باہم صف کھینچنا، ٹکرانا۔
تصبیر (تَص ۔ بِیر) صبر کرنا، صبر کرانا۔
تصبیرہ (تَص ۔ بِی ۔ رَہ) ناشتہ۔
تصبیغ (تَص ۔ بِیغ) رنگ کرنا، رنگنا۔
تصحیح (تَص ۔ حِیح) صحیح کرنا، درست کرنا۔
تصحیف (تَص ۔ حِیف) کتابت میں غلطی کرنا۔
تصدق (تَصَ ۔ دُّق) وسیلہ، صدقہ کرنا۔
تصدی (تَصَ ۔ دِّی) درپیش ہونا، سامنے آنا۔
تصدیہ (تَص ۔ دِیہ) دعا، تالیاں بجانا، مقصود کرنا، روانہ کرنا۔
تصدیع (تَص ۔ دِیع) دردِ سر کرنا، تکلیف دینا۔
تصدیعہ (تَص ۔ دِی ۔ عَہ) دردِ سر، تکلیف دہی۔
تصدیق (تَص ۔ دِیق) سچا کرنا۔
تصرف (تَصَ ۔ رُّف) دخل کرنا، کام میں ہاتھ ڈالنا۔
تصرم (تَصَ ۔ رُّم) کٹا ہوا ہونا۔

تصریح (تَص - رِیح) ظاہر کرنا۔

تصریع (تَص - رِیع) ڈالنا، پہلے مصرعہ میں قافیہ لانا۔

تصریف (تَص - رِیف) گردان کرنا، پھیرنا، جمع تصاریف۔

تصریم (تَص - رِیم) کاٹنا۔

تصعد (تَصَعُّد) اوپر چڑھنا۔

تصعید (تَص - عِید) اوپر چڑھ جانا، دوا کا جوہر اڑانا۔

تصغیر (تَص - غِیر) چھوٹا کرنا۔

تصفح (تَصَفُّح) تلاش، چھان بین، صفحہ صفحہ دیکھنا۔

تصفید (تَص - فِید) جکڑنا، سخت باندھنا۔

تصفیف (تَص - فِیف) صف باندھنا۔

تصفیق (تَص - فِیق) [illegible]، تالی بجانا۔

تصفیہ (تَص - فِیَہ) پاک کرنا، صاف کرنا۔

تصلب (تَصَلُّب) سخت اور مضبوط ہونا۔

تصلف (تَصَلُّف) ڈینگ مارنا، گپ اڑانا۔

تصلیب (تَص - لِیب) سولی دینا، سخت کرنا، صلیب بنانا۔

تصلیہ (تَص - لِیَہ) نماز ادا کرنا۔

تصمیت (تَص - مِیت) خاموش کرنا، خاموش ہونا۔

تصمید (تَص - مِید) قصد کرنا۔

تصمیم (تَص - مِیم) پختہ کرنا، خالص کرنا۔

تصنع (تَصَنُّع) خوشامد، بناوٹ، کاریگری کرنا، بناؤ سنگھار کرنا۔

تصنیف (تَص - نِیف) خود نوشتہ کتاب، جمع تصانیف، کتاب بنانا، قسم وار بیان کرنا۔

تصور (تَصَوُّر) دھیان، جمع تصورات، دل میں نقشہ جمانا۔

تصوع (تَصَوُّع) خوشبو مہکنا، خبر پھیلنا۔

تصوف (تَصَوُّف) عرفانِ الٰہی، اللہ تعالیٰ سے لو لگانے کا ایک علم، ایک طرف چلنا۔

تصویب (تَص - وِیب) ٹھیک رکھنا، صحیح کہنا۔

تصویر (تَص - وِیر) صورت، مورت، جمع تصاویر، شکل کھینچنا۔

تصویغ (تَص - وِیغ) [illegible] سکھانا۔

تصیح (تَصَیُّح) خشک ہونا۔

تصیید (تَص - یِید) شکار کرنا۔

تضاحک (تَضَا - حُک) تمسخر کرنا، باہم ہنسنا۔

تضاد (تَضَاد) باہم دشمنی کرنا، آپس میں ضد کرنا۔

تضاعف (تَضَا - عُف) دوگنا، دوچند ہونا۔

تضافر (تَضَا - فُر) ہم صفت ہونا، ایک دوسرے کی مدد کرنا۔

تضایف (تَضَا - یُف) باہم نسبت ہونا، ہم پہلو ہونا۔

تضایق (تَضَا - یُق) آپس میں تنگ ہونا، باہم ضیق آنا۔

تضجر (تَضَجُّر) تنگی، غم سے بیکل ہونا۔

تضجیع (تَض - جِیع) کام میں تقصیر کرنا۔

تضحی (تَض - حِی) چاشت کا کھانا کھانا۔

تضحیک (تَض - حِیک) تمسخر، ہنسنا ہنسانا۔

تضحیہ (تَض - حِیَہ) قربانی کرنا۔

تضرر (تَضَرُّر) رنجیدہ ہونا، ضرر پانا۔

تضرع (تَضَرُّع) منت و زاری، گڑگڑانا، رونا۔

تضرم (تَضَرُّم) غصہ کرنا، آگ بھڑکنا۔

تضرہ (تَضَرُّہ) ضرورت۔

تضریم (تَض - رِیم) بھڑکانا، برافروختہ ہونا۔

تضعیف (تَض - عِیف) کمزور کرنا، دوگنا کرنا۔

تضلیل (تَض - لِیل) گمراہی سے منسوب کرنا۔

تضمن (تَضَمُّن) قبول کرنا، ضمن میں لینا۔

تضبیب (تَض - بِیب) لیپ، لیپ کرنا۔

تضمین (تَض - مِین) کسی دوسرے کے شعر کو

پنے کلام میں ملانا، قبول کرنا، ضامن کرنا، پناہ میں لینا۔

تضور (تَضَوُّر) چلانا۔

تضعیف (تَضْعِیْف) ناتواں ہونا۔

تضیق (تَضَیُّق) تنگ ہونا، تضیق میں پڑنا۔

تضییع (تَضْ۔یِیْع) ضائع کرنا۔

تضییق (تَضْ۔یِیْق) تنگ کرنا، تضیق میں کرنا۔

تطابق (تَطَا۔بُق) باہم مطابق ہونا۔

تطامن (تَطَا۔مُن) آرام کرنا۔

تطاول (تَطَا۔وُل) دست درازی کرنا۔

تطبق (تَطَبُّق) تہ بتہ ہونا، مطابق ہونا۔

تطبیق (تَطْ۔بِیْق) مطابق کرنا۔

تطرق (تَطَرُّق) راہ کرنا، راہ پانا۔

تطعم (تَطَعُّم) چکھنا، دانہ دانہ چکھ لینا۔

تطعیم (تَطْ۔عِیْم) چکھانا، ٹیکہ لگانا۔

تطفل (تَطَفُّل) طفیلی ہونا۔

تطفیف (تَطْ۔فِیْف) کم ناپنا۔

تطفیل (تَطْ۔فِیْل) طفیلی بنانا۔

تطفیہ (تَطْ۔فِیَہ) آگ بجھانا۔

تطلع (تَطَلُّع) نگاہ رکھنا۔

تطلیق (تَطْ۔لِیْق) طلاق دینا۔

تطلیہ (تَطْ۔لِیَہ) بیمار پرسی کرنا۔

تطمیع (تَطْ۔مِیْع) لالچ میں ڈالنا۔

تطوع (تَطَوُّع) حکم ماننا، نا واجب بات ادا کرنا۔

تطوف (تَطَوُّف) طواف کرنا۔

تطوق (تَطَوُّق) طوق پہننا، ہنسلی پہننا۔

تطول (تَطَوُّل) انعام کرنا، احسان رکھنا۔

تطویع (تَطْ۔وِیْع) سہل کرنا، کام پر مستعد کرنا۔

تطویق (تَطْ۔وِیْق) طوق ڈالنا، مطیع کرنا۔

تطویل (تَطْ۔وِیْل) لمبا کرنا۔

تطہر (تَطَہُّر) پاک ہونا، غسل کرنا۔

تطہیر (تَطْ۔ہِیْر) پاک کرنا۔

تطیب (تَطَیُّب) خوشبودار ہونا۔

تطیر (تَطَیُّر) بری فال لینا۔

تطین (تَطَیُّن) مٹی سے لیپنا۔

تطییب (تَطْ۔یِیْب) خوشبودار کرنا۔

تطییر (تَطْ۔یِیْر) پرندوں کو اڑانا۔

تظاہر (تَظَا۔ہُر) باہم پشتی کرنا، آپس میں امداد کرنا۔

تظرف (تَظَرُّف) زیرکی اور عقلمندی دکھانا۔

تظلم (تَظَلُّم) ظلم سے رونا، دہائی دینا۔

تظلیل (تَظْ۔لِیْل) سایہ داری، سایہ ڈالنا۔

تعاہد (تَعَا۔ہُد) عہد کرنا، نگاہ رکھنا۔

تعادل (تَعَا۔دُل) آپس میں برابر ہونا۔

تعادی (تَعَا۔دِی) باہم دشمنی کرنا۔

تعار (تُعَار) چونکنا

تعارض (تَعَا۔رُض) جھگڑا کرنا، آمنے سامنے آنا۔

تعارف (تَعَا۔رُف) روز مرہ، جان پہچان، آپس میں پہچاننا۔

تعاشر (تَعَا۔شُر) باہم زندگی بسر کرنا۔

تعاطف (تَعَا۔طُف) باہم مہربانی کرنا۔

تعاطی (تَعَا۔طِی) لینا۔

قابل (رَس-تَنی) چھوٹنے کے قابل (رِس-
تَنی) کاتنے کے قابل۔
رستہ (رَس-تَہ) چھوٹا ہوا، وابستہ (رُس-تَہ)
اُگا ہوا، مضبوط (رَس-تَہ) دیکھو رستہ۔
رسی (رُس-تی) راحت، فراغت، نعمت،
رزق، روزی۔
رسد (رَسَد) غلہ کا قافلہ، حصہ۔
رسغ، رسغہ (رُسْغ، رُسُغ) (رُسْ-غَہ،
رُسُ-غَہ) ہاتھ پاؤں کا جوڑ جمع اَرساغ۔
رسل (رَسْل) نرم رفتار، خوبصورت (رِسْل) نرمی،
خوش رفتاری (رُسُل) رسول کی جمع۔
رسم (رَسْم) عادت، ریت، قاعدہ، قانون،
وظیفہ، مشاہرہ، محصول، لقب، جمع رُسُوم،
اَرْسُم، طرز، اسم جمع رُسُومات۔
رسم الخط (رَس-مُل-خَط) طرزِ تحریر
رسمی (رَس-می) دستور کے مطابق، معمولی
تکلف پسند۔
رسن (رَسَن) رسی جمع اَرْسان، اَرْسُن۔
رسن باز (رَسَن-باز) نٹ، بازیگر۔
رسندہ (رَسَن-دَہ) پہنچنے والا۔
رسوا (رُس-وا) ذلیل، خوار۔

رسوائی (رُس ۔ وا ۔ ئی) ذلت، خواری۔
رسوب (رُ ۔ سُوب) ۱: تلچھٹ، دُرد۔
رسوخ (رُ ۔ سُوخ) پائداری، جماؤ، مضبوطی۔
رسوخیت (رُ ۔ سُو ۔ خی) پختگی، مضبوطی۔
رسول (رَ ۔ سُول) صاحب کتاب نبی، پیغمبر۔ جمع رُسُل (رُسُل)، رُسلاء (رُسَلا)، اَرسُل۔
رسولی (رَ ۔ سُو ۔ لی) پیغمبری، نبوت۔
رسوم (رُ ۔ سُوم) معمول (رُسُوم) رسم کی جمع۔
رسید (رَ ۔ سِید) پہنچ۔
رسیدگی (رَ ۔ سی ۔ دَ ۔ گی) پہونچ، پہونچنا، سمجھ۔
رسیدن (رَ ۔ سی ۔ دَن) پہونچنا، مصدر رسید۔
رسیدنی (رَ ۔ سی ۔ دَ ۔ نی) پہونچنے کے لائق۔
رسیدہ (رَ ۔ سی ۔ دَہ) پہونچا ہوا، پکا ہوا۔
رسیس (رَ ۔ سِیس) آغاز، ابتدا۔
رسیغ (رَ ۔ سِیغ) دیبا، لطیف چیز۔
رسیل (رَ ۔ سِیل) فرستادہ، پیغامبر
رسیلہ (رَ ۔ سی ۔ لَہ) خط، مکتوب۔
رش (رَش) ۱: بازو ۲: چھڑکاؤ، بوچھار (رِش) زخم کو آرنی (رُش) لعنت سے آنکھ بدلنا۔
رشا (رِ ۔ شا) رسی (رَ ۔ شا) ہرن کا بچہ۔
رشاد (رَ ۔ شاد) سیدھا ہونا، راہ پانی، دالی، ترہ تیزک۔
رشادت (رَ ۔ شا ۔ دَت) ہدایت، راہ راستی۔
رشاش (رَ ۔ شاش) رشاشہ (رَ ۔ شا ۔ شَہ) (رُ ۔ شا ۔ شَہ) چھینٹ، گلاب پاش۔
رشاقت (رَ ۔ شا ۔ قَت) زیبا قامتی۔
رشتن (رِش ۔ تَن) کاتنا۔
رشتنی (رِش ۔ تَ ۔ نی) کاتنے کے لائق۔
رشتہ (رِش ۔ تہ) کاتا ہوا، ڈورا، قرابت، ناتا، بیٹی، نارو کی بیماری، سوت۔
رشتہ بپا (رِش ۔ تہ ۔ بپا) پاؤں میں بندھا ہوا ڈورا
رشتہ حلوا (رِش ۔ تہ ۔ حل ۔ وا) ایک قسم سویاں۔
رشتہ دار (رِش ۔ تہ ۔ دار) قرابتی، ناتی۔
رشتہ داری (رِش ۔ تہ ۔ دا ۔ ری) قرابت، ناتا۔
رشتۂ عمر (رِش ۔ تہ ۔ ئے ۔ عُمر) عمر، زندگی کا تاگا۔
رشح (رَشح) کلام (رُشح) پسینا، ٹپکنا۔
رشحہ (رَش ۔ حہ) قطرہ، ٹپکن، جمع رشحات (رَش ۔ حات)۔
رشد (رُشد) (رَ ۔ شَد) ہدایت، راہ راست۔
رشرش (رَش ۔ رَش) ملائم ہڈی۔
رشف (رَشف) ہونٹ چوسنا۔
رشق (رَشق) تیراندازی۔
رشک (رَشک) محبوب کی برابری ہونے کی آرزو (رِشک) بچھو (رَشک) لمبی ڈاڑھی والا، لیکھ، جوں کا بچہ۔
رشکین (رَش ۔ کین) رشک کرنے والا۔
رشمیز (رِش ۔ میز) ریگ۔
رشو (رَشو) رشوت دینا۔
رشوت (رِش ۔ وَت) ناواجب کاروائی کا معاوضہ، گھوس، جمع رُشیٰ۔
رشوت خوار (رِش ۔ وَت ۔ خوار) رشوت کھانے والا۔
رشوت خواری (رِش ۔ وَت ۔ خوا ۔ ری) رشوت کھانا۔
رشید (رَ ۔ شید) سیدھی راہ دکھانے یا پانے والا۔
رشیق و رشیقہ (رَ ۔ شیق) (رَ ۔ شی ۔ قہ) خوش اندام۔
رصاص (رَ ۔ صاص) رانگ، جست، سیسہ (رُ ۔ صاص) جست، سانجھ
رصاصہ (رَ ۔ صا ۔ صہ) سیسے کی گولی۔
رصانت (رَ ۔ صا ۔ نَت) مضبوطی۔
رصد (رَصد) (رَ ۔ صَد) دیکھ بھال کی جگہ، تاک، جمع اَرصاد۔

رصدگاہ (رَصَد۔گاہ) اجرامِ فلکی کی دیکھ بھال کیلئے منارہ۔
رصیف (رَصِیف) گھاٹ، چبوترہ۔
رصین (رَصِین) مضبوط، مہربان، نزدیک۔
رضا (رِضَا) خوشنودی، (رَضَا) خوشنود ہونا
رضاب (رُضَاب) تھوک، لعاب، شکر۔
رضاع، رضاعت (رِضَاع، رَضَاعَت) شیرخوارگی، بچے کے دودھ پینے کی حالت۔
رضاعی (رِضَا۔عِی) دودھ شریک۔
رضامند (رِضَا۔مَنْد) خوشنود۔
رضامندی (رِضَا۔مَن۔دِی) خوشنودی۔
رضوان (رِض۔وَان) خوشنودی، بہشت کا دربان۔
رضوی، رضویہ (رِض۔وِی، رِض۔وِیَّہ) منسوب طرف امام علی موسیٰ رضا۔
رضی (رَضِی) پسندیدہ۔
رضیع (رَضِیع) کوکہ، دودھ شریک بھائی۔
رضیہ (رَضِیَّہ) راضی شدہ، راضی کی گئی۔
رطب (رُطْب) تر، تازی چیز، تازہ (رَطْب) ہریاول، سبزہ، (رُطَب) تازہ پختہ کھجور۔
رطب اللسان (رَطْ۔بُل۔لِسَان) شیریں زبان۔
رطل (رِطْل) ایک پونڈ وزن، شراب کا پیالہ جو آدھ [illegible]۔
رطل گراں (رِطْ۔لِ۔گِراں) بڑا پیالہ۔
رطوبت (رُطُو۔بَت) تری، تازگی۔
رطیب (رَطِیب) تازہ و تر، جمع رِطَاب۔
رعا (رِعَا) گھاس، (رَعَا) چرنا، چرانا۔
رعاۃ (رُعَاۃ) راعی کی جمع۔
رعاث (رِعَاث) گوشوارہ، [illegible]۔
رعاف (رُعَاف) نکسیر۔
رعایا (رَعَایَا) رعیت کی جمع۔
رعایت (رِعَایَت) لحاظ، نگہبانی۔
رعایتی (رِعَایَتی) منسوب طرف رعایت۔
رعب (رُعْب) دبدبہ، خوف، ڈر۔
رعثہ (رَع۔ثَہ) قرط، بالی۔
رعد (رَعْد) بجلی کی کڑک، گرج۔
رعدآسا (رَعْد۔آ۔سَا) بجلی کی کڑک کی طرح۔
رعدہ (رِع۔دَہ) کپکپی، تھرتھراہٹ۔
رعدید (رِع۔دِید) نامرد۔
رعش (رَعَش) کانپنا۔
رعشہ (رَع۔شَہ) کپکپاہٹ، لرزہ۔
رعنا (رَع۔نَا) اچھا، زیبا۔
رعنائی (رَع۔نا۔ئی) زیبائی، بھلائی۔
رعونت (رُ۔عُو۔نَت) غرور، سرکشی۔
رعی (رَعْی) نگہبانی، چرنا، چرانا، (رِعْی) گھاس۔
رعیب (رَعِیب) خائف۔
رعیت (رَعِیَّت) پرجا، جو حاکم رکھتا ہے۔
رعیتی (رَعِیَّتی) منسوب طرف رعیت۔
رعیلہ (رَعِی۔لَہ) جھنڈ، جھنڈہ۔
رغاب (رِغَاب) نرم زمین۔
رغام (رُغَام) ریتیلی خاک۔
رغائب (رَغَائِب) رغیبہ کی جمع۔
رغب (رَغْب، رَغَب، رُغُب) بسیار خوری، بھوکا، بہت سا کھانے کی خواہش۔
رغبت (رَغْ۔بَت) خواہش۔
رغد (رَغَد) عیش، فراخی، وسعت۔
رغم (رُغْم) بدخلقی، خواری۔
رغوہ (رُغْ۔وَہ، رِغْ۔وَہ) جھاگ، پھین۔
رغیب (رَغِیب) وسیع، فراخ، رغبت کرنے والا۔
رغیبہ (رَغِی۔بَہ) بہت عطا، مرغوب چیز، جمع رَغَائِب۔

رغیف (رَغِیْف) ٹکیا، روٹی جمع رُغفان، أرْغِفَہ، و رُغُف۔

رف (رَفّ) طاق، دروازے کا طاق۔

رفا (رِفا) اتفاق، امن چین (رَفّا) رفوگر۔

رفات (رُفات) شکستہ، ریزہ ریزہ۔

رفادہ (رِفا۔دَہ) زخم پر باندھنے کی پٹی یا گدی۔

رفاق (رِفاق) رفیق کی جمع۔

رفاقت (رِفا۔قَت) ساتھ، سنگت، ہمراہی۔

رفاہ (رِفاہ) رفہ کی جمع، تن آسانی، آرام چین۔

رفاہت ا رفاہیت (رَفا۔ہَت، رَفا۔ہِیَّت۔ رَفا۔ہِیَت) خوشحالی، تن آسانی، آرام۔

رفت (رَفْت) گیا، رفتار (رُفْت) جھاڑ پونچھ۔

رفتار (رَفْ۔تار) چال۔

رفتگی (رَفْ۔تَ۔گی) اپنے سے وحشت ہوا ہونا۔

رفتن (رَفْ۔تَن) جانا، مصدر (رُوف۔تَن) جھاڑنا، مصدر۔

رفتنی (رَفْ۔تَ۔نی) جانے کے قابل (رُفْ۔تَ۔نی) جھاڑنے کے قابل۔

رفتہ (رَفْ۔تَہ) گیا ہوا جمع رفتگاں (رُفْ۔تَہ) جھاڑا ہوا۔

رفتہ رفتہ (رَفْ۔تَہ رَفْ۔تَہ) ہولے ہولے۔

رفث (رَفَث) فحش، گندی بات۔

رفد (رِفْد) بڑا پیالہ، بخشش۔

رفراف (رَفْ۔راف) شتر مرغ۔

رفرف (رَفْ۔رَف) براق، تکیہ، فرش، ہرا کپڑا، اٹاری۔

رفس (رَفْس) ٹھکرانا۔

رفض (رَفْض) رفض، چھوڑنا، ترک کرنا۔

رفع (رَفْع) دور کرنا، اٹھانا، برداشت، بلندی، حرکت پیش (ـُ)

رفع الیدین (رَفْ۔عُل۔یَدَین) دونوں ہاتھ اٹھا لینا۔

رفعت (رِفْ۔عَت) بلندی۔

رفعہ (رَفْ۔عَہ) حرکت پیش (ـُ)

رفغ (رُفْغ) بغل، بیچ کی جگہ۔

رفق (رِفْق) نرمی (رَفْق) کہنی مارنا۔

رفقہ (رُفْ۔قَہ) بعض لوگوں کی جماعت، (رُفَ۔قَہ) رفیق کی جمع۔

رفو (رَفُو، رُفُو) سوئی ڈورے سے پھٹے کپڑے کی درستی۔

رفہ (رُفْہ) تن آسانی جمع رِفاہ۔

رفہیدہ (رَفْ۔ہی۔دَہ) دیکھو رفاہ۔

رفیع (رَفِیْع) بلند، اونچا۔

رفیع الشان (رَفِیْ۔عُش۔شان) اونچی شان والا۔

رفیف (رَفِیْف) ملائم کپڑا۔

رفیق (رَفِیْق) ساتھی، ہم سفر، دوست جمع رُفَقا، رِفاق، رُفَقَہ۔

رق (رِقّ) بندگی، غلامی (رَقّ) لکھنے کا چمڑا۔

رقاب (رِقاب) رقبہ کی جمع۔

رقابت (رَقا۔بَت) انتظار، نگہبانی۔

رقادہ (رِقا۔دَہ) [illegible]

رقاص (رَقّاص) ناچنے والا۔

رقاصہ (رَقّا۔صَہ) ناچنے والی۔

رقاع (رِقاع) رقعہ کی جمع۔

رقاق (رُقاق) چپاتی (رَقاق) گرم دن۔

رقائم (رَقا۔ئِم) رقیمہ کی جمع۔

رقبا (رُقَبا) رقیب کی جمع۔

رقبہ (رَقَ۔بَہ) گردن، غلام، احاطہ جمع رِقاب۔

رقاب (رِقَ - بَہْ) زمین

رقت (رِقْ قَتْ - قَتْ) نرمی، رونا ۔

رقص (رَقْ صْ) ناچ ۔

رقصاں (رَقْ - صَاں) ناچتا ہوا ۔

رقصانیدن (رَقْ - صَا - نِی - دَنْ) نچوانا، نچانا ۔

رقصندہ (رَقْ - صِنْ - دَہْ) ناچنے والا ۔

رقصیدن (رَقْ - صِی - دَنْ) ناچنا مصدر رقص

رقصیدنی (رَقْ - صِی - دَنِی) ناچنے کے لائق ۔

رقصیدہ (رَقْ - صِی - دَہْ) ناچا ہوا ۔

رقعہ (رُقْ - عَہْ) خط، چٹھی جمع رقاع، رقعات ۔

رقم (رَقَمْ) خط، لکھائی، [illegible] لکھنے کا نشان جو [illegible] جمع ارقومات

لکھنا (رَقْ سَمْ) خط، لکھا ہوا، زمانہ کی سختی جو آدمی کو قلمبند کرنا ۔

رقمی (رَقْ مِی) لکھا ہوا، نشان کیا ہوا ۔

رقو (رُقُوْ) اجرت بند کرنا ۔

رقوب (رُقُوْب) دیکھ بھال، انتظار (رَقُوْب) عورت جو میراث کی لالچ میں شوہر کی موت چاہے ۔

رقود (رُقُوْد) سو جانا ۔

رقیب (رَقِیْب) نگران، پاسبان جمع رقبا اور رُقُب ۔

رقیت (رِقْ قِی - یَتْ) بندگی، غلامی ۔

رقیق (رَقِیْق) پتلا، نرم ۔

رقیمہ (رَقِیْ - مَہْ) نوشتہ، خط جمع رقائم ۔

رقیہ (رُقْ - یَہْ) جادو، منتر جمع رقی ۔

رک (رَکْ) نیچ، فساد ۔

رکاب (رِکَابْ) رکابی، زین کا حلقہ، سواری (رُکْ کَابْ) راکب کی جمع جہاز یا ریل کے مسافر ۔

رکابدار (رِکَابْ - دَارْ) سوار کرانے والا کھانے کے لئے بیٹھے آنے والا ۔

رکابی (رِکَا - بِی) طشتری ۔

رکانہ (رِکَا نَہْ) دفینہ ۔

رکاکت (رَکَا - کَتْ) سستی، بیعزتی ۔

رکب (رَکَبْ) پیڑو، زہار، شرمگاہ ۔

رکبہ (رُکْ - بَہْ) گھٹنا، زانو ۔

رکض (رَکْضْ) ڈپٹانا ۔

رکعت (رَکْ - عَتْ) نماز کا ایک حصہ جمع رکعات

رکل (رَکْ لْ) لات مارنا، ڈپٹانا ۔

رکلہ (رَکْ - لَہْ) لات، ٹکر ۔

رکن (رُکْ نْ) ستون، ہر چیز کا بڑا حصہ جمع ارکان ۔

رکنی (رُکْ - نِی) زر خالص ۔

رکوب (رُکُوْب) اسوار، سواری (رَکُوْب) سوار ہونا ۔

رکود (رُکُوْد) ٹھہرنا ۔

رکوع (رُکُوْع) جھکنا ۔

رکوہ (رَکْ - وَہْ) چھاگل ۔

رکیب (رِکِیْب) رکاب، رکاب کا املا ۔

رکیدن (رَکِیْ - دَنْ) غصہ میں بڑبڑانا ۔

رکیک (رَکِیْک) سست، حقیر ۔

رکین (رَکِیْن) مضبوط، استوار ۔

رکیہ (رَکِیْ - یَہْ) کنواں جمع رکی ۔

رگ (رَگْ) نس، نالی ۔

رگ بند (رَگْ - بَنْ دْ) پٹی

رگ جاں (رَگْ - جَانْ) شہ رگ ۔

رگ زن (رَگْ - زَنْ) جراح، فصاد ۔

رگ گردن (رَگْ - گَرْ - دَنْ) مغرور، گھمنڈی ۔

رگوی (رَگْ - وِی) ایک عرض کی چادر ریزگی ۔ زمی، چیرا، کپڑا ۔

رم (رَمْ) بھاگ، دوڑ، بھاگنا ۔ گلہ، ریوڑ

(رُمْ) شرمگاہ کے بال ۔

رماح (رِمَاحْ) رمح کی جمع برچھے، نیزہ ۔

رماد (رَمَادْ) خاکستر، راکھ۔

رمادی (رَمَا-دِی) خاکی۔

رماز (رَمْ-مَازْ) رمز کہنے والا۔

رامحہ (رَ-مِ-حَہْ) ایک تارا جو چمکتا ہے۔

رمال (رَمْ-مَالْ) علم رمل کے ذریعہ غیب کی باتیں بتانے والا۔

رمان (رُمْ-مَانْ) انار۔

رمانی (رُمْ-مَا-نِی) منسوب بطرف رمان۔

رمانیدن (رَمَا-نِی-دَنْ) بھگانا۔

رمانیدہ (رَمَا-نِی-دَہْ) بھگایا ہوا۔

رمایہ (رِ-مَا-یَہْ) تیراندازی۔

رمث (رَمَثْ) شناوہ، ایک طرح کی کشتی۔

رمح (رُمْحْ) برچھا، جمع رماح (رِمَاحْ)۔

رمد (رَمَدْ) آشوب چشم۔

رمز (رَمْزْ) اشارہ، پوشیدگی، جمع رموز۔

رمش (رَمِشْ) بھاگنا۔

رمص (رَمَصْ) آنکھ کا چیپڑ۔

رمصاء (رَمْ-صَاءْ) چیپڑا لگیہ۔

رمض (رَمَضْ) گرم ریت۔

رمضان (رَمَضَانْ) نواں اسلامی قمری مہینہ جس میں مسلمان روزے رکھتے ہیں۔

رمق (رَمَقْ) تھوڑی سی جان، بقیہ جان جمع ارماق۔

رمکہ (رَمَ-کَہْ) گھوڑی جو بدذات۔

رمل (رَمْلْ) ریگ، بالو، نام علم غیب دانی جمع رمال (رِمَالْ) (رَمَلْ) شاعری کی ایک بحر کا نام، ہاتھ ہلا کر چلنا۔

رمندہ (رَمَنْ-دَہْ) بھاگنے والا۔

رمنہ (رَمْ-نَہْ) پارک، چراگاہ، گھاس کا میدان۔

رمہ (رَمَہْ) گلہ، ریوڑ (رِمَّہْ) بوسیدہ رسی کا ٹکڑا۔

رمی (رَمْیْ) پھینکنا، گولی چلانا۔

رمیدن (رَمِی-دَنْ) بھاگنا مصدر رمندہ۔

رمیدہ (رَمِی-دَہْ) بھاگا ہوا۔

رمیض (رَمِیْضْ) تیز چھری۔

رمیم یا رمیمہ (رَمِیْمْ، رَمِیْ-مَہْ) بوسیدہ ہڈی، جمع رمائم۔

رن (رَنْ) محنت، مشقت۔

رنبہ (رَمْ-بَہْ) شرمگاہ کے بال، گھرپا۔

رنج (رَنْجْ) تکلیف، دکھ۔

رنجانیدن (رَنْ-جَا-نِی-دَنْ) رنجیدہ کرنا۔

رنجش (رَنْ-جِشْ) رنج، دکھ۔

رنجور (رَنْ-جُوْرْ) روگی، بیمار۔

رنجوری (رَنْ-جُوْ-رِیْ) روگ، بیماری۔

رنجہ (رَنْ-جَہْ) دکھ، رنج۔

رنجیدہ خاطر (رَنْ-جِیْ-دَہْ-خَا-طِرْ) رنجیدہ۔

رنجیدگی (رَنْ-جِیْ-دَ-گِیْ) دکھ، تکلیف۔

رنجیدن (رَنْ-جِیْ-دَنْ) آزردہ ہونا مصدر رنجیدہ۔

رنجیدہ (رَنْ-جِیْ-دَہْ) آزردہ۔

رند (رِنْدْ) دانشمند، منکر، شرابخوار جمع رنود (رُنُوْدْ) دیکھو رندش۔

رندانہ (رِنْ-دَا-نَہْ) رند کی طرح۔

رندش (رَنْ-دِشْ) رندے کی چھیلائی۔

رندہ (رَنْ-دَہْ) رندنے کا اوزار۔

رندی (رِنْ-دِیْ) اوباشی، شرابخواری۔

رندیدن (رَنْ-دِی-دَنْ) رندہ کرنا مصدر رندہ۔

رنز (رُنْزْ) چاول۔

رنق (رَنْقْ) (رَنِقْ) گدلا۔

رنگ (رَنْگْ) روپ، رنگت، طریقہ، تماشہ، خوشی، پہاڑی بکری، جنگلی بکرا۔

رنگار رنگ (رنگا۔ رنگ) ہر رنگ کا رنگ، رنگو رنگ، برنگ

رنگ آمیز (رنگ۔ آ۔ میز) نقاش۔

رنگ آمیزی (رنگ۔ آ۔ مے۔ زی) نقاشی، مبالغہ، بات میں بات ملانا۔

رنگ برنگ (رنگ۔ بِرنگ) طرح بطرح۔

رنگ ثبت (رنگ۔ ثبت) پختہ رنگ۔

رنگت (رنگت، مؤنث) دیکھو رنگ۔

رنگترہ (رنگ۔ ترہ) نارنگی کی ایک قسم۔

رنگرز، رنگریز (رنگ۔ رز، رنگ۔ ریز) کپڑا رنگنے والا۔

رنگ زردہ (رنگ۔ زر۔ دہ) زرد رنگ

رنگ شکستہ (رنگ۔ شکس۔ تہ) اڑا ہوا رنگ، پھیکا رنگ، پھیکی رنگت۔

رنگین (رنگ۔ گین) رنگ والا۔

رنگین ادا (رنگ۔ گین۔ اَ۔ دا) خوش ادا

رنگین ادائی (رنگ۔ گیں۔ اَ۔ دا۔ ئی) خوش ادائی۔

رنگینی (رنگ۔ گی۔ نی) رنگین سے منسوب، رنگ والا ہونا۔

رنگینیت (رنگ۔ گی۔ نیت) رنگین پن۔

رنم (رَ۔ نَم) آواز کرنا، گانا۔

رو (رُو) منہ، چہرہ، سبب (رَو) چلنے والا، (رُو) اگنے والا۔

روا (رَوا) جائز، رواں، رواج (رُو۔ ا) ایلوا (اے۔ لُوا) نازبو۔

روابط (رَ۔ وا۔ بِط) رابطہ کی جمع۔

روات (رُو۔ وات) راوی کی جمع۔

رواج (رُو۔ واج) چلن، بکری۔

رواح (رَ۔ واح) عصر اور مغرب کا درمیانی وقت۔

رواحل (رَوا۔ حِل) تیز رو سواری۔

رواحل (رَوا۔ حِل) راحلہ کی جمع۔

روادار (رَوا۔ دار) جائز رکھنے والا۔

رواداری (رَوا۔ دا۔ ری) جائز رکھنا۔

روادہ (رُو۔ وا۔ دہ) سادہ رو، جڑوں میں پھیرنے والی

روارو (رَو۔ وا۔ رَو) کثرت آمد و رفت، (رُو۔ وا۔ رُو) روبرو، مقابل۔

رواروی (رَو۔ وا۔ رَو۔ وی) چلا چلی، سرسری۔

رواز (رَو۔ واز) قید خانہ کا ملازم۔

روازن (رَوا۔ زِن) روزن کی جمع۔

رواشن (رَوا۔ شِن) روشن کی جمع۔

روافض (رَوا۔ فِض) رافضی کی جمع۔

رواق (رِ۔ واق) گھر کا چھجا، گیلری، ابر۔

روال (رُو۔ وال) رال، آب دہن۔

روان (رَوان) جان، روح، جاری، چلتا ہوا۔

روانی (رَوا۔ نی) چلنا۔

روانہ (رَوا۔ نہ) جاری، جلد، چست، یا جاری کیا ہوا۔

روائی (رَوا۔ ئی) چلنا، جانا۔

روائح (رَوا۔ ئِح) رائحہ کی جمع۔

روائی (رَوا۔ ئی) رواج، رونق، حاجت پورا ہونا۔

روایت (رِوا۔ یت) ناول، افسانہ، نقل، حکایات، جمع روایات۔

روب (رُوب) جھاڑو، بوجھ، جھاڑنے والا۔ (رُوب) دہی جمنا۔

روبان (رُو۔ بان) جھاڑو دینے والا، جھاڑو لیتا ہوا۔

روبانیدن (رُو۔ با۔ نی۔ دن) جھاڑو دلوانا۔

روبندہ (رُو۔ بن۔ دہ) جھاڑنے والا۔

روباہ (رُو۔ باہ) لومڑی، ثعلب۔

روباہ بازی (رُو۔ باہ۔ با۔ زی) مکر و فریب۔

روباہ ترکیب (رُو۔ باہ۔ تر۔ کیب) مکروہ۔

روبدلوار (رُو۔ بَدَل۔ وَار) حیران۔

روبراہ (رُو۔ بَرَاہ) ٹھیک راستہ پر، درست۔

روبرو (رُو۔ بَرُو) سامنے، آنکھ پر، منہ۔

روبکار (رُو۔ بَکَار) سرکاری کاغذ، سامنا۔

روبکاری (رُو۔ بَکَا۔ رِی) کارروائی۔

روبند (رُو۔ بَنْد) برقع، نقاب، گھونگٹ۔

روبہ (رُو۔ بَہ) دیکھو روباہ (رُو۔ بَہ) اردو میں کا سہیارا، عقل۔

روبیدن (رُو۔ بِی۔ دَن) جھاڑو دینا، جھاڑنا مخفف رُوبِیدَن۔

روبیدنی (رُو۔ بِی۔ دَنی) جھاڑنے کے لائق۔

روبیدہ (رُو۔ بِی۔ دَہ) جھاڑا ہوا۔

روپاک (رُو۔ پَاک) رومال۔

روپوش (رُو۔ پُوش) نقاب، منہ چھپانے والا۔

روپوشی (رُو۔ پُو۔ شِی) منہ چھپانا۔

روش (رَ۔ وِش) طور، طریقہ، نیز رَوِش۔

روح: (رَوْح) دیکھو روح۔

روح (رُوح) جان، جوہر جسم (رَوْح) رَوح خوشبو، تازگی، آسائش، ہوا، فتوحات۔

روحا (رُو۔ حَا) اُجلا۔

روح الامین (رُو۔ حُل۔ اَمِیْن) حضرت جبرئیل۔

روح القدس (رُو۔ حُل۔ قُدُس) پاک روح، حضرت جبرئیل۔

روحانی (رُو۔ حَا۔ نِی) روحی، باطنی، روح سے منسوب۔

روحانیت (رُو۔ حَا۔ نِی۔ یَت) روحی خاصیت۔

روح حیوانی (رُو۔ حِے۔ حَیْ۔ وَا۔ نِی) زندگی قائم رکھنے والی روح۔

روح طبعی (رُو۔ حِے۔ طَبْ۔ عِی) قوت قائم رکھنے والی روح۔

روح مجرد (رُو۔ حِے۔ مُجَرَّد) روح مطلق۔

روح نباتی (رُو۔ حِے۔ نَبَا۔ تِی) نباتات کی روح۔

روح نفسانی (رُو۔ حِے۔ نَفْ۔ سَا۔ نِی) طاقت قائم رکھنے والی روح۔

روحی (رُو۔ حِی) روح سے منسوب، روح والی چیز۔

روخ (رُوْخ) ایک گھاس، سرکنڈا۔

رود (رُوْد، رَوْد) ندی، نالہ، بیٹا، تانت، رودا۔

روداد (رُو۔ دَاد) دیکھو روئداد۔

رودار (رُو۔ دَار) صاحب عزت۔

روداری (رُو۔ دَا۔ رِی) صاحب عزت ہونا۔

رودبار (رُوْد۔ بَار) جہاں بہت سے ندی نالے ہوں۔

رودخانہ (رُوْد۔ خَا۔ نَہ) دریا، عمیق سیلاب۔

رودخیز (رُوْد۔ خِیز) موج، پانی کی لہر۔

رودنک (رُو۔ دَنک) دیکھو رودیک۔

رودہ (رُو۔ دَہ) آنت، انتڑی۔

روز (رُوْز) دن، یوم۔

روزانہ (رُوْ۔ زَا۔ نَہ) ہر ایک دن، یومیہ۔

روز بازار (رُوْز۔ بَا۔ زَار) رونق، گرمی بازار۔

روز باز خواست (رُوْز۔ بَاز۔ خوَاسْت) حشر، قیامت کا دن۔

روز بخشش (رُوْز۔ بَخْ۔ شِش) روز ازل۔

روز بد (رُوْز۔ بَد) بُرا دن۔

روز خوش (رُوْز۔ خُوش) شباب۔

روز سیاہ (رُوْز۔ سِیَاہ) ماتم کا دن۔

روز کور (رُوْز۔ کُور) بے خبر، نادان۔

روزگار، روزگاران (رُوْز۔ گَار، رُوْز۔ گَا۔ رَان) زمانہ کا کاروبار، پیشہ۔

روزگاری (رُوْز۔ گَا۔ رِی) کاروباری۔

روزمرہ (رُوْز۔ مَرَّہ) ہر ایک دن، روزانہ کی بولی۔

روزن (رَو۔زَن یا رَو۔زَن) سوراخ، جھروکہ
جمع رَوَازِن۔
روزنامچہ (رُوز۔نا۔مَچَہ) روزانہ حال
لکھنے کی کتاب۔
روزنامہ (رُوز۔نا۔مَہ) روزانہ اخبار
بہی کھاتہ جیسے سلسلہ وار جنتری۔
روزہ (رُو۔زَہ) صوم، برت۔
روزۂ متنفس (رُو۔زَا۔مُتَنَفِّس)
چھپا رہنے کا روزہ۔
روزہ دار (رُو۔زَہ۔دَار) روزہ رکھنے والا۔
روزہ داری (رُو۔زَہ۔دَا۔رِی) روزہ رکھنا۔
روزۂ مریم (رُو۔زَا۔مَر۔یَم) چپ رہنے
کا روزہ۔
روزی (رُو۔زِی) رزق، روزانہ خوراک۔
روزینہ (رُو۔زِی۔نَہ) یومیہ، روزانہ تنخواہ۔
روس (رُوس) نام ملک (رُو۔ءُوس)
راس کی جمع۔
روسیہ (رُو۔سِیَہ) ملک روس (مشرقی یورپ
و شمالی ایشیا)
روسا (رُؤ۔سَا) رئیس کی جمع۔
روسپی (رُوس۔پِی) فاحشہ۔
روستا (رُوس۔تَا) گاؤں، دیہہ۔
روستائی (رُوس۔تَا۔ئِی) گنوار، دہقان۔
روسفید (رُو۔سَفِید) معزز، بے الزام۔
روسفیدی (رُو۔سَفِی۔دِی) باعزتی۔
روسیا (رُو۔سِیَا) ملک روس۔
روسیاہ (رُو۔سِیَاہ) گنہگار، خطاوار۔
روسیاہی (رُو۔سِیَا۔ہِی) خطاواری۔
روش (رَوِش) چال، طریقہ، ڈھنگ، چمن چمن
کے اندر راستہ (رُوش) روشن۔
روشان (رُو۔شَان) نامور لوگ، ستارے

روشم (رُو۔شُم) چھاپا، مہر خسرین۔
روشن (رَو۔شَن) روزن جمع رَوَاشِن
(رَو۔شَن) (رَو۔شَن) منور، چمکیلا۔
روشناس (رُو۔شِنَاس) واقف کار۔
روشناسی (رُو۔شِنَا۔سِی) جان پہچان۔
روشنا، روشنان (رَو۔شَن۔نَا) نور، روشن۔
روشنائی (رَو۔شَ۔نَا۔ئِی) روشنی، اُجالا،
رنگت جس سے کوئی تحریر لکھی یا چھاپی جاوے۔
روشندان (رَو۔شَن۔دَان) ہوا، روشنی کا سوراخ
روشن دل (رَو۔شَن۔دِل) جس کا
دل منور ہو۔
روشن دماغ (رَو۔شَن۔دِ۔مَاغ) بیدار
مغز، باحواس۔
روشن رائی (رَو۔شَن۔رَا۔ئِی) باتدبیر۔
روشن ضمیر (رَو۔شَن۔ضَمِیر) روشن دل۔
روشن طبع (رَو۔شَن۔طَب۔ع) تیز فہم۔
روشنی (رَو۔شَ۔نِی) چمک، اُجالا۔
روضہ (رَو۔ضَہ) باغ، سبزہ زار جمع ریاض
رَوض۔
روع، روعت (رَوع، رَو۔عَت)
ہراس، ڈر، حیرانی (رُوع، رُو۔عَت)
عقل، دل۔
روغ (رُوغ) زعفران کا خمیر۔
روغن (رَو۔غَن) چکنائی، تیل، گھی۔
روغن تلخ (رَو۔غَن۔تَلخ) کڑوا تیل۔
روغن جوشاں (رَو۔غَن۔جو۔شَاں) بگھار،
تام کھانا جو بگھار کے طور پر کیا جاتا ہے۔
روغن زبانی (رَو۔غَن۔زَبَا۔نِی) چکنی باتیں
روغن زرد (رَو۔غَن۔زَرد) گھی۔
روغن سیاہ (رَو۔غَن۔سِیَاہ) [illegible] کا تیل۔

روغن فروش (رَو-غَن-فَرُوش) تیل کا بیوپاری۔
روغن فروشی (رَو-غَن-فَرُو-شی) تیل کا بیوپار۔
روغن قاز مالیدن (رَو-غَن-قاز-مَا-لی-دَن) چاپلوسی کرنا، تلوے چاٹنا۔
روغن کنجد (رَو-غَن-کُن-جد) میٹھا تیل۔
روغن گاؤ (رَو-غَن-گاؤ) گھی۔
روغنگر (رَو-غَن-گَر) تیلی۔
روغنی (رَو-غَ-نی) چکنی۔
رؤف (رَ-ءُوف) بہت مہربان۔
روفتن (رُوف-تَن) جھاڑنا۔
روکش (رُو-کَش) شرمندہ، مقابلہ، حریف، غلاف۔
روکشی (رُو-کَ-شی) شرمندگی، مقابلہ۔
روگرداں (رُو-گَر-داں) روکھا، منھ پھیرنے والا۔
روگردانی (رُو-گَر-دا-نی) مخالفت، روکھائی، منھ پھیرانا۔
روگرفتہ (رُو-گِرِف-تہ) منھ چھپایا ہوا۔
روم (رُوم) نام شہر اٹلی، پایۂ تخت قدیم، قدیم ترکی سلطنت، رومی کی جمع۔
رومال (رُو-مال) منھ پونچھنے کا کپڑا۔
رومالی (رُو-ما-لی) باندھنے کا ایک کپڑا۔
روماں (رُو-ماں) ناول، افسانہ۔
رومہ (رُو-مَہ) شرمگاہ کے بال، (رُو-ما) دار الحکومت اٹلی کا۔
رومی (رُو-مِی) قدیم یونانی، اٹلی کے لوگ، جمع رُوم، اَروام۔
روناس (رُو-ناس) سرخ مجیٹھ۔
روندہ (رَوِن-دَہ) جانے والا۔

رونق (رَو-نَق) چمک، زیبائش۔
رونما (رُو-نُما) منھ دکھانے والا۔
رونمائی (رُو-نُما-ئی) منھ دکھائی۔
روانہ (رَوا-نَہ) پاس، اجازت نامہ۔
روپیدن (رُو-پی-دَن) چھت یا چھپر وغیرہ چھانا۔
روہینا (رُو-ہی-نا) ایک فولاد۔
روئداد (رُو-ئے-داد) کیفیت حال، حقیقت۔
روئیدگی (رُو-ئی-دَ-گی) اُگاوٹ۔
روئیدن (رُو-ئی-دَن) اُگنا، [illegible]
روئیدہ (رُو-ئی-دَہ) اُگا ہوا۔
روئیں (رُو-ئِیں) پیتل والی چیز۔
روئیں تن (رُو-ئِیں-تَن) پیتل کے جسم والا۔
روی (رُوی) رانگا یا کانسہ (رُو-ئی) چہرہ، سمت، سبب، امید، (رَ-وِی) سیراب، تازہ، قافیہ کا حرف اصلی۔
رؤیا (رُو-یا) خواب، سپنا، خودروئی (رُو-ئی-دَہ) یا زمین سے اُگنے والی چیز۔
رویانیدن (رُو-یا-نی-دَن) اُگانا۔
روی بند (رُو-ئی-بَند) دیکھو روبند۔
رؤیت (رُو-ئیَت) دیکھنا، جاننا، (رَ-وِی-یَت) فکر، تامل۔
رویک (رُو-ئیک) چھوٹا منھ۔
رویں (رُو-ئِیں) سرخ مجیٹھ۔
رویندہ (رُو-یَن-دَہ) اُگنے والا۔
رونیک (رُو-نیک) سرخ مجیٹھ۔
رویہ (رَ-وِی-یَہ) طریقہ، دستور، فکر، حاجت (رُو-یَہ) دیکھو رویت۔
رہ (رَہ) راہ، رستہ، قاعدہ، نغمہ، آہنگ۔
رتبہ بار (رُ-تَہ) نیکی، سیرت۔
رہا (رِہا) چھوٹا ہوا، خلاص۔

رہاق (رَ-ہاق) شروعِ جوانی۔
رہان (رِ-ہان) رہن کی جمع، گھوڑدوڑ کی شرط۔
رہاندن، رہانیدن (رَ-ہا-نا-دَن) (رَ-ہا-نی-دَن) چھوڑنا۔
رہ انجام (رَہ-اَن-جام) قاصد، تیز سواری۔
رہ آورد (رَہ-آ-وَرد) سوغات، تحفہ۔
رہائی (رِہا-اِی) چھٹکارا، خلاصی۔
رہبان (رُہ-بان) راہب کی جمع، ایک عیسائی راہب (رَہ-بان) ڈرنے والا، ۲۔ راستے کا محافظ۔
رہبانیت (رُہ-با-نی-یَت) رہبان ہونے کا طریقہ۔
رہبر (رَہ-بَر) راہ نما، ہادی۔
رہبری (رَہ-بَری) راہنمائی۔
رہج (رَہَج) غبار، شور۔
رہرو (رَہ-رَو) راستہ چلنے والا، مسافر۔
رہروی (رَہ-رَوی) راستہ چلنا۔
رہرہ (رَہ-رَہ) اُجلا، کم گہرا۔
رہزن (رَہ-زَن) لٹیرا، قزاق۔
رہزنی (رَہ-زَنی) قزاقی۔
رہص (رَہص) دیوار کی بنیاد، جڑ۔
رہط (رَہط) گروہ، جمع اَرہُط، اَرہاط، اَراہِط۔
رہق (رَہَق) بے ایمانی، گمراہ ہونا، جھوٹ بولنا، ریت میں جانا، (رُہَق) ظلم، تباہی (رَہَق) آن پہنچنا۔
رہگذر (رَہ-گُذَر) عام راستہ، سڑک۔
رہ گرا (رَہ-گِرا) راہ پر مائل۔
رہگیر (رَہ-گیر) راہ رو، مسافر۔
رہمہ (رِہ-مَہ) ہلکی بارش۔
رہن (رَہن) گروی، شرط، جمع رِہان، رُہُون۔

رہندہ (رَہَن-دَہ) چھوٹنے والا۔
رہ نشین (رَہ-نِ-شین) راستہ پر بیٹھنے والا۔
رہنما (رَہ-نُما) دیکھو راہ نما۔
رہنمائی (رَہ-نُما-اِی) دیکھو راہ نمائی۔
رہو (رَہو) اونچی یا نشیبی زمین۔
رہوار (رَہ-وار) دیکھو راہوار۔
رہوک (رَہُوک) موٹا تازہ ہرن۔
رہی (رَہی) غلام۔
رہیدن (رَہی-دَن) چھوٹنا، مخلصی پانا۔
رہیدہ (رَہی-دَہ) چھوٹا ہوا۔
رہی زادہ (رَہی-زا-دَہ) غلام بچہ۔
رہین (رَہین) گروی رکھی ہوئی چیز۔
رئیس (رَ-ئیس) حکمران، سردار، حاکم، مالدار، شہری، صدرِ انجمن، جوہر شناس۔
رئیسہ (رَ-ئی-سَہ) سردار عورت۔
ری (رِی) سیراب ہونا (رَی) نام شہر خراسان۔
ریا (رِیا) دکھاوا، ظاہرداری۔
ریات (رِیات) رایت کی جمع۔
ریاح (رِیاح) ریح کی جمع، ہوا، باد۔
ریاحین (رِیا-حِین) ریحان کی جمع۔
ریاست (رِیا-سَت) سرداری، حکومت۔
ریاض (رِیاض) روضہ کی جمع۔
ریاضت (رِیا-ضَت) محنت، ورزش، نفس کشی۔
ریاضتی (رِیا-ضَتی) ورزشی، نفس کشی کرنے والا۔
ریاضی (رِیا-ضی) علم حساب، اقلیدس۔
ریاکار (رِیا-کار) فریبی۔
ریاکاری (رِیا-کا-ری) فریب۔
ریال (رِیال) رال کی جمع، ڈالر، ایک سکہ۔
ریان (رَیّان) سیراب، تر و تازہ۔
ریائی (رِیا-اِی) فریبی، مکار۔
ریب (رَیب) شک، حاجت، حادثہ۔

ریباری (ر ز ی) - ربقی ، سانڈنی سوار۔
ریباس (ر ی) - باس ، دیکھو ریواج۔
ریبال (ر ی) - بال ، شیر بہادر ، جوان بانکا۔
ریب المنون (ر ی) - بُل - مَنُون ، حوادثِ زمانہ۔
ریبہ (ر ی) - بہ ، شک میں ڈالنے والی چیز ، تہمت۔
ریث (ر ی ث) ، اندازہ ، ڈھیل (ر ی) ریث ، کاہل ، ڈھیل دینے والا۔
ریچار ، ریچال (ر ی) - چار ، رِی - چال ، آچار ، مربّا۔
ریح (ر ی ح) ، باس ، ہوا ، آندھی ، پیٹ کی ہوا جمع ریاح ، اَرْیاح ، اَرْوَاح۔
ریحان (ر ی) - حان ، خوشبو دار گھاس ، نیاز بو جمع ریاحین۔
ریحانہ (ر ی) - حا - نہ ، ریحان کی چھڑی۔
ریحانی (ر ی) - حا - نی ، ایک عربی شراب ، ایک نسب کو نوشیدنی۔
ریحی (ر ی) - حی ، منسوب طرف ریح۔
ریخ (ر ی خ) ، پتلا گوہ ، دست ، پیٹ ، (ریخ) ڈھیلا۔
ریختن (ر ی خ) - تن ، ٹپکنا ، بہانا مصدر بریزد۔
ریختہ (ر ی خ) - تہ ، اُردو زبان ، بکھرا ہوا ، بہا ہوا۔
ریختہ پا (ر ی خ) - تہ - پا ، تیز قدم۔
ریختہ دم (ر ی خ) - تہ - دَم ، دعا کرتا ہوا۔
ریختہ گر (ر ی خ) - تہ - گر ، دھات کے ڈھلے ہوئے برتن بنانے والا۔
ریخن (ر ی) - خن ، ہر وقت آوازیں دینے والا۔
ریدن (ر ی) - دَن ، ہگنا مصدر ریدہ ، ریندہ۔
ریز (ر ی ز) ، ڈالنے والا ، ٹپکنے والا۔
ریزال (ر ی) - زال ، ڈالتا ہوا ، گرتا ہوا۔
ریزش (ر ی) - زِش ، بخشش ، بکھیرنا ، ناک بہنا۔
ریزگاری (ر ی ز) - گا - ری ، ریزگی ، بھرت۔

ریزگی (ر ی) - زَگی ، ٹکڑا ، چھوٹا سکّہ۔
ریزندہ (ر ی) - زِن - دَہ ، گرنے والا۔
ریزہ (ر ی) - زَہ ، ٹکڑا ، ذرّہ ، کرچ ، کترن۔
ریزہ خوانی (ر ی) - زَہ - خوا - نی ، آواز کا اوتار چڑھاؤ۔
ریزہ سرائی (ر ی) - زَہ - سَرا - ئی ، نغمہ سرائی۔
ریزہ کاری (ر ی) - زَہ - کا - ری ، باریک کام۔
ریزیدن (ر ی) - زِی - دَن ، بہنا ، گرانا۔
ریستن (ر ی س) - تَن ، اُگنا ، بونا مصدر بریسد۔
ریسمان (ر ی س) - مان ، ڈورا ، رسّی۔
ریسمان باز (ر ی س) - مان - باز ، نٹ ، بازیگر۔
ریسندہ (ر ی) - سن - دَہ ، کاتنے والا۔
ریسیدن (ر ی) - سی - دَن ، کاتنا مصدر ریسد۔
ریسیدہ (ر ی) - سی - دَہ ، کاتا ہوا۔
ریش (ر ی ش) ، داڑھی (ر ی ش) ، زخم ، گھاؤ۔
ریشائل (ر ی) - شا - ئل ، داڑھی والا۔
ریش القصب (ر ی) - شُل - قَصَب ، نرکل کا پھول۔
ریش بابا (ر ی ش) - با - با ، قسم انگور۔
ریش برباد (ر ی ش) - بَر - باد ، غرور ، تکبر۔
ریش جعفر (ر ی ش) - جع - فَر ، بھورا جو لبیر ایرانیوں کی چھانٹا ہو۔
ریشخند (ر ی ش) - خَن - د ، ٹھٹھول ، مسخرہ۔
ریشخندی (ر ی ش) - خَن - دی ، مسخرگی۔
ریش تافتی (ر ی) - شِ - تا - فتی ، شہد کا چھتا۔
ریش گاؤ (ر ی ش) - گاؤ ، احمق ، نالائق۔
ریشم (ر ی) - شَم ، ایک کیڑے کے کرتے بنا ہوا ریشہ۔
ریشمال (ر ی ش) - مال ، داڑھی ، بھڑوا۔

ریشائی (ری-شا-ئی) داڑھی، بے تمیزی۔

ریشمی، ریشمینہ (رے-شمی، رے-شمی-نہ) ریشم کا بنا ہوا، ریشم سے منسوب، ریشم کا، ریشم کی۔

ریشہ (رے-شہ) کسی چیز کا سوت، تار، لوف، طرہ، پر، جھوٹا تار۔

ریشۂ قلم (رے-شَ-قلم) خطِ قلم کا چیر۔

ریشیدن (ری-شی-دن) ایک سے دوسرے برتن میں انڈیلنا، ریختہ - شی - دوا، بڑھانا۔

ریشیدہ (رے-شی-دہ) رنگا ہوا، بکھرا ہوا، زخمی۔

ریلہ، ریلیہ (ری-لہ، ری-لیہ) ایک قسم کی چادر، ریلج، رنج، نشان، پیالا وار۔

ریعان (ری-عان) آن، آغاز، جوانی، آغوشِ جوانی۔

ریغل (ری-غل) خشک، دبلا پتلا۔

ریقا (ری-قا) متحرک، نا خشندہ۔

ریک (ری-ک) نیک بخت۔

ریگ (ریگ) ریتی، ریت، مسلسل ریل۔

ریگِ رواں (رے-گ-رَ-واں) ریت جو ہر وقت چلتا رہتا ہے، بہتا ہوا ریت۔

ریگزار (ری-گ-زار) ریت کی جگہ۔

ریگستان (رے-گس-تان) ریت کا ملک۔

ریگ شو (ریگ-شو) نیا رہ۔

ریگ فرش (ریگ-فرش) رنگا ہوا فکر

ریگ مال (ریگ-مال) زنگ چھڑانے کا کاغذ

ریگ ماہی (ریگ-ماہی) ریت کا ایک جانور

ریل (ری-ل) رال بہنا۔

ریم (ری-م) سفید ہرن جو آرام سے سہیل، پیپ، زنگ۔

ریمن (ری-من) مکّار، دغا باز، دیو۔

ریمنِ زخمی، میلا کچیلا (ری-من) اکھڑا ہرن

ریمیا (ری-میا) علم جس کا جاننے والا جہاں چاہے پہنچ جاتا ہے۔

ریں (ری-ں) گناہ کا قبضہ، ریں، ایسی جگہ جہاں سے نکلنا میسر نہ ہو۔

ریو (ری-و) مکر و حیلہ، فریب۔

ریواج، ریواس (ری-واج، ری-واس) ایک کھٹا میوہ۔

ریوند (ری-وند) ایک مشہور نباتی دوا۔

ریہ (ری-ہ) پھیپھڑا، جمع ریات، آنتوں۔

ریہانیدن (رے-ہا-نی-دن) ویران کرنا۔

ریہیدن (رے-ہی-دن) رہا کرنا، ڈھیلا کرنا۔

ز

ز (زے) تمام مقام عدد ۷، حرف تہجی اردو، اکثر حروف سے بدلتا ہے علی الخصوص ۱۔ ج کے ساتھ مثلاً روز، روج۔ ۲۔ چ کے ساتھ مثلاً پزشک، پچشک۔ ۳۔ د کے ساتھ مثلاً سرخ مرد، سرخ مرز۔ ۴۔ ذ کے ساتھ مثلاً ذافرہ، زافرہ۔ ۵۔ س کے ساتھ مثلاً زماروغ، سماروغ۔ ۶۔ ش کے ساتھ مثلاً زوک، شوک۔ ۷۔ غ کے ساتھ مثلاً گریز، گریغ۔ ۸۔ ن کے ساتھ مثلاً زغند، نغند۔ ۹۔ و کے ساتھ دروازہ، دروا وہ۔ ۱۰۔ ی کے ساتھ مثلاً آوازی، آوائی۔

زا (زا) پیدا ہوا، جنا ہوا۔

زابل (زا-بل) ایرانی آدمی (زا-بل) زابلستان۔

زابلی (زا-بلی) قدیم فارسی زبان کی ایک شاخ۔

زابوم (زا-بوم) خالص سونا۔

زاج (زاج) پھٹکری۔

زاجر (زا-جر) جھڑکنے والا جمع زواجر۔

زاجل (زا-جل) انڈے کی زردی جمع زواجل

زاج (زَاجْ) زچہ۔ نفسا ء۔
زاحف (زَا-حِفْ) رینگنے والا۔
زاحل (زَا-حِلْ) کھسکنے والا۔
زاخر (زَا-خِرْ) چڑھا ہوا دریا۔
زاغل (زَا-غِلْ) آک۔ تھوہر۔
زاد (زَادْ) کھانا۔ توشہ۔ ف۔ جنا۔ جیسے سال زاد
نسل۔ پیڑھی۔ پشت۔ جنا ہوا۔
زاد بر زاد (زَادْ-بَرْ-زَادْ) پشت بر پشت۔
زاد بود (زَادْ-بُوْدْ) ساز و سامان۔
زاد بوم (زَادْ-بُوْمْ) جنم بھوم۔ وطن۔
زاد راہ (زَادْ-رَاہْ) توشہ راہ۔ سفر خرچ۔
زادن (زَا-دَنْ) جننا۔ مضم زائیدہ۔
زادہ (زَا-دَہْ) فرزند۔ جنا ہوا۔
زار (زَارْ) خواہش۔ تحریر۔ نالاں۔ درد سے نالاں۔
زیادتی۔ کثرت کی جگہ اور روس کے بادشاہ کا لقب
زارع (زَا-رِعْ) کھیتی کرنے والا۔ جمع زُرّاع
زار نالی (زَارْ-نَا-لِیْ) بیقراری سے رونا۔
زار و نزار (زَارْ-وَ-نَزَارْ) دُبلا۔ نحیف۔
زاری (زَا-رِیْ) رونا دھونا۔
زاریدن (زَا-رِیْ-دَنْ) رونا۔ مضم زارد
زاریدہ (زَا-رِیْ-دَہْ) رویا ہوا۔
زازی (زَا-زِیْ) نا خوش۔ عتاب کرنے والا۔
زاغ (زَاغْ) کوا۔ گوشۂ کمان جمع زیغان
تیز طرار آدمی۔ ف۔ کنکھیوں سے دیکھنا۔ بھر جانا۔
زاغ آبی (زَاغْ-آ-بِیْ) جل کوا۔
زاغ پا (زَاغْ-پَا) طعنہ۔ سرزنش۔
زاغ چشم (زَاغْ-چَشْمْ) کنجا۔ کرنجا۔
زاغ دل (زَاغْ-دِلْ) سخت دل۔
زاغر (زَا-غَرْ) پوٹا۔ چینہ دان۔
زاغ زبان (زَاغْ-زَبَانْ) جس کا کوسا لگے۔
زاغ نول (زَاغْ-نَوْلْ) کدال۔

زاف (زَافْ) سب سے بے کار پشت۔
زاق (زَاقْ) آواز کرنے والا۔
زاک (زَاکْ، زَاگْ) دیکھو زاج۔
زال (زَالْ) سفید سر والا بڈھا یا بڑھیا۔
زالوک (زَا-لُوْکْ) علق۔ جونک۔
زامر (زَا-مِرْ) سخت آواز۔
زانج (زَانْجْ) ش۔ دیکھو زنج۔
زانو (زَا-نُوْ) گھٹنا۔
زانہ (زَا-نَہْ) ایک پرندہ کا نام۔
زانی (زَا-نِیْ) حرام کار۔ زنا کرنے والا۔
زانیہ (زَا-نِ-یَہْ) زنا کرنے والی۔
زاو (زَاوْ) ق۔ پیادہ۔ راج۔ قوی۔
زاوش (زَا-وُشْ) ستارۂ مشتری۔ برجیس۔
زاولانہ (زَا-وُ-لَا-نَہْ) بیڑی۔
زاوی (زَا-وِیْ) گوشہ۔ کونہ۔ ریزہ۔
زاویہ (زَا-وِ-یَہْ) خانقاہ۔ مسافر خانہ۔
گوشہ۔ کونہ۔ جمع زوایا۔
زاویہ حادہ (زَا-وِیَہ-حَا-دَہْ) وہ زاویہ جو نوّے درجے سے کم ہو۔
زاویہ قائمہ (زَا-وِیَہ-قَا-ئِ-مَہْ) نوّے درجہ



کا زاویہ۔
زاویہ منفرجہ (زَا-وِیَہ-مُنْ-فَرِ-جَہْ) نوّے



درجے سے بڑا زاویہ۔
زاہد (زَا-ہِدْ) پرہیزگار۔ پارسا۔ جمع زُہّاد۔
زاہدا (زَا-ہِ-دَا) اے زاہد۔
زاہد خشک (زَا-ہِدْ-خُشْکْ) وہ جس کو
عبادت کا لطف نہ آوے۔
زاہدہ (زَا-ہِ-دَہْ) پرہیزگار عورت۔
زاہر (زَا-ہِرْ) روشن۔ جمع زَوَاہِر۔
زائچہ (زَا-ئِ-چَہْ) ستاروں کا نقشہ۔ جنم پتری۔ تقویم العمر۔
زائد (زَا-ئِدْ) زیادہ۔ جمع زوائد۔
زائر (زَا-ئِرْ) زیارت کرنے والا۔ جمع زُوّار۔ زائرین۔

زائل (زا-اِل) دور ہونے والا۔

زائچگی (زا-اِچ-گی) پیدائش، جنائی۔

زائچہ (زا-اِچ-چہ) جنم پتری، علم نجوم دیکھ۔

زائیدہ (زا-اِی-دَہ) جنا ہوا۔

زائی (زا-ئی) دیکھو زا۔

زائف (زا-اِف) خراب عورت۔

زاینِدہ (زا-یِن-دَہ) جننے والی۔

زب (زَب) ناک کی [illegible] (زُب) رانگال، آسمان۔

زبا (زُبا) زبہ کی جمع۔

زباب (زُباب) بڑا چوہا، اُم زباب۔

زباد (زَباد، زِباد) مشک بلائی۔

زبان (زَبان، زُبان) جیبھ، بولی، روزمرہ

زبان آور (زَبان-آ-وَر) شاعر، فصیح، زباندان۔

زبان آوری (زَبان-آ-وَری) زباندانی۔

زبان بندی (زَبان-بَن-دی) اظہار کی ممانعت

زبان دان (زَبان-دان) شاعر، ادیب، زبان کا ماہر۔

زبان دانی (زَبان-دا-نی) زبان جاننا۔

زبان دراز (زَبان-دَراز) بیہودہ بکنے والا۔

زبان درازی (زَبان-دَرا-زی) بیہودہ بکواس

زبان زد (زَبان-زَد) مشہور، معروف۔

زبان فروش (زَبان-فَروش) [illegible]۔

زبان گیر (زَبان-گیر) مخبر، جاسوس۔

زبانہ (زَبا-نَہ) شعلہ، لو۔

زبانی (زَبا-نی) ۱- زبنی کی جمع۔ ۲- منہ زبانی۔

زبانیہ (زَبا-نِیَہ) زبنیہ کی جمع۔

زباۃ (زُباۃ) زبیہ کی جمع۔

زبد (زَبد) جھاگ، پھین (زُبد) دیکھو زبدہ

زبدہ (زُب-دَہ) خلاصہ، مکھن۔

زبر (زَبَر) طاقتور، اوپر، ملاحظہ ہو زیر (۲)
(زِبر) کتاب، نوشتہ جمع زُبُر (زُبُر)
عقل، ایک، توانا، مضبوط، سخت، [illegible]۔

زبرجد (زَبَر-جَد) زمرد کی ایک قسم۔

زبردست (زَبَر-دَست) غالب، طاقتور۔

زبردستی (زَبَر-دَس-تی) زور، دھینگی۔

زبرقان (زِب-رِقان) ماہِ کامل، چاند کا نام

زبرہ (زُب-رَہ) ایک کتاب، جمع زُبَر
(زُب-رَہ) لوہے کا ٹکڑا، ستارہ جمع زُبَر

زبری (زَبَری) منسوب طرف زبر، طاقتور۔

زبس (زِبَس) دیکھو از بس۔

زبطانہ (زَب-طا-نَہ) بندوق، تفنگ۔

زبل (زِبل) لید

زبن (زَبن) دھکیلنا، دھکا دینا۔

زبنی (زِب-نی) سرکش، دوزخ کا موکل
جمع زبانی، زبانیہ۔

زبنیہ (زِب-نِیَہ) زبنی جمع زبانیہ۔

زبودہ (زُبو-دَہ) [illegible]

زبور (زَبُور) تحریر جمع زُبُر نام کتاب
جو حضرت داؤد علیہ السلام پر نازل ہوئی۔

زبوں (زَبُوں) خراب، خوار۔

زبونی (زَبُو-نی) خرابی، خواری۔

زبیر (زُبَیر) عاقل۔

زبیب (زَبیب) خشک انگور، منقیٰ

زبیہ (زُب-یَہ) ہاتھی پکڑنے کی اوجھی،
اونچا ٹیلہ جمع زبا، زباۃ۔

زجاج (زُجاج) شیشہ، کانچ، زجاج (زَجّاج)
شیشہ گر، شیشے کی چیزیں بنانے والا۔

زجاجہ (زُجا-جَہ) شیشہ، کانچ، آئینہ۔

زجال (زَج-جال) نامہ بر کبوتر چھوڑنے والا، تیر باز۔

زجر (زَجْ - ر) روک ٹوک، جھڑکی۔
زجرہ (زَجْ - رَہ) ڈانٹ۔
زجل (زَجْ - ل) کبوتر بھیجنا، کبوتر اڑانا، ڈال دینا۔
زجہ (زَجَّہ) دیکھو زجیہ۔
زجیر (زَجِیْر) منع کرنے والا، باز رکھنے والا۔
زچہ (زَچْ - چَہ) زچہ، وہ عورت جسکے بچہ جنا ہو۔
زحاف (زِحَافْ) آزاد کمی، جو بحر [illegible]
زحام (زِحَامْ) انبوہ، کثرت۔
زحزحہ (زَحْ زَحَہ) پرے ہٹانا، اقتاب الٹنا۔
زحف (زَحْفْ) رینگنا، گھسٹ کر چلنا۔
زحل (زُحَلْ) سنیچر ستارہ، کیوان۔
زحم (زَحْم) زحمت، انبوہ۔
زحمت (زَحْ - مَتْ) دکھ، رنج۔
زحیر (زَحِیْر) مروڑ، پیچش، آزردہ۔
زخ (زَخّ) شور، گھٹنے کی آواز۔
زخار (زَخْ - خَارْ) لبریز، امنڈنے والا۔
زخر (زَخْ - ر) پانی چڑھنا۔
زخرف (زُخْ - رُفْ) زرق برق، خوبی و آرائش۔
زخرفہ (زَخْ - رَفَہ) جھوٹی ملمع کاری کی بات جو دکھاوٹ
زخم (زَخْ - م) گھاؤ۔
زخم کاری (زَخْمِ - کَا - رِی) مہلک گھاؤ۔
زخمی (زَخْ - مِی) گھائل۔
زخود رفتگی (اَزْ خُوْد - رَفْ - تَگِی) بیخودی، اکھڑا ہوا پن
زخود رفتہ (اَزْ خُوْد - رَفْ - تَہ) کھویا ہوا۔
زد (زَدْ) چوٹ، مار، مارا ہوا۔
زدا (زُدَا) صاف کرنے والا۔
زدائیدن (زُدَا - اِیْ - دَنْ) دیکھو زدودن
زدائش (زُدَا - یِش) صفائی، جلا۔
زدایندہ (زُدَا - یَنْ - دَہ) صاف کرنے والا۔
زدن (زَ - دَنْ) مارنا مصدر زدنہ

زدنی (زَدْ - نِی) مارنے کے لائق۔
زدودن (زُدُوْ - دَنْ) مانجھنا، صاف کرنا
مصدر زدائیدن۔
زدودہ (زُدُوْ - دَہ) صاف کیا ہوا، مانجھا ہوا۔
زدوکوب (زَدْ وَ کُوب) مار پیٹ۔
زدوختن (زَدْ وَ خَتَنْ) سرلپیٹنا
زدہ (زَدَہ) مارا ہوا۔
زر (زَرْ) سونا چاندی، روپیہ پیسہ، دولت
(زِرّ) بٹن، گھنڈی کی ابتام۔
زراب (زَرْ - آب) سونے کا پانی، زعفرانی
شراب (زَرْ - رَاب) ایک خوشبودار گھاس۔
زراد (زَرْ - رَادْ) زرہ بنانے والا۔
زرادخانہ (زَرْ - رَادْ - خَا - نَہ) سلاح خانہ۔
زراط (زِرَاط) راہ۔
زراعت (زِرَا - عَتْ) کھیتی۔
زراعتی (زِرَا - عَتِی) کھیتی والا، منسوب
بہ زراعت۔
زرافہ، زرافہ، زرافت (زَرَا - فَہ) ایک چوپایہ
کی جماعت (زُرَافَہ، زَرَا - فَہ) لمبی
گردن کا ایک جنگلی چوپایہ۔
زراق (زَرْ - رَاقْ) مشاق، دودلا۔
زراق خانہ (زَرْ - رَاقْ - خَا - نَہ) جہاں
مشاق جمع ہوتے ہوں۔
زراندود (زَرْ - اَنْ - دُوْد) سونے کا
جھول چڑھا ہوا۔
زراوند (زَرَا - وَنْد) نام دوا۔
زرباف (زَرْ - بَافْ) سنہری۔
زربفت (زَرْ - بَفْتْ) سنہری کپڑا۔
زرپرست (زَرْ - پَرَسْتْ) لوبھی، لالچی۔
زرپرستی (زَرْ - پَرَسْ - تِی) لوبھ، لالچ۔
زرت (زُرْ - ت) جوار۔

زرخرید ، (زَر۔خَرِید) ، مول لیا ہوا۔
زرخیز ، (زَر۔خیز) ، جو سونا پیدا کرے ، عمدہ پیداوار والا۔
زرخیزی ، (زَر۔خے۔زی) ، عمدہ پیداوار
زرد ، (زَرْد) ، پیلا ، (زرصفت) ، اسم (زردی) دیکھو زرت ۔
زرداب ، (زَرْد۔آب) ، پیپ ، صفرا ، پیلا پانی۔
زردار ، (زَر۔دار) ، مالدار۔
زرداری ، (زَر۔دا۔ری) ، مالداری۔
زرد آلو ، (زَرْد۔آ۔لُو) ، خوبانی تازہ۔
زرد چوب ، (زَرْد۔چُوب) ، ہلدی۔
زرد رو ، (زَرْد۔رُو) ، شرمندہ ، کمزور۔
زردک ، (زَر۔دَک) ، زعفرانی گاجر۔
زرد گوش ، (زَرْد۔گوش) ، منافق ، مکار۔
زردوز ، (زَر۔دوز) ، کارچوب۔
زردوزی ، (زَر۔دو۔زی) ، کارچوبی۔
زردست ، (زَر۔دَس۔ت) ، مالی۔
زردہ ، (زَر۔دَہ) ، انڈے کی زردی ، کھانے کا تمباکو ، چاولوں کا ایک کھانا ، پیلا گھوڑا۔
زردی ، (زَر۔دی) ، پیلاپن ، پیلاہٹ۔
زرسارا ، (زَر۔سا۔را) ، کھرا سونا۔
زرزور ، (زُر۔زُور) ، مینا۔
زرسرخ ، (زَرِ۔سُرْخ) ، سونا۔
زرسفید ، (زَرِ۔سَفید) ، چاندی۔
زرشک ، (زِرِشْک) ، نام دوا۔
زرع ، (زَرْع) ، کھیتی ، کھیت میں تخم بونا۔
زرعی ، (زَر۔عی) ، منسوب بہ زرع۔
زرغنب ، (زَر۔غَنْب) ، کیمخت۔
زرطلبی ، (زَر۔طَلَ۔بی) ، لالچ کا ہے ملانا کرانا
زرفین ، (زُر۔فین) ، دروازے کی زنجیر۔
زرق ، (زَرْق) ، جھوٹ ، مکاری ، آنکھ کی گردش ، (زُرْقان) ، جمع ہم زر ، زرقی ، (زُرْق) ، ازرق کی جمع۔
زرقا ، (زَرْ۔قا) ، وہ عورت جس کی آنکھ میں نیلی اور شہلائی ہو۔
زرقلب ، (زَر۔قَلْب) ، بے میل کھوٹا سونا۔
زرک ، (زَرَک) ، سونے کے ورق کا چورا۔
زرکار ، (زَر۔کار) ، سنہری کام کی چیز۔
زرگر ، (زَر۔گر) ، سنار۔
زرگری ، (زَر۔گری) ، سنار کا کام۔
زرگل ، (زَر۔گُل) ، گلاب کا زیرہ۔
زرنب ، (زَر۔نَب) ، ایک دوا۔
زرنباد ، (زَرَن۔باد) ، نام دوا ، کچور۔
زرنگار ، (زَر۔نِگار) ، سونے سے لکھا ہوا۔
زرنگاری ، (زَر۔نِگا۔ری) ، سونے سے لکھنا۔
زرتوتانی ، (زَر۔تو۔تانی) ، کھیسی ، جتانا لے جانا۔
زرپوک ، (زُر۔پوک) ، جگنی کا کھٹکا ، ہنڈا۔
زرنیخ ، (زِر۔نیخ) ، ہڑتال۔
زرمین ، (زَر۔مین) ، دیکھو زرمین۔
زرو ، (زَرْو) ، دیکھو زرہ۔
زرہ ، (زِرَہ) ، چلتہ ، (زُرَّہ) ، جوار ، مکئی۔
زری ، (زَرِی) ، سنہری کام کی چیز۔
زریں ، (زَر۔رِیں) ، سنہری۔
زرینہ ، (زَرِی۔نَہ) ، سنہری۔
زرہ ، (زِرْزِہ) ، انگلی۔
زستق ، (زِس۔تَق) ، زلیتق کا مخفف۔
زشت ، (زِشْ۔ت) ، بُرا ، بھونڈا۔
زشتی ، (زِشْ۔تی) ، بُرائی ، بھونڈاپن۔
زعاف ، (زُعاف) ، زہرِ قاتل۔
زعاق ، (زُعاق) ، کھاری۔
زعرور ، (زُعْ۔رُور) ، بہو۔

زعزع (زَعْ-زَعْ) ہوا کا جھونکا، جھکولا۔
زعف (زَعْ-ف) قتل کر ڈالنا۔
زعفر (زَعْ-فَر) کیسر جمع زعافر۔
زعفران (زَعْ-فَران) کیسر
زعفرانی (زَعْ-فَرا-نی) کیسری۔
زعفوت (زَعْ-فُوت) چڑچڑا، بدمزاج، بالکل گمرا
زعم (زَعْم) گمان، ظن۔
زعنفہ (زِعْ-نَفَہ) چھنگا جمع زعانف۔
زعیم (زَعِیْم) وکیل کار، لیڈر، سردار جمع زعماء
زغارہ (زُغا-رَہ) چینا، ارزن جو ایک غلہ ہے۔
زغاک (زَغاک) انگور کی شاخ۔
زغال (زُغال) کوئلہ۔
زغب (زَغَب) رونگٹا، موئے زرد۔
زغلک (زَغْلَک) دیکھو زغنک۔
زغلول (زُغْ-لُول) چست دبلا کم آدمی۔
زغلہ (زَغْ-لَہ) کلی۔
زغن (زَغَن) چیل، خات، خیلوار۔
زغند (زَغَنْد) دیکھو زقند۔
زغنک (زُغْنَک، زُغْنُک) ہچکی۔
زغوتہ (زُغُو-تَہ) پھدیا۔
زغیر (زُغَیْر) السی، کتان۔
زفاف (زِفاف) دولہا دلہن کی ہمبستری اور دلہن کا شوہر کے گھر آنا۔
زفان (زُفان، زَفان) دیکھو زبان۔
زفانہ (زُفا-نَہ) دیکھو زبانہ۔
زفت (زَفْت) سخت، موٹا، مضبوط، (زُفت) اتا کنجوس، بدمزاج، (زِفت) رال، ایک گوند۔
زفتی (زَفْ-تی) کنجوسی۔
زفزاقہ، زفزف (زَفْ-زا-قَہ، زَفْ-زَف) ہوا کا جھکڑ۔
زفزفہ (زَفْ-زَفَہ) کپکپی، تھرتھری۔

زفیر (زَفِیْر) سختی، بلا، گدھے کی آواز۔
زق (زِق) سقہ کی مشک۔
زقاق (زُقاق) کوچہ، گلی، راستہ، سڑک۔
زقوم (زَقُّوم، زَقْ-قُوم) تھوہڑ۔
زقونیا (زَقُو-نیا) تھوہڑ، ہیچ
زقہ (زُقَّہ، زُقَّہ) چوگا، گھٹی۔
زک (زَک) مار، الزام، کمزور چال۔
زکا (زَکا) دلیری، پاکی، بے نیازی۔
زکاب (زُکاب) لکھنے کی روشنائی۔
زکام (زُکام) نام بیماری۔
زکوٰۃ (زَکات) مال کے ایک حصہ کی خدا کی راہ میں خیرات۔
زکی (زَکی) پاک، ذہین جمع ازکیاء۔
زکیک (زِکِیْک) آہستگی کی چال۔
زکیدن (زَکی-دَن) دیکھو رکیدن۔
زگال (زُگال) دیکھو زغال۔
زل (زَل) پھسلنا، لڑکھڑانا۔
زلابیہ (زَلا-بِیَہ) جلیبی، زلبیا۔
زلات (زَلّات) زلہ کی جمع۔
زلال (زُلال) صاف میٹھا پانی۔
زلت (زَل-لَت) لغزش، خطا۔
زلزال (زِلْ-زال) ہلانا۔
زلزلہ (زَل-زَلَہ) بھونچال جمع زلازل
زلف (زُلْف) لٹ، جٹا۔
زلف پریشاں (زُلْف-پَرے-شاں) بکھری ہوئی لٹ۔
زلف عنبریں (زُلْف-عَم-بَریں) سنہری لٹ
زلفہ (زُلْ-فَہ) رات کا ایک حصہ جمع زُلَف
زلفی (زُلْ-فی) تلوار کی موٹھ، دروازہ کی زنجیر۔

زلفین (زُل فَین) زنجیر۔

زلق (زَلَق) صاف ہموار زمین۔

زلل (زَلَل) خطا، لغزش، نقصان، شرارہ کی بکی، پھسلنے کی جگہ، پھسلن۔

زلو، زلود، زلوک (زَلُو، زَلُود، زَلُوک) جونک جو خون چوسنے والا پانی کا ایک کیڑا ہے۔

زلہ (زَلْ لَہ) پھسلن، لغزش، خطا جمع زلات (زَلْ لات) ۱۔ جھوٹ، ۲۔ جھگڑے

زلیبیا (زَلے بیا) جلیبی۔

زلیل (زَلیل) لڑکھڑانا، ڈگمگانا۔

زلیہ (زِلْ لی یَہ) قالین۔

زمارخ (زُما۔رُخ) دیکھو سماروغ۔

زماط (زُمْ ماط) شہنائی، نفیری، ترائی۔

زمام (زِمام) نکیل، باگ جمع اَزِمَّہ۔

زمان (زَمان) وقت، فرصت، روزگار، آسمان، زمانہ۔

زمانہ (زَما۔نَہ) وقت جمع اَزمِنَہ۔

زمانہ ساز (زَما۔نَہ۔ساز) بے اصول، زمانہ کے موافق۔

زمانہ سازی (زَما۔نَہ۔سا۔زی) بے اصولی، موافقت زمانہ۔

زمانی (زَما۔نی) منسوب بہ زمانہ، پرانا۔

زمج (زَمَج) ابھرنا، غصّہ میں آنا۔ (زُمَّج) غصہ کھونا (زُمَج، زُمَّج) ایک شکاری پرندہ جسے چرغ اکثر شکار کرتا ہے یعنی زُرَّق

زمح (زَمْ مَح) کمینہ، بدرو ہونا۔

زمخت (زُمُخْت) کسیلا۔

زمر (زَمْر) بانسری بجانا، خبر فاش کرنا۔

زمرد، زمرذ (زُمُرُّد، زُمُرُّذ) ایک ہرا جواہر۔

زمردین (زُمُرُّدین) زمرد کی مانند۔

زمرہ (زُمْ رَہ) جماعت، گروہ جمع زُمَر

زمزم (زَم۔زَم) کعبہ کا ایک کنواں۔

زمزمہ (زَم۔زَمَہ) گیت، نغمہ۔

زمزمہ پرداز (زَم۔زَمَہ۔پَر۔داز) نغمہ گانے والا۔

زمزمہ پردازی (زَم۔زَمَہ۔پَر۔دا۔زی) نغمہ گانا۔

زمزمی (زَم۔زَمی) زمزم کے پانی کا برتن۔

زمستان (زِمِس۔تان) جاڑا، سرما، شتا۔

زمستانی (زِمِس۔تا۔نی) زمستان سے منسوب

زمکی (زِمِکْ کا) دمغزہ، پرند کی پونچھ کی جڑ۔

زمم (زَمَم) مضبوط ارادہ۔

زمن (زَمَن) زمانہ، وقت، مصیبت جمع اَزمان، اَزمُن (زَمِن) مصیبت کا [illegible]

زمودن (زِمُو۔دَن) نقش ونگار کرنا۔

زمہریر (زَم۔ہَریر) سخت جاڑا، ایک ٹھنڈا کرہ۔

زمیدن (زِمی۔دَن) چبانا۔

زمیج (زَمیج) بہادر اور درست رائے۔

زمیل (زَمیل) ساتھی۔

زمی، زمین (زَمی، زَمین) ارض، دھرتی۔

زمیندار (زَمیں۔دار) مالک زمین۔

زمین دوز (زَمیں۔دوز) زمین کے تلے والا۔

زمین کیلہ (زَمیں۔کی۔لَہ) سخت کیچڑ۔

زمین مردہ (زَمیں۔مُر۔دَہ) بنجر ٹکڑا اور سر۔

زمین وزمان (زَمی۔نو۔زَمان) زمین و آسمان۔

زن (زَن) عورت، جورو، ناری۔

زنا (زِنا) حرامکاری، (زَنّا) بے حد زانی۔

زنابیر (زَنا۔بیر) زنبور کی جمع۔

زنابیل (زَنا۔بیل) زنبیل کی جمع۔

زناوقہ (زَنا۔وِقَہ) زندیق کی جمع۔

زنّار (زُنّ۔ نّار) جنیو، ڈوری جو زنّار بھی۔
زناکار (زِ۔نا۔کار) حرامکار۔
زناکاری (زِ۔نا۔کا۔ری) حرامکاری۔
زناں (زَ۔ناں) مارنے والا، مارتا ہوا
زدن کی فارسی جمع۔
زنانہ (زَ۔نا۔نہ) عورت کے لائق، عورت کی مانند۔
عورت سے منسوب، عورتوں کا، عورتوں کی۔
زنانی (زَ۔نا۔نی) زن سے منسوب۔
زنبار (زِن۔بار) زنہار۔
زنبارہ (زَن۔با۔رہ) ہنڈی یا رقعہ۔
زنبر (زَم۔بَر) وہ آدمیوں کے بوجھ اٹھانے کا
سیڑھی کی شکل کا آلہ۔
زنبق (زَم۔بَق) چنبیا کا پھول، چنبیلی۔
زن بمزد (زَن۔بَمزد) بھڑوا، قرمساق۔
زنبور (زُم۔بور) (زَم۔بُور) بھڑ، شہد کی مکھی
ہم رنگا بھڑ۔
زنبورچی (زُم۔بور۔چی) برقنداز، توپچی۔
زنبورک (زُم۔بو۔رَک) چھوٹی توپ۔
زنبورہ (زُم۔بو۔رَہ) بھڑ، شہد کی مکھی، لکڑی۔
زنبوری (زُم۔بو۔ری) جال، جالیدار۔
زنبیل (زَم۔بیل) جھولی، تھیلا جو زنا بیل۔
زنج (زَنج) ملک زنگ، حبشہ۔
زنجار (زِن۔جار) دیکھو زنگار۔
زنجبار (زَن۔جی۔بار) نام جزیرہ ساحل مشرقی افریقہ
زنجبیل (زَن۔جَ۔بیل) سونٹھ۔
زنجرہ (زَن۔جَ۔رہ) جھینگر۔
زنجفہ (زَن۔جَ۔فہ) کنارہ، سرحد۔
زنجفر (زَن۔جَ۔فَر) شنگرف۔
زنجلب (زَن۔جَلب) بھڑوا، دیوث۔
زنجلبی (زَن۔جَل۔بی) دیوثی، قلتبانی۔
زنجی (زَن۔جی) زنگی، حبشی، جمع زنج، زنوج۔

زنجیر (زَن۔جیر) آہنی جڑی ہوئی کڑیاں۔
زنجیربان (زَن۔جیر۔بان) قیدیوں
کا نگراں۔
زنجیرہ (زَن۔جی۔رَہ) موج، لہر۔
زنجیری (زَن۔جی۔ری) قیدی، اسیر۔
زنجیک (زَن۔جیک) چھنال، فاحشہ۔
زنخ، زنخدان (زَنخ) (زَنَخ۔دان) ٹھوڑی۔
زند (زَند) وہ پہیا، کلام مجوس، زند و پازند
زرتشت کی کتاب، بڑا بزرگ، چقماق۔
زندان (زِن۔دان) قید خانہ۔
زندانی (زِن۔دا۔نی) قیدی۔
زندباف، زندہ باف (زَن۔د۔باف) (زَن۔دَہ۔باف)
خوش الحان، بلبل، قمری، فاختہ۔
زندبیل، زندہ پیل (زَن۔د۔بیل) (زَن۔دَہ۔
پیل) بڑا ہاتھی۔
زندگانی، زندگی (زِن۔دَ۔گا۔نی) (زِن۔دَ۔
گی) ہستی، زیست، جینا۔
زندلاف (زَن۔دَ۔لاف) خوش آواز پرند۔
زندہ (زِن۔دَہ) جیتا (زَن۔دَہ)
بڑا، موٹا۔
زندہ دار (زِن۔دَہ۔دار) بہت جاگنے والا۔
زندیق (زِن۔دیق) بظاہر مسلمان مگر
دل میں کافر، دو رنگا۔
زنش (زَ۔نِش) مار، چوٹ، زد۔
زنکہ (زَن۔کہ) چھوٹی عورت۔
زنگ (زَنگ) میل جو دھات پر اوپر سے جما
جم گھنٹہ، ملک حبش۔
زنگ آلود (زَنگ۔آ۔لود) زنگ لگا ہوا۔
زنگار (زَن۔گار) کسیاؤ، زنگ۔
زنگاری (زَن۔گا۔ری) منسوب بہ زنگار۔
زنگبار (زَن۔گ۔بار) ملک زنجبار۔

زنگلہ (زَنگ۔گُلہ) چھابجہ، گھونگھرو (زنگ۔گلہ) انگور کے خوشہ کا ٹکڑا۔

زنگ (زَنگ۔گُم) ملک زنجبار۔

زنگی (زَنگ۔گی) حبشی، شیدی۔

زنندہ (زَنَن۔دَہ) مارنے والا۔

زنہار (زِن۔ہار) دیکھو زینہار۔

زنہار خوار (زِن۔ہار۔خوار) عہد شکن۔

زنہاری (زِن۔ہا۔ری) امان چاہنے والا۔

زنیان (زِن۔یان) اجوائن، نانخواہ۔

زنیق (زَنیق) مضبوط۔

زنیم (زَنیم) کنجوسی میں بدنام۔

زو (زُوْ) اس سے، (زود (زُوْد) جلد، شتاب۔

زواج (زِوَاج) نکاح۔

زواجر (زَوَا۔جِر) زاجر کی جمع۔

زوار (زُوَّ۔وار) زیارت کرنے والا (زَوَا۔ئِر) زائر کی جمع۔

زوال (زَوال) حالت کا گھٹنا، ناپیدی۔

زوال پذیر (زَوال۔پِذِیر) ناپید ہونے والا۔

زوالہ (زُوَا۔لَہ) آٹے کا پیڑا۔

زوانہ (زَوَا۔نَہ) دیکھو زبانہ۔

زواہر (زَوَا۔ہِر) زاہر کی جمع۔

زوایا (زَوَا۔یا) زاویہ کی جمع۔

زواید (زَوَا۔ئِد) زائد کی جمع۔

زوبر (زُو۔بَر) اسپ، تمام، ہمہ۔

زوبعہ (زَو۔بَعَہ) بگولا۔

زوج (زَوج) جوڑے میں ایک، جمع ازواج۔

زوجہ (زَو۔جَہ) جورو، بیوی، جمع ازواج۔

زوجین (زَو۔جَین) دونوں میاں بیوی۔

زود (زُود) جلدی، شتاب۔

زود و لود (زُود۔لُود) بیجا، بے حساب۔

زود پشیمان (زُود۔پَشی۔مان) جلد پچھتانے والا۔

زود پشیمانی (زُود۔پَشی۔مانی) جلد پچھتانا۔

زود خیز (زُود۔خیز) چالاک۔

زود رنج (زُود۔رَنج) جلد رنجیدہ ہونے والا

زود رنجی (زُود۔رَن۔جی) جلد رنجیدہ ہونا۔

زود سیر (زُود۔سیر) جلد سیر ہونے والا۔

زود نویس (زُود۔نَویس) جلد لکھنے والا۔

زود نویسی (زُود۔نَوی۔سی) جلد لکھنا۔

زودی (زُو۔دی) جلدی، شتابی۔

زور (زُور) جھوٹ، فریب، تہمت، (زَور) طاقت، قوت، (زَور) زیارت کو جانا۔

زور آزما (زَور۔آز۔ما) پہلوان۔

زور آزمائی (زَور۔آز۔ما۔ئی) زور لگانا، پہلوانی۔

زور آور (زَور۔آ۔وَر) طاقتور۔

زور آوری (زَور۔آ۔وَری) طاقتوری

زورق (زَو۔رَق) چھوٹی کشتی۔

زولہ (زُو۔لَہ) لونڈی بچہ۔

زورمند (زَور۔مَند) طاقتور۔

زورمندی (زَور۔مَن۔دی) طاقت۔

زورہ (زَو۔رَہ) ۱۔ فقرہ، ریڑھ کی ہڈی۔ ۲۔ زوری، انگریزی زیارت۔

زورہ (زُو۔رَہ) نوحہ، غوغا۔

زوق (زُوق) پارہ، سیماب۔

زویت (زُوی۔یَت) جماعت، بات کا حصہ، تجزیہ۔

زویج (زُو۔یج) کوتاہ، حقیر۔

زہ (زِہ) لفظ، بچہ، فرزند، جننا، (زِہ) کلمہ تحسین، کمان، چلہ کمان۔

زہاب (زِہاب) چشمہ جو ہر وقت جاری رہے۔

زہاد (زُہ۔ہاد) زاہد کی جمع۔

زہادت (زَہا۔دَت) پرہیزگاری۔

زہار (زُہا) شرمگاہ، پیڑو۔
زہاز (زِہا زِ) آواز، نعرہ۔
زہازہ (زِہا۔زِہْ) لگاتار تعریف۔
زہد (زُہْد) پرہیزگاری۔
زہدان (زُہْ۔دانْ) بچہ دانی، دھرن، رحم۔
زہر (زَہْر) جسکو کھانے سے مرجاؤ، تلخی کا
زُہَر (زُہَرْ) زہرہ کی جمع۔
زہرا (زَہْ۔را) گوری چٹی عورت، بھوری۔
زہراب (زَہْ۔رابْ) زہر کا پانی۔
زہرپا (زَہْر۔پا) زہر ملا ہوا کھانا۔
زہرخند (زَہْر۔خَنْد) غصہ یا جھینپ کی ہنسی۔
زہر دارو (زَہْر۔دا۔رُو) تریاق۔
زہرمہرہ (زَہْر۔مُہْ۔رَہ) زہر دفع کرنے والا مہرہ۔
زہرہ (زُہْ۔رَہ، زَہْ۔رَہ، زُہْرَہ، زُہَرَہ) کلی جمع ازہار، پتہ، (زَہْ۔رَہ) خوبی، آرائش، تازگی۔ بے۔ بچہ، شگوفہ، قوت، بہار (زُہْ۔رَہ) زہرہ ستارہ ناہید، مشتری تارہ۔
زہف (زَہْف) ہلکا ہونا۔
زہق (زَہْ۔ق) تیز رفتار (زُہُ۔وق) ناپید ہونا (زَہَق) جنگل کی ہموار زمین۔
زہگیر (زِہْ۔گیر) تیراندازی کا انگشتانہ۔
زہومت (زُہُو۔مَتْ) گندگی کی بو، بدبو۔
زہ و زاد (زِہ۔وَ۔زادْ) اہل و عیال۔
زہوق (زُہُوق) ناپید ہونا، فنا ہو جانا (زَہُوق) ناپید ہونے والا۔
زہے (زِ۔ہے) کلمۂ تحسین، واہ واہ۔
زہیدان (زَہِی۔دانْ) گریہ (زِہِی۔دانْ) بچہ پیدا ہونا، رستا [illegible]۔
زہیر (زُہَیْر) کم والا، روشن، حسین، زیبا۔

زی (زِی) اندازہ، طرف، نزدیک (زِیّ) زندگی، روح (زِیّ) لباس، جامہ، آرائش۔
زیادت، زیادۃ (زِیا۔دَتْ، زِیا۔دَہْ) افزونی، بڑھوتری۔
زیادہ سری (زِیا۔دَہ۔سَری) خودپسندی۔
زیادہ طلبی (زِیا۔دَہ۔طَلَبی) بہت چاہنا۔
زیارت (زِیا۔رَتْ) جاترا، متبرک جگہ یا بزرگ آدمی کا دیکھنا، ملاقات۔
زیافت (زِیا۔فَتْ) کھوٹاپن۔
زیاں (زِیاں) نقصان، ہرج۔
زیب (زیب) سجاوٹ، خوبی۔
زیبا، زیبالا (زے۔با، زے۔بالا) خوب آراستہ۔
زیبائش (زے۔با۔ئِش) زیبائی، خوبصورتی
زیبق (زِی۔بَق) سیماب، پارہ۔
زیبندہ (زے۔بِن۔دَہ) آراستہ ہونے والا۔
زیبیدن (زے۔بی۔دَنْ) زیب دینا، مصدر زیبندہ۔
زیبیدنی (زے۔بی۔دَنی) زیب دینے کے لائق۔
زیت (زَیْت) زیتون کا تیل۔
زیتون (زَیْ۔تُونْ) نام درخت۔
زیتونی (زَیْ۔تُو۔نی) زردی مائل سرخ رنگ
زیج (زِیج) نجوم کی کتاب۔
زیر (زے۔ر) (۱) نیچے (زِیر) (۲) باریک آواز، ہلکا، کومل۔
زیرا (زے۔را) اس لئے، اسواسطے۔
زیراب (زیرے۔آب) زمین دوز نالی، پانی کے نیچے۔
زیرافگن (زے۔رے۔اَف۔گَن) دری، توشک۔
زیراکہ (زے۔را۔کہ) کیونکہ، اس واسطے کہ۔
زیرانداز (زے۔رے۔اَن۔داز) قالین۔

زیربا (زِیر۔بَا) کھانے کی ایک قسم۔
زیربند (زیر۔بَنْد) گھوڑے کے تنگ کا تسمہ۔
زیرجامہ (زیر۔جا۔مہ) پاجامہ وغیرہ۔
زیرجاق (زیر۔جاق) محکوم، مغلوب، نرم۔
زیردست (زیر۔دَسْت) مغلوب، پوشیدہ۔
زیروف (زے۔ر۔رُوف) کالی۔
زیرک (زی۔رَک) عقلمند۔
زیرکی (زی۔رَ۔کی) دانائی، ہوشیاری۔
زیرلب (زیرِ لب) ہونٹوں ہونٹوں میں۔
زیرنگیں (زیر۔نِگیں) حکم کے ماتحت۔
زیروبم (زی۔رو۔بَم) آواز کا اتار چڑھاؤ۔
زیروزار (زی۔رو۔زار) دھیمی آواز۔
زیروزبر (زی۔رو۔زَبَر) اُلٹ پلٹ۔
زیرہ (زی۔رَہ) کمون، ایک مسالہ۔
زیز (زِیز) جھینگر۔
زیست (زِیسْت) زندگی۔
زیستن (زیس۔تَن) جینا مصدر ہے۔
زیستنی (زیس۔تَنی) جینے کے لائق۔
زیغ (زِیغ) پھر جانا، راہ سے ہٹنا، حصیر، ایک دریائی گھاس۔
زیغان (زی۔غان) زاغ کی قسم۔
زیف (زَیف) کھوٹا سکہ جمع اَزیاف، زیاف (زُیُوف) کھوٹے پن سے سکہ ہٹانا۔
زیگ (زِیگ) دیکھو زیج۔
زیلاند (زی۔لان۔د) زیلینڈ۔
زیلوچہ (زی۔لو۔چہ) قالین، غالیچہ۔
زین (زَین) سجاوٹ، خوبی، جیسے (زِینا)، گھوڑے کی کاٹھی (زی۔نی) بھلا، اچھا (زِیبا) اچھا، اس سے۔
زینت (زِی۔نَت) سجاوٹ، آرائش۔
زینہ (زی۔نَہ) سیڑھی، نردبان۔

زنہار (زِن۔ہار) ہرگز، پناہ، حفاظت، شکایت۔
زنہاری (زِن۔ہا۔ری) پناہ میں آیا ہوا۔
زلیور (زے۔زہر) گھٹتا جاتا۔

ژ

ژ (ژے) مخصوص حرف فارسی، تاہم مقام عدد کے متعدد حرفوں سے بدل ہے۔ ۱۔ ج کے ساتھ مثلاً کج، کژ۔ ۲۔ چ کے ساتھ مثلاً کاچ، کاژ۔ ۳۔ ز کے ساتھ مثلاً زاغ، ژاغ۔ ۴۔ س کے ساتھ مثلاً خوژ، خکس۔ ۵۔ ش کے ساتھ مثلاً وژ، وش۔
ژابیز (ژا۔بیز) جلتی لکڑی کی بجھی ہوئی نوک۔
ژاپون (ژا۔پون) جاپان، مشرقی ایشیا۔
ژاژخوان (ژاژ۔خوان) یاوہ، بکار دان۔
ژاژ (ژاژ) بدمزہ، بیہودہ، بے بیج والی سبزی۔
ژاژخائی (ژاژ۔خا۔ئی) بیہودہ گوئی۔
ژاژک (ژا۔ژَک) لوبیا، رواس۔
ژاژیدن (ژا۔ژی۔دَن) بکواس کرنا، مضارع ژاژد۔
ژاغر (ژا۔غَر) دیکھو زاغر۔
ژالہ (ژا۔لَہ) اولا، اوس۔
ژاماٹیک (ژا۔ما۔ٹیک) جزیرہ جمیکا۔
ژاوژ (ژا۔وژ) خالص، خلاصہ۔
ژکیب (ژِ۔کیب) شہد کی بوند۔
ژخ (ژَخ) ستم، فریاد۔
ژخار (ژُ۔خار) سختی، آواز، نعرہ۔
ژد (ژَد) گوند۔
ژدوار (ژَد۔وار) جدوار۔

ژرد (ژَرْدْ) بسیار خوری۔

ژرف (ژَرْفْ) گہرا، عمیق۔

ژرفا (ژَرْ۔فَا) گہرا، گہرا ہونا۔

ژرمانیا (ژَرْ۔مَا۔نِیَا) جرمنی۔

ژرفی (ژَرْ۔فِی) باریک بینی، عمیق خیالی۔

ژغار (ژَ۔غَارْ) سختی، عربدہ، فریاد۔

ژغالہ (ژَ۔غَا۔لَہْ) غازہ، منہ پر ملنے کی سرخی۔

ژغاو (ژَ۔غَاوْ) جھگڑا، رنجگی۔

ژغژغ (ژَغْ۔ژَغْ) دانت بجنے کی آواز۔

ژغند (ژَ۔غَنْدْ) سختی، پیچ، دم۔

ژفت (ژَفْتْ) ترش، رنگیلا۔

ژکک (ژَکْ۔کْ) گپ، جھگڑا۔

ژفیدن (ژَ۔فِیْ۔دَنْ) تر ہونا، گیلا ہونا۔

ژک (ژَکْ) غصہ کی بڑبڑاہٹ۔

ژکان (ژَ۔کَانْ) بڑبڑانے والا۔

ژکس (ژَ۔کَسْ) معاذ اللہ۔

ژکفر (ژَکْ۔فَرْ) صبر کرنے والا۔

ژکفری (ژَکْ۔فَ۔رِیْ) صبر۔

ژکور (ژَ۔کُوْرْ) چور، کنجوس۔

ژکیدن (ژَ۔کِیْ۔دَنْ) غصہ سے بڑبڑانا۔

ژگال (ژُ۔گَالْ) دیکھو زغال۔

ژند (ژَنْدْ) زرتشت کی کتاب۔

ژندباف (ژَنْدْ۔بَافْ) دیکھو زندباف۔

ژندگی (ژَنْ۔دَ۔گِیْ) پرانا پن۔

ژندہ (ژَنْ۔دَہْ) گدڑی، گودڑ، شکستہ، پرانا۔

ژنرال (ژَنْ۔رَالْ) جنرل۔

ژنگ (ژَنْگْ) جھری، مانی کی کتاب۔

ژنگلہ (ژَنْ۔گُ۔لَہْ) جھانجھ، گھنگرو۔

ژنگل (ژَنْ۔گَلْ) [illegible]

ژنہ (ژَ۔نَہْ) ڈنک۔

ژیان (ژِ۔یَانْ) جوان۔

ژوبین (ژُوْ۔بِیْنْ) برچھا، برچھی، حربہ۔

ژورک (ژُوْ۔رَکْ) سرخاب۔

ژوژ، ژوژہ (ژُوْژْ، ژُوْ۔ژَہْ) سیہ، خارپشت۔

ژول (ژُوْلْ) سروٹ، کھجری۔

ژولائی (ژُوْ۔لَا۔ئِیْ) جولائی۔

ژولیدگی (ژُوْ۔لِیْ۔دَ۔گِیْ) اُلجھاؤ، اُلجھن۔

ژولیدن (ژُوْ۔لِیْ۔دَنْ) اُلجھنا، منتشر ہونا۔

ژولیدہ (ژُوْ۔لِیْ۔دَہْ) اُلجھا ہوا۔

ژومیدہ (ژُوْ۔مِیْ۔دَہْ) پانی لگا ہوا کھیت۔

ژون (ژُوْنْ) سورستا، بت، [illegible]

ژوہیدن (ژُوْ۔ہِیْ۔دَنْ) رس سے ٹپکنا۔

ژہی (ژِ۔ہِیْ) پوکھر، تالاب، جوہڑ۔

ژیان (ژِ۔یَانْ) غصیلا، غضبناک۔

ژیر (ژِیْرْ) جوہڑ، تالاب۔

ژیرہ (ژِیْ۔رَہْ) دیکھو زیرہ۔

ژیغ (ژِیْغْ) گندہ، مردار۔

ژیغ، ژیک (ژِیْغْ، ژِیْکْ) افسردہ۔

ژیمناسٹک (ژِمْ۔نَاسْ۔ٹِکْ) جمناسٹک۔

ژیوہ (ژِیْ۔وَہْ) پارہ، زیبق۔

س

س (سِیْنْ) قائم مقام عدد ۶۰، حرف شمسی، متعدد حروف سے بدل جاتا ہے۔ ۱۔ ج کے ساتھ مثلاً ریواس، ریواج۔ ۲۔ چ کے ساتھ مثلاً فروچ، فروس۔ ۳۔ د کے ساتھ مثلاً پادو، پاس۔ ۴۔ ز کے ساتھ مثلاً سارغ، زارغ۔ ۵۔ ژ کے ساتھ مثلاً کمس، کمژ۔ ۶۔ ش کے ساتھ مثلاً

کشتی، کستی۔ ۵۔ س کے ساتھ مثلاً نفس، نفس ۷۔ ت کے ساتھ مثلاً ثبت، ثبوت ۸۔ ل کے ساتھ مثلاً سج، دلج۔ ۹۔ ر کے ساتھ مثلاً باس، باز ۱۰۔ ہ کے ساتھ مثلاً آماس، آماہ

سا (سا) مانند، خراج، کھینچنے والا۔

ساباط (سا۔ باط) چھتہ، کوٹھا، ج سوابط، ساباطات۔

سابح (سا۔ بح) تیراک، تیز رفتار گھوڑا۔

سابری (سا۔ بری) ململ جیسا باریک کپڑا۔

سابع (سا۔ بع) ساتواں، ساتواں حصہ۔

سابع عشر (سا۔ بع۔ عشر) سترھواں ۱۷۔

سابغ (سا۔ بغ) پورا، کامل، وسیع۔

سابق (سا۔ بق) پہلا، اول، ج سوابق۔

سابقاً (سا۔ بقن) پہلے، اول دفعہ۔

سابقہ (سا۔ بقہ) پہلی، ج سوابق۔

سابوس (سا۔ بوس) اسپغول، بذر قطونا۔

ساتر (سا۔ تر) چھپانے والا۔

ساتگین (سا۔ تگین) بہت بڑا شراب کا پیالہ۔

ساج (ساج) ساکھو، ساکھو جو ایک درخت ہے۔

ساجد (سا۔ جد) سجدہ کرنے والا، ج سجّد۔

ساجدہ (سا۔ جدہ) سجدہ کرنے والی۔

ساجع (سا۔ جع) مقفّٰی بات کرنے والا، ج سواجع، سجّع۔

ساجور (سا۔ جور) کتّے کا پٹہ۔

ساچق (سا۔ چق) بری، بری۔

ساچمہ (سا۔ چمہ) چھرہ، گولی۔

ساچہ (سا۔ چہ) بھرتی، جھیتا، ردی کڑا۔

ساحت (سا۔ حت) میدان، آنگن، صحن۔

ساحر (سا۔ حر) جادوگر، ج سحرہ، ساحرین۔

ساحرانہ (سا۔ حرا۔ نہ) جادوگر کی مانند۔

ساحرہ (سا۔ حرہ) جادوگرنی۔

ساحری (سا۔ حری) جادوگری۔

ساحق (سا۔ حق) پیسنے والا، رگڑنے والا۔

ساحل (سا۔ حل) دریا یا سمندر کا کنارہ، ج سواحل

ساخاجہ (سا۔ خا۔ جہ) اسرنا، خلیج۔

ساخت (ساخت) بناوٹ، گھوڑے کا ساز۔

ساختگی (ساخ۔ تگی) بناوٹ۔

ساختن (ساخ۔ تن) بنا کرنا، موافقت کرنا، بنانا مصدر سازد۔

ساختہ (ساخ۔ تہ) بنایا ہوا، مصنوعی، آمادہ، درست۔

ساختہ رو (ساخ۔ تہ۔ رو) ترشرو، منہ بنائے ہوئے۔

ساخر (سا۔ خر) دل سوزنے والا، جس سوجتا۔

سادات (سا۔ دات) سادت کی جمع۔

سادت (سا۔ دت) سائد کی جمع۔

سادر (سا۔ در) حیران، بے باک۔

سادس (سا۔ دس) چھٹا۔

سادس عشر (سا۔ دس۔ عشر) سولھواں۔

سادگی (سا۔ دگی) صفائی، بے بناوٹی۔

سادن (سا۔ دن) خادم، دربان، ج سدنہ۔

سادہ (سا۔ دہ) امرد، بیوقوف، خالص، بے نقش۔

سادہ پرکار (سا۔ دہ۔ پر۔ کار) شوخ، شریر، معشوق۔

سادہ دل (سا۔ دہ۔ دل) نادان، احمق۔

سادہ دلی (سا۔ دہ۔ دلی) نادانی۔

سادہ رو (سا۔ دہ۔ رو) بے داڑھی مونچھ والا۔

سادہ روئی (سا۔ دہ۔ رو۔ ئی) بے داڑھی مونچھ کا ہونا۔

سادہ لوح (سا۔ دہ۔ لوح) بھولا، سیدھا۔

سادہ لوحی (سا۔ دَہ۔ لو۔ حِی) سیدھا پن۔
ساوی (سا۔ وِی) دیکھو ساوس۔
ساذج (سا۔ ذِج) انمیز یا سادہ۔
سار (سا۔ ر) جگہ۔ مانند، کلمہ کثرت، زیادتی، سر، ایک کالا پرند، بڑا سانپ۔
سارا (سا۔ را) خالص۔
ساربان (سار۔ بان) اونٹ والا۔
سارق (سا۔ رِق) چور، دزد جمع سُرّاق۔
سارواں (سار۔ وان) دیکھو ساربان۔
سارک (سا۔ رِک) دیکھو شارک۔
سارو (سا۔ رُو) مینا۔
سارہ (سا۔ رَہ) بیہودہ، رشوت۔
ساری (سا۔ رِی) اثر کرنے والا۔
ساریہ (سا۔ رِیَہ) رات کا بادل جمع سواری۔
ساز (ساز) مانند، موافقت، بنانے والا، موافقت کرنے والا، سامان، باجا، گھوڑے کا سامان، استعداد، ترکیب، دعوت، ترانا، مکر، نفع، غلہ۔
سازب (سا۔ زِب) لنگڑا، موافقت، جیتے بندکا
سازشی (سا۔ زِشی) سازش کرنے والا، سازش سے منسوب۔
سازگار (ساز۔ گار) موافق، لائق۔
سازگار (ف) (ساز۔ گا۔ را۔ ئدہ) موافق ہونے کے لائق۔
سازگاری (ساز۔ گا۔ رِی) موافقت۔
سازندہ (سا۔ زِن۔ دَہ) رقاصہ کے ساتھ باجے والا، موافقت کرنے والا، بنانے والا۔
سازمند (ساز۔ مَنْد) ساختہ، آراستہ، سازگار۔
سازمندی (ساز۔ مَن۔ دِی) آراستگی۔
سازیدن (سا۔ زی۔ دَن) سازش کرنا، موافقت کرنا، آراستہ کرنا۔
ساس (ساس) گھن۔
ساسان (سا۔ سان) فقیر، گدا۔
ساسانی (سا۔ سا۔ نی) ایک قدیم ایرانی شاہی خاندان سے نسبت رکھنے والا۔
ساسم (سا۔ سَم) شیشم کا پیڑ۔
ساسی (سا۔ سِی) بھکاری، بھیک۔
ساطر (سا۔ طِر) قسائی، قصاب۔
ساطع (سا۔ طِع) بلند، چمکتا ہوا جمع سواطع۔
ساطور (سا۔ طُور) چھرا، چھری۔
ساعی (سا۔ عِی) ایک پرندہ، قدم باز گھوڑا۔
ساعاتی (سا۔ عا۔ تِی) گھڑی ساز۔
ساعت (سا۔ عَت) گھڑی، لحظہ، وقت مقررہ، وقت جمع ساعات۔
ساعت جیبی (سا۔ عت۔ جے۔ بی) جیبی گھڑی۔
ساعت سنگین (سا۔ عت۔ سَن۔ گِین) نحوست کی گھڑی۔
ساعت عمومیہ (سا۔ عت۔ عُمُو۔ مِی۔ یَہ) گھنٹہ گھر۔
ساعت مجلسی (سا۔ عت۔ مَج۔ لِسی) کلاک۔
ساعد (سا۔ عِد) بازو، کلائی جمع سواعد۔
ساعور (سا۔ عُور) تنور۔
ساعی (سا۔ عِی) کوشش کرنے والا، جنگی رسالہ، چپراسی، چغل خور، جمع سعاۃ۔
ساغر (سا۔ غَر) شراب کا پیالہ۔
سافر (سا۔ فِر) مسافر، ایلچی، نویسندہ۔
سافل (سا۔ فِل) نیچے والا، پیندا۔
سافہ (سا۔ فِہ) گرد آلود ہوا، تہ جمع سوافن۔
ساق (ساق) پنڈلی، تنا، جمع اَسْوُق، سُوق، سیقان۔
ساقط (سا۔ قِط) گرنے والا، ادنیٰ، جمع سُقّاط۔
ساقہ (سا۔ قَہ) فوج کا پچھلا حصہ، چنداول۔
ساقی (سا۔ قِی) پلانے والا جمع سُقاۃ۔
ساقیہ (سا۔ قِیَہ) پن چکی، رہٹ، چھوٹی ندی جمع سواقی۔

ساکب (سَا-کِبْ) بہنے والا۔

ساکت (سَا-کِتْ) خاموش، چپ، جمع سُکّات۔

ساکف (سَا-کِفْ) آخر تک، کنارا۔

ساکن (سَا-کِنْ) باشندہ، بے حرکت، جمع سکّان، سُکُنَہ، مؤنث ساکنہ، جمع ساکنات۔

ساکنہ (سَا-کِنَہ) باشندہ، بے حرکت، جمع سواکن۔

ساکو (سَا-کُو) اور کوٹ، بڑا کوٹ۔

ساکی (سَا-کِی) آنچل خور، سخت چیز۔

سال (سَال) برس، جمع سالہا، سالیان (سَال) کشتی، نام درخت، ساکو، ساج۔

سالار (سَا-لَارْ) سردار۔

سالاری (سَا-لَا-رِی) سرداری۔

سالانہ (سَا-لَا-نَہ) سالوار، ہر برس۔

سالب (سَا-لِبْ) سلب کرنے والا۔

سالبہ (سَا-لِبَہ) منطق میں کلیہ نفی۔

سالج (سَا-لِجْ) اثیرا، جمع سوالج۔

سالخ (سَا-لِخْ) چھیلا، جلد۔

سالخوردہ (سَال-خُرْ-دَہ) بوڑھا، پرانا۔

سالِ شمسی (سَا-لِ-شَمْ-سِی) سورج کی گردش کے حساب سے سال۔

سالف (سَا-لِفْ) اگلا، گذرا ہوا، جمع سوالف۔

سالِ قمری (سَا-لِ-قَمْ-رِی) چاند کی گردش کے حساب سے سال۔

سالک (سَا-لِکْ) راہ چلنے والا، جمع سالکین۔

سالم (سَا-لِمْ) ثابت، پورا، تندرست۔

سالماً و غانماً (سَا-لِمَنْ-وَ-غَا-نِمَنْ) وہ حالت کہ جس میں سلامتی کے ساتھ مال غنیمت لاوے۔

سالن (سَا-لَنْ) دیکھو سالون۔

سالنامہ (سَال-نَا-مَہ) کیلنڈر، رسالہ کا سالانہ نمبر۔

سالوس (سَا-لُوسْ) فریبی، فریب، چرب زبان۔

سالوسی (سَا-لُو-سِی) چرب زبانی، فریب کاری۔

سالوک (سَا-لُوکْ) بہت پیلا، ڈاکو۔

سالون (سَا-لُونْ) برآمدہ، سیلون۔

سالی (سَا-لِی) پرانا، کہنہ، بیوی کی بہن سالا

سالیان (سَا-لِیَانْ) بہت سے برس، ایک سال۔

سالیانہ (سَا-لِیَا-نَہ) درماہہ، سال بھر کی اجرت۔

سام (سَامْ) پہلوان اور دو، آگ، موت، ہلاکی، سونا، چاندی، سام، زہر دینے والا۔

سامان (سَا-مَانْ) اسباب، ارادہ، قدرت۔

ساماچہ، ساماچی (سَا-مَا-چَہ، سَا-مَا-چِی) انگیہ، کرتی۔

سامر (سَا-مِرْ) داستان گو، جمع سُمّار۔

سامع (سَا-مِعْ) سننے والا، جمع سامعین۔

سامعہ (سَا-مِعَہ) سننے کی قوت، جمع سوامع۔

سامن (سَا-مِنْ) فربہ، موٹا۔

سامندر (سَا-مَنْ-دَرْ) دیکھو سمندر۔

سامہ (سَامْ-مَہ) کان کے اندر سونے یا چاندی کی رگ، جمع سوام (سَامْ-مَہ) خاص، سوگند، عہد، زہریلا جانور۔

سامی (سَا-مِی) بلند، اونچا۔

سان (سَانْ) حرف تشبیہ، مانند، مثل، دھار لگانے کا پتھر (سَانْ) باڑھ یا فسان کا

سانح (سَا-نِحْ) ظاہر ہونے والی چیز۔

سانحہ (سَا-نِحَہ) ناگوار واقعہ، جمع سوانح۔

ساونت (سَا-وَنْتْ) مردانہ، بہادر۔

ساویدان (سَا-وِی-دَانْ) ہمیشہ، ابد تک ہونا، معنی ساودی۔

ساوین (سَا۔ وِین) پجاری۔

ساہر (سَا۔ ہِر) بیدار۔

ساہرہ (سَا۔ ہِرَہ) ہموار زمین۔

ساہی (سَا۔ ہِی) غاؤلی، جھاؤ۔

سائبان (سَا۔ یِبَان) آسمانہ، چھپر۔

سائچہ (سَا۔ یِچَہ) چھوٹا موٹا سا بگڑا بخار۔

سائح (سَا۔ یِح) روزہ دار مرد۔

سائحہ (سَا۔ یِحَہ) روزہ دار عورت۔

سائد (سَا۔ یِد) سردار، سیّد جو سخا کرتا ہو،
جمع سادات۔

سائر (سَا۔ یِر) تمام، مشہور، سیلانی۔

سائس (سَا۔ یِس) گھوڑے کا نگہبان جمع ساسہ۔

سائغ (سَا۔ یِغ) ہضم ہونے والا۔

سائف (سَا۔ یِف) تلوار بند۔

سائق (سَا۔ یِق) ڈرائیور، پیچھے سے چلانے والا
جمع سُوّاق۔

سائقہ (سَا۔ یِقَہ) پیچھے سے چلانے والی۔

سائل (سَا۔ یِل) مانگنے والا، سوال کرنے والا
جمع سائلین۔

سائلہ (سَا۔ یِلَہ) مانگنے والی، سوال کرنے والی۔

سائم (سَا۔ یِم) چرنے والا جمع سُوَّم۔

سائمہ (سَا۔ یِمَہ) سیر کرنے والی عورت جمع سائمات۔

سائیدگی (سَا۔ یِد۔ گی) گھسائی، رگڑائی۔

سائیدن (سَا۔ یِ۔ دَن) گھسنا، پیسنا،
رگڑنا مصدر سائیدہ۔

سائیدنی (سَا۔ یِ۔ دَنی) رگڑنے لائق،
گھسنے کے لائق، پیسنے کے لائق۔

سائیدہ (سَا۔ یِ۔ دَہ) پیسا ہوا، گھسا ہوا۔

سائی (سَا۔ یِی) پیسنے والا۔

سائندہ (سَا۔ یِن۔ دَہ) پیسنے والا۔

سایہ (سَا۔ یَہ) چھاؤں، پرچھائیں۔

سایۂ دست (سَا۔ یَۂ۔ دَسْت) مدد، اعانت۔

سایہ پرست (سَا۔ یَہ۔ پَرَسْت) نازپروردہ۔

سب (سَبّ) گالی، عیب، بدگوئی۔

سبابہ (سَبْ۔ بَا۔ بَہ) شہادت کی انگلی۔

سبات (سُ۔ بَات) نیند، آرام، زمانہ، نیند
کی بیماری۔

سباح (سَبْ۔ بَاح) تیراک۔

سباحت (سِ۔ بَا۔ حَت) تیراکی۔

سبار (سِ۔ بَار) زخم میں ڈالنے کی سلائی۔

سبارو (سُ۔ بَا۔ رُو) کبوتر، جنگلی کبوتر۔

سباطہ (سُ۔ بَا۔ طَہ) کوڑا کرکٹ۔

سباع (سُ۔ بَاع) سات سات عدد والا ہونا۔

سباعی (سُ۔ بَا۔ عِی) سبعہ سیارہ، سات مصرعوں
والی نظم۔

سباق (سَبْ۔ بَاق) سبقت لیجانے والا (سِبَاق)،
ہاتھ پاؤں کے جوڑ (سَبَاق)، دوڑ میں
آگے بڑھ جانا۔

سباک (سَبْ۔ بَاک) سنار، زرگر۔

سبال (سِ۔ بَال) سبلت کی جمع۔

سبب (سَ۔ بَب) وجہ، باعث جمع اسباب۔

سبت (سَبْت) ہفتہ، جمع سبوت۔

سبجہ (سُبْ۔ جَہ) کالی کملی، کالا کپڑا۔

سبحان (سُبْ۔ حَان) خدا کی یاد، پاکی بیان۔

سبحہ (سُبْ۔ حَہ) مالا، تسبیح، نوافل جمع سُبَح۔

سبخہ (سَ۔ بَخَہ) شکستہ، شور زمین
جمع سباخ۔

سبحہ گردانی (سُبْ۔ حَہ۔ گَرْ۔ دَا۔ نِی) تسبیح پھیرنا۔

سبد (سَ۔ بَد) ٹوکرا، ٹوکری۔

سبز (سَبْز) ہرا، سانولا۔

سبزان (سَبْ۔ زَان) سبز کی فارسی جمع،
روح، سبز رنگ والے۔

سبز بخت (سَب۔ ز۔ بَخ۔ ت) خوش نصیب۔
سبز بختی (سَب۔ ز۔ بَخ۔ تی) خوش نصیبی۔
سبز پا (سَب۔ ز۔ پا) دیکھو سبز قدم۔
سبز پوش (سَب۔ ز۔ پوش) نیک آدمی، فرشتہ، حضرت خضر علیہ السلام۔
سبز رنگ (سَب۔ ز۔ رنگ) ہرا، نیلی رنگت، رنگ کی
سبز طاؤس (سَب۔ ز۔ طا۔ ؤس) ہرا آسمان
سبز قدم (سَب۔ ز۔ قَ۔ دَم) منحوس قدم۔
سبز قدمی (سَب۔ ز۔ قَ۔ دَ۔ می) منحوس قدمی۔
سبز کار (سَب۔ ز۔ کار) اچھے کام کرنے والا۔
سبزک (سَب۔ زَک) نیلگوں، مستغرق۔
سبز واری (سَب۔ ز۔ وا۔ ری) شہر سبزوار سے نسبت رکھنے والا۔
سبزہ (سَب۔ زَہ) ہریاول، ہریالی، گھوڑے کا ایک رنگ۔
سبزہ بیگانہ (سَب۔ زَ۔ ۂ۔ بے۔ گا۔ نہ) خود رو سبزہ۔
سبزہ رنگ (سَب۔ زَہ۔ رنگ) دیکھو سبز رنگ۔
سبزی (سَب۔ زی) ترکاری، ہریاول، ہریالی
سبزینہ (سَب۔ زی۔ نہ) معشوق نیک و جوان۔
سبسب (سَب۔ سَب) جنگل، بیابان۔
سبط (سِبط) پوتا، نواسہ، اسرائیلی جماعت جمع اَسباط (سَب۔ ط) (سَبِط) سیدھی لٹ۔
سبطانہ (سَب۔ طا۔ نہ) دیکھو زبلانہ۔
سبطین (سِب۔ طین) دو پوتے، دو نواسے۔
سبع (سَب۔ ع) سبعہ کا مونث، سات (سُبْع) ساتواں حصہ (سَبُع) درندہ جانور جمع سباع، اَسبُع
سبعون (سَب۔ عُون) دیکھو سبعین۔
سبعہ (سَب۔ عَہ) سات (۷)

سبعہ عشر (سَب۔ عَہ۔ عَ۔ شَر) سترہ (۱۷)
سبعی (سَب۔ عی)، سبعیت (سَب۔ عِی۔ یَت) درندگی، حیوانیت۔
سبعین (سَب۔ عِین) ستر، ہفتاد (۷۰)
سبق (سَ۔ بَق) جو استاد سے ایک دفعہ میں شاگرد پڑھے، مثال، پیش خیمہ، تجربہ، بازی جمع اَسباق (سَبْق) آگے نکل جانا۔
سبقت (سَب۔ قَت) آگے نکل جانا۔
سبک (سُ۔ بُک) ہلکا (سَبْک) گلانا۔
سبکبار (سُ۔ بُک۔ بار) بوجھ سے ہلکا۔
سبکباری (سُ۔ بُک۔ با۔ ری) بوجھ سے ہلکا ہونا۔
سبک پا (سُ۔ بُک۔ پا) تیز قدم۔
سبک پائی (سُ۔ بُک۔ پا۔ ئی) تیز قدمی۔
سبک جولان (سُ۔ بُک۔ جَو۔ لان) تیز رفتار۔
سبک خیز (سُ۔ بُک۔ خیز) چالاک، چست۔
سبکدست (سُ۔ بُک۔ دَس۔ ت) چالاک، چابکدست۔
سبکدستی (سُ۔ بُک۔ دَس۔ تی) چالاکی، چابکدستی
سبکدوش (سُ۔ بُک۔ دوش) جس کا کندھا بوجھ سے ہلکا ہو۔
سبکدوشی (سُ۔ بُک۔ دو۔ شی) بوجھ سے کندھا ہلکا ہونا۔
سبک رو (سُ۔ بُک۔ رَو) تیز رفتار۔
سبک روح (سُ۔ بُک۔ رُوح) خوش مزاج، ظریف، بے تکلف۔
سبک روحی (سُ۔ بُک۔ رُو۔ حی) بے تکلفی۔
سبک روی (سُ۔ بُک۔ رَوی) تیز رفتاری۔
سبکسار (سُ۔ بُک۔ سار) فارغ البال، بے تعلق
سبکساری (سُ۔ بُک۔ سا۔ ری) بے تعلقی، فارغ البالی۔

سبک سر (سَبُک۔ سَر) کمینہ، اوچھا۔
سبکسری (سَبُک۔ سَری) کمینگی، اوچھا پن۔
سبک سنگ (سَبُک۔ سَنگ) کمینہ، بے حوصلہ۔
سبک سیر (سَبُک۔ سَیر) تیز رفتار۔
سبک عنان (سَبُک۔ عِنان) تیز رفتار۔
سبک قدر (سَبُک۔ قَدر) کمینہ، بے حوصلہ۔
سبک گام (سَبُک۔ گام) تیز قدم۔
سبک گامی (سَبُک۔ گامی) تیز قدمی۔
سبک مغز (سَبُک۔ مَغز) بے عقل، بے وقار۔
سبک مغزی (سَبُک۔ مَغ۔ زی) بے عقلی، بے وقاری۔
سبک ہمت (سَبُک۔ ہِمّت) کم ہمت۔
سبکی (سَبُکی) خفت، ہلکاپن۔
سبل (سُنبُل) خوشہ، اناج کی بال، آنکھ کا جالا (سَبَل) سبیل کی جمع۔
سبلت (سَب۔ لَت) مونچھ، جمع سبال۔
سبو (سَبُو) گھڑا، مٹکا۔
سبوح (سُبُّوح) بے عیب، پاک، صفت الٰہی، بڑائی کرنے والا۔
سبوچہ (سَبُو۔ چَہ) چھوٹی ٹھلیا۔
سبوس (سَبُوس) بھوسی، چوکر۔
سبوسہ (سَبُو۔ سَہ) لیفا، گھن، بھوسی۔
سب و شتم (سَب و شَتم) گالی گلوچ۔
سبیکہ (سَبی۔ کَہ) ڈلی، پانسہ۔
سبیریا (سَبیریا) سائبیریا، شمالی ایشیا۔
سبیع (سَبیع) ساتواں حصہ۔
سبیل (سَبِیل) طریق، راستہ، اتفاق، پیاؤ، جمع سُبُل (سُبُل)۔
سپار (سِپار) حوالہ، سونپنے والا۔
سپارش (سِپا۔ رِش) دیکھو سفارش۔
سپارندہ (سِپا۔ رَن۔ دَہ) سونپنے والا۔

سپاروک (سِپا۔ رُوک) دیکھو سماروک۔
سپارہ (سِپا۔ رَہ) سان کا پتھر، (سِپا۔ رَہ) قرآن شریف کا تیسواں حصہ۔
سپاری (سِپا۔ ری) چھالیا۔
سپاس (سِپاس) تعریف، شکر۔
سپاسنامہ (سِپاس۔ نا۔ مَہ) شکریہ کی تحریر، ایڈریس۔
سپانخ (سِپا۔ نَخ) پالک۔
سپاہ (سِپاہ) فوج۔
سپاہان (سِپا۔ ہان) اصفہان (ایران)
سپاہانہ (سِپا۔ ہا۔ نَہ) سپاہ کی مانند، سپاہ کے لائق۔
سپاہ گری (سِپاہ۔ گَری) فوجی ہونا۔
سپاہی (سِپا۔ ہی) لشکری، بہادر۔
سپاہیانہ (سِپا۔ ہیا۔ نَہ) سپاہی کی شکل۔
سپر (سِپَر) ڈھال۔
سپرد (سِپُرد) امانت، حوالہ، سونپ۔
سپردار (سِپُر۔ دار) جس کو سونپا جائے۔
سپرداری (سِپُر۔ دا۔ ری) سپردگی، سونپنا۔
سپردگی (سِپُر۔ دَگی) سونپ، حوالگی، سونپنا۔
سپردن (سِپُر۔ دَن) سونپنا، مصدر سپاردن (سَپَر۔ دَن) پامال کرنا، راہ چلنا، مصدر سپردن۔
سپردنی (سِپُر۔ دَنی) سونپنے کے لائق۔
سپردہ (سِپُر۔ دَہ) سونپا ہوا۔
سپرز (سِپُرز) تلی، طحال۔
سپرغم، سپرہم (سِپَر۔ غَم، سِپَر۔ ہَم) مرزہ، ریحان۔
سپری (سِپَری) تمام، آخر، گزشتہ۔
سپس (سِپَس) حرف عاطفہ، بعد، پیچھے۔
سپیست (سِپِیست) ایک ہرا چارہ۔
سپستان (سِپِس۔ تان) لسوڑا، ریٹھا۔

سپش (سِپَشْ) جوں، ڈینگر۔
سپل (سَپَلْ) اونٹ کا سُم، زمین۔
سپنج (سِپَنْجْ) ج، عاریت، مہمانخانہ، پڑاؤ، [illegible]
سپنجی سرائے (سِپَنْجِی-جی-سَرائی) رکھوالے کی جھونپڑی، دنیا۔
سپند، سپنداں (سِپَنْدْ، و سِپَنْدْ-دَاںْ) کالا دانہ، رائی، آتشدان۔
سپوختن، سپوزیدن (سِپُوخْتَن-تَنْ، سِپُوزِیدَنْ) چبھونا، نکالنا مضم سپوز (زْ)۔
سپوختہ (سِپُوخْتَہ-تَہ) چبھایا ہوا، نکالا ہوا۔
سپوزندہ (سِپُوزَنْدَہ-دَہ) نکالنے والا، چبھونے والا۔
سپوزیدہ (سِپُوزِیدَہ-دَہ) دیکھو سپوختہ۔
سپہ (سِپَہْ) دیکھو سپاہ۔
سپہبد (سِپَہْبَدْ) سردار، سپہ سالار۔
سپہر (سِپِہْرْ) آسمان، بعد دہر۔
سپیچ (سِپِیچْ-چ) بچھونا، جھگ
سپید (سِپِیدْ) دیکھو سفید۔
سپیدار (سِپِیدَارْ) نام درخت۔
سپید بخت (سِپِیدْ-بَخْتْ) نیک بخت۔
سپید کار (سِپِیدْ-کَارْ) نیک عمل۔
سپیدہ (سِپِیدَہ-دَہ) نام دوا، اُجالا۔
سپیدہ دم (سِپِیدَہ-دَمْ) گجردم۔
سپیدی (سِپِیدِی) اُجلائی، روشنائی، اُجالا۔
سپیل (سِپِیلْ) سیٹی، صفیر، مکاؤ۔
ست (سَتْ) ستہ کا مخفف (چھ ۶)، گھوڑوں کی
ستا (سِتَا) ستا، ستائندہ، تعریف کرنے والا۔
ستاد (سِتَادْ) توقف، اقامت۔
ستار (سِتَارْ) ایک ساز، عیب بڑا چھپانے والا، نام اللہ تعالےٰ۔
ستارہ (سِتَارَہ-رَہ) تارہ، قسمت، طالع، مسطر۔
ستارہ پیشانی (سِتَارَہ-پَیشَانِی) جس کے ماتھے پر سفید نشان ہو۔
ستارہ سحر (سِتَارَہ-ئِ-سَحَرْ) صبح کا ستارہ۔
ستارہ شناس (سِتَارَہ-شِنَاسْ) نجومی۔
ستارہ شناسی (سِتَارَہ-شِنَاسِی) نجومی ہونا۔
ستازن (سِتَا-زَنْ) استادوں کا ایک قسم کا باجا۔
ستاغ (سِتَاغْ) کونپل، ڈالی۔
ستاغ (سِتَاغْ) دیکھو ستروں، عقیم، عاقر۔
ستاک (سِتَاکْ) دیکھو ستاغ۔
ستام (سِتَامْ) گھوڑے کا زیور، ساز۔
ستان (سِتَانْ) آستان، چوکھٹ، جھگڑا، چت لیٹنے والا۔
ستاندن (سِتَانْدَنْ-دَنْ) لینا مضم ستاند۔
ستاندہ (سِتَانْدَہ-دَہ) لیا ہوا۔
ستانندہ (سِتَانَنْدَہ-دَہ) لینے والا۔
ستائیدن (سِتَائِیدَنْ-دَنْ) تعریف کرنا مضم ستاید۔
ستائیدنی (سِتَائِیدَنِی-نی) تعریف کرنے کے لائق۔
ستائیدہ (سِتَائِیدَہ-دَہ) تعریف کیا ہوا۔
ستاید، ستائش (سِتَایَدْ، سِتَائِشْ) مدح، تعریف۔
ستایندہ (سِتَایَنْدَہ-دَہ) تعریف کرنے والا۔
ستبر (سِتَبْرْ) دیکھو سطبر۔
ستبری (سِتَبْرِی) دیکھو سطبری۔
ستخر (سِتَخْرْ) تالاب، جوہڑ، پوکھر۔
ستد (سِتَدْ) لین۔
ستدن (سِتَدَنْ-دَنْ) لینا مضم ستد۔
ستر (سَتْرْ) چھپانا، (سِتْرْ) نام وزن (سِتْرْ) پردہ، پوشش جمع ستور، ستر (سُتُرْ) اشقاذ خون، [illegible] ستر (سَتَرْ) ڈھال، سپر۔
سترد (سُتُرْدْ) کاٹ۔
ستردن (سُتُرْدَنْ-دَنْ) مونڈنا، مٹانا مضم ستر۔

ستردہ (سُتُر۔دَہ) مونڈا ہوا۔

ستر عورت (سَت۔رِ۔عَو۔رَت) بدن کی شرم کی جگہ کا چھپانا، شرمگاہ کا چھپانا۔

سترگ (سُتُرْگ) بڑا، کلاں، بزرگ۔

ستر (سَتَر) ایک پودہ۔

سترندہ (سِتُرن۔دَہ) مونڈنے والا۔

سترون (سِتَر۔وَن) بانجھ عورت، عقیم، عاقر، [illegible]

سترہ (سُت۔رَہ) کڑی، پردہ، ڈھال (سُتْرَہ) دیکھو ستر۔

ستم (سِتَم) ظلم، ناانصافی۔

ستمدیدہ (سِتَم۔دِی۔دَہ) مظلوم۔

ستم رسیدہ (سِتَم۔رَسِی۔دَہ) مظلوم۔

ستم زدہ (سِتَم۔زَ۔دَہ) مظلوم۔

ستم ظریف (سِتَم۔ظَرِیف) مذاق کے پردے میں ستم ڈھانے والا۔

ستم ظریفی (سِتَم۔ظَرِی۔فِی) مذاق میں ظلم کرنا۔

ستم کش (سِتَم۔کَش) مظلوم۔

ستم کشتہ (سِتَم۔کُش۔تَہ) ظلم کا مارا ہوا۔

ستمگار (سِتَم۔گَار) ستمگر (سِتَم۔گَر) ظالم۔

ستمگری (سِتَم۔گَرِی) ظلم۔

ستنبہ (سِتَن۔بَہ) بھونڈی صورت، نام بھوت جو خواب میں ڈراتا ہے۔

ستودن (سِتُو۔دَن) دیکھو ستائیدن۔

ستودنی (سِتُو۔دَنِی) تعریف کرنے کے لائق۔

ستودہ (سِتُو۔دَہ) تعریف کیا ہوا۔

ستور (سِتُور) گھوڑا، چوپایہ۔

ستوردن (سِتُور۔دَن) دیکھو ستردن۔

ستوقہ (سَتُو۔قَہ) کھوٹا سکہ۔

ستون (سُتُون) کھمبا، جیلیا، کالم، [illegible]

ستون جرائد (سُتُون۔جَرا۔ئِد) اخبار کا کالم۔

ستوہ (سِتُوہ) ملول، عاجز۔

ستہ (سِت۔تَہ) [illegible] (سِت۔تَہ) چھ، ۶۔

ستہ عشر (سِت۔تَہ۔عَشَر) سولہ۔

ستی (سَتِی) [illegible] (سَتِّی) خاتون، بی بی۔

ستیغ (سِتِیغ) پہاڑ کا سیدھا لمبا، پہاڑ کی چوٹی۔

ستیر (سِتِیر) چھپا ہوا، پرہیزگار۔

ستیز (سِتِیز) لڑائی۔

ستیزاک (سِتِی۔زَاک) لڑتا ہوا، لڑنے والا۔

ستیزانیدن (سِتِی۔زا۔نِی۔دَن) لڑانا۔

ستیزندہ (سِتِی۔زَن۔دَہ) لڑنے والا۔

ستیزہ (سِتِی۔زَہ) لڑائی، جھگڑا۔

ستیزیدن (سِتِی۔زِی۔دَن) لڑنا، مصدر ستیزہ۔

ستیزیدہ (سِتِی۔زِی۔دَہ) لڑا ہوا۔

ستیغ (سِتِیغ) لڑائی، ستیز۔

ستیم (سِتِیم) اندرونی مواد۔

ستین (سِت۔تِین) ساٹھ، ۶۰۔

ستیہش (سِتِی۔ہِش) لڑائی، جھگڑا۔

ستیہیدن (سِتِی۔ہِی۔دَن) لڑنا جھگڑنا۔

سج (سَج) گال، رخسار، (سُج) [illegible] (سَج) مٹی تھپنا۔

سجا (سَجَا) دیباچہ، سرنامہ، خط کا لفافہ۔

سجاد (سَجّاد) بہت زیادہ سجدہ کرنے والا۔

سجادہ (سَجّا۔دَہ) جانماز، دری، قالین (سُجا۔دَہ) گدی۔

سجار (سَجّار) سنگار، سنگار۔

سجاف (سَجاف) گوٹ، سنجاف۔

سجانیدن (سَجا۔نِی۔دَن) ٹھنڈا کرنا۔

سجایا (سَجا۔یا) سجیہ کی جمع۔

سجدہ (سَج۔دَہ) فروتنی، ماتھا ٹیکنا۔

سجع (سَجْع) تکلف، نثر مقفیٰ، ج، اسجاع۔

سجف (سَجْف) پردہ، پردہ پوشی، سجوف، [illegible]

سجل (سِجِل) عدالت کا حکم، تمسک، عدالتی
مہر (سِجِل) ٹھیک، درست، اچھا (سَج-ل)
ڈول جمع سجال، سجول۔
سجن (سِج-ن) قید خانہ (سَجن) گورکھ ٹھاجا
سجنجل (سجن-جَل) آئینہ۔
سجود (سُجود) سجدہ کرنا۔
سجور (سُجور) جھونکنا۔
سجیدان (سجی-دان) گر کر آجانا اچھنا۔
سجیل (سِجّیل) کنکر، کچا پتھر۔
سجین (سِجّین) دوزخ کی ایک گھاٹی،
جہاں جیل خانہ، (سجین) قید کی۔
سجیہ (سَجی) ایسی عادت جو سکھایا، سجیا آتا۔
سجفان (سج-فان) چوپا، ہوش۔
سحا (سحا) دیکھو سحی۔
سحاب (سَحاب) بادل، ابر جمع سحایب (سُحُب)۔
سحارہ (سُحا-رَہ) گورکھ دھندا۔
سحاف (سُحاف) سل کی بیماری۔
سحاقہ (سَحا-قہ) چپٹی باز عورت۔
سحالہ (سُحا-لہ) لوہے کا برادہ، بُھون۔
سحب (سَح-ب) گھسیٹنا، کھینچنا۔
سحت (سَح-ت) کھرچنا، چھیلنا (سُح-ت)
حرام کا مال۔
سحج (سَح-ج) آنت کی ایک بیماری۔
سحر (سَحَر) صبح جمع اسحار (سِح-ر) جادو
سحر حلال (سِح-ر، حَلال) حلال جادو،
اعلیٰ کلام۔
سحرگاہ، سحرگاہاں (سَحَر-گاہ، سحر گاہ-
ہاں (جمع)۔
سحرہ (سَحَرۃ) ساحر کی جمع (سُح-رَہ) صبح سویرا۔
سحری (سَحَری) رمضان میں آخری رات کا کھانا
سحق (سَح-ق) پیسنا (لازم) گھسنا، پیسنا، رگڑنا۔

سخل (سَخ-ل) ردی پھٹے کپڑے، بکری کا بچہ
جمع اسخال، سخول رہنا، پرکھنا۔
سخلوت (سَخ-لوت) ننگی عورت، چھنال۔
سخمہ (سُخ-مَہ) سواد، سیاہی۔
سخنہ (سُخ-نَہ) چہرہ کا رنگ روپ۔
سخور (سُخور) زمین کا کھرچنا۔
سخوخ (سُخوخ) کھال چھل جانا۔
سخور (سَخور) رمضان کی سحری۔
سخیق (سَخیق) سفوف، پھنکی۔
سخیل (سَخیل) بٹا ہوا دھاگا۔
سخا (سَخا) بخشش۔
سخافت (سَخا-فت) سبکی، بے عقلی۔
سخاوت (سَخا-وت) بخشش، دان۔
سخت (سَخ-ت) مضبوط، مشکل، نہایت، بہت۔
سخت جان (سَخ-ت جان) مضبوط، سنگدل
سخت سا (سَخ-ت-سا) کشتی کا گرشتہ۔
سخت کمان (سَخ-ت-کمان) زبردست، پہلوان
سخت کوش (سَخ-ت-کوش) نہایت
کوشش کرنے والا۔
سخت گیر (سَخ-ت-گیر) سخت پکڑنے والا۔
سخت گیری (سَخ-ت-گیری) سخت پکڑنا۔
سخت میر (سَخ-ت-میر) مشکل سے مرنے والا۔
سخق (سَخ-ق، سَخ-ق) توڑنا، کچلنا۔
سخنہ (سَخ-نَہ) توڑا ہوا۔
سختی (سَخ-تی) مصیبت، مشکل، بدحالی۔
سخر (سَخ-ر) مسخری کرنا، ٹھٹھول کرنا۔
سخریت (سَخ-ری-ت) مسخری، ٹھٹھول، بیگاری۔
سخرہ (سُخ-رَہ) جس سے ٹھٹھول کی جائے،
(سَخ-رہ) (سُخرۃ) ٹھٹھول کرنے والا۔
سخری (سَخ-ری) افسوس، حسرت۔
سخریہ (سُخ-ری-یہ) مسخرہ پن۔

سخط (سَخَط، سُخْط) (ع۔ ا) غصہ۔
سخف (سُخْف) کم ظرفی، اوچھاپن۔
سخم (سُخْم) سیاہی، کلونس۔
سخن (سُخَن، سُخُن) سخن، کلام، بات، گرم۔
سخن پرداز (سُخَن۔ پَر۔ داز) شاعر، ادیب، شعر گو، سخن کو سنوارنے والا۔
سخن پردازی (سُخَن۔ پَر۔ دا۔ زی) ادب، شاعری
سخن پرور (سُخَن۔ پَر۔ وَر) شاعر، ادیب، بات کی پچ کرنے والا۔
سخن پروری (سُخَن۔ پَر۔ وَ۔ ری) بات کی پچ کرنا۔
سخن چیں (سُخَن۔ چِیں) چغل خور، عیب جو۔
سخن چینی (سُخَن۔ چی۔ نی) چغل خوری۔
سخنداں (سُخَن۔ داں) شاعر، فصیح، زباں داں۔
سخن دانی (سُخَن۔ دا۔ نی) شاعری، زباں دانی۔
سخن ساز (سُخَن۔ ساز) بات بنانے والا۔
سخن سنج (سُخَن۔ سَنْج) شاعر۔
سخن طرازی (سُخَن۔ طَ۔ را۔ زی) فصاحت۔
سخن فہم (سُخَن۔ فَہْم) کلام سمجھنے والا۔
سخن فہمی (سُخَن۔ فَہ۔ می) کلام سمجھنا۔
سخن گستر (سُخَن۔ گُس۔ تَر) شاعر، فصیح۔
سخن گو (سُخَن۔ گو) شاعر، سخن کہنے والا۔
سخنور (سُخَن۔ وَر) فصیح، شاعر، سخن والا۔
سخنوری (سُخَن۔ وَ۔ ری) شاعری، فصاحت۔
سخوط (سُخُوط) مکروہ، گھناؤنا۔
سخون (سُخُون) دیکھو سخن۔
سخونت (سُخُو۔ نَت) گرمی۔
سخی (سَ۔ خی) فیاض، جمع اَسخیاء۔
سخیف (سَ۔ خِیف) اوچھا، ہلکا، تنگ، کم ظرف۔
سخین (سَ۔ خِین) گرم پانی۔

سد (سَدّ) (ع۔ ا) روک، جمع اَسْداد و (سُدَد) دیکھو صد۔
سداب (سَ۔ داب) ایک گھاس۔
سدابی (سَ۔ دا۔ بی) ہری رنگت۔
سداد (سِداد) ڈاٹ (سَداد) ناک کی ایک بیماری (سَداد) کردار اور گفتار میں راستی
سدباب (سَدّ۔ باب) دروازہ کی روک، دور کرنا۔
سدر (سَدْر) دری، راکھ۔
سدر (سِدْر) بیری (سَدَر) حیرت کی آنکھیں پھٹا ہوا (سَدَر) چکا چوند، اندھیرا۔
سدرق (سَدْ۔ رُق) آخری ساحل۔
سدرہ (سِدْ۔ رَہ) بیری (سِدْ۔ رَہ) آنکھ کا دکھ۔
سدرۃ المنتہیٰ (سِد۔ رَتُل۔ مُن۔ تَہا) آسمانی بیری جو انتہا پر ہے، کسی چیز کی آخری حد۔
سدس (سُدْس، سُدُس) چھٹا حصہ۔
سدق (سَدَق) ترکش۔
سدل (سَدْل) پردہ ڈالنا، بال بکھیرنا (سِدْل) لڑی
سدم (سَدَم) پشیمانی۔
سدنہ (سَدَنَہ) سادن کی جمع۔
سدوم (سَدُوم) نام شہر حضرت لوط علیہ السلام
سدومی (سَدُو۔ می) سدوم والا، لوطی، ظلم۔
سدہ (سُدَّہ) بند، چبوترہ، چوکھٹ، جمع سُدَد۔
سدی (سَدیٰ) تانا، فرق، قلابات۔
سدید (سَدِید) مضبوط، ٹھیک۔
سدیس (سَدِیس) چھٹا حصہ۔
سر (سِرّ) فکر، خیال، خواہش (سَر) وار، جسم کا اوپر کا حصہ، اوپر، سرا، بھید جمع اسرار (سُرّ) خوشی، ناف، شادی۔
سرا (سَرا) مکان، ایک درخت، گانے والا۔

(مذ۔ زاد) آرام، نرمی۔
سراب (مذ۔ راب) پانی کی مانند چمکتا ہوا ریت۔
سرابستان (مذ۔ تِب۔ سُتان) شاہی باغ۔
سرابیلی (مذ۔ بِی۔ لی) بچھوا۔
سراپا (مذ۔ پا) سر پا، سر سے پاؤں تک۔
سراج (مذ۔ راج) چراغ، سورج۔ جمع سُرُج
(مذ۔ سَ۔ رَّاج) زین دوز، زین فروش۔
سراج الخیل (مذ۔ جُل۔ خَیْل) جگنو۔
سراچہ (مذ۔ چَہ) چھوٹا خیمہ، چھوٹا گھر۔
سراد (مذ۔ راد) پچھور۔
سرادق (مذ۔ را۔ دِق) سراپردہ، شامیانہ۔ جمع سُرادِقات۔
سرار (مذ۔ رار) لکیر، ہتھیلی، پیشانی، جمع اکثر
جمع اَسِرّہ۔
سرازیر (مذ۔ زِیر) سلامی، ڈھلوان۔
سراسر (مذ۔ سَر) سراسر، تمام۔
سراسری (مذ۔ سَری) خلاصہ، تمام زیور۔
سراسیمگی (مذ۔ سی۔ مگی) حیرانی، اچنبھا۔
سراسیمہ (مذ۔ سی۔ مہ) حیران، ڈانواڈول۔
سراش (مذ۔ راش) سریش، سریشم۔
سراشی (مذ۔ شی) کاٹنے والی تلوار۔
سراع (مذ۔ راع) سرا کی جمع۔
سراغ (مذ۔ راغ) کھوج، [illegible]۔
سراغوش (مذ۔ آ۔ غوش) سر کی ایک
زنانی پوشش۔
سرافراز (مذ۔ اف۔ راز) سربلند۔
سرافگندہ (مذ۔ اف۔ گن۔ دَہ) شرمندہ۔
سرافیل (مذ۔ سَ۔ فیل) اسرافیل، نام فرشتہ
سراقہ (مذ۔ رَ۔ قہ) چوری کا مال۔
سرآمد (مذ۔ آ۔ مَد) سردار، بہتر، ممتاز۔
سرانجام (مذ۔ ان۔ جام) کام کا انجام۔

سرانداز (مذ۔ اَن۔ داز) رومال یا چادر، اوڑھنی
سراندیپ، سراندیل (مذ۔ اَن۔ دیپ) (مذ۔ دیل) جزیرہ لنکا، سنگلدیپ،
سرانگشت (مذ۔ اَن۔ گُشْت) انگلی کی نوک، پور، پورا۔
سراوری (مذ۔ آ۔ وَری) برتری، سرداری۔
سراوقات (مذ۔ ا۔ و۔ قات) نرمی و سختی
آرام و تکلیف۔
سراوند (مذ۔ وَنْد) زرد، پیلا رنگ۔
سراویل (مذ۔ رَا۔ ویل) پاجامہ، سروال کی جمع۔
سراہنگ (مذ۔ ہنگ) دیکھو سرہنگ۔
سراہیدن (مذ۔ را۔ ہی۔ دن) گانا، آلاپنا
مضارع سراید۔
سرائیدہ (مذ۔ را۔ ای۔ دہ) گایا ہوا۔
سرائیل (مذ۔ را۔ ئی۔ ل) دیکھو اسرائیل۔
سرائی (مذ۔ رائی) مکان، مسافرخانہ۔
سرایا (مذ۔ را۔ یا) سریہ کی جمع۔
سرایت (مذ۔ را۔ یت) تاثیر، سما جانا۔
سرایچہ (مذ۔ رای۔ چہ) دیکھو سراچہ۔
سرایندہ (مذ۔ را۔ ین۔ دہ) گانے والا۔
سرایہ (مذ۔ را۔ یہ) سریہ کی جمع۔
سرب (مذ۔ رب) اسیسہ، (مذ۔ رب) بہتا ہوا۔
(مذ۔ رب) ابل، (مذ۔ رب) راہ تنگ
(مذ۔ بام) بیرونی چھت، کرسی۔
سربالائی (مذ۔ با۔ لا۔ ئی) اظہار بزرگی۔
سربار (مذ۔ بار) سر بوجھ۔
سرباری (مذ۔ با۔ ری) سر بوجھ، چھوٹا
بوجھ جو بڑے بوجھ کے اوپر دھرا ہوا ہو۔
سرباز (مذ۔ باز) بہادر، سپاہی۔
سربازی (مذ۔ با۔ زی) بہادری۔
سربازاری (مذ۔ با۔ زا۔ ری) جھگڑا، [illegible]۔
سرباک (مذ۔ باک) صاحب سیاست، سخت ضابطہ

سرپال (سَر۔ پَال) بچھاونا، بچھونا۔
سربالا (سَر۔ بَا۔ لَا) بلند سر۔
سربخش (سَر۔ بَخ۔ ش) حصّہ، بڑا حصّہ۔
سربر (سَر۔ بَر) سر بلند، کامیاب۔
سربراہ (سَر۔ بَرَاہ) منتظم، مہتمم۔
سربراہ کار (سَر۔ بَرَاہ۔ کَار) کام کا مہتمم۔
سربراہی (سَر۔ بَرَا۔ ہِی) اہتمام، انتظام۔
سربرگرفتہ (سَر۔ بَر۔ گِرِف۔ تَہ) غیر مطیع، سرکش۔
سربست (سَر۔ بَس۔ ت) اصل۔
سربستہ (سَر۔ بَس۔ تَہ) پوشیدہ، سربندھا ہوا۔
سربسر (سَر۔ بَسَر) تمام، بالکل۔
سربمہر (سَر۔ بَمُہ۔ ر) سر پر مہر لگا ہوا، مختوم بند۔
سربلند (سَر۔ بُلَن۔ د) نامور، کامران۔
سربلندی (سَر۔ بُلَن۔ دِی) ناموری، کامرانی۔
سربند (سَر۔ بَن۔ د) جس کا سر بند ہو، اختیار، آگاہی۔
سرپرست (سَر۔ پَرَس۔ ت) خدمتگار، خبرگیر، مربی۔
سرپرستی (سَر۔ پَرَس۔ تِی) خبرگیری، مربی ہونا۔
سرپنجگی (سَر۔ پَن۔ جَگِی) زور، طاقت، ظلم۔
سرپنجہ (سَر۔ پَن۔ جَہ) پنجہ، پنجہ کشی، طاقتور۔
سرپردہ (سَر۔ پَر۔ دَہ) موسیقی کا ایک طریقہ۔
سرپوش (سَر۔ پُوش) ڈھکن، چپنی۔
سرپوشیدہ (سَر۔ پُو۔ شِی۔ دَہ) کنواری لڑکی۔
سرپی (سَر۔ پِی) ٹھوکر یا پاؤں کا سرا۔
سرپیچ، سرپیش (سَر۔ پیچ) مشہور زیور، پگڑی میں باندھنے کا ایک زیور۔
سرتابی (سَر۔ تَا۔ بِی) عدول حکمی، سرپھیرنا۔
سرتاج (سَر۔ تَاج) سردار۔

سرتاسر (سَر۔ تَا۔ سَر) تمام، کمال۔
سرتافت (سَر۔ تَاف۔ ت) باغی، مجرم۔
سرتافتن (سَر۔ تَاف۔ تَن) نافرمانی کرنا۔
سرتراش (سَر۔ تَرَاش) نائی، دغاباز۔
سرتنہا (سَر۔ تَن۔ ہَا) اکیلا، تنہا۔
سرتیز (سَر۔ تیز) سرکش، جنگجو، دلاور۔
سرتیزہ (سَر۔ تے۔ زَہ) سنگین۔
سرج (سَر۔ ج) زین۔
سرجنگ (سَر۔ جَنگ) فوجی افسر۔
سرجوش (سَر۔ جوش) اصل، خلاصہ۔
سرجوقہ (سَر۔ جو۔ قَہ) سرغنہ، سرگروہ۔
سرچھپ (سَر۔ چَھپ) نام بیماری جس سے بال سفید پڑجاتا ہے۔
سرچسپاں (سَر۔ چَس۔ پَاں) لیسیل، گوند، لیسی۔
سرچشمہ (سَر۔ چَش۔ مَہ) سوت، سوتہ۔
سرچکاڈی (سَر۔ چَکَا۔ ڈِی) لپھاڑ، تلب۔
سرچنگ (سَر۔ چَنگ) ڈھول، دف، طنبورہ۔
سرچیدن (سَر۔ چی۔ دَن) خلاصہ، چیدہ۔
سرح (سَر۔ ح) آسانی، چرنے والا چوپایہ۔
سرحالت (سَر۔ حَا۔ لَت) سوجی، کیف، مگن۔
سرحان (سَر۔ حَان) درندہ، بھیڑیا، جمع سَرَاحِین۔
سرحد (سَر۔ حَد) آخری حد۔
سرحساب (سَر۔ حِسَاب) آگاہ، خبردار۔
سرحلقہ (سَر۔ حَل۔ قَہ) سردار۔
سرحمام (سَر۔ حَم۔ مَام) نام جگہ حمام کا گرم کمرہ۔
سرحوب (سَر۔ حوب) گیدڑ، شغال۔
سرخ (سُر۔ خ) لال۔
سرخاب (سُر۔ خَاب) ایک آبی پرندہ، ککنو۔

سرخ بید (سُرْخ بید) بید کی ایک قسم۔
سرخ پوش (سُرْخ پوش) لال لباس والا۔
سرخچہ (سُرْ خَچہ) خسرہ جو ایک بیماری ہے۔
سرخرو (سُرْخ رُو) کامیاب، خوش۔
سرخروئی (سُرْخ - رُو - ئی) کامیابی، خوشی
سرخط (سَرْ - خَط) کرایہ نامہ، یادداشت، مزدوری، تنخواہ کے حساب کا کاغذ۔
سرخ مرد، سرخ مرز (سُرْخ - مُرْد، سُرْخ مُرْز) لال چولی۔
سرخوش (سَرْ خُوش) جس کو نشہ کا سرور ہو۔
سرخوشی (سَرْ - خُوشی) نشہ کا سرور۔
سرخود (سَرْ - خُود) خود سر۔
سرخبہ (سَرْ - خَبہ) گو یا مچھی جو آنکھ کو گولی یا نکلتی ہے
سرخی (سُرْ - خی) لالی۔
سرخیل (سَرْ - خَیل) سردار، امیر
سرد (سَرْد) ٹھنڈا، زرہ۔
سرداب، سردابہ (سَرْ - دَاب، سَرْ - دَا - بہ) تہ خانہ۔
سردار (سَرْ - دَار) امیر۔
سرداری (سَرْ - دَا - رِی) امارت، فراک کوٹ
سردر (سَرْ - دَر) سر دل، دروازہ کا پٹاؤ۔
سردرختی (سَرْ - دَرَخ - تِی) اپنے درخت کی پیداوار
سردردی (سَرْ - دَرْ - دِی) دکھ، تکلیف۔
سردست (سَرْ - دَسْت) فی الحال، ابھی
حقیر
سردستی (سَرْ - دَس - تِی) ما حضر جو کچھ حاضر ہو۔
سردسیر (سَرْد - سِیر) ٹھنڈی آب ہوا کی جگہ۔
سردفتر (سَرْ - دَفْ - تَر) ہیڈ کلرک۔
سرد مہر (سَرْد - مِہْر) بے محبت۔
سرد مہری (سَرْد - مِہْ - رِی) بے بسی۔

سردی (سَرْ - دِی) ٹھنڈک۔
سردین (سَرْ - دِین) سارڈین مچھلی۔
سرر (سُرَر) بچی، کلاوا کی دھرز، سرہ کی جمع (سُرُر) سریر کی جمع۔
سرراہ (سَرِ - رَاہ) راستہ کے سرے پر۔
سررشتہ (سَرْ - رِشْ - تہ) محکمہ، قابلیت، خواہش، اختیار۔
سرزد (سَرْ - زَد) واقع۔
سرزدہ (سَرْ - زَ - دَہ) بے خبر، اچانک۔
سرزمین (سَرْ - زَمِین) زمین، ملک۔
سرزن (سَرْ - زَن) سرکش، نافرمان
سرزنش (سَرْ - زَ - نِش) ملامت، جھڑکی۔
سرزنی (سَرْ - زَ - نِی) سر مارنا۔
سرزور (سَرْ - زَور) باغی، نافرمان۔
سرزوری (سَرْ - زَو - رِی) بغاوت، نافرمانی۔
سرسام (سَرْ - سَام) نام ایک بیماری۔
سرسال (سَرِ سَال) شروع سال۔
سرسبز (سَرْ - سَبْز) ہرا بھرا، آباد، کامیاب۔
سرسبزی (سَرْ - سَبْ - زِی) ہرا بھرا پن۔
سرسجدہ (سَرْ - سَجْ - دَہ) نماز کی ٹھیکری جس پر شیعہ مسلمان سجدہ کرتے ہیں۔
سرسختی (سَرْ - سَخْ - تِی) ضد، ہٹ۔
سرسخن (سَرْ - سُخَن) عنوان، سرخی۔
سرسری (سَرْ - سَرِی) بے ترتیبی کا کام، بیہودہ
سرسکہ (سَرْ - سِکَّہ) اسفنال رنگریز کا بائپ۔
سرسور (سَرْ - سُور) دانا، بزرگ۔
سرشار (سَرْ - شَار) لبالب، لبریز۔
سرشاری (سَرْ - شَا - رِی) لبریزی۔
سرشام (سَرِ - شَام) شام کا جھٹپٹا۔
سرشت (سِرِشْت) سبھاؤ، خلقت، خمیر۔

سرشتن (سِرِش-تَن) گوندھنا مصدر سرشتہ۔
سرشتہ (سِرِش-تَہ) گوندھا ہوا۔
سرشف (سَر-شَف) سرسوں۔
سرشک (سِرِشْک) آنسو، قطرہ۔
سرشگاف (سَر-شِگاف) بال کی کھال نکال
سرشیب (سَر-شیب) اوندھا۔
سرشیر (سَر-شِیر) ملائی، بالائی۔
سرطان (سَر-طان) ایک کیڑا، خرچنگ، خطِ سرطان
سرطوق (سَر-طوق) کلس۔
سرع (سَرْع) انگور کی آنکھ جمع سراع (سِراع)
دوڑ، جلدی، سرعت (سُرْعَت) جلد، بشتاب۔
سرعت (سُر-عَت) جلدی، تیزی۔
سرغنہ (سَر-غَنَہ) سرگروہ، بدمعاش۔
سرغوب (سَر-غوب) نیولا۔
سرغین (سَر-غِین) ترہی، سرنائی۔
سرف (سَرْف) فضول خرچی، ہم اسراف
سرفتیلہ (سَر-فَتی-لَہ) بتی کا گل، فتیلہ کا گل۔
سرفراز (سَر-فَراز) دیکھو سرافراز۔
سرفرازی (سَر-فَرا-زی) دیکھو سرافرازی
سرفندہ (سُر-فِن-دَہ) کھانسنے والا۔
سرفہ (سُر-فَہ) کھانسی۔
سرفیدن (سُر-فی-دَن) کھانسنا مصدر سرفیدہ۔
سرفیدہ (سُر-فی-دَہ) کھانسا ہوا۔
سرق (سَرَق) چرانا۔
سرقت (سَرِقَت، سَرِقَہ) چوری۔
سرکسیان (سَر-کِس-یان) [illegible]
سرکین (سِر-کِین) دیکھو سرگین۔
سرکہ (سِر-کَہ) خل، سرکہ۔
سرکار (سَر-کار) حکومت، کچہری، امیر۔
سرکاری (سَر-کا-ری) منسوب طرف سرکار۔
سرکب (سَر-کَب) ملائی گانے بجانے والا۔

سرکردگی (سَر-کَر-دَ-گی) افسری، سرداری
سرکردہ (سَر-کَر-دَہ) سرگروہ، سردار۔
سرکش (سَر-کَش) نافرمان، مغرور۔
سرکشی (سَر-کَشی) نافرمانی، بغاوت۔
سرکشد (سَر-کَشِد) جائے پناہ، وجہ نجات۔
سرکن (سَر-کُن) سردار قوم۔
سرکوب (سَر-کوب) سر کچلنے والا، ضابطہ، قلعہ
کسی کام کا استعداد۔
سرکوبی (سَر-کو-بی) سر کچلنا۔
سرکیشی (سَر-کی-شی) حقارت، بے قدری۔
سرکہ (سِر-کَہ) ایک تیزابی عرق۔
سرکہ جبیں، سرکہ پیشانی (سِر-کَہ-جَبیں، سِر-
کَہ-پے-شا-نی) ترشرو۔
سرگذشت (سَر-گُذَشْت) واقعہ، ماجرا۔
سرگراں (سَر-گِراں) خفا۔
سرگرانی (سَر-گِرا-نی) خفگی۔
سرگرداں (سَر-گَر-داں) پریشان۔
سرگردانی (سَر-گَر-دا-نی) پریشانی۔
سرگرم (سَر-گَرم) مصروف، گرمجوش۔
سرگرمی (سَر-گَر-می) گرمجوشی۔
سرگروہ (سَر-گَروہ) جماعت کا سردار۔
سرگرہ (سَر-گِرَہ) جزیرہ۔
سرگشتگی (سَر-گَشْ-تَگی) حیرانی، اچنبھا۔
سرگشتہ (سَر-گَشْ-تَہ) حیران، بھٹکا ہوا۔
سرگل (سَر-گُل) گیندا۔
سرگم (سَر-گُم) بے راہ، بھٹکا ہوا۔
سرگوشی (سَر-گو-شی) کانا پھوسی۔
سرگین (سِر-گِین) پاخانہ، گوہ۔
سرلوح (سَر-لوح) سرورق کے نقش و نگار۔
سرم (سَرْم) پاخانے کی آنت کا مقعد (مخرج)
جس سے گو نکال۔

سرما (امذ۔ سَر۔ مَا) موسم جاڑا۔

سرمائی (صف۔ سَر۔ مَا۔ ئی) منسوب طرف سرما۔

سرمائے تلخ (امذ۔ سَر۔ مَا۔ ئے۔ تَلخ) کڑا جاڑا۔

سرمایہ (امذ۔ سَر۔ مَا۔ یَہ) پونجی، اصول۔

سرمایہ دار (صف۔ سَر۔ مَا۔ یَہ۔ دَار) پونجی والا۔

سرمایہ دارانہ (صف۔ سَر۔ مَا۔ یَہ۔ دَا۔ رَا۔ نَہ) جو سرمایہ دار سے نسبت رکھے۔

سرمایہ داری (امث۔ سَر۔ مَا۔ یَہ۔ دَا۔ رِی) مالداری، دولتمندی، پونجی والا ہونا۔

سرمائے گل (امذ۔ سَر۔ مَا۔ ئے۔ گُل) گلابی جاڑا۔

سرمد (صف۔ سَر۔ مَد) ہمیشہ، دائم۔

سرمدی (صف۔ سَر۔ مَدی) ہمیشگی، دائمی۔

سرمست (صف۔ سَر۔ مَست) متوالا، نشے میں مست۔

سرمستی (امث۔ سَر۔ مَس۔ تِی) متوالاپن۔

سرمشق (امث۔ سَر۔ مَشق) خوشنویس کا لکھا ہوا قطعہ۔

سرمغزن (امذ۔ سَر۔ مَغ۔ زَن) مصیبت، نقصان۔

سرمق، سرمک (امذ۔ سَر۔ مَق، سَر۔ مَک) ایک بوٹا جو جاڑے کے موسم کی ایک خودرو جنگلی سبزی ہے۔

سرمگیں (صف۔ سُر۔ مَگِیں) سرمہ والی۔

سرمو (امذ۔ سَر۔ مُو) بال کا سرا۔

سرمہ (امذ۔ سُر۔ مَہ) انجن، کحل۔

سرمہ چشم (صف۔ سُر۔ مَہ۔ چَش۔ م) جس کی آنکھوں میں سرمہ ہو۔

سرمہ چوب (امث۔ سُر۔ مَہ۔ چُوب) سرمہ کی سلائی۔

سرمہ خوردہ (صف۔ سُر۔ مَہ۔ خُر۔ دَہ) گونگا۔

سرمہ دانی (امث۔ سُر۔ مَہ۔ دَا۔ نی) سرمہ رکھنے کی چیز۔

سرنا (امذ۔ سُر۔ نَا) شہنائی، الغوزہ۔

سرنائی (امذ۔ سُر۔ نَا۔ ئی) شہنائی بجانے والا۔

سرنامہ (امذ۔ سَر۔ نَا۔ مَہ) دیباچہ کتاب، خط کا پتہ، عنوان۔

سرنائی (امذ۔ سُر۔ نَا۔ ئی) دیکھو سرنا۔

سرنبشت (امث۔ سَر۔ نِبِشت) دیکھو سرنوشت۔

سرنگوں (صف۔ سَر۔ نِگُوں) اوندھے سر۔

سرنو (متعلق۔ سَر۔ نَو) پھر نئے سر۔

سرنوشت (امث۔ سَر۔ نَو۔ شِت) مقسوم، نصیب، قسمت کا لکھا، لکھا۔

سرو (امذ۔ سَرو) ایک درخت کا نام (امذ۔ سَرُو) سینگ۔

سروا (امذ۔ سَر۔ وَا) حدیث، بات۔

سرواد (امذ۔ سَر۔ وَاد) کلام، افسانہ۔

سروال (امذ۔ سَر۔ وَال) شلوار جو غرارہ دار ہو۔

سرو اندام (صف۔ سَر۔ وِ۔ اَن۔ دَام) سرو کی مانند جسم رکھنے والا، محبوب، سوہنا۔

سروبرگ (امذ۔ سَر۔ و۔ بَرگ) خیال، پروا۔

سروبن (امذ۔ سَر۔ و۔ بُن) سروپا۔

سروبند (امذ۔ سَر۔ و۔ بَند) موقع، عصر۔

سروپا (امذ۔ سَر۔ و۔ پَا) پورا، سر پیر۔

سرو پیادہ (امذ۔ سَر۔ وِ۔ پِیَا۔ دَہ) قد آدم سرو کا پیڑ۔

سرود (امذ۔ سُرود، سَرُود) راگ، نغمہ

سرودن (مص۔ سُرُو۔ دَن) دیکھو سرائیدن۔

سرودی (صف۔ سُرُو۔ دِی) مغنی، گویا۔

سرور (امذ۔ سُرُور) خوشی (امذ۔ سَر۔ وَر) سردار۔

سرو رعنا (امذ۔ سَر۔ وِ۔ رَع۔ نَا) آراستہ سرو۔

سرو رواں (امذ۔ سَر۔ وِ۔ رَوَاں) چلتا ہوا سرو، محبوب۔

سروری (امث۔ سَر۔ وَری) سرداری۔

سروسامان (امذ۔ سَر۔ و۔ سَا۔ مَان) سامان، اسباب۔

سروسہی (امذ۔ سَر۔ وِ۔ سَہی) سیدھا سرو۔

سروش (امذ۔ سَرُوش) اچھا پیغام لانے والا فرشتہ۔

سرو قامت، سرو قد (سَرْو - قا - مَت، سَرْو - قَد) لمبے اور سیدھے قد والا۔
سرو کار (سَرْ - و - کار) لگاؤ، واسطہ، کاروبار۔
سرون (سُرُوْن) سینگ، سُرُوْن الجر، بچھو
سرو ناز (سَرْو - ناز) سرو کا نیا پودا۔
سروگاہ (سُرُوْ - گاہ) سینگ نکلنے کی جگہ۔
سرہ (سُرَّہ) ناف، خالص، کھرا (سُرَّۃ) ناف، درمیان جمع سُرَر، سُرَّات۔
سرہنگ (سَر - ہَنگ) سپاہی، سردار لشکر، کوتوال، اُجڈ، نافرمان۔
سری (سَرِی) سرداری (سُرٰی) چھپ، سرا (سُرا) رات کو چلنا۔
سریان (سَرَیان) ایک چیز کا دوسری چیز میں مل جانا۔
سریانی (سُرْ - یا - نی) ایک قدیم زبان۔
سریچہ (سُرَی - چَہ) ممولا جو ایک بلبل جیسا ہے۔
سریچہ (سُرَی - چَہ) وہ اصل جو ایک آلہ پیدا کرے۔
سریدن (سُرِی - دَن) پھسلنا۔
سریر (سَرِیْر) تخت، چارپائی جمع سُرُر، اَسِرَّہ۔
سریرت (سَرِی - رَت) بھید، راز جمع سَرائر۔
سریس (سِرِّیْس) نامرد، بدھیا۔
سریش، سریشم (سِرِیْش، سِرِیْ - شَم) چپکانے کا ایک لیس۔
سریع (سَرِیْع) تیز، چست۔
سریع التاثیر (سَرِیْ - عُت - تا - ثِیْر) جلد اثر کرنے والا۔
سریع الزوال (سَرِیْ - عُز - زَوَال) جلد جاتا رہنے والا۔
سرین (سُرِیْن) چوتڑ۔
سریہ (سَرِیْ - یَہ) عہد رسالت کا وہ اسلامی لشکر جس میں خود رسول اللہ شریک نہ تھے جمع سَرَایا (سُرِّیَّہ) لونڈی جس کو بیوی بنا لیا ہو۔
سزا (سَزَا) بدلا، لیاقت، لائق۔
سزاب (سَزَاب) ایک قسم کا پیڑ۔
سزاوار (سَزا - وار) لائق، مناسب۔
سزاواری (سَزا - وا - ری) لائق، مناسبت۔
سزاول (سَزا - وَل) وصول کرنے والا۔
سزاولی (سَزا - وَ - لی) وصولی کا کام۔
سزندہ (سَزَن - دَہ) لائق ہونے والا۔
سزیدن (سَزی - دَن) لائق ہونا مصدر سزد
سزیدہ (سَزی - دَہ) لائق، سزاوار۔
سست (سُسْت) ناپائیدار، ڈھیلا، مندا۔
سست جان (سُسْت - جان) کاہل، بودا۔
سست رائی، سست رائے (سُسْت - ...) بودی (سُسْت - ...) بے عقل، احمق۔
سستی (سُسْ - تی) ڈھیل، کاہلی، آلکسی۔
سطبر (سِ - طَبْر) دیکھو ستبر۔
سطح (سَطْح) ہر چیز کا اوپر، فرش جمع سُطُوح، بچھانا
سطحی (سَط - حی) اوپری، سطح سے منسوب۔
سطر (سَطْر) لکیر، تلوار، صف جمع سُطُور، اَسْطَار، اَسْطُر جمع اساطیر۔
سطر بند (سَطْر - بَنْد) جس پر لکیر کھینچی ہو۔
سطربندی (سَطْر - بَن - دی) لکیر کھینچی ہونا۔
سطرلاب (سُطْر - لاب) دیکھو اسطرلاب۔
سطل (سَطْل) ڈول، تھال، طشت۔
سطو (سَطْو) جھپٹنا، حملہ کرنا۔
سطوت (سَطْ - وَت) قہر، دبدبہ۔
سطوع (سُطُوْع) بلند ہونا۔
سعادت (سَعا - دَت) نیک بختی، مبارکی۔

سعادتمند (سَعا-دَت-مَنْد - ص - د) مبارک۔
سعادتمندی (سَعا-دَت-مَن-دی - س) مبارکی۔
سعال (سُعال) کھانسی۔
سعالہ (سِعا-لَہ) غول بیابانی جمع سعالی۔
سعایت (سِعا-یَت) چغل خوری، بدگوئی۔
سعت (سَعَت) فراخی، گنجایش۔
سعتر (سَع-تَر) ایک گھاس مانند زلف۔
سعتر باز (سَع-تَر-باز) چھپکی باز۔
سعتری (سَع-تَری) شوخ، بدکار۔
سعد (سَعْد) نیک جمع سُعُود و (سَعْد) (۲)
نا گر مو تا
سعدان (سَع-دان) بہدر۔
سعدیک (سَع-دَیک) یعنی آپ کی مدد کیلئے
بار بار حاضر ہوں۔
سعدین (سَع-دَین) زہرہ و مشتری دو سعد نیک
سعدیہ (سَع-دی-یَہ) شیخ سعدی کا مزار۔
سعر (سِعْر) بھاؤ، نرخ جمع اسعار۔
سعفہ (سَع-فَہ) گنج کی بیماری۔
سعلات (سِع-لات) چڑیل، مادہ غول۔
سعود (سُعُود) نیک ہونا۔
سعہ (سَعَہ) چوڑائی، پیشانی، مدح۔
سعی (سَع-ی) کوشش۔
سعید (سَعِید) نیک بخت، مبارک۔
سعیر (سَعِیر) دوزخ کا چوتھا طبقہ، جلتی
آگ، لپیٹ۔
سغب (سَغَب) بھوک۔
سغبان (سَغ-بان) بھوکا۔
سغبہ (سُغ-بَہ) فریفتہ، چھوٹی چیز۔
سغد (سُغْد) نشیبی زمین۔
سغدی (سُغ-دی) قدیم فارسی زبان
کی ایک شاخ جو اب متروک ہے۔

سغر (سُغْر) سیہ، خارپشت۔
سغراق (سَغ-راق) بڑا پیالہ (سُغ-راق)
شراب کا پیالہ، شراب۔
سغری (سَغ-ری) پیٹھ، سخت روئی،
کیمخت یعنی وہ چمڑا جو گدھے کی کھال پر بنایا جاتا ہو
سفائح (سَفا-ئِح) (۱) تلواریں (سَف-فاح)
خونریز، سردار، فصیح۔
سفاد (سِفاد) حیوانات کی جفتی۔
سفارت (سِفارَت) رسالت، ایلچی گری۔
سفارتخانہ (سِفارَت-خا-نَہ) ایلچی کی کوٹھی۔
سفارش (سِفا-رِش) ذریعہ، کلمۂ خیر، سپردگی۔
سفاک (سَفّاک) خونی، خونریز، قاتل۔
سفاکی (سَفّا-کی) خونریزی۔
سفال (سِفال) ٹھیکری، مٹی کا برتن (سَفال)
بیج پن (سُفال) ایک بیج۔
سفالگر (سِفال-گر) کمہار۔
سفالی (سِفا-لی) سفال والا۔
سفالین (سِفا-لین) سفال کی مانند
سفالینہ (سِفا-لی-نَہ) منسوب بہ سفال،
مٹی کا، مٹی کی۔
سفان (سَفّان) ناخدا، ملاح۔
سفانت (سِفانَت) جہاز سازی۔
سفاہت (سَفا-ہَت) کمینہ پن۔
سفائن (سَفا-ئِن) سفینہ کی جمع۔
سفت (سُفْت) چھید (سَفْت) بلا
فوٹی (سُفتہ ی) موڑھا۔
سفتج (سُف-تَج) ہنڈی۔
سفتن (سُف-تَن) بیندھنا، پہنا سفتہ شُفتید۔
سفتہ (سُف-تَہ) بیندھا ہوا (سُف-تَہ) قوم
ہنڈی، ہنڈی، تحفہ، ہدیہ (سُفْتہ) قدم
مجری اور اور مضبوط چیز۔

سفتہ گوش (سُفْ۔ تَہ۔ گوش) حلقہ بگوش۔
سفتیدن (سُف۔ تی۔ دَن) دیکھو سفتن۔
سفچہ (سَف۔ چَہ) کچا خربوزہ۔
سفر (سَفَر) مسافرت، شام کا جھٹپٹا، ج اسفار
(سِفْ۔ ر) تحریر، نوشتہ، کتاب، ج اسفار
(سَفْ۔ ر) لکھنا (سَفَر) سپیدۂ [illegible]
سفرجل (سَفَرْ۔ جَل) بہی۔
سفرہ (سُف۔ رَہ) دسترخوان، توشہ۔
سفرہ چی (سُف۔ رَہ۔ چی) بیرا، کھانا لگانے والا۔
سفرہ چیں (سُف۔ رَہ۔ چِیں) ریزہ چیں۔
سفری (سَفَری) مسافر (سُف۔ رِی) امرود
(سَفَرِی) منسوب بہ سفر۔
سفسار (سِف۔ سار) دلال، آڑھتی۔
سفک (سَفْک) خون گرانا، قتل کرنا۔
سفل (سِف۔ ل) نچائی، پستی۔
سفلہ (سِف۔ لَہ) کمینہ، نالائق۔
سفلی (سِف۔ لی) بہت پست (سُفْ۔ لی)
منسوب بہ سفل، نیچے کا، نیچے کی۔
سفن (سَفَن) سوہان (سُفُن) سفینہ کی ج۔
سفود (سَفُّود) کباب کی سیخ۔
سفوف (سَفُوف) بہت پسی ہوئی چیز، پھنکا۔
سفول (سُفُول) نچائی۔
سفہ (سَفَہ) کم عقلی، نادانی۔
سفی (سَفِی) بچھڑا، بچہ۔
سفید (سَفِید) چٹا۔
سفیداب (سَفِیدْ۔ آب) چٹا پوڈر [illegible]
سفیدار (سَفِی۔ دار) دیکھو سپیدار۔
سفید بخت (سَفِید۔ بَخْت) خوش نصیب۔
سفید بختی (سَفِید۔ بَخْ۔ تی) خوش نصیبی۔
سفید چشم (سَفِید۔ چَشْم) بے حیا۔
سفید چشمی (سَفِید۔ چَشْ۔ می) بے حیائی۔

سفیدہ مہرہ (سَفِی۔ دَہ۔ مُہْ۔ رَہ) سنکھ۔
سفیر (سَفِیر) ایلچی، مسافر، ج سُفَرا۔
سفیق (سَفِیق) گاڑھا کپڑا۔
سفینہ (سَفِی۔ نَہ) کشتی، شعروں کی کاپی، بیاض، ج
سفائن، سفون، سفینیں۔
سفیہ (سَفِیہ) کم عقل، کمینہ، ج سُفَہا۔
سقا، سقاب (سَقْ۔ قَا) (سِقَاب) بہشتی۔
سقال (سِقَال) ڈاڑھی۔
سقام (سَقَام) بیماری (سِقَام) سقیم کی ج۔
سقایت (سِقَا۔ یَت) پانی دینا۔
سقایہ (سِقَا۔ یَہ) پانی کا خزانہ، ج اسقیہ
آبشاری۔
سقر (سَقَر) دوزخ (سَقْ۔ ر) ایک شکاری
پرندہ، چرغ۔
سقرلات، سقرلاط (سَقَرْ۔ لات) سرخ
کا کپڑا، بانات
سقسط (سَقْ۔ سَط) زیادہ گوئی، [illegible]
سقسقہ (سَقْ۔ سَقَہ) چاؤں چاؤں۔
سقط (سِقْط) کا ادھورا بچہ (سَقَط) ردی، بیکار،
بھول، کھوٹی پونجی، حساب کی غلطی، جمع
ہر ایک چیز، ج اسقاط (سَقْط) آگ کی
چنگاری، [illegible]
سقط چیں (سَقَط۔ چِیں) ریزہ جمع کرنے والا۔
سقط فروش (سَقَط۔ فَرُوش) استعمالی
تاجر، پنساری۔
سقطہ (سَقْ۔ طَہ) جھگڑا، بکھیڑا
(سِقْ۔ طَہ) کم اصل۔
سقطی (سَقَطی) بساطی، پنساری۔
سقطی نامہ (سَقَ۔ طی۔ نا۔ مَہ) بیع نامہ، جائیداد
کا فروخت نامہ۔
سقف (سَقْف) چھت، ج سُقُف، سُقُوف

سقفی (سَق - فِی) ، بتشبیہ چھت والا۔
سقلات (سقلاطون) ، (سِق - لا - طُون) لال ، بانات۔
سقم (سُقم) (سَقَم) ، بیماری ، خرابی جمع اسقام۔
سقمونیا (سَق - مُو - نِیا) ، ایک گوند جو دوا میں کام آتا۔
سقنقور (سَق - ن - قُور) ، ریگ ماہی۔
سقو (سُقُوّ) ، ترلا ، لشنی۔
سقوط (سُقُوط) ، گرنا ، گر جانا۔
سقوطر ، سقوطرہ (سُقُو - طَر ، سُقُو - طَرہ) ، نام جزیرہ ، جزیرۂ عرب۔
سقوطری (سُقُو - طَرِی) ، ایلوا ، منسوب سقوطر۔
سقی (سَقی) ، سینچنا۔
سقیط (سَقِیط) ، برف جو آسمان سے گرے۔
سقیفہ (سَقِی - فَہ) ، چبوترہ۔
سقیم (سَقِیم) ، بیمار ، خراب جمع سقام۔
سک (سُک) ، سرکہ (سُک) ، خوشبو کا ایک مرکب (سُک) ، آہنی کرکی ، کیل جمع سکاک۔
سکات (سُکات) ، خاموشی ، خاموش۔
سکار (سُکّار) ، کلال ، شراب فروش۔
سکاری (سُکا - رٰی) ، سکران کی جمع۔
سکاف (اِسکاف) ، موچی۔
سکاک (سُکّاک) ، لوہار (سُکاک) زمین و آسمان کی درمیانی ہوا ، چھتر۔
سکاکی (سُکّا - کِی) ، آہنگری۔
سکالش (سِکا - لِش) ، دیکھو سکالش۔
سکان (سُکّان) ، ساکن کی جمع ، پتوار کشتی کا دنبال۔
سکاہرا (سِکا - ہرا) ، ایک کالا رنگ۔
سکھا (سُکھا) ، دھان۔
سکبینج ، سکبینہ (سِک - بی - نَج) ، ایک رال ، نام ایک گوند۔
سکتہ (سَک - تَہ) ، شعر کی ناموزونی ، نام بیماری۔

سکھیدن (سِک - ہِی - دَن) ، کھٹکا رہنا۔
سکر (سُکر) ، نشہ ، مستی (سَکَر) ، گڑ ، شکر ، شطاس (سِکر) ، باندھ ، پانی کی روک۔
سکران (سَکْران) (سُک - ران) ، متوالا جمع سکاری۔
سکرجہ (سُکُرّجَہ) ، سکورہ ، مٹی کی کٹھیا۔
سکرفیدن (سِک - رِ - فِی - دَن) ، ٹھوکر کھانا۔
سکرہ (سَک - رَہ) ، موت کی تکلیف جمع سکرات (سُکُرّہ) ، مٹی کی کٹھیا ، سکرجہ۔
سکز (سَکز) ، ایک قدیم گاؤں (ایران)
سکزی (سَک - زِی) ، ایک قدیم فارسی زبان۔
سکساک (سَک - ساک) ، ٹٹو گھوڑا۔
سکن (سَکَن) ، محبت (سُکن) ، مکان (سَکَن) ایک گھر کے آدمی۔
سکنج (سِکَنج یا سِکُنج) ، گندہ دہن۔
سکنجبین (سِکَن - جَبِین) ، ایک مرکب دوا۔
سکنجیدن (سِکَن - جِی - دَن) ، کھٹکنا ، ستانا ، کاٹنا ، چھیلنا۔
سکندری (سِکَن - دَرِی) ، ٹھوکر جو گھوڑا کھائے۔
سکنہ (سَکَنَہ) ، مکان ، سکونت ، استقامت ، باشی جمع سکنات (سَکَنَہ) ، ساکن کی جمع۔
سکنی (سُک - نٰی) ، سکونت ، بچکن (سُکنی) ، مکان سے نسبت رکھنے والی چیز۔
سکو (سُکُو) ، چھاج ، سائبان ، کچا چبوترہ۔
سکوت (سُکُوت) ، خاموشی (سُکُوت) ، خاموش ہونا۔
سکورہ (سِکو - رَہ) ، مٹی کی کٹھیا ، سکرجہ ، سکرہ۔
سکون (سُکُون) ، آرام ، قرار ، ٹھہراؤ۔
سکونت (سُکو - نَت) ، رہائش۔
سکہ (سِکّہ) ، ٹھپہ ، مہر ، بازار و راستہ ، سڑک ، گلی جمع سِکک۔
سکیر (سِکِّیر) ، ہمیشہ مست۔

سکیزندہ (سِکی-زَن-دَہ) اچھلنے کودنے والا۔
سکیزہ (سِکی-زَہ) کود پھاند، لات کودہ۔
سکیزیدن (سِکی-زی-دَن) اچھلنا، کودنا۔ مضارع سکیزد۔
سکیزیدہ (سِکی-زی-دَہ) کودا اچھلا ہوا۔
سکین (سِکّین) چاقو، چھری، جمع سکاکین۔
سکینہ، سکینت (سَکی-نَہ، سَکی-نَت) آرام، آسودگی۔
سگ (سَگ) کتّا۔
سگاچہ (سَگا-چَہ) کالولو۔
سگال (سِگال) اندیشہ کرنے والا، خیال، اندیشہ۔
سگالش (سِگا-لِش) فکر، اندیشہ، مشورہ۔
سگالندہ (سِگا-لَن-دَہ) اندیشہ کرنے والا۔
سگالیدن (سِگا-لی-دَن) قصد کرنا، اندیشہ کرنا، مضارع سگالد۔
سگالیدہ (سِگا-لی-دَہ) اندیشہ کیا ہوا۔
سگبان (سَگ-بان) کتے کا محافظ۔
سگ بچہ (سَگ-بَچَّہ) کتے کا پلّا۔
سگ جان (سَگ-جان) سخت جان، لالچی، ڈھیٹ۔
سگزی (سَگ-زی) دیکھو سکزی۔
سگسار (سَگ-سار) کتوں کی مانند، کمینوں۔
سگ غرچہ (سَگ-غَر-چَہ) السنڈی کتا۔
سگگی (سَگ-گی) کتوں وغیرہ کی لسنڈی، نامردی۔
سگلاب (سَگ-لاب) پانی کا کتا، ابیدستر۔
سل (سِل) پھیپھڑے کی ایک بیماری، (سَل) برچھا (سُل) بجرا، رگ کا تنا، تلوار سونتنا۔
سلا (سَلا) بلانا، طلب مطرب بلا جواب گانے والا۔
سلاب (سِلاب) ماتمی کپڑا، جمع سُلُب۔
سلاجیت (سِلا-جیت) ایک دوا جو پتھر سے حاصل ہوتی ہے۔

سلاح (سِلاح) ہتھیار، جمع اسلحہ (سِلاخ) گرہ یا خانہ۔
سلاحدست (سِلاح-دَسْت) ہتھیار بند۔
سلاحدستی (سِلاح-دَسْ-تی) ہتھیار بندی۔
سلاح شور (سِلاح-شُور) ہتھیار بند، بہادر سپاہی۔
سلاحف (سَلا-حِف) سلحفات کی جمع۔
سلاحی (سِلا-حی) سپاہی، ہتھیار بند۔
سلاخ (سَلّاخ) کھال اتارنے والا۔
سلاخی (سَلّا-خی) کھال اتارنا۔
سلاس (سَلاس) بھوسی۔
سلاست (سَلا-سَت) روانی زبان، نرم، آسان، ہموار۔
سلاسل (سَلا-سِل) سلسلہ کی جمع۔
سلاطین (سَلا-طین) سلطان کی جمع۔
سلاف (سُلاف) شراب، انگور کا رس۔
سلاق (سُلاق) آنکھ کی پلکوں کی بیماری۔
سلاک (سِلاک) چاندی سونے کا لپا گوٹا۔
سلالہ (سُلا-لَہ) نطفہ، بچہ، خلاصہ، مجموعہ سُلالات۔
سلام (سَلام) نام اللہ تعالیٰ، کورنش، دعا، بے عیبی، حفاظت، امن۔
سلامانہ (سَلا-مانَہ) کہ سلام سے منسوب۔
سلامت (سَلا-مَت) حفاظت، سلامتی۔
سلامت روی (سَلا-مَت-رَوی) کفایت شعاری، سلامتی کی چال۔
سلامتی (سَلا-مَتی) حفاظت۔
سلامی (سَلا-می) ڈھلوان، سلام کی علامت، سلام کرنے والا، منسوب بہ سلام۔
سلائق (سَلا-ئِق) سلیقہ کی جمع۔
سلب (سَلْب) لے لینا، چھین لینا۔

(سُلُب) آنچ سہا ہوا ، آنچ پیا ہوا ، جوان کی کھال ، ایک قیمتی لباس (سَلَب) ، لباس ، جُبّا ، پھریرا۔

سلت (سَلْت) ت ، جو کا آٹا (سَلَت) ، ناک کاٹنا ، رودہ کھینچنا۔

سلجم (سَلْ - جَم) شَلْغَم ، شلجم۔

سلح (سِلَح) پ (دیکھو سِلاح) (سُلَح) ، الّو کا بچہ۔

سلحپوش (سِلَح - پُوش) ، ہتھیار بند۔

سلحوری (سِلَح - وَ - رِی) ، ہتھیار بندی۔

سلح خانہ (سِلَح - خا - نَہ) ، ہتھیار رکھنے کا مکان۔

سلحدار ، **سلحدست** (سِلَح دار ، سِلَح - دَسْت) ہتھیار بند۔

سلح شور (سِلَح - شُور) ، ہتھیار بند۔

سلحفات (سُلَحْ - فات) ، کچھوا جمع سَلَاحِف۔

سلخ (سَلْخ) ، قمری مہینے کا آخری دن ، کھال کھینچنا ، کھال اتارنا ، چھیلنا۔

سلخانہ (سَلْ - خا - نَہ) ، مذبح ، کمیلا۔

سلس (سَلَس) ، نرمی ، ہمواری (سَلِس) ، نرم ، ہموار۔

سلسال (سَلْ - سال) ، صاف شفاف بہتا پانی۔

سلسل بول (سَلَسُل - بَول) ، پیشاب کی بیماری۔

سلسبیل (سَلْ - سَبِیل) ، ایک جنتی چشمہ ، خوشگوار چیز ، شراب۔

سلسلہ (سِلْ - سِلَہ) ، زنجیر ، ترتیب ، اولاد ، نسل جمع سَلَاسِل۔

سلطان (سُلْ - طان) ، والی ، قوت ، قدرت جمع سَلَاطِین۔

سلطانی (سُلْ - طا - نی) ، منسوب بہ سلطان۔

سلطنت (سَلْ - طَ - نَت) ، بادشاہت۔

سلطہ (سَلْ - طَہ) ، تیز ، دراز (سُلْ - طَہ) ، تیزی ، اُجاڑ۔

سلعہ (سِلْ - عَہ) ، [illegible]۔

سلف (سَلَف) ، پہلے لوگ ، گزرے ، گزشتہ جمع اَسْلَاف و سُلَّاف (سِلْف) ، ساڑھو ، ہم زلف۔

سلفاً (سَلَفاً) ، پیشگی۔

سلفہ (سُلْ - فَہ) ، تیاری ، ناشتہ (سِلْ - فَہ) ، ایرانی ، دیور کی بیوی۔

سلق (سَلْق) ، چقندر ، بھیڑیا (سَلَق) ، اُبلا ، آدھا ، ابال بیٹھ جانا۔

سلقل (سُلْ - قُل) ، بایاں ہاتھ۔

سلک (سِلْک) ، ڈوری جمع اَسْلَاک (سَلْک) ، ڈورا پرونا۔

سلک برقی ، **سلک کہربائی** (سِلْک - بَر - قی ، سِلْک - کَہ - رُبا - ئی) ، تار برقی کی لائن۔

سلم (سَلَم) بمعنی اطاعت ، تسلیم (سِلَم) ، ایک کانٹے دار درخت (سَلَم) جمع سلاب ، سلامتی ، سلام ، صلح جمع سلام (اَسْلَم) ، (سُلَّم) گول کانٹے دار ، ڈول (سُلَّم) زینہ ، وسیلہ ، سبب جمع سَلَالِیم ، سَلَالِم۔

سلوی (سَلْ - وٰی) ، آرام ، بٹیر۔

سلوک (سُلُوک) ، راستہ ، طریقہ ، ہمدردی ، نیک روی ، برتاؤ ، برتاوا۔

سلہ (سَلَّہ) ، ٹوکری ، پٹاری۔

سلیب (سَلِیب) ، سپوت ، لٹا ہوا۔

سلیح (سَلِیح) ، دیکھو سلاح۔

سلیس (سَلِیس) ، رواں ، ہموار۔

سلیط (سَلِیط) ، فصیح ، تیز زبان مرد۔

سلیطہ (سَلِی - طَہ) ، تیز زبان عورت۔

سلیقہ (سَلِی - قَہ) ، شعور ، سرشت ، طبیعت جمع سَلَائِق۔

سلیقہ شعار (سَلِی - قَہ - شِعار) ، نیک سرشت۔

سلیک (سَلِیک) بہودی ہوئی چیز۔
سلیل (سَلِیل) فرزند، بچہ، بیٹا۔
سلیلہ (سَلِی۔لَہ) بیٹی۔
سلیم (سَلِیم) درست، ٹھیک، بے داغ، سلامتی والا، نادان، برگزیدہ، نام اللہ تعالیٰ۔
سلیم الطبع (سَلِی۔مُطّ۔بَع) نیک طبع، راست طبیعت۔
سم (سَمّ) زہر، سوئی کا ناکہ جمع **سُمُوم** و **سِمَام** (سِمَام) جلی، تہ خانہ (سُمّ) بغیر پھٹا ہوا کھر جیسے گھوڑے وغیرہ کا ہوتا ہے۔
سما (سَمَا) آسمان جمع **سماوات**۔
سماجت (سَمَا۔جَت) خرابی، برائی (سَمَا۔جَت) ترشی، کھٹائی۔
سماح، سماحت (سَمَاح، سَمَا۔حَت) جوانمردی، عطا کرنا۔
سماخ (سِمَاخ) دیکھو **صماخ**۔
سماخچہ (سِمَاخ۔چَہ) انگیا، کرتی، چولی۔
سماد (سَمَاد) کھاد، پانس۔
سمار (سُمَّار) قصہ گو (سُمّ۔مَار) سامر کی جمع۔
سماروغ (سَمَا۔رُوغ) سانپ کی ٹوپی، ککرمتا۔
سماروک (سَمَا۔رُوک) کبوتر۔
سماری (سُمَّا۔رِی) کشتی۔
سماط (سِمَاط) دسترخوان، قطار، جمع **سُمُط**۔
سماطین (سِمَا۔طَین) دو رویہ قطار۔
سماع (سَمَاع) ناچ گانا، حال قال، سننا (سُمَّاع) سامع کی جمع، سماع کا شوقین۔
سماعت (سَمَا۔عَت) سننا، شنوائی۔
سماعی (سَمَا۔عِی) سنی ہوئی بات، روایتی۔
سماق (سُمَّاق) ایک سفید نرم پتھر (سُمّ۔مَاق) ایک کھٹا پھل، ایک قسم ترش۔
سماک (سِمَاک) وہ چیز جس سے دوسری چیز بلند کی جاوے، نام ستارہ جمع **سُمُک**۔
(سُمَّاک) ماہی، ایک کھٹا پھل (سُمّ۔مَاک) مچھلی فروش، مچھیرا۔
سم الخیاط (سَمُّ الْخِیَاط) سوئی کا ناکہ۔
سم الفار (سَمُّ الْفَار) سنکھیا، زہر۔
سمامہ (سُمَا۔مَہ) ایک پرند جمع **سَمَام**۔
سمان (سُمَان) ماہ شمسی کی ستائیسویں، (سِمَان) سمین کی جمع (سَمّ۔مَان) گھی والا، روغن فروش، گھی کا سوداگر۔
سمانی (سُمَا۔نِی) بٹیر۔
سماوات (سَمَا۔وَات) سما کی جمع
سماوی (سَمَا۔وِی) آسمانی۔
سمت (سَمْت) جانب، روش، ارادہ، شکل جمع **سُمُوت** (سِمَت) نشان، اشارہ، چہرہ جمع **سِمَات**۔
سمت الراس (سَمْ۔تُرّ۔رَاس) سر کی جانب یعنی بیچ آسمان۔
سمج (سَمِج) بدمزہ، بھدا۔
سمچ، سمچہ (سُمْچ، سُمْ۔چَہ) تعمیر کی گپھا، بھیڑیوں کا تہ خانہ۔
سمح (سَمْح) جوانمرد۔
سمر (سَمَر) افسانہ، کہانی جمع **اسمار** (سُمُر) دیکھو **سمرہ**۔
سمرا (سَمْ۔رَا) سانولی سلونی عورت۔
سمرنگ (سَمْ۔رَنگ) گندمی رنگ۔
سمرنا (سَمَر۔نَا) نام شہر، ترکی۔
سمرہ (سَمُ۔رَہ) ببول، کیکر، مغیلاں۔
سمسار (سِمْ۔سَار) آڑھتی، دلال جمع **سَمَاسِرَہ**۔
سمسام (سَمْ۔سَام) تلوار، سانپ اور تیز آدمی
سمسق (سَمْ۔سَق) مرزنگوش، دونا مروا۔
سمسم (سِمْ۔سِم) تل، گندم جمع **سَمَاسِم** (سُمْ۔سُم) لومڑی، روباہ، ثعلب۔

سمسمہ (ع سِم ۔ سِمَہ) لال چیونٹی جمع سَماسِم۔
سمط (ع سِم ۔ ط) موتی پرونے کا ڈورا جمع سُموط
سمط ادھیڑنا۔
سمع (ع سَم ۔ ع) سماعت، شنوائی، کان۔ جمع اَسماع، اسماع جمع اَسامیع
سنا (ع سَم ۔ ع) بلا کہنا، سنوانا۔
سمعت، سمعہ (ع سُم ۔ عَت، سُم ۔ عَہ) شہرہ، آوازہ۔
سمک (ع سَمَک) مچھلی جمع سُموک، سِماک
پاتال کی رو کی مچھلی جس پر زمین ٹھہری ہوئی ہے
سمکیات (ع سَمَکِیّات) اہل زمین۔
سمل (ع سَم ۔ ل) آنکھ میں سلائی لگانا۔
سمن (ع سَم ۔ ن) گھی، سَمَن جمع سُمون،
سمن (ف سَمَن) یاسمن، سَمَن، ایک سفید پھول۔
سمند (ف سَمَند) ایک گھوڑا، پیلا گھوڑا۔
سمندر، سمندل (ف سَمَن ۔ دَر، سَمَن ۔ دَل) ایک دریائی جانور جو آگ میں رہتا ہے۔
سمو (ع سُمُو) بلندی (سُمُو) بلند۔
سمور (ف سَمُور) ایک برفستانی جانور جس کا رواں نہایت گرم اور ملائم ہوتا ہے۔
سموع (ع سَمُوع) کان جمع سُمُع۔
سمول (ع سَمُول) گھٹیا، پرانا۔
سموم (ع سَمُوم) گرم ہوا جمع سَمائم (سُمُوم) سم کی جمع۔
سمہ (ع سِمَہ) پوشیدہ، پنہاں۔
سمی (ع سَمِی) ہم نام، مانند۔
سمیاطیقی (ع سَمِیا ۔ طِی ۔ قِی) ایک زبان جس کی شاخیں عربی، عبرانی اور سریانی وغیرہ ہیں۔
سمج (ع سَمِج) برا، خراب۔

سمید، سمیذ (ع سَمِید، سَمِیذ) چکنی روٹی، میدہ
سمیدان (ع سَمی ۔ دَان) چکر کھانا، سر گھومنا۔
سمیرا (ع سُمَیرا) سینگی۔
سمیع (ع سَمِیع) نام خدا، سننے والا، سنانے والا
سمیقان (ع سَمِی ۔ قان) چھوٹی صراحی، بادہ۔
سمین (ع سَمِین) چربیلا، موٹا گوشت کا رواج جمع سِمان۔
سن (ع سِن) مقدار عمر، سال جمع سِنِین (سَن) دانت، قلم کا نب جمع اَسنان
چھری پر چڑھانا۔
سنا (ع سَنا) روشنی (سَنا) بلندی، ایک دست آور دوا (سنائے) سینٹ، جمن الفصائی
سنابرق (ع سَنا ۔ بَرق) روشنی بجلی کی۔
ساخت (ف سا ۔ خت) تیار شدہ، بنا ہوا۔
سناد (ع سِناد) قافیہ شعر کا ایک عیب
سنام (ع سَنام) کوہان، کوبڑ جمع اَسنِمہ۔
سنان (ع سِنان) انی، نوک جمع اَسِنّہ۔
سنبک (ع سُن ۔ بُک) گھوڑے کی ٹاپ جمع سَنابِک۔
سنبل (ع سُن ۔ بُل) ایک گھاس، اناج کی بالی
سنبل الطیب (ع سُن ۔ بُل ۔ طِیب) بال چھڑ
سنبلہ (ع سُن ۔ بُلَہ) نام برج سادس، خوشہ
اناج کی بال جمع سَنابِل
سنبوق، سنبوسہ (ع سُن ۔ بُوق، سُن ۔ بُو ۔ سَہ) کھانے کی ایک چیز جو قیمے و دال بھری ہوتی ہے
سنبوق (ع سُن ۔ بُوق) چھوٹی کشتی، سنبک۔
سنبہ (ع سُن ۔ بَہ) چھیدنے کا برما۔
سنبیدن (ف سُن ۔ بی ۔ دَن) پیرنا، چھیدنا
سنبیدہ۔
سنبیدنی (ع سُن ۔ بی ۔ دَنی) چھیدنے کے لائق۔
سنبیدہ (ع سُن ۔ بی ۔ دَہ) چھیدا ہوا، چھیدا ہوا۔
سنت (ع سُن ۔ نَت) قانون، راہ و روش،

عادت، عمل رسول اللہ جو مستحسن (سنت)، دیکھو سنت۔

سنتیاغو (س ن - تِ - یا - غُو) چلی کا پایہ تخت (جنوبی امریکہ)

سنتیمیتر (س ن - تِ - مِی - تَر) سنٹیمیٹر، ایک فرانسیسی پیمانہ ہے مطابق ۰۳۹۳ انچ۔

سنج (س نْ ج) جھانج، وزن، تولنے والا (سنجیدن) پرند، ایک پرندہ، ایک رنگ [illegible]

سنجاب (س نْ - جَاب) خاکی رنگ کی ایک قسم کی گلہری۔

سنجاف (س نْ - جَاف) گوٹ، گوٹا۔

سنجد (س نْ - جِدْ) عناب کی مانند ایک پھل۔

سنجق (س نْ - جَق) فوج کا جھنڈا، گروہ۔

سنجندہ (س نْ - جَنْ - دَہ) تولنے والا۔

سنجیدگی (س نْ - جِی - دَ - گِی) متانت، بھاری بھرکم پن۔

سنجیدن (س نْ - جِی - دَنْ) تولنا مصدر سنجیدہ۔

سنجیدہ (س نْ - جِی - دَہ) متین، تولا ہوا۔

سنخ (سِنْخ)، سرا۔

سند (س نَدْ) ثبوت، وثیقہ، سفارش نامہ، سارٹیفکیٹ، واسطہ، تکیہ گاہ، سہارا، جمع اَسْنَاد (سِنْد) [illegible] (۲) دیکھو سندھ۔

سندان (س نْ - دَانْ) اَہرن، نہائی۔

سندروس (س نْ - دَ - رُوسْ) ایک گوند کے مانند کہربا۔

سندوق (س نْ - دُوقْ) دیکھو صندوق۔

سندہ (سِنْ - دَہ) گوہ کا لیسنڈ۔

سندی (سِنْ - دِی) منسوب بہ سندھ۔

سن سن (س نْ - س نْ) لحن غیر فصیح (س نْ - س نْ) حرام مغز۔

سنق (س نْ قْ) گرگری، گھوڑا، اسپ۔

سنگ (سَنْگ)، پتھر، بوجھ، وزن۔

سنگانہ (سَنْ - گَا - نَہ) ایک چھوٹا سا پرندہ۔

سنگباری (سَنْگ - بَا - رِی) پتھراؤ۔

سنگ پا (سَنْگ - پَا) جھانواں۔

سنگ پشت (سَنْگ - پُشْ - ت) کچھوا۔

سنگتراش (سَنْگ - تَ - رَاش) پتھر کاٹنے والا۔

سنگتراشی (سَنْگ - تَ - رَا - شِی) پتھر کی کٹائی۔

سنگترہ (سَنْگ - تَ - رَہ) نارنگی۔

سنگ جانی (سَنْگ - جَا - نِی) سخت جانی۔

سنگچمت (سَنْگ - چَ - مَتْ) سیلی بکری۔

سنگچہ (سَنْگ - چَہ) اولا، ژالہ، تگرگ۔

سنگخوار (سَنْگ - خْوَا - ر) پرند کی پتھری جس میں [illegible] رہتا ہے۔

سنگدل (سَنْگ - دِلْ) بے رحم، پتھر دل۔

سنگدلی (سَنْگ - دِ - لِی) بے رحمی۔

سنگر (سَنْ - گَرْ) مورچہ، چھوٹا برج۔

سنگرو (سَنْگ - رُو) بے حیا، بے شرم۔

سنگریز (سَنْگ - رِیْز) ریت کا دانہ۔

سنگریزہ (سَنْگ - رِی - زَہ) بجری، پتھر کا ٹکڑا۔

سنگزان (سَنْگ - زَانْ) پھول ترازو۔

سنگ زر (سَنْگ - زَرْ) کسوٹی۔

سنگسار (سَنْگ - سَارْ) پتھراؤ، رجم۔

سنگستان (سَنْگ - سْ - تَانْ) پتھریلی جگہ۔

سنگ سلیمانی (سَنْگ - سُ - لَیْ - مَا - نِی) ایک سیاہ قیمتی جواہر۔

سنگلاخ (سَنْگ - لَاخْ) سنگلاخہ (سَنْگ - لَا - خَہ) پتھریلی زمین۔

سنگم (سَنْ - گَمْ) دو دریاؤں کا ملاپ۔

سنگ مثانہ (سَنْگ - مَ - ثَا - نَہ) پتھری۔

سنگ مرمر (سَنْگ - مَرْ - مَرْ) ایک سفید ملائم پتھر۔

سنگ موسیٰ (سَنْگ - مُو - سَا) ایک کالا پتھر۔

سنگی (سَن۔ گی) پتھریلا، پتھر کا، پتھر کی۔
سنگ یمن (سَنگ۔ یَ۔ مَن) عقیق، لعل۔
سنگین (سَن۔ گین) بھاری، سخت، ایک ہتھیار۔
سنگین دست (سَن۔ گیں۔ دَسْت) بے رحم، ظالم، جابر۔
سنگین دل (سَن۔ گین۔ دِل) ظالم، بے رحم۔
سنگین دلی (سَن۔ گین۔ دِلی) ظلم، بے رحمی۔
سنگینی (سَن۔ گی۔ نی) سختی۔
سنگینیت (سَن۔ گی۔ نِیَّت) سختی پن، بھاری پن۔
سنار (سِن۔ نار) تارا، چاند، ماہ، ماہی۔
سنن (سُ۔ نَن) سنت کی جمع۔
سنور (سِن۔ نَور) بلّی۔
سنوط (سَن۔ نُوط) کوسا، بے داڑھی مونچھوں والا۔
سنون (سَن۔ نُون) دانتوں کی دوا۔
سنوی (سَن۔ نَوی) سالانہ۔
سنہ (سَنَہ) ہجری، سال جمع سنین، سنوات (سِنَہ) اونگھ (سِن، ۱ ن) دانت، دندانہ (سَنَہ) دیکھو سنت (سُنَّہ) بہو، بیٹے کی بیوی (سَنَہ) الحسن کا جوا۔
سنہار (سُن۔ ہار) بہو، کنّہ، کیلن۔
سنی (سُن۔ نی) اہل سنت والجماعت مسلمان (سُنّی) دیکھو سینی (سَن۔ نی) گل کترنا۔
سنیعہ (سُن۔ یَعہ) بجولی، آمین۔
سنیہ (سَنی۔ یَہ) اونچا، روشن۔
سو (سُو) طرف، جانب ۲۔ پانی، شراب (سُو) برائی، خراب۔
سوا (سِوا) علاوہ، غیر، زیادہ، بہتر (سَوا) برابر، برابری۔
سوابق (سَوا۔ بِق) سابق کی جمع۔
سواحل (سَوا۔ حِل) ساحل کی جمع۔
سواد (سَواد) نواح، حوالی شہر، سیاہی، پرچھائی، تاریکی، مسودہ، بکھرا، دہن جمع اسودہ۔
سواد اعظم (سَوادِ۔ اَعظَم) بڑا شہر، بڑی بستی۔
سوار (سِوار) کنگن جمع اسورۃ، اساورہ (سُوار) راکب، سواری پر چڑھا ہوا۔
سوارق (سَوا۔ رِق) سارق کی جمع۔
سواری (سَوا۔ ری) جس پر چڑھ کر کہیں جائیں۔
سواط (سَوّاط) کوڑے مارنے والا، چابک والا۔
سواطع (سَوا۔ طِع) ساطع کی جمع۔
سواقی (سَوا۔ قی) ساقیہ کی جمع۔
سواف (سُواف) مرض، جو پاؤں کی ایک سخت بیماری جس [illegible] بیٹھ جاتا ہے۔
سواق (سَوّاق) کوچبان (سَوا۔ ق) سائق کی جمع۔
سواک (سَواک) نرم رفتار (سِواک) مسواک۔
سواکن (سَوا۔ کِن) ساکن کی جمع۔
سوال (سُوال) پوچھنا، پوچھ گچھ، جمع سوالات، پوچھنا۔
سوالف (سَوا۔ لِف) سالف، سالفہ کی جمع۔
سوالی (سَوا۔ لی) سوال کرنے والا۔
سوانح (سَوا۔ نِح) سانحہ کی جمع۔
سوائم (سَوا۔ ئِم) سائمہ کی جمع۔
سوائے (سِوائے) سوا، علاوہ۔
سوبج (سُو۔ بَج) دیکھو سورج۔
سوبھا (سُو۔ بھا) چمکا، جمال، ساکھ، کمال۔
سوج (سُوج) ابھار (سُوجَن) اٹھنا۔
سوخت (سوخْت) جلائی، جلن، جلاوٹ۔
سوختگی (سوخ۔ تَ۔ گی) جلن۔
سوختن (سوخ۔ تَن) جلنا، جلانا، مضارع سوزد۔
سوختنی (سوخ۔ تَ۔ نی) جلنے یا جلانے کے لائق۔
سوختہ (سوخ۔ تَہ) جلا ہوا، جلایا ہوا۔
سود (سُود) فائدہ، نفع، بیاج (سَود) گجراتی ملک کوہستان شمالی پنجاب ۲۔ اسود کی جمع

سودا (سَو۔دا) ایک خلط، دیوانگی، عجیب خواہش، کالی عورت (سَو۔دا) خرید و فروخت۔
سوداگر (سَو۔دا۔گر) تاجر، بیوپاری۔
سوداگری (سَو۔دا۔گری) تجارت، بیوپار۔
سودان (سَو۔دان) کالے آدمی، نام ملک (افریقہ)
سوداوی (سَو۔دا۔وی) سودا کی خلط سے نسبت رکھنے والی چیز۔
سودائی (سَو۔دا۔ئی) سودا کی خلط سے نسبت رکھنے والا آدمی، دیوانہ، پاگل۔
سودت (سَو۔دت) سرداری، بہتری۔
سودن (سُو۔دَن) گھسنا، پیسنا، رگڑنا [illegible] سائیدہ۔
سودہ (سُو۔دَہ) گھسا ہوا۔
سودی (سُو۔دی) بیاجی۔
سور (سُور) دعوت، جشن، لال، [illegible] شہر پناہ، حصار، قلعہ کی دیوار۔
سوراخ (سُو۔راخ) چھید۔
سورت (سُو۔رَت) قرآن پاک کا ایک حصہ، راہ، شرف، بزرگی، جمع سُوَر، سُوْر
سورنجان (سُو۔رَن۔جان) نام دوائی۔
سورہ (سُو۔رَہ) کسی چیز کی تیزی، بادشاہ کی ہیبت (سُو۔رَہ) دیکھو سورت۔
سوری (سُو۔ری) سرخ لال پھول۔
سوریا (سُو۔ریا) ملک شام، سیریا ایشیائے کوچک میں
سوز (سُوز) جلانے والا، جلن۔
سوزاک (سُو۔زاک) مردوں کی ایک ناپاک بیماری۔
سوزان (سُو۔زان) جلتا ہوا۔
سوزانیدن (سُو۔زا۔نی۔دَن) جلانا۔
سوزش (سُو۔زِش) جلن

شوم (شُوم) ، بدفالی، منحوس، کنجوس۔
شومز (شُو۔مِز) ، دیکھو شونیز۔
شوم قدم (شُوم۔قَدَم) ، بدشگون۔
شومن (شُو۔مَن) ، پیشانی، جبین، ماتھا۔
شومی (شُو۔مِی) ، نحوست۔
شومیت (شُو۔مِی۔یَت) ، کنجوسی پن، نحوست۔

شوئیز (شُو۔ئِیز) کھیتی کی زمین۔
شوئیزیدن (شُو۔ئے۔زِی۔دَن) کھیتی کرنا، زمین جوتنا۔
شوند (شُوَنْد) (د) سبب، باعث، مادہ جمع شوندان۔
شوندا (شُوَن۔دا) دھلنے والا، ستھرا۔
شوندہ (شُوَن۔دَہ) جانے والا، ہونے والا۔
شونیز (شُو۔نِیز) کلونجی۔
شوہ (شُوہ) ایک کالا پتھر۔
شوہر (شُو۔ہَر) خاوند، میاں۔
شوہرہ (شُو۔ہَرَہ) پھوڑا، پھٹا سہرہ۔
شوہری (شُو۔ہَری) منسوب بہ شوہر۔
شوئیدن (شُو۔اِی۔دَن) دیکھو شستن۔
شوئی (شُوئی) شوہر، دھونے والا، یعنی (شوئی) دھونے والا۔
شولیدگی (شُو۔لِی۔دَگی) پراگندگی، پریشانی۔
شولیا (شُو۔لِیا) بے جا صرف، اسراف۔
شوئیندہ (شُو۔یَن۔دَہ) دھونے والا۔
شہ (شَہ) بادشاہ، بڑا، شطرنج کی ایک چال (شِہ) کلمۂ نفرت و کراہت۔
شہا (شَہا) اے بادشاہ۔
شہاب (شِہاب) سرخ رنگ، دودھ کی لسّی، کتھے کا پانی (شِہاب) ٹوٹا ہوا تارا، جمع شُہب، اشہب، شہبان۔
شہاجیر (شَہا۔جِیر) بھیل، زعفران، طلوع۔
شہادت (شَہا۔دَت) گواہی، حاضری، امرِ حق پر موت، سرٹیفکیٹ، سند۔
شہادت نامہ (شَہا۔دَت۔نا۔مَہ) سند، سرٹیفکیٹ۔
شہامت (شَہا۔مَت) بہادری، بڑائی۔
شہانہ، شہانی (شَہا۔نَہ، شَہا۔نی) شاہانہ۔
شہباز (شَہ۔باز) اعلیٰ نسل کا سفید باز۔

شہبالا (شَہ۔با۔لا) دولہا کا ہمدوش سوار۔
شہبرہ (شَہ۔بَرَہ) بوڑھی عورت، جمع شہابرہ۔
شہپر (شَہ۔پَر) پرندے کے بازو کا سب سے بڑا اور مضبوط پر۔
شہتار (شَہ۔تار) باجے کا موٹا تار۔
شہترہ (شَہ۔تَرَہ) دیکھو شاہترہ۔
شہتوت (شَہ۔توت) ایک پھل۔
شہتیر (شَہ۔تِیر) بڑی کڑی، لٹھ۔
شہد (شَہد) (د) امرت، انگبین، مٹھاس۔
شہدا (شُہَدا) شہید کی جمع (شُہ۔دا) آوارہ، بدوضع۔
شہدانہ (شَہ۔دا۔نَہ) بھنگ کا بیج۔
شہدک (شَہ۔دَک) شہد کی تصغیر، شہتوت۔
شہر (شَہر) (د) مہینہ، جمع اشہر، شہور، (شہر) آبادی، بستی، نگر۔
شہر آشوب (شَہر۔آ۔شوب) کسی شہر والوں کی شاعرانہ تعریف یا برائی۔
شہر بند (شَہر۔بَند) (د) حصار، نظر بند جس کو شہر سے باہر نکلنے کی مخالفت ہو۔
شہر پناہ (شَہر۔پَناہ) شہر کی چار دیواری۔
شہرت (شُہ۔رَت) چرچا، نام آوری۔
شہر تاش (شَہر۔تاش) پڑوسی، اپنے شہر والا۔
شہر خدا (شَہر۔خُدا) رجب کا مہینہ۔
شہر دار (شَہر۔دار) چوکیدار، شکاری۔
شہرستان (شَہ۔رِس۔تان) شہر پناہ، ملک کا شہری حلقہ۔
شہ رگ (شَہ۔رَگ) نام رگ۔
شہروا (شَہر۔وا) وہ سکہ جو صرف ایک شہر میں چلتا ہو، کھوٹا سکہ۔
شہرہ (شُہ۔رَہ) سہرا، شہرت۔

شہرۂ آفاق (شُہ۔ رَۂ۔ آ۔ فاق) ف۔ دنیا بھر میں مشہور۔

شہری (شَہ۔ رِی) شہر والا، شہر کا، شہر کی۔

شہریار (شَہ۔ ر۔ یار) بادشاہ۔

شہریت (شَہ۔ رِی۔ یَت) شہرپن۔

شہریدن (شَہ۔ رِی۔ دَن) پریشان ہونا۔

شہریدہ (شَہ۔ رِی۔ دَہ) پراگندہ، پریشان۔

شہریہ، شہریور (شَہ۔ رِی۔ یہ، شَہ۔ رے۔ وَر) فارسی کا چھٹا شمسی مہینہ۔

شہزادہ (شَہ۔ زا۔ دَہ) دیکھو شاہزادہ۔

شہقہ (شَہ۔ قَہ) نعرہ زنی۔

شہل (شَہَل) بھوری آنکھوں والا ہونا۔

شہلا (شَہ۔ لا) بھوری نیلی آنکھوں والی عورت، نرگس کی ایک قسم۔

شہلنگ (شَہ۔ لَنگ) رتی بجنے والا۔

شہلہ (شَہ۔ لَہ) بوڑھی عورت۔

شہنا (شَہ۔ نا) دیکھو شہنائی۔

شہناز (شَہ۔ ناز) دلہن۔

شہنائی (شَہ۔ نا۔ ئی) ایک قسم کا باجہ، سرنائی۔

شہدپن (شُہد۔ پَن) دنگی، بیہودگی۔

شہنگانہ (شَہ۔ نگا۔ نَہ) اولا، نرالا۔

شہنگار (شَہَن۔ گار) فریب، دھوکا دھڑی۔

شہوار (شَہ۔ وار) بادشاہ ہونے لائق۔

شہوانی (شَہ۔ وا۔ نِی) شہوت سے منسوب۔

شہوت (شَہ۔ وَت) لذت کی آرزو، جماع کی خواہش جمع شہوات۔

شہوت پرست (شَہ۔ وَت۔ پَرَس۔ ت) بدکار، زنا کرنے والا۔

شہوت پرستی (شَہ۔ وَت۔ پَرَس۔ تی) زناکاری۔

شہود (شُہُود) شاہد کی جمع، حاضر ہونا۔

شہور (شُہُور) شہر کی جمع۔

شہوق (شُہُوق) اونچا ہونا۔

شہوی (شَہ۔ وِی) دیکھو شہوانی۔

شہیہ (شَہِیَّہ) دیکھو شطیبہ۔

شہی (شَہی) بادشاہی، دوا دارو، بہشتی چیز۔

شہید (شَہِید) راہِ حق میں جان دینے والا، گواہ، جمع شہدا۔

شہیدی (شَہی۔ دی) سرخ گودے کا تربوز۔

شہیر (شَہِیر) مشہور۔

شہیرہ (شَہی۔ رَہ) بڑھیا، پیر زال۔

شہیق (شَہِیق) ہچکیوں، گدھے کی رینک۔

شئون (شُئُون) شان کی جمع۔

شی (شَیْ) چیز، جمع اشیا، اشیاوات، اشیاوات۔

شیاد (شَیّاد) مکار، فریبی۔

شیار (شِیار) شدیار۔ جتی ہوئی زمین۔

شیاریدن (شِیا۔ ری۔ دَن) زمین جوتنا۔

شیاطت (شِیا۔ طَت) کپڑا، ہنڈیا کے جلنے کی باس۔

شیاطین (شَیا۔ طِین) شیطان کی جمع۔

شیاف (شِیاف) آنکھ یا خرگاہ میں رکھنے کی مرکب دوا۔

شیال (شِیال) شالی۔

شیان (شِیان) جزا، پاداش، مکافات عمل۔

شیب (شَیب) بڑھاپا (شِیب) نشیب (شِیب) پھیلنا۔

شیبا (شِی۔ با) افعی سانپ۔

شیبان (شَی۔ بان) لرزاں۔

شیبانیدن (شِی۔ با۔ نی۔ دَن) آٹا گوندھنا، بھگونا۔

شیب بلا (شِی۔ بَلا) دنیا۔

شیبت (شَی۔ بَت) بڑھاپا۔

شیب و بالا (شے۔ بو۔ با۔ لا) نشیب و فراز، بلندی اور پستی۔

شیب و تیب (شے۔ بو۔ تیب) سرگشتہ، مدہوش۔

شیبدان (شے۔ بی۔ دان) دیوانہ ہونا، شیدا ہونا

شیپو (شے۔ پو) دیکھو شیکو۔

شیپور (شی۔ پور) نام باجہ، نفیری۔

شیت (شیت) دیکھو شیث۔

شیح (شیح) درمنہ، ایک دوا۔

شیخ (شیخ) بوڑھا، بزرگ، پیر، خواجہ، جمع شیوخ، اشیاخ، شیوخا، مشائخ، مشیخۃ، مشیخہ۔

شیخہ (شی۔ خہ) شیخانی۔

شیخوخت (شی۔ خو۔ خت) بزرگی، بڑھاپا۔

شیخی (شے۔ خی) ڈینگ، لن ترانی۔

شید (شید) مکر و فریب (شید) سورج، روشنی (شیدہ) لپائی، چنائی کا مسالہ۔

شیدا (شی۔ دا) دیوانہ، پریشان۔

شیدان (شے۔ دان) دیکھو شیطان۔

شیدائی (شی۔ دا۔ ئی) دیوانہ، دیوانگی

شیدہ (شے۔ دہ) روشن چیز۔

شیدی (شی۔ دی) حبشی۔

شیدر (شے۔ در) خدا، اللہ۔

شیدمان (شی۔ د۔ مان) بھیڑیا۔

شیدبہر (شے۔ د۔ بہر) دیکھو شہدر۔

شیر (شیر) نام درندہ (شیر) دودھ۔

شیرابہ (شی۔ را۔ بہ) خشخاش، شیرۂ خشخاش۔

شیراکی (شے۔ را۔ کی) ناکا، گھڑیال۔

شیراز (شی۔ راز) چھڑی ہوئی دہی جو خشوا۔ (شی۔ راز) نام شہر، شمالی ایران۔

شیرازہ (شی۔ را۔ زہ) کتاب کی جزو بندی۔

شیر افگن (شیر۔ اف۔ گن) شیر کو زیر کرنے والا۔

شیر آغاز (شیر۔ آ۔ غاز) وہ دودھ جو پستان یا تھن۔

شیراندہ (شی۔ راں۔ دہ) شخص شیر (شیر) دولا۔ منسوب بہ شیر، دودھ بلونے کی ڈلی۔

شیربا (شیر۔ با) کھیر۔

شیربہا (شیر۔ بہا) دلہن پر چڑھاوا، ساچق، دودھ کی قیمت۔

شیرنج (شی۔ رنج) مٹھائیاں۔

شیرخانہ (شیر۔ خا۔ نہ) شیر کا مکان۔

شیرخشت (شیر۔ خشت) ایک گوند، نام دوا۔

شیرخوردہ (شیر۔ خور۔ دہ) دودھ پیا ہوا۔

شیردار (شیر۔ دار) دودھ بھری، دودھ والی۔

شیردان (شیر۔ دان) کھیری، اوجھ۔

شیردل (شیر۔ دل) بہادر، سورما۔

شیردہ (شیر۔ دہ) دودھ پلانی، دایا۔

شیرزاد (شیر۔ زاد) ایک مصری دوا، بوزیدان۔

شیرزنج (شیر۔ زنج) پیچھے کا دودھ۔

شیر شادروان (شے۔ ر۔ شا۔ در۔ وان) شیر کی تصویر فرش یا پردہ پر۔

شیر شرزہ (شے۔ ر۔ شر۔ زہ) وہ شیر جو دہشت نکالے ہوئے ہو۔

شیر قالین (شے۔ ر۔ قا۔ لین) بے عمل شیخی باز، قالین پر بیٹھ کر ڈینگ مارنے والا۔

شیرگرم (شیر۔ گرم) نیم گرم، گنگنا۔

شیرگیر (شیر۔ گیر) نیم مست آدمی، مستانہ۔

شیرلعاب (شی۔ ر۔ لعاب) شہد۔

شیرمال (شیر۔ مال) ایک روغنی روٹی جو دودھ سے بنتی ہے۔

شیرماہی (شیر۔ ماہی) اسیل مچھلی۔

شیرمرغ (شی۔ ر۔ مرغ) نایاب۔

شیرمرد (شیر۔ مرد) بہادر۔

شیرمست (شیر۔ مست) اٹکھیلیاں کرنے والا

دودھ جیسا بچہ (شیر بچہ) شیر بچہ ، بہادر۔

شیر و شکر (شی-رُ-شَ-کَر) - مرکب ؛ بہت زیادہ میل ملاپ۔

شیر اشلم (شی-رُش-لَم) ؛ جیروسلم ، بیت المقدس۔

شیر و بیر (شے-رُو-بِیر) ؛ بہادر۔

شیرہ (شی-رَہ) ؛ رس ، عرق ، میٹھی شراب۔

شیرازی (شی-را-زی) ؛ شیراز کا ، ایک شہر ، منسوب بہ شیراز۔

شیریں (شی-ریں) ؛ میٹھا ، مزیدار۔

شیریں ادا (شی-ریں-اَ-دا) ؛ آواز اچھی ہو ، دل کش والا۔

شیریں زباں (شی-ریں-زَ-باں) ؛ میٹھی باتیں کرنے والا۔

شیریں زبانی (شی-ریں-زَ-با-نی) ؛ میٹھی باتیں کرنا۔

شیرنک (شی-رِ-نَک) ؛ مٹھاس۔

شیریں کار (شی-ریں-کار) ؛ اچھا کام ، خوش سلیقہ۔

شیریں کاری (شی-ریں-کا-ری) ؛ خوش سلیقگی۔

شیرینہ (شے-ری-نَہ) ؛ بیاسہ ، گنج۔

شیرینی (شی-ری-نی) ؛ مٹھائی ، مٹھاس ، رشوت۔

شیز ، شیزی (شیز ، شی-زی) ؛ آبنوس۔

شیشاک (شی-شاک) ؛ چار سال کا ، سال بھر کی بکری یا بکرا۔

شیشک ، شیشو (شی-شَک ، شی-شُو) ؛ تیز رو۔

شیشہ (شی-شَہ) ؛ کانچ ، آئینہ ، بوتل ، حقہ۔

شیشہ باز (شی-شَہ-باز) ؛ مکار ، دغا باز ، بازیگر۔

شیشہ بازی (شی-شَہ-با-زی) ؛ بازیگری ، مکاری۔

شیشہ جاں (شی-شَہ-جاں) ؛ نازک دل۔

شیشہ ساعت (شی-شَہ-سا-عَت) ؛ ایک گھڑی جو دو شیشوں میں ریت بھر کر بنائی جاتی ہے۔

شیشہ گر (شی-شَہ-گَر) ؛ شیشہ بنانے والا۔

شیشہ گری (شی-شَہ-گَ-ری) ؛ شیشہ بنانا۔

شیشی (شی-شی) ؛ چھوٹا شیشہ۔

شیشک (شی-شِک) ؛ دیکھو شیشک۔

شیطان (شے-طان) ؛ دیو ، سرکش ، شریر ، ج شیاطین۔

شیطانی (شے-طا-نی) ؛ منسوب بہ شیطان۔

شیطنت (شے-طَ-نَت) ؛ شرارت ، شیطان پن۔

شیع (شَیع) ؛ فرقہ۔

شیعہ (شی-عَہ) ؛ مسلمانوں کا ایک فرقہ جو حضرت علی کا پیرو ہے ، ج اشیاع ، تابع ، انصار۔

شیعی (شی-عی) ؛ شیعہ کی طرف منسوب ، شیعہ۔

شیفتگی (شے-فْ-تَ-گی) ؛ عاشقی ، مدہوشی۔

شیفتن (شے-فْ-تَن) ؛ فریفتہ ہونا ، مصدر شیفتہ ، شیفتو۔

شیفتہ (شے-فْ-تَہ) ؛ عاشق ، مدہوش۔

شیک (شِیک) ؛ آیا تج۔

شیکار (شے-کار) ؛ بیگار۔

شیلت (شی-لَت) ؛ کاموں میں پڑنا۔

شیلان (شے-لان) ؛ ضیافت ، دستر خوان ، کھانا ، کتاب جو ایک شرح چھوٹا سا جس ہے۔

شیلانچی (شے-لان-چی) ؛ باورچی ، داروغہ باورچی خانہ۔

شیلانہ (شے-لا-نَہ) ؛ کھانا۔

شیلم (شی-لَم) ؛ ایک گھاس جو دوا ہے۔

شیلوشہ (شی-لُو-شَہ) ؛ پھوڑا۔

شیلی (شی-لی) ؛ ملک چلی ، جنوبی امریکا۔

شیم (شِیم) ؛ ایک مچھلی۔

شیمہ (شی-مَہ) ؛ طبیعت ، خو ، ج شیم۔

شین (شَین) عیب، برائی مع **شُیُوْن** (شُیُوْن)، بیٹھ۔

شہتاب (شِہ۔ تاب) تیراکی۔

شیشز (شِی۔ شَز) دیکھو شیز۔

شیو (شِیو) نشیب، نشیب۔

شیوا (شِی۔ وَا) فصیح و بلیغ۔

شیوا زبان (شِی۔ وَا۔ زَ۔ بَان) فصیح۔

شیوان (شِی۔ وَان) لرزاں۔

شیوانیدن (شِی۔ وَا۔ نِی۔ دَن) کپکپانا، ہلانا، ڈلانا۔

شیوط (شُیُوْط) رد و بدل۔

شیوع (شُیُوْع) خبر لگنا، خبر آشکارا ہونا۔

شیون (شِی۔ وَن) نوحہ، نالہ، ماتم، شُیُون شان کی جمع، شین کی جمع۔

شیوندہ (شِی۔ وَن۔ دَہ) برہم زدہ، لرزاں۔

شیوہ (شِی۔ وَہ) طریقہ، عادت، رسم، روش، ناز، کرشمہ، ہنر۔

شیہہ (شِی۔ ہَہ) ہنہناہٹ، ہنہنانا۔

شیمہ (شِیمَہ) عادت، نشان، رحمت۔

ص

ص (صَاد) مخصوص حرف عربی، حرف شمسی، قائم مقام عدد ۹۰، چند حرف سے بدل ہے، س کے ساتھ مثلاً چندل صندل۔ س ساتھ مثلاً قفس، قفص۔

صابر (صَا۔ بِر) صبر کرنے والا جمع صابرین۔

صابون (صَا۔ بُوْن) صفائی کا ایک مرکب۔

صابوشہ (صَا۔ بُو۔ شَہ) شہر مصر کی بڑھیا عورت۔

صابونیہ (صَا۔ بُو۔ نِی۔ یَہ) برفی۔

صابہ (صَا۔ بَہ) دیوانگی۔

صابی (صَا۔ بِی) مذہب جدید کرنے والا۔

صاحب (صَا۔ حِب) مالک، دوست، ساتھی، جمع صَحْب، صِحَاب، صُحْبَان، جمع الجمع اَصْحَاب، اَصَاحِیْب، اَصَاحِب۔

صاحب اختیار (صَا۔ حِب۔ اِخ۔ تِیَار) اختیار والا۔

صاحب الاختیار (صَا۔ حِبُل۔ اِخ۔ تِیَار) خود مختار، و آپ نفس دار۔

صاحب التجریدہ (صَا۔ حِبُت۔ تَج۔ رِی۔ دَہ) مالک اخبار، ایڈیٹر۔

صاحبان (صَا۔ حِ۔ بَان) صاحب کی فارسی جمع۔

صاحب ایمان (صَا۔ حِب۔ اِی۔ مَان) سچا مسلمان، با ایمان والا۔

صاحب ثروت (صَا۔ حِب۔ ثَر۔ وَت) امیر، بادشاہ۔

صاحب جمال (صَا۔ حِب۔ جَ۔ مَال) خوبصورت۔

صاحب حال (صَا۔ حِب۔ حَال) جس پر ذوق و شوق کی کیفیت کا غلبہ ہو۔

صاحب خانہ (صَا۔ حِب۔ خَا۔ نَہ) مالک مکان۔

صاحب خون (صَا۔ حِب۔ خُوْن) مقتول کا وارث۔

صاحب درد (صَا۔ حِب۔ دَرد) ہمدرد، نرم دل۔

صاحبدل (صَا۔ حِب۔ دِل) اچھا آدمی، نیک۔

صاحب دیوان (صَا۔ حِب۔ دِی۔ وَان) دیوان والا شاعر۔

صاحبزادہ (صَا۔ حِب۔ زَا۔ دَہ) معزز آدمی کا بیٹا۔

صاحبزادی (صَا۔ حِب۔ زَا۔ دِی) معزز آدمی کی بیٹی۔

صاحب فراش (صَا۔ حِب۔ فِ۔ رَاش) بیمار جو چلنے پھرنے کے قابل نہ ہو۔

صاحب قران (صَا۔ حِب۔ قِ۔ رَان) خوش قسمت، شہنشاہ۔

صاحبِ قلم (صَا-حِب-قَلَم) ، ادیب، شاعر، منشی، مضمون نگار۔
صاحبِ کمال (صَا-حِبِ-کَمَال) باکمال، ماہر۔
صاحبِ نظر (صَا-حِبِ-نَظَر) تمیز کرنے والا، نظر والا۔
صاحبِ نفوذ (صَا-حِبِ-نُفُوذ) ، بارسوخ۔
صاحبِ ولایت (صَا-حِبِ-وِلَا-یَت) ولی، نیک آدمی۔
صاحبہ (صَا-حِبَہ) مالکہ، بیوی، سہیلی ج صاحبات۔
صاحبی (صَا-حِبی) مالک ہونا۔
صاحی (صَا-حِی) ہوشیار، روشن ہونا۔
صادر (صَا-دِر) نکلنے والا، پھرنے والا۔
صادق (صَا-دِق) سچا، ٹھیک ہونے والی بات۔
صادق القول (صَا-دِقُل-قَول) بات کا سچا۔
صادقہ (صَا-دِقَہ) سچی، ٹھیک۔
صار (صَار) کھیت۔
صارخ (صَا-رِخ) چلانے والا، فریادی، فریادرس، مددگار۔
صارف (صَا-رِف) حادثہ، گردشِ زمانہ، پھیرنے والا، سادہ شراب پینے والا۔
صارم (صَا-رِم) بہادر آدمی، تلوار کاٹنے والی۔
صاروج (صَا-رُوج) چونا گچی یا اس سے ملا ہوا۔
صارہ (صَا-رَہ) حاجت۔
صاری (صَا-رِی) جہاز کا مستول۔
صاع (صَاع) ایک پیمانہ، نام وزن ج اصوع، اصواع۔
صاعِ ستاں (صَاعِ-سِتَاں) زکوٰۃ کھانیوالا۔
صاعد (صَا-عِد) اوپر کو چڑھنے والا۔
صاعقہ (صَا-عِقَہ) کڑک، بجلی ج صواعق۔
صاف (صَاف) خالص، بے کھوٹ، صفا
(صَافّ) صف باندھنے والا ج صافات۔

صافن (صَا-فِن) پنڈلی کی ایک رگ کا نام۔
صافی (صَا-فی) صفائی، چھنا، خالص، صاف کرنے والا۔
صاقل (صَا-قِل) روشنگر، صیقل گر۔
صالورہ (صَا-لُو-رَہ) کھوپڑی کا اندر کا حصہ، کھوپڑی کا شوربا۔
صالب (صَا-لِب) تپ گرم۔
صالح (صَا-لِح) نیک، نیکوکار، اچھا ج صُلَحا۔
صالحہ (صَا-لِحَہ) نیک، اچھی ج صالحات۔
صامت (صَا-مِت) چپکا، چاندی سونا۔
صامغ (صَا-مِغ) باچھ، کلّے کا بال۔
صامل (صَا-مِل) خشک، سوکھا۔
صانع (صَا-نِع) بنانے والا، کاریگر ج صُنّاع۔
صائب (صَا-ئِب) ٹھیک، سیدھا، درست، ٹھیک پہنچنے والا۔
صائبہ (صَا-ئِبَہ) ٹھیک، سیدھی، ٹھیک پہنچنے والی۔
صائغ (صَا-ئِغ) سنار، زرگر۔
صائل (صَا-ئِل) حملہ کرنے والا۔
صائم (صَا-ئِم) روزہ دار، ناآشتہ۔
صائم الدہر (صَا-ئِمُد-دَہر) ، ہمیشہ روزہ رکھنے والا۔
صابی (صَا-بی) اچھا، ستارہ پرست۔
صبّ (صَبّ) مٹی دینا، انڈیلنا، عاشق۔
صبا (صَبَا) پروا ہوا، ہوا چلنا، بچپن۔
صباح (صَبَاح) صبح، اچھا (صُبَّاح) ، بہت سفید۔
صباحت (صَبَا-حَت) [illegible]، خوبصورتی۔
صبّار (صَبْ-بَار) بڑا صبر کرنیوالا، (صُبَّار) املی، تمر ہندی۔
صبّاغ (صَبْ-بَاغ) رنگریز۔
صبی (صَبِی) ، آثار، [illegible]
صبح (صُبْح) سویرا، ج اصباح، صُبُوح۔

(ضیح) ، صبح کی چمک دمک۔

صبہار (ضب - ہار) انگوری عورت ، دوشی۔

صبح امید (ضب ح - اُم مید) امید کی صبح۔

صبح خند (ضب ح - خن د) پو ، پو پھٹنا ، کھلکھلاہٹ۔

صبح خیز (ضب ح - خیز) صبح اٹھنے والا۔

صبح خیزی (ضب ح - خی - زی) صبح اٹھنا۔

صبحدم (ضب ح - دَم) سحر دم۔

صبحگاہ (ضب ح - گاہ) صبح کا وقت۔

صبحگاہی (ضب ح - گا - ہی) منسوب بہ صبحگاہ۔

صبحی (ضب - حی) گورا چٹا۔

صبر (ضب ر) ، تکلیف ، شکیب (شَ - کیب) ، تحمل ، ایذا (تحمّل) ، برداشت۔

صبر آزما (ضب ر - آز - ما) صبر آزمانے والا۔

صبرہ (ضب - رہ) عاش ، اناج کی ڈھیر۔

صبغ (ضب غ) ، رنگ جمع اصباغ (اَض - باغ) رنگ کرنا۔

صبغہ (ضب - غہ) رنگ ، دین ، ملت۔

صبوح ، صبوحی (ضبُو ح ، ضبُو - حی) صبح کی شراب۔

صبور (ضبُور) صبر کرنے والا۔

صبورہ (ضبُو - رہ) مؤنث۔

صبوری (ضبُو - ری) صبر۔

صبی (ضَبی) بچہ ، لڑکا ، دودھ پیتا بچہ جمع صبیان ، اصب ، اصبیہ ، صبوۃ

(ہنا) بچپن ، لڑکپن ، بالپن

صبیح (ضبیح) خوبصورت ، گورا چٹا جمع صباح۔

صبیہ (ضبی - یہ) بیٹی ، لڑکی ، دختر ، چھوکری۔

صحّ (ضح) تندرست۔

صحاب (ضحاب) صاحب کی جمع۔

صحابت (ضحا - بت) ہمراہی ، دوستی۔

صحابہ (ضحا - بہ) دوست ہمراہ ، صحابی کی جمع۔

صحابی (ضحا - بی) ہمراہ ، سرور عالم کا دوست جمع صحابہ۔

صحاح (ضحاح) دیکھو صحیح (ضحاح) صحیح کی جمع۔

صحاری (ضحا - ری) صحرا کی جمع۔

صحاف (ضح حاف) کاغذ ، جلد ساز ، کتب فروش۔

صحائف (ضحا - ئف) صحیفہ کی جمع۔

صحب (ضح ب) صاحب کی جمع۔

صحبان (ضح - بان) صاحب کی جمع۔

صحبت (ضح - بت) یاری ، سنگت۔

صحبت داری (ضح - بت - دا - ری) پری ، میل جول رکھنا ، سنگت رکھنا۔

صحت (ضح حت) تندرستی ، درستی۔

صحرا (ضح - را) ریگستان ، بیابان جمع صحراء ، صحاری ، صحارا ، صحروات۔

صحرا نشین (ضح - را - نشین) بن باسی۔

صحرا نورد (ضح - را - نَ - وَرد) بیابان میں پھرنے والا۔

صحرا نوردی (ضح - را - نَ - وَر - دی) بیابان میں پھرنا۔

صحرائی (ضح - را - ئی) جنگلی ، بیابانی۔

صحف (ضح ف) دیکھو صحفہ (ضحف ، ضح ف) صحیفہ کی جمع۔

صحفہ (ضح - فہ) پیالہ ، کاسا جمع صحاف۔

صحن (ضحن) آنگنائی ، طاق ، طشت۔

صحنک (ضح - نک) رکابی ، طشتری۔

صحو (ضح و) ہوش میں آنا ، ہوشیاری۔

صحیح (ضحیح) تندرست ، عیب سے پاک جمع صحاح ، اصحا ، صحائح۔

صحیح نگار (ضحیح - نگار) خبریں لکھنے والا

صحیفہ (ضحی - فہ) کتاب ، رسالہ جمع صحائف ، صحف۔

صخاب (ضخ - خاب) فریاد کرنے والا۔

صخب (صَخَب) کلکل، فریاد، واویلا۔
صخر، صخرہ (صَخْر، صَخْرَہ) ع۔ مؤ۔ چٹان، بڑا پتھر
جمع صُخُور، صُخُور، صَخَرات، صُخْر۔
صخرۂ صما (ع) مؤ۔ صخرہ کا، ایک پتھر جو
بیت المقدس میں ہے۔
صد (صَدّ)، صدّو (صَدّ) روک، آڑ، باز رکھنا۔
صدا (صَدَا) آواز، آواز کی گونج۔
صدارت (صَدَا۔ رَت) ع۔ چیرمینی، وزارت،
بالانشینی۔
صدارس (صَدَا۔ رَس) بھیانک آواز جو بجے
صداع (صُدَاع) دردِ سر۔
صداق (صِدَاق) کابین، مہر، جمع صُدُق۔
صداقت (صَدَا۔ قَت) سچائی، راستی۔
صدائے بازگشت (صَدَا۔ ئے۔ بَاز۔ گَش۔ ت)
آواز کی گونج۔
صدبرگ (صَد۔ بَرْگ) نام پھلواری، گیندا۔
صدپا (صَد۔ پَا) دیکھو ہزار پا۔
صدد (صَدَد) نزدیکی، مقابل۔
صدر (صَدْر) سینہ، بالانشیں، جمع صُدُور۔
صدرہ (صُدْرَہ) صدری، سینہ پوش لباس۔
صدع (صَدْع) شگاف، دراڑ۔
صدغ، صدغہ (صُدْغ، صُدْغَہ۔ مؤ)
کنپٹی، شقیقہ۔
صدغین (صُد۔ غَین) دونوں کنپٹیاں۔
صدف (صَدَف) سیپی، جمع اَصْدَاف۔
صدف بچاک (صَدَف۔ بے۔ چاک) بے چاک گھونگا
صدق (صِدْق) سچائی، راستی، جمع صُدُق، اَصْدَاق۔
صدقہ (صَدَقَہ) صَدَقَہ، خیرات، جمع صَدَقَات۔
صدقہ جاریہ (صَدَقَ۔ جَارِیَہ) وہ خیرات
جس کا فائدہ ہمیشہ جاری رہے۔
صدم (صَدْم) دھکا دینا، صَدْمَہ، سودا لینا

صدمہ (صَدْ۔ مَہ) ضرب، چوٹ، جمع صَدَمَات۔
صدود (صُدُود) الگ جانا، باز آنا۔
صدور (صُدُور) صدر کی جمع، باہر نکلنا۔
صدوق (صَدُوق) بہت سچا۔
صدا (صَدَأ) زنگ کھانا۔
صدی (صَدِی) منسوب بہ صد، سو سال۔
صدید (صَدِید) سواد، پیپ۔
صدیر، صدیری (صُدَ۔ یْر، صُدَ۔ یْرِی)
شکوکا دستوری۔
صدیق (صِدِّیق) بہت سچا، جمع اَصْدِقَاء،
صُدَقَا، اَصَادِق (صَدِیق) دوست۔
صدیک (صَد۔ یَک) ایک فی صدی۔
صر (صِرّ) پالا، لاعلاج کیلا نیلا، بیماری۔
صراح (صُرَاح) خالص، روشنی، بے غل و غش
صراحت (صَرَا۔ حَت) آشکارا، صفائی، تصریح۔
صراحتاً (صَرَا۔ حَتَن) صراحت کے ساتھ۔
صراحی، صراحیہ (صُرَا۔ حِی) ع۔ مؤ۔
لمبی گردن والا برتن۔
صراخ (صُرَاخ) زور کی آواز، (صَرّاخ)
بہت چلانے والا۔
صراط (صِرَاط) راستہ، صِرَاط، ایک پل کا نام۔
صراع (صِرَاع) کشتی لڑنا۔
صراف (صَرّاف) چاندی سونا پرکھنے والا
بائیسلہ صرف۔
صرافت (صَرَا۔ فَت) چاندی سونے کا
خالص پن۔
صرافہ (صَرَّا۔ فَہ) چاندی سونے
کا کاروبار کی جگہ۔
صرافی (صَرَّا۔ فِی) چاندی سونے کا کام
صرام (صُرَام) تقی، بلا، جنگ، (صَرَّام)
موچی، چرم ساز۔

صراحت (صَرا-حَت) ، بُرائی ، دلاوری ، چالاکی۔
صرب ، **صربستان** (صَرب ، صَرب-بِس-تان) ، ملک سرویہ (بلقان ، مشرقی یورپ)
صرح (صَرح) ، محل ، کوٹھی ، حویلی ، ظاہر کرنا (صَرَح) ، خالص۔
صرخہ (صَر-خَہ) ، واویلا ، چیخ پکار ، عذاب۔
صرد (صُرَد) ، شکاری پرندہ ، لٹورا ، کاک۔
صرصر (صَر-صَر) ، جھکڑ ، ٹھنڈا ، سرپرا۔
صرصور (صُر-صُور) ، جھینگر۔
صرع (صَرع) ، مرگی ، پچھاڑنا۔
صرف (صِرف) ، خالص ، فقط ، تنہا (صَرف) ، قواعد زبان کی ایک شاخ ، خرچ ، زیادتی ، حیلہ جمع صُرُوف ، اصرف ، صِراف۔
صرفہ (صَر-فَہ) ، فائدہ ، نفع ، خرچ ، کنجوسی ، زیادتی ، مہربانی ، الطاف ، فرصت ، حیلہ ، مکر۔
صرفہ جوئی (صَر-فَہ-جُو-ئی) ، بچت ، کفایت شعاری۔
صرفی (صَر-فی) ، علم صرف جاننے والا۔
صرم (صَرم) ، دیکھو جرم (صُرم) ، کٹائی ، جدائی (صِرم) ، ٹولہ ، ٹولی۔
صرہ (صُرَّہ) ، تھیلی ، ہمیان۔
صریح (صَرِیح) ، ظاہر ، آشکار ، جمع صُرَحا ، اَصراح۔
صریخ (صَرِیخ) ، فریاد کی ، فریاد رس۔
صریر (صَرِیر) ، قلم کی آواز لکھتے وقت ، چاپ ، کھڑکھڑاہٹ ، جھنجھناہٹ۔
صریع (صَرِیع) ، گرا ہوا جمع صَرعیٰ۔
صریف (صَرِیف) ، سونا چاندی ، تازہ دودھ۔
صریمہ (صَرِی-مَہ) ، قصد ، مقصد ، کام چھوڑنا۔
صعاق (صُعاق) ، کڑک۔
صعب (صَعب) ، دشوار ، سرکش جمع صِعاب۔
صعدہ (صَع-دَہ) ، ایک گرز ، بہت سے گرز۔
صعق (صَعق) ، آبرق ، زور کی ، بیہوشی ، موت (صَعَق) ، آواز کی سختی (صَعِق) ، سخت آواز والا۔
صعقہ (صَع-قَہ) ، بے ہوشی۔
صعلوک (صُع-لُوک) ، فقیر درویش ، چھچھلا لُچا۔
صعوبت (صُعُو-بَت) ، دشواری۔
صعود (صُعُود) ، بلندی پر چڑھائی (صَعُود) ، بلندی ، عذاب ، اوپر چڑھنے والا۔
صعوہ (صَع-وَہ) ، ممولا ، ایک چڑیا ہے۔
صعید (صَعِید) ، خاک ، روئے زمین۔
صغار (صِغار) ، صغیر کی جمع ، صغریٰ کی جمع (صَغار) ، خواری ، ظلم ، چھوٹا پن۔
صغارت (صَغا-رَت) ، چھوٹائی ، خُردی۔
صغار و کبار (صِغا-رو-کِبار) ، ہر عمر کے لوگ ، چھوٹے اور بڑے۔
صغب (صَغب) ، چھوٹے سر والا۔
صغر (صِغَر) ، چھوٹائی ، خُردی (صَغَر) ، خواری ، (صُغَر) ، صغریٰ کی جمع۔
صغریٰ (صُغ-رٰی) ، بہت چھوٹی ، منطقی شکل کا پہلا قضیہ جمع صِغار۔
صغیر (صَغِیر) ، چھوٹا جمع صُغَراء ، صِغار ، صُغَر ، صَغرٰی۔
صغیرہ (صَغِی-رَہ) ، چھوٹی ، صغیر کا مونث جمع صَغائر۔
صف (صَف) ، قطار ، کلاس ، جماعت جمع صُفُوف۔
صفا (صَفا) ، پاک ، بے کھوٹ ، درستی۔
صفاد (صِفاد) ، بیڑی ، ہتھکڑی جمع اَصفاد۔
صفار (صُفار) ، کھیرا۔
صفاق (صِفاق) ، پیٹ کی ایک باریک جھلی۔
صفاہان (صَفا-ہان) ، اصفہان۔
صفائی (صَفا-ئی) ، پاکی ، بے کھوٹا پن۔
صفت (صِفَت) ، گُن ، علامت ، نشان ، تعریف جمع صِفات۔

صفح (صَفْح) ع۔ (اِ) عفو گناہ، معافی۔

صفحہ (صَفْحَہ) ع۔ (اِ) ورق کا ایک رُخ، جمع صَفَحَات، صُفُحْ، صِفَاحْ۔

صفد (صَفَدْ) بخشش، نصیحت، قید، بند، جمع اَصْفَاد۔ (صَفْد) ع۔ (ف) بند کرنا۔

صفدر (صَفْدَر) ف۔ (ص) صف پھاڑنے والا۔

صفدع (صِفْدَعْ) ع۔ (اِ) مینڈک۔

صفر (صِفْر) ع۔ (اِ) حساب میں نشان (۰)، خالی، نادار، جمع صِفَار، اَصْفَار، (صَفَر) ع۔ (اِ) دوسرا قمری اسلامی مہینہ، (صَفَر) ع۔ (ف) خالی ہونا۔ (صُفْر) ع۔ (اِ) پیتل، کانسی، صفت جوش۔

صفرا (صَفْرَا) ع۔ (اِ) ایک خلط کا نام، پت، پیلی چیز، اصفر کا مونث۔

صفراوی (صَفْرَاوِی) ع۔ (ص) صفرا کی، منسوب بہ صفرا۔

صفرت (صُفْرَت) ع۔ (اِ) پیلا پن، زردی۔ (صَفْرَت) ع۔ (اِ) بھوکا، بھوک۔

صفصاف (صَفْصَاف) ع۔ (اِ) بید کا جھاڑ۔

صفصف (صَفْصَف) ع۔ (اِ) ہموار زمین۔

صفع (صَفْع) ع۔ (اِ) تھپڑ بازی، مشت زنی۔

صفقہ (صَفْقَہ) ع۔ (اِ) بیعت یا بیع کے لیے ہاتھ پر ہاتھ دینا۔

صف کشی (صَف کَشِی) ف۔ (اِ) فوج کی پیشقدمی۔

صفوت (صَفْوَت) ع۔ (اِ) (صُفْوَت) ع۔ (اِ) خلاصہ، صاف، برگزیدہ۔

صفوۃ الاخبار (صَفْوَۃُ الْاَخْبَار) ع۔ (اِ) تاریخ، بہترین خبریں، خبروں کا خلاصہ۔

صفوی (صَفَوِی) ع۔ ایران کا ایک شاہی خاندان۔

صفہ (صُفَّہ) ع۔ (اِ) چبوترا، مکان کا سائبان۔

صفی (صَفِیّ) ع۔ (ص) خالص، برگزیدہ، دوست، جمع اَصْفِیَا، صَفَایَا۔

صفیحہ (صَفِیْحَہ) ع۔ (اِ) ہر چوڑی چیز، تلوار کا پھل، جمع صَفَائِح۔

صفیر (صَفِیْر) ع۔ منہ کی سیٹی، پرندوں کی آواز۔

صفیق (صَفِیْق) ع۔ (ص) سخت، گاڑھا، سنگین کپڑا۔

صفیہ (صَفِیَّہ) ع۔ برگزیدہ عورت۔

صقال (صِقَال) ع۔ (اِ) جلا، چمک، صیقل، اجالا۔

صقالت (صَقَالَت) ع۔ (ف) صیقل کرنا۔

صقر (صَقْر) ع۔ (اِ) شکرہ، جمع صُقُور، اَصْقُر، چرغ، باز۔

صقع (صُقْع) ع۔ (اِ) پہلو، دیہات، گوشہ۔

صقیع (صَقِیْع) ع۔ (اِ) پالا، شبنم، پالا۔

صقیل (صَقِیْل) ع۔ جلا دار، چمکدار۔

صک (صَکّ) ع۔ (اِ) قبالہ، نامہ، دستاویز، جمع صِکَاک، صُکُوک۔

صکاک (صَکَّاک) ع۔ (ص) دستاویز نویس۔ (صُکَاک) ع۔ (اِ) ہوا۔

صکیک (صَکِیْک) ع۔ (ص) ناتواں، ضعیف۔

صل (صِلّ) ع۔ شراب کی صفائی، (صَلّ) عجیب،

صلا (صَلَا) ع۔ پکار، (صَلَاح) اچھا ہونا۔

صلابت (صَلَابَت) ع۔ (اِ) سختی۔

صلات (صِلَات) ع۔ صلہ کی جمع۔

صلاح (صَلَاح) ع۔ مشورہ، نیکی، نصیحت، رضامندی، صلح، آشتی۔

صلاحیت (صَلَاحِیَّت) ع۔ (اِ) نیکی، بہتری، لیاقت، نیک ہونا۔

صلایہ (صَلَایَہ) ف۔ (اِ) سل بٹہ۔

صلب (صُلْب) ع۔ (ص) سخت، (صَلْب) ع۔ (ف) سولی دینا، ایذا رسانی، (صُلْب) ع۔ (اِ) نسل، حسب، کمر کی ہڈی، قوت، جمع اَصْلَاب، اَصْلُب، صِلَبَہ۔ (صُلُب) ع۔ (اِ) تخت۔

صلبی (صُلْبِی) ع۔ (ص) حقیقی، ٹھوس۔

صلبیہ (صُلْبِیَّہ) ع۔ (اِ) آنکھ کا ساتواں پردہ۔

صلت (صَلْت) ع۔ کشادہ، روشن پیشانی، چکنی چیز۔

صلح (صُلْح) ع۔ (اِ) ملاپ، آشتی۔

صلحا (صُلَحَا) صالح کی جمع۔

صلح کل (صُلْ حِ۔ کُلْ) سب سے ملاپ۔

صلح (صُلْ۔ حُ) ملاپ، دوستی۔

صلد (صَلْ۔ دْ) سخت، صاف۔

صلصال (صَلْ۔ صَال) کچی سوکھی مٹی جو بجانے سے بولے۔

صلصل (صُلْ۔ صُلْ) فاختہ، موتی، بچا پانی، گھوڑے کی چوٹی جمع صلاصل۔

صلصلہ (صَلْ۔ صَلَہ) رعب، زنجیر اور گھنٹے کی جھنکار یا آواز۔

صلع (صَلَع) تالو چٹ ہونا۔

صل علے (صَلْ۔ لِ۔ عَلَا) اُس پر رحمت ہو۔

صلعم (صَلْ۔ عَمْ) صلی اللہ علیہ وسلم۔

صلف (صَلَفْ) شیخی، ڈینگ (صَلِفْ) گرجنے والا بادل جو کم برسے۔

صلوٰۃ (صَلَا۔ تْ) نماز، درود، دعا، رحمت، بخشش جمع صلوات۔

صلہ (صِلَہ) بخشش، عطا، انعام، عوض، ملاپ جمع صِلات۔

صلیب (صَلِیب) چلیپا، سولی، سخت جمع صُلبان۔

صلیبی (صَلِی۔ بِی) نصرانی، عیسائی، منسوب بہ صلیب۔

صلیل (صَلِیل) جھنکار۔

صم (صُمّ) اصم کی جمع (صَمَم) بہرا پن (اَصَمّ) بہرا اور شیر۔

صما (صَمّا) بہری عورت، سخت پتھر۔

صمات (صُمَات) خاموش ہونا۔

صماخ (صُمَاخ) بغل گندہ، داغ۔

صماخ (صِمَاخ) کان کا سوراخ۔

صماد (صِمَاد) ٹھوس چیز۔

صمام (صِمَام) سربند شیشہ۔

صم بکم (صُمّ۔ بُکْم) صُمّ و بُکم، اصم و ابکم کی جمع، بہرے گونگے۔

صمت (صَمْ۔ ت) خاموشی۔

صمد (صَمَد) نام اللہ تعالیٰ، بے نیاز، بلند، سردار، دائم، پیٹ بھرا (صَمْد) اونچی جگہ جمع صِماد۔

صمدیت (صَمَدِی۔ یَت) بزرگی، بے نیازی۔

صمصام (صَمْ۔ صَام) تلوار کاٹ کرنے والی۔

صمصم (صِمْ۔ صِم) کنجوس (صِمْ۔ صِمْ) موٹا اور سخت مزاج۔

صمغ (صَمْغ) گوند، ... جمع صُمُوغ۔

صمغان (صَمْ۔ غَان) گلچھڑا۔

صمم (صَمَم) بہرا پن۔

صموت (صُمُوت) چپ ہونا (صَمُوت) خاموش۔

صمہ (صِمَّہ) دلیر، سانپ جمع صِمَم۔

صمیم (صَمِیم) خالص، تہ دل، خلاصہ، سخت، یکرنگ۔

صمیل (صَمِیل) خشک، سوکھا۔

صنادید (صَنَا۔ دِید) صندید کی جمع۔

صنار (صِنَّار) چنار کا پیڑ (صِنّار) انار، دستانہ۔

صناع (صَنّاع) بڑا کاریگر (صُنّاع) صانع کی جمع۔

صناعت (صِنَا۔ عَت) پیشہ، کار۔

صنان (صُنَان) بغل گندہ۔

صنائع (صَنَا۔ ئِع) صنیعہ کی جمع۔

صنج (صَنْج) سنج، جھانجھ، جھانجھ۔

صنب (صَنَب) بچہ، پورا بانس۔

صندل (صَنْ۔ دَل) چندن، ایک خوشبودار لکڑی۔

صندلی (صَنْ۔ دَلی) کرسی، چوکی۔

صندوق (صُنْ۔ دُوق، صَنْ۔ دُوق) پیٹی، بکس، بجی بکس، لکڑی کا خانہ جمع صنادیق۔

صندوق الغنا (صَن۔ دُو۔ قُل۔ غِنا) گراموفون باجہ جو گاتا ہے۔

صندوقچہ (صَن۔ دُوق۔ چَہ) چھوٹا صندوق۔

صندوقی (صَن۔ دُو۔ قی) صندوق کی مانند۔

صندید (صَن۔ دِید) سردار، بہادر، شریف جوانمرد جمع صَنادِید۔

صنع (صُن۔ ع) کام کرنا، پیدا کرنا، نیکی کرنا۔

صنعا (صَن۔ عا) نام شہر یمن۔

صنعت (صَن۔ عَت) پیشہ، ہنر، کاریگری۔

صنف (صِن۔ ف) قسم جمع اَصناف، صُنُوف، صِنَف۔

صنفہ (صِن۔ فَہ) کھونٹ، چادر کا کنارہ۔

صنق (صَنَق) بغل کی سخت بدبو، صَنِق، گندی اور باس کی چیز۔

صنم (صَنَم) بت، صورت جمع اَصنام۔

صنم خانہ (صَنَم۔ خا۔ نَہ) (صَنَم۔ کَدَہ) بت خانہ۔

صنو (صِن۔ و) حقیقی بھائی، پھیرا بھائی جمع صِنوان۔

صنوان (صِن۔ وان) سگے بھائی، ایک سوتہ کی دو ندیاں۔

صنوبر (صَنو۔ بَر) چلغوزہ کا پیڑ، چیڑ۔

صنیع (صَنیع) احسان، مخلوق۔

صنیع الدولہ (صَنی۔ عُد۔ دَو۔ لَہ) پرائیویٹ سکریٹری۔

صنیعہ (صَنی۔ عَہ) عمل، ہنر، کاریگری جمع صَنائع۔

صواب (صَواب) ٹھیک، راست جمع اَصوِبَہ۔

صوابدید (صَواب۔ دِید) صلاح، تجویز۔

صوابہ (صُوّا۔ بَہ) لیکھ، جوں کا انڈا، ریشک۔

صوانج (صَوا۔ نِج) دودھ کی لسی۔

صوارف (صَوا۔ رِف) صارف کی جمع۔

صوارم (صَوا۔ رِم) صارم کی جمع۔

صواعق (صَوا۔ عِق) صاعقہ کی جمع۔

صواغ (صَوّاغ) سانچہ میں ڈھالنے والا، صَو۔ واغ، ڈھالنے والا۔

صوالجہ (صَوا۔ لِجَہ) صولجان کی جمع۔

صوان (صُوان) بقچہ۔

صوب (صَوب) طرف، جانب، راستہ جمع اَصواب۔

صوبہ (صُو۔ بَہ) ملک، احاطہ۔

صوبہ دار (صُو۔ بَہ۔ دار) حاکم صوبہ، ایک فوجی عہدہ دار۔

صوبہ داری (صُو۔ بَہ۔ دا۔ ری) گورنری، ایک فوجی عہدہ۔

صوت (صَوت) آواز جمع اَصوات۔

صور (صُور) قرنا، نرسنگھا (صُوَر) صورتیں، شکلیں۔

صورت (صُو۔ رَت) چہرہ، تصویر، شکل، نمونہ جمع صُوَر۔

صورت آشنا (صُو۔ رَت۔ آش۔ نا) جان پہچان والا۔

صورت آشنائی (صُو۔ رَت۔ آش۔ نا۔ ئی) جان پہچان۔

صورت باز (صُو۔ رَت۔ باز) بہروپیا۔

صورت بازی (صُو۔ رَت۔ با۔ زی) بہروپ۔

صورت پذیر (صُو۔ رَت۔ پَذیر) صورت قبول کرنے والا۔

صورت حال (صُو۔ رَت۔ حال) کیفیت، حال کی صورت۔

صورت حرام (صُو۔ رَت۔ حَرام) صورت اچھی اندر سے خراب۔

صورتگر (صُو۔ رَت۔ گَر) نقاش، مصور۔

صورتگری (صُو۔ رَت۔ گَری) نقاشی، مصوری۔

صورت مجلس (صُو۔ رَت۔ مَج۔ لِس) جلسہ کی روئداد۔

صوری (صُو۔ رِی) منسوب بہ صورت، ظاہری۔

صوغ (صَوغ) گھڑائی۔

صوطلہ (صَو۔ طَلہ) چقندر کی ایک قسم۔

صوف (صُوف) پشم، پشینہ، بھوترا۔

صوفہ (صُو۔ فَہ) عرب کا ایک قبیلہ جو زمانۂ جاہلیت میں وہاں کی خدمت کرتے تھے۔

صوفی (صُو۔ فِی) حکیم، جمع صُوفِیہ۔

صوفیہ (صُو۔ فِیہ) دارالحکومت بلغاریہ (بلقان)

صول (صَول) حملہ، ہلہ بولنا۔

صولت (صَو۔ لَت) رعب، ہیبت۔

صولجان (صَو۔ لَجان) چوگان، جمع صَوَالِجہ۔

صوم (صَوم) روزہ، جمع صِیَام۔

صومان (صَو۔ مَان) روزہ۔

صومعہ (صَو۔ مَعَہ) عبادت گاہ، تکیہ، جمع صَوَامِع۔

صوم وصلوٰۃ (صَو۔ مُو۔ صَلَا۔ ۃ) روزہ نماز۔

صون (صَون) نگہبانی۔

صہال (صَہ۔ ہال) ہنہناہٹ۔

صہب (صُہَب) کتھئی رنگ کی کیفیت۔

صہبا (صَہ۔ بَا) شراب سفید انگوروں کی۔

صہر (صِہ۔ ر) خسر، داماد، بہنوئی، سسرالی والا، جمع اَصہار۔

صہریج (صِہ۔ رِیج) حوضہ، حوض۔

صہوبت (صُہُو۔ بَت) پیازی، گلابی۔

صہود (صُہُود) اتشار، کرطیل۔

صہوہ (صَہ۔ وَہ) گھوڑے کی پیٹھ کا درمیان۔

صہیل (صَہِیل) ہنہناہٹ۔

صیاح (صِیَاح) للکار، شور، فغان۔

صیاد (صَیّاد) شکاری۔

صیاغ (صَیّاغ) سنار، زرگر۔

صیاغت (صِیَا۔ غَت) سنار کا کام، زرگری۔

صیام (صِیَام) صوم کی جمع۔

صیان (صِیَان) دیکھو صون۔

صیانت (صِیَا۔ نَت) نگہداشت، حفاظت۔

صیب (صَیِّب) ابر برسنے والا۔

صیت (صِیت) شہرت، آوازہ، چرچا، ذکرِ خیر جمع صِیتات۔

صیحہ (صَی۔ حَہ) چنگھاڑ، نعرہ، سخت آواز۔

صید (صَید) شکار، جمع شکار، صُیُود۔

صیہا (صَی۔ ہا) آزاد جنگل، بیہڑ۔

صید افگن (صَید۔ اَف۔ گَن) شکاری۔

صید افگنی (صَید۔ اَف۔ گَنی) شکار مارنا۔

صیدانہ (صَی۔ دَا۔ نَہ) بدمزاج کی عورت، غول بیابان۔

صید حرم (صَی۔ دِ۔ حَرَم) حرم کا شکار جو منع ہے۔

صید لاغر (صَی۔ دِ۔ لا۔ غَر) عاشقِ دل افروختہ۔

صیرفی (صَی۔ رَفِی) صرّاف، صیرف گر، جمع صَیَارِفَہ۔

صیرورہ (صَی۔ رُو۔ رَہ) جس نے حج نہ کیا ہو۔

صیصہ (صِی۔ صَہ) جانور کا کانٹا، کونچی۔

صیغہ (صِی۔ غَہ) قسم، نحو کی اصطلاح، طریقہ، طور، اصل، خلقت، ہر وہ شکل کلمہ کی جو مشتق ہو اور جامد نہ ہو، جمع صِیَغ۔

صیف (صَیف) گرمی کا موسم، جمع اَصیَاف۔

صیق (صِیق) جھکی۔

صیقل (صَی۔ قَل) صیقل گر، پالش، جلا، جمع صَیَاقِل، صَیَاقِلَہ۔

صیقلی (صَی۔ قَلِی) زنگ دور کرنے والا، باڑھ رکھنے کا پتھر۔

صین (صِین) ملک چین۔

صینی (صِی۔ نِی) چینی۔

صیہود (صَی۔ ہُود) شکاری، جمع صیادہ، صَیّد۔

صیہونیت (صِی۔ ہو۔ نِی۔ یَت) صیہون، یہودیت، یہودیوں کی عالمگیر تحریکِ استیطان۔

ض

ض (ضاد) مخصوص حرف عربی، قائم مقام عدد ۸۰۰، حرف شمسی۔

ضاب (ضَاب) کھجور کی قسم کا ایک پیڑ۔

ضابط (ضَا۔بِط) فوجی افسر، انتظام کرنے والا۔

ضابطہ (ضَا۔بِطَہ) قاعدہ، دستور، جمع ضوابط۔

ضابی (ضَا۔بِی) گرم راکھ، بھوبل۔

ضاجر (ضَا۔جِر) مضطرب، غم سے بیکل۔

ضاحک (ضَا۔حِک) ہنسوڑ، ہنستا ہوا۔

ضاحکہ (ضَا۔حِکَہ) ہنستی ہوئی، ہنسوڑ عورت جمع ضواحک۔

ضاحی، ضاحیہ (ضَا۔حِی، ضَا۔حِیَہ) آشکارا جمع ضواحی۔

ضار (ضَارّ) مضر، ضرر پہنچانے والا۔

ضارب (ضَا۔رِب) مارنے والا۔

ضارور (ضَا۔رُور) ضرورت، ناگزیر۔

ضاری (ضَا۔رِی) شکار کے پیچھے دوڑنے والا۔

ضاغط (ضَا۔غِط) ایک دور شدید۔

ضاغوط (ضَا۔غُوط) کابوس۔

ضال (ضَالّ) گمراہ جمع ضالین، (ضَال) جھڑبیری۔

ضالہ (ضَالَّہ) گمشدہ چیز، ضال کا مونث۔

ضامن (ضَا۔مِن) ذمہ دار، کفیل۔

ضامنی (ضَا۔مِنی) ضمانت۔

ضان (ضَأن) بھیڑ، بھیڑیں، آدمی کے بدن کی بدبو۔

ضائع (ضَا۔ئِع) تلف، اکارت، کھویا ہوا۔

ضائن (ضَا۔ئِن) [illegible]، بھیڑ جمع ضان۔

ضب (ضَبّ) گوہ، سوسمار جمع ضباب۔

ضباب (ضَبَاب) کہر یعنی سردی سے زمین کی بھاپ۔

ضباح (ضُبَاح) لومڑی کی آواز۔

ضبارہ (ضِبَا۔رَہ) گٹھا، پشتارہ۔

ضبح (ضَبْح) [illegible]، راکھ۔

ضبران (ضَبَرَان) چوکڑی بھرنا۔

ضبط (ضَبْط) انتظام، نگرانی، قابو، قبضہ۔

ضبطی (ضَبْ۔طِی) انتظام، قبضہ۔

ضبطیہ (ضَبْ۔طِیَہ) پیادہ، پولیس۔

ضبع (ضَبُع) کال کا سال، بجو، کفتار۔ (ضَبْع) بازو، بغل۔

ضبعان (ضِبْعَان) نر بجو۔

ضبنطی (ضِبَنْ۔طَا) موٹا۔

ضبور (ضَبُور) شیر۔

ضبہ (ضَبَّہ) پتر۔

ضبیب (ضَبِیب) خون یا پانی جاری ہونا۔

ضجاج (ضُجَاج) بدی، ایک سفید گوند سا صابون (ضَجَاج) شور و فریاد۔

ضجر (ضَجِر) تنگدل، غمگین، (ضَجَر) دل تنگی، بے آرامی۔

ضجرت (ضَجْ۔رَت) دل تنگی، بے آرامی۔

ضجور (ضَجُور) دل تنگ۔

ضجوع (ضَجُوع) شوہر کی مخالف عورت، ضعیفہ۔

ضجیج (ضَجِیج) شور و غل، چیخ پکار۔

ضجیع (ضَجِیع) ہم خوابہ، ہمبستر۔

ضحٰی (ضُحٰی) دھوپ، سورج۔

ضحاک (ضَحْ۔حَاک) بڑا ہنسوڑ۔

ضحاکہ (ضَحْ۔حَا۔کَہ) بڑی ہنسنے والی۔

ضحاء (ضَحَاء) چاشت کا کھانا، کلیو۔

ضحک (ضَحِک) ہنسی، کھلکھلاہٹ، قہقہہ۔

ضحکہ (ضَح۔کَہ) ایک دفعہ ہنسنا (ضُح۔

جس پر سب ہنسیں، ٹھٹھک، جو سب پر ہنسے۔

ضحل (ضَحْل) تھوڑا پانی۔

ضحو (ضَحْو) دن چڑھے کا وقت۔

ضحوک (ضَحُوک) بہت ہنسنے والا، چوڑا راستہ۔

ضحوکہ (ضُحُوکَہ) جس پر سب ہنسیں (ضَحُوکَہ) ہنسوڑ عورت، چوڑا راستہ۔

ضحی (ضُحیٰ) وقت چاشت۔

ضحیم (ضَحِیم) بڑا ڈھول، بڑی گردن والا۔

ضحیہ (ضَحِیَّہ) قربانی کی بکری جو ذبح کیا۔

ضخام (ضُخَام) بڑی چیز، دلدار چیز

ضخامت (ضَخَامَت) موٹائی، دلداری۔

ضخیم (ضَخِیم) موٹی چیز، دلدار۔

ضد (ضِدّ) ہٹ، فرق، برخلاف، برعکس جمع اَضداد۔

ضدی (ضِدِّی) ہٹی، ہٹ کرنے والا۔

ضدید (ضِدِید) مانند، مخالف۔

ضر (ضَرّ، ضُرّ) دکھ، سختی، بدحالی (ضَرّ) پہلی پر دوسری بیوی کرنا۔

ضرا (ضَرّا) ناخوشی، سختی، تکلیف۔

ضراب (ضِرَاب) جفتی (ضَرّاب) ٹھپہ لگانے والا۔

ضراب خانہ (ضَرّاب خانہ) ٹکسال۔

ضراوت (ضَرَاوَت) عادی ہونا، عادت ڈالنا۔

ضرار (ضِرَار) باہمی نقصان رسانی۔

ضرارت (ضَرَارَت) نابینائی، ایذا رسانی۔

ضراط (ضُرَاط) پاد، گوز (ضَرّاط) پادو، پدوڑا۔

ضراطہ (ضَرّاطَہ) پدوڑی۔

ضراعت (ضَرَاعَت) زاری، عجز۔

ضرام (ضِرَام) چھپٹیاں ایندھن کی۔

ضرب (ضَرْب) چوٹ، علم ریاضی کا ایک قاعدہ جمع اَضراب، مارنا، زمین پر چلنا، ظاہر ہونا (ضَرَب) شہد کا گاڑھا پن۔

ضرب المثل (ضَرْبُ الْمَثَل) مثل، کہاوت۔

ضربان (ضَرَبَان) ٹیس، ٹپک، اختلاج قلب۔

ضربخانہ (ضَرْب خانہ) ٹکسال۔

ضربہ (ضَرْبَہ) یا ضرب، مارنے کی چوٹ۔

ضربیہ (ضَرِیبِیَّہ) ٹیکس۔

ضرت (ضَرَّت) دیکھو ضرہ۔

ضرتان (ضَرَّتان) دو سوتیں، دو سوکنیں۔

ضرر (ضَرَر) تکلیف، دکھ، نقصان جمع اَضرار۔

ضرزم (ضِرْزِم) بہت ڈسنے والا سانپ۔

ضرزیک (ضِرْزِیک) توپ کی قسم۔

ضرس (ضِرْس) ڈاڑھ جمع اَضراس، اَضروس (ضِرْس) بدخلق، جھگڑالو (ضَرْس) دانت سے کاٹنا (ضَرَس) دانت کھٹے ہونا۔

ضرط (ضَرْط) پادنا۔

ضرع (ضَرْع) تھن، پستان چوپایہ (ضَرَع) لاغر، ضعیف۔

ضرغام (ضِرْغَام) شیر درندہ۔

ضرغامہ (ضِرْغَامَہ) شیر مادہ۔

ضرغمہ (ضَرْغَمَہ) جنگ میں بہادری دکھانا۔

ضرم (ضَرَم) اسطوخودوس، ضرغم۔

ضرمہ (ضَرَمَہ) آگ۔

ضرو (ضِرْو) لاگو اور لہار شکاری کتا۔

ضروب (ضُرُوب) انواع، اقسام۔

ضروح (ضَرُوح) گھوڑ زن، لاتیں مارنے والا۔

ضرور (ضَرُور) ناگزیر۔

ضرورت (ضَرُورَت) ناگزیر، حاجت۔

ضروری (ضَرُورِی) منسوب بہ ضرور۔

ضروریات (ضَرُورِیات) ضروری کی جمع، ضروری چیزیں۔

ضرہ (ضَرَّہ) سوت، سوکن، انبار، سختی۔

ضریبہ (ضَرِیبَہ) ٹیکس، مالگذاری۔

ضریح (ضَـرِیح) قبر جمع ضَرائح۔
ضریر (ضَرِیر) اندھا، ضیر، رشک، غیرت۔
ضریس (ضَرِیس) بہت بھوکا۔
ضریع (ضَرِیع) ایک سخت زہریلی دریائی گھاس۔
ضریعت (ضَرِیْ۔ عَتْ) بڑے پستان والی عورت۔
ضریک (ضَرِیک) کنگال، [illegible]، گداگر جمع ضَرائک۔
ضریم (ضَرِیم) جلا ہوا، سوختہ۔
ضزز (ضَزَز) چپکا ہونا، چپکا ہونا، چسپیدہ ہونا
ضطر (ضَطْرٌ - مَرْ) موٹی۔
ضعد (ضَعْ۔ دٌ) گلا گھونٹنا۔
ضعف (ضُعْ۔ فٌ) سستی، کمزوری (ضِعْ۔ فٌ) دُونا جمع اَضعاف (ضِعْ۔ فٌ) [illegible]
ضعیف (ضَعِیف) کمزور، بوڑھا جمع ضِعاف، ضُعَفا، ضَعْفٰی، ضُعَفٰی، ضَعَافٰی، ضَعَافٰی۔
ضعیفہ (ضَعِیْ۔ فَہ) بوڑھی عورت۔
ضعیفی (ضَعِیْ۔ فِی) بڑھاپا، کمزوری۔
ضغانہ (ضَغَا۔ نَہ) احمق آدمی۔
ضغب (ضَغْ۔ بٌ) ڈرانا۔
ضغبوس (ضَغْ۔ بُوس) ضعیف آدمی، ککڑی کا (وہ) کچا خربوزہ جمع ضَغابیس۔
ضغث (ضِغْ۔ ثٌ) سوکھی اور گیلی گھاس کا مٹھا، ملا جلا جمع اَضغاث۔
ضغط (ضُغْ۔ طٌ) تنگی، سختی (ضَغْ۔ طٌ) بوجھ، دبانا، بھینچنا۔
ضغطہ (ضُغْ۔ طَہ) سختی، تنگی، رنج (ضَغْ۔ طَہ) جھٹکا، دباؤ، بھینچنا۔
ضغن (ضِغْ۔ نٌ) کینہ۔
ضغو (ضُغْ۔ وٌ) [illegible]
ضغیط (ضَغِیط) کم عقل، کمزور رائے۔

ضغینہ (ضَغِیْ۔ نَہ) کینہ جمع ضَغائن۔
ضف (ضَفٌّ) بدحال اور کنگال آدمی۔
ضفدع (ضِفْ۔ دِعٌ) مینڈک جمع ضَفادِع۔
ضفر (ضَفْ۔ رٌ) گوندھنا۔
ضفف (ضَفَفٌ) تنگی، سختی، کثرت اولاد۔
ضفوہ (ضَفْ۔ وَہ) بیماری، تنگی۔
ضفہ (ضِفَّہ) دریا کا کنارہ۔
ضفیرہ (ضَفِیْ۔ رَہ) گندھے ہوئے بال جمع ضَفائر۔
ضفیط (ضَفِیط) احمق، ضعیف عقل۔
ضل (ضَلٌّ) باطل، ضائع۔
ضلال (ضَلال) ضلالت (ضَلالت) (ضُلول) (ضَلا۔ لَتٌ) گمراہی، بیراہی، کھویا ہوا پن۔
ضلع (ضِلَعٌ) (ضِلْعٌ) پسلی، ملک کا حصہ جمع اَضلاع، اَضلُع، اَضلُع۔
ضلل (ضَلَلٌ) غلطی، خسران۔
ضلول (ضَلُّول) بہت بڑا گمراہ۔
ضلیع (ضَلِیع) قوی، خلقت۔
ضلیل (ضِلِّیل) بھٹکا ہوا، گمراہ (ضُلَیل) بہت گمراہ۔
ضم (ضَمٌّ) حرکت پیش (ــُـ) ملانا، پیوست کرنا۔
ضماد (ضِمَاد) لیپ کی دوا۔
ضمار (ضِمَار) کھویا ہوا مال جس کے ملنے کی امید باقی نہ ہو۔
ضماضم (ضُمَا۔ ضِم) شیر درندہ۔
ضمان (ضَمَان) ضامنی۔
ضمد (ضَمْ۔ دٌ) مرہم لگانا۔
ضمر (ضُمْ۔ رٌ) چھریرا اور پتلی کمر کا آدمی۔
ضمضم (ضَمْ۔ ضَم) شیر۔
ضمن (ضِمْ۔ نٌ) اندرون (ضَمَنٌ) اپنی بیماری سے گھائل (ضَمِنَ) گھائل ہونا، مبتلا ہونا۔
ضمناً (ضِمْ۔ نًا) اندرونی طور پر، بطور درمیان۔

ضمنہ (ضمنہ) مذ۔ مزمن بیماری۔
ضمور (ضُمُور) ضعف، لاغری (ضَمُور) دُبلا، لاغر۔
ضمہ (ضَمَّہ) مذ۔ حرکت پیش (ـُـ)
ضمیر (ضَمِیر) دل میں جو بات گذرے، اندیشہ، خاطر، بھید، اسم کا قائم مقام لفظ جیسے تھا، یہ۔
ضمیران (ضَمِیرَان) مذ۔ ریحان، گردہ جو ایک پھلواری کا ہے۔
ضمیم (ضَمِیم) ملا ہوا۔
ضمیمہ (ضَمِیمَہ) مؤ۔ وہ چیز جو کسی دوسری چیز پر بڑھائی گئی۔
ضمین (ضَمِین) ضامن، کفیل۔
ضناک (ضِنَاک) موٹی عورت (ضُنَاک) زکام (ضُنَاک) جس کے جوڑ موٹے ہوں۔
ضنانہ (ضَنَا) مذ۔ بیماری۔
ضنت (ضِنّت) مؤ۔ کنجوسی۔
ضنک (ضَنک) تنگ چیز، تنگی۔
ضنو (ضِنو) بچہ، فرزند۔
ضنی (ضَنِی) دُبلا، بیمار۔
ضنیک (ضَنِیک) ضعیف بدن، بدن کا کمزور۔
ضنین (ضَنِین) کنجوس۔
ضو (ضَوء) روشنی، لیمپ (ضَوء) آسمان، سورج۔
ضوابط (ضَوَا-بِط) ضابطہ کی جمع۔
ضواحک (ضَوَا-حِک) ضاحکہ کی جمع۔
ضواغ (ضُوَاغ) اُلّو کی آواز۔
ضور (ضَور) سخت بھوک، بے قرار آدمی (ضُور) کالی گھٹا۔
ضوع (ضُوَع) نر اُلو جمع ضیعان۔
ضومرہ، ضومرات (ضَو-مَرَہ) ضومران، دیکھو ضمیران۔
ضہد (ضَہد) مغصب کرنا۔
ضہول (ضُہُول) کنواں تھوڑے پانی کا۔
ضہوہ (ضَہوَہ) پانی کا حوض۔
ضہی (ضَہی) مانند۔
ضہیا (ضَہیا) مؤ۔ جس عورت کو حیض نہ آتا ہو۔

ضیا (ضِیا) روشنی
ضیاح (ضَیَاح) دودھ کی لسی، پانی ملا ہوا دودھ۔
ضیاط (ضَیّاط) پاؤں، درشت مزاج آدمی۔
ضیافت (ضِیا-فَت) مہمانی، دعوت۔
ضیح (ضَیح) دیکھو ضیاح۔
ضیر (ضَیر) تکلیف، ضرر، گزند۔
ضیزیٰ (ضِیزیٰ) مؤ۔ بے اعتبار، ناراستی۔
ضیضم (ضَیضَم) دیکھو ضیغم۔
ضیط (ضَیط) نگاہ رکھنا۔
ضیطار (ضَیطَار) مذ۔ بڑے سر کا کنجوس اور بے تمیز آدمی۔
ضیع (ضَیع) ضائع، ہلاک ہونا
ضیعہ (ضَیعَہ) مؤ۔ کھیتی کی زمین، اوّل قسم کی زمین، تجارت، حرفت، پیشہ، صنعت، پانی، جمع ضیاع۔
ضیعان (ضِیعَان) جمع ضیاع۔ ضیاع تماشی، ہلاک ہونا، ضائع ہونا، تلف ہونا، گم ہونا، کھو جانا، اکر پڑنا۔
ضیغم (ضَیغَم) مذ۔ پھاڑ کھانے والا شیر، سنگھی۔
ضیغمہ (ضَیغمہ) مؤ۔ پھاڑ کھانے والی شیرنی، سنگھنی۔
ضیف (ضَیف) مہمان، رہت سے مہمان جمع ضیوف (اضیاف، ضیفان، ضیوف) بیجو۔
ضیفان (ضِیفَان) مذ۔ مہمان۔
ضیفن (ضَیفَن) مذ۔ بن بلایا مہمان جو طفیلیا ہو۔
ضیق (ضِیق) (ضَیق) کنجوس، تنگ۔
ضیقہ (ضِیقَہ) مؤ۔ تنگدستی، بدحالی، درویشی، جمع ضیق۔
ضیق النفس (ضِیق-النَّفس) لغت، دمہ کی بیماری۔
ضیکل (ضِیکَل) مذ۔ جب پیادہ چلنے کو تیار ہو۔
ضیل (ضِیل) دبلا، چھوٹا، حقیر، ناتواں۔
ضیم (ضَیم) پہاڑ کا کنارہ (ضَیم) ستم، ظلم۔
ضیون (ضَیوَن) مذ۔ نر بلّا جمع ضیاون۔

ط

ط (طا، طے، مخصوص حرف عربی، قائم مقام بعض حرف فارسی، چند حروف سے بدل جاتی ہے۔ ا۔ ت کے ساتھ مثلاً طبرزد، تبرزد۔ ۲۔ د کے ساتھ مثلاً خلشہ، خدشہ۔

طاب (طاب، خوشبو۔

طابع (طا-بع، چھاپنے والا، اثر پذیر، داب، مہر (طا-بع)، ٹھپّہ، ٹکسال، جس پر چھاپا جائے جمع طوابع۔

طابق (طا-بق، توا، تابہ۔

طابن (طا-بن) زیرک، عقلمند۔

طابور (طا-بور، پلٹن کا ایک حصہ۔

طابہ (طا-بہ، شراب، انگور، مدینہ منورہ۔

طاثر (طا-ثر، گاڑھا دودھ۔

طاجن (طا-جن، کڑھائی، فرائی پان۔

طاحون، طاحونہ (طا-حون-طا-حو-نہ) چکّی۔

طارف (طا-رف، تازہ اور اچھا مال۔

طارق (طا-رق، صبح کا ستارہ، سخت حادثہ، رات کو چلنے والا جمع طوارق

طارم، طارمہ (طا-رم-طا-رمہ، لکڑی کا مکان، بالاخانہ، بلند مکان۔

طاری (طا-ری، ظاہر ہونے والی چیز، نیچے اترنے والی چیز۔

طاس (طاس، طشت۔

طاسک (طا-سک، چھوٹا سا طشت۔

طاسہ (طا-سہ، ایک چھوٹا ڈھول۔

طاط (طاط، مست اونٹ، لمبا دلیر جھگڑالو آدمی۔

طاطا (طا-طا، نشیبی زمین۔

طاعت (طا-عت، بندگی، عبادت جمع طاعات۔

طاعن (طا-عن، طعنہ زن جمع طاعنان۔

طاعون (طا-عون، پلیگ، مرگی عام، وبائی بیماری جو سخت مہلک ہے جمع طواعین۔

طاغ، طاغی (طاغ، طا-غی، حکومت کا نافرمان، بیحد گنہگار۔

طاغوت (طا-غوت، بت، شیطان جمع طواغیت۔

طاغوتی (طا-غو-تی، شیطانی۔

طاغیہ (طا-غیہ، متکبر، بجلی، زیادتی کرنے والا۔

طاف (طاف، طواف کرنے والا، گشت لگانے والا۔

طافح (طا-فح، شراب پی کر بدمست۔

طافی (طا-فی، ہلکی چیز پانی پر تیرنے والی۔

طاق (طاق، محراب دار چیز، اکیلا، عدد جو دو سے تقسیم نہ ہو، لبادہ جمع طیقان، طاقات

طاقت (طا-قت، قوت، زور، توانائی، یکجا، طاق دیوار جمع طاقات۔

طاقچہ (طاق-چہ، چھوٹا طاق۔

طاقہ (طا-قہ، تاب، سکت، توانائی، کپڑے وغیرہ کا تھان۔

طاقی (طا-قی، ایک ٹوپی، دو رنگی آنکھ والا۔

طالب (طا-لب، ڈھونڈنے والا جمع طلبا، طلاب، طلبہ، طلب، طلاب۔

طالب علم (طا-لب-علم) علم کا طلبگار۔

طالب علمی (طا-لب-عل-می) تعلیم حاصل کرنے کی حالت، علم کی طلبگاری۔

طالح (طا-لح، بدکار، بزدل۔

طالع (طا-لع، نصیب، طلوع کرنے والا۔

طالع آزمائی (طا-لع-آز-ما-ئی، قسمت آزمائی۔

طالع شناس (طا-لع-شناس، نجومی۔

طالع مند (طا-لع-مند، قسمت ور۔

طالع مندی (طا-لع-من-دی، قسمت وری۔

طالعور (طا-لع-ور، خوش قسمت، دولتمند۔

طالع وری (طا-رِی) قسمت، خوش قسمتی۔
طالعہ (طا-لِعَہ) روشنی، طلوع کرنے والی جمع طوالع۔
طالق (طا-لِق) بے روک، رہا، طلاق دی ہوئی عورت جمع طوالق۔
طامات (طا-مات) بناوٹی صوفیوں کے ہتھکنڈے اور لن ترانیاں۔
طامث (طا-مِث) حیض والی عورت۔
طاغی (طا-غی) سرکش، بدمست۔
طامع (طا-مِع) لالچی جمع طماع۔
طامہ (طا-مّہ) سختی، بلا، قیامت۔
طاووس (طا-ؤُس) دیکھو طاؤس۔
طاولہ (طا-وِلَہ) میز، ٹیبل۔
طاوی (طا-وِی) بھوکا۔
طاہر (طا-ہِر) پاک جمع اطہار۔
طاہی (طا-ہی) باورچی۔
طائحہ (طا-ئِحَہ) مہلک حادثہ، ہلاک شدہ جمع طوائح۔
طائر (طا-ئِر) پرند، فال بد، اُڑنے والا، پتنگ جمع طیر جمع جمع اطیار، طیور۔
طائع (طا-ئِع) فرماں بردار جمع طوع۔
طائف (طا-ئِف) طواف کرنے والا، خیال جو نیند میں متشکل ہو کر نظر آئے، نام شہر (حجاز)۔
طائفہ (طا-ئِفَہ) ٹکڑا، آدمیوں کی ٹولی، ہر چیز کا ٹکڑا جمع طوائف۔
طائل (طا-ئِل) بے باک، بے قید، فائدہ، افزونی، مالداری۔
طاؤس (طا-ؤُس) مور جمع طواویس، اطیاس۔
طائی (طا-ئی) عرب کے قبیلے طے کی طرف منسوب۔
طب (طِب، طُب، طَب) علاج جسم اور جان کا، نرمی، جادو۔

طبابت (طِبا-بَت) طب، علاج کا علم۔
طباخ (طَب-باخ) باورچی۔
طباخہ (طَب-با-خَہ) باورچن، ماما۔
طباشیر (طَبا-شِیر) بنسلوچن، کھریا مٹی۔
طباع (طَب-باع) تیز طبیعت، سانچے میں ڈھالنے والا (طبائع) طبیعت کی جمع۔
طباعت (طِبا-عَت) چھپائی۔
طباعی (طَب-با-عی) طبیعت کی تیزی۔
طباق (طَبا-ق) بڑی رکابی۔
طباقی (طَبا-قی) عوران موالی۔
طبال (طَب-بال) طبلچی۔
طبالی (طَب-با-لی) طبلہ بجانے کا ہنر۔
طبانہ (طَبا-نَہ) عقلمند ہونا۔
طبائع (طَبا-ئِع) طبیعت کی جمع۔
طبخ (طَب-خ) پکانا۔
طبرخشت (طَبَر-خِش-ت) خاکی رنگ کا ایک گوند۔
طبرزد (طَبَر-زَد) مصری، ایک سفید شکر۔
طبع (طَب-ع) سرشت، مزاج جمع اطباع، چھپائی، نقش کرنا، چھاپنا، مہر لگانا، (طِبْع) رنگ (طَبْع) دو زن بستہ جمع اطباع (طَبَع) میلا ہونا، میل، بدی، زنگ، میل جمع اطباع۔
طبعی (طَب-عی) منسوب بہ طبیعت (طَب-عی) منسوب بہ طبع۔
طبق (طَب-ق) طاسہ، سینی، دوسرا، ٹیڑھی چال (طَبَق) تہ، طبقہ، مرتبہ، عورت کی شرمگاہ، رکابی جمع اطباق، اطبقہ۔
طبقچہ (طَبَق-چَہ) خوانچہ۔
طبق زن (طَبَق-زَن) چپٹی بجانے والی۔

طبقہ (طَ-بَ-قَہ) منزل، درجہ جمع طبقات۔
طبل (طَ-بَل) ڈھولک، ڈھول، نقارہ جمع اَطبال، طبول۔
طبلق (طَب-لَق) کاغذی بندھن بیڑک۔
طبلک (طَب-لَک) چھوٹا ڈھول۔
طبلہ (طَب-لَہ) ایک قسم کا ڈھول۔
طبن (طَ-بَن) عقلمندی۔
طبی (طِب-بی) منسوب بہ طب (طِب) کی علم۔
طبیب (طَ-بیب) معالج جمع اَطِبّا و اَطِبّہ، طبیبان۔
طبیبی (طَ-بی-بی) منسوب بہ طبیب۔
طبیخ (طَ-بیخ) فربہ، خربوزہ (طبیخ) جوشاندہ، ابالی ہوئی چیز۔
طبیعات (طَ-بی-عات) علم موجودات، فزکس۔
طبیعت (طَ-بی-عَت) مزاج، خو، عادت، پیدائش جمع طبائع۔
طبیعی (طَ-بی-عی) خلقی، پیدائشی، منسوب بہ طبیعت۔
طپ (طَپ) بیقراری، بےکلی، بخار۔
طپان (طَ-پان) بیقرار ہوتا ہوا۔
طپانچہ (طَ-پان-چَہ) چانٹا، تھپڑ۔
طپانیدن (طَ-پا-نی-دَن) بیقرار کرنا۔
طپش (طَ-پِش) بیقراری، گرمی۔
طپندہ (طَ-پِن-دَہ) بیقرار ہونے والا۔
طپیدن (طَ-پی-دَن) بیقرار ہونا مضارع طپد۔
طپیدہ (طَ-پی-دَہ) بیقرار شدہ۔
طحال (طِ-حال، طُحال) تلی کی ایک بیماری۔
طحانہ (طَح-حا-نَہ) پسنہاری کا پیسنے وال۔
طحل (طَ-حِل) غضبناک ہونا، تلی بڑھنا۔
طحلب (طِح-لِب، طُح-لُب) کائی۔
طخمہ (طَخ-مَہ) بڑی چیز، طاقت، گھٹا سخت تاریک۔

طحن (طَح-ن) آٹا، (طِح-ن) پیسنا۔
طحین (طَ-حین) پیسا ہوا۔
طخمہ (طُخ-مَہ) کلونس، ناک کی پھنک کی۔
طخرہ (طَخ-رَہ) بادل کا ٹکڑا۔
طر (طُر) سب، کل، تمام (طَر) کاٹنا، پھاڑنا، جانا، مسیں بھیگنا۔
طرابلس (طَ-را-بُلُس) نام شہر (شام) نام ملک طرابلس الافریقہ۔
طراح (طَر-راح) (طِر-راح) نقاش۔
طراحی (طَر-را-حی) نقاشی۔
طرار (طَر-رار) جیب کترا، تیز، گٹھ کٹا۔
طرارہ (طَ-را-رَہ) تیزی سے حرکت۔
طراری (طَر-را-ری) تیزی۔
طراز (طِ-راز) نقش نگار، منقش کرنے والا۔
طرازندہ (طِ-را-زَن-دَہ) نقش کرنے والا۔
طرازیدن (طِ-را-زی-دَن) نقش کرنا مضارع طرازد۔
طرازیدہ (طِ-را-زی-دَہ) منقش، نقش کیا ہوا۔
طراق (طَ-راق) دھماکا، تڑاقا۔
طراوت (طَ-را-وَت) تازگی۔
طرائف (طَ-را-اِف) طریف کی جمع۔
طرائق (طَ-را-اِق) طریق کی جمع۔
طرایہ (طَ-را-یَہ) دیکھو طلایہ۔
طرب (طَ-رَب) خوشی، نشاط، شوق جمع اطراب۔
طربال (طِر-بال) بلند منارہ۔
طربوش (طَر-بُوش) ترکی ٹوپی۔
طربیزہ (طَر-بی-زَہ) میز، طاولہ، طبلہ۔
طرح (طَرح) ڈول، بنیاد، نقاشی، نئی عمارت کا نمونہ، ڈالنا، قائم کرنا (طُرَح) دور، نقاشی، طور، طرز۔

طرح افشاندن (طَرح ۔ اَف ۔ شاں ۔ دَن) بنا ڈالنا، طرز نو ڈالنا۔

طرح دادن (طَرَح ۔ دَا ۔ دَن) پہلو بچانا۔

طرحدار (طَرَح ۔ دار) خوبصورت، باوضع۔

طرحداری (طَرَح ۔ دَا ۔ رِی) خوبصورتی۔

طرخان (طَر ۔ خان) نام، سپاہی جسکو خدمت معاف ہو۔

طرخون (طَر ۔ خُون) نام درخت جسکی جڑ عاقرقرحا ہے۔

طرد (طَرْد) ہانکنا، ہٹانا، جمع طُرُود (طُرُود، اَطراد) پرندے گھوڑے ہنکانا۔

طرر (طُرَر) طُرّہ کی جمع۔

طرز (طَرْز) روش، قاعدہ، طریقہ۔

طرس (طِرْس) نامہ، کاغذ، صحیفہ۔

طرش (طَرَش) بہراپن۔

طرطب (طُر ۔ طُب) بڑی بڑی لٹکی ہوئی چھاتیاں۔

طرف (طَرَف) کنارہ، جانب، ٹکڑا، حصہ، مقابل، حریف، دوست، جمع اَطراف (طَرْف) آنکھ، آنکھیں، جوانمرد، کریم۔

طرفہ (طُر ۔ فَہ) اچھا، نیا، تحفہ۔

طرفۃ العین (طَر ۔ فَتُل ۔ عَین) ایک مرتبہ آنکھ کی جھپک۔

طرف ثانی (طَرَف ۔ ثا ۔ نی) مقابل۔

طرفدار (طَرَف ۔ دار) جانبدار۔

طرفداری (طَرَف ۔ دا ۔ رِی) جانبداری۔

طرفہ (طُر ۔ فَہ) انوکھی چیز، نوکھی چیز، جمع طُرَف (طَر ۔ فَہ) آنکھ جھپکنا، چوٹ کی سرخی، پلک کی جھپک۔

طرفے (طُر ۔ فے) عجیب، زمانہ کے بیوپاری سے۔

طرفین (طَرَ ۔ فَین) دونوں جانب۔

طرق (طُرُق) طریق، طریقہ کی جمع۔

طرقوا (طَرِ ۔ قُوا) رستہ چھوڑو، ہٹ جاؤ۔

طرقوزن (طَرِ ۔ قُو ۔ زَن) ہٹو بچو کرنیوالا، نقیب۔

طرم (طِرْم) گاڑھا شہد۔

طرموث (طُر ۔ مُوث) چپاتی۔

طرنو (طُر ۔ نُو) حال، روش۔

طرہ (طُرّہ) زلف، پٹہ، پھندنا، کلغی، چھجہ، جمع طُرَر، اَطرار۔

طری (طَرِی) نیا، تازہ۔

طریان (طَرَیَان) حادث ہونا، وارد ہونا۔

طریخ (طَرِیخ) بھیگا ہوا۔

طرید (طَرِید) راندہ، باہر کیا ہوا، نیزا۔

طریر (طَرِیر) خوبصورت، رونقدار، جمع طُرّار، طُرَر۔

طریف (طَرِیف) کمائی، انوکھی چیز، جمع طُرّاف، طُرُوف۔

طریق (طَرِیق) ڈھنگ، راہ، رستہ، مذہب، جمع **طُرُق**، طُرُقات، **طرق**، اَطرِقَہ، اَطرِقاء۔

طریقت (طَرِی ۔ قَت) راہ، تزکیہ باطن۔

طریقہ (طَرِی ۔ قَہ) ڈھنگ، راہ، روش، مذہب (طَرِ ۔ یَ ۔ قَہ) سستی، کمزوری۔

طست (طَس ۔ ت) دیکھو طشت۔

طسوج (طَسُّوج) کنارہ، کونہ، پاؤ دانگ، جمع طَسَاسِیج۔

طشت (طَشْت) تھال، سینی۔

طشت از بام (طَشت ۔ اَز ۔ بام) راز ظاہر، افشا ہونا۔

طعام (طَعَام) کھانا، خورش، جمع اَطعِمہ۔

طعان (طِعَان) طعن کی جمع۔

طعم (طَعْم) مزہ، لذت (طُعْم) غذا، چوگا۔

طعمہ (طُع ۔ مَہ) روزی، خوراک، جمع **طُعَم** (طِع ۔ مَہ) ایک وقت کھانا۔

طعن (طَعْن) عیب جوئی، برچھا بازی۔ طعن زدن برچھا مارنا، عیب لگانا۔

طعنہ (طَع ۔ نَہ) عیب جوئی، تنقید۔

طعنہ زن (طَعْ۔ نَہ۔ زَنْ) طعنہ مارنے والا۔
طعنہ زنی (طَعْ۔ نَہ۔ زَ۔ نِی) طعنہ مارنا۔
طغان (طُغَانْ) دیکھو طغیان
طغرا (طُغْ۔ رَا) شاہی حکم کی ایک قسم، نشان حکومت۔
طغرل (طُغْ۔ رُلْ) ایک چڑیا جو ایک شکاری پرند ہے۔
طغوان (طُغْ۔ وَانْ) دیکھو طغیان۔
طغوہ (طُغْ۔ وَہْ) پہاڑ کی چوٹی، اونچی جگہ۔
طغیان (طُغْ۔ یَانْ) حد سے گزر کر زیادتی، نافرمانی
طغیانی (طُغْ۔ یَا۔ نِی) پانی کا چڑھاؤ، زیادتی
طفاحہ (طُفَا۔ حَہْ) جھاگ، اُبال۔
طفاوہ (طُفَا۔ وَہْ) سورج کا ہالہ۔
طفحان (طَفْ۔ حَانْ) جانب، سرحد۔
طفرہ (طَفْ۔ رَہْ) کودنا، چھلانگ، پھاندنا۔
طفل (طِفْ۔ لْ) بچہ، جمع اطفال، طفلگان
طفل آتش (طِفْ۔ لِ۔ آ۔ تَشْ) چنگاری، شرارہ۔
طفلانہ (طِفْ۔ لَا۔ نَہْ) بچے کی مانند۔
طفلس (طِفْ۔ لِسْ) دارالسلطنت قفقاز۔
طفل شب (طِفْ۔ لِ۔ شَبْ) چاند۔
طفلک (طِفْ۔ لَکْ) چھوٹا بچہ۔
طفل ہندو (طِفْ۔ لِ۔ ہِنْ۔ دُوْ) آنکھ کی پتلی۔
طفلہ (طِفْ۔ لَہْ) لڑکی۔
طفلی (طِفْ۔ لِی) بچپن، بالپنا۔
طفو (طُفُوْ) چراغ گل ہونا
طفور (طُفُوْرْ) قلانچ مارنا۔
طفولیت (طُفُوْ۔ لِی۔ یَتْ) بچپن، بالپن۔
طفیف (طَفِیْفْ) تھوڑا، کم۔
طفیل (طُفَیْلْ) وسیلہ، ذریعہ۔
طفیلی (طُفَیْ۔ لِی) وہ جو کسی کا ہو کر دوسرے کے ساتھ آئے
طلس (طَلْسْ) میل، موسم
طل (طَلّ) اوس، شبنم، پھوار۔
طلا (طِلَا) سونا، چپڑنے کی دوا، ملہم۔

طلاب (طُلَّابْ) طالب کی جمع۔
طلادوز (طِلَا۔ دُوْزْ) سونے کے تار کا کام۔
طلاق (طَلَاقْ) عورت کی قید نکاح سے آزادی، کشادگی، رہائی
طلاق بائن (طَلَا۔ قِ۔ بَا۔ ئِنْ) طلاق کا دوسرا درجہ۔
طلاقت (طَلَا۔ قَتْ) تیز زبانی۔
طلاق رجعی (طَلَا۔ قِ۔ رَجْ۔ عِی) طلاق کا پہلا درجہ۔
طلاق شکم (طَلَا۔ قِ۔ شِ۔ کَمْ) دست۔
طلاق طبیعت (طَلَا۔ قِ۔ طَبِیْ۔ عَتْ) خوشی، عیش، کشادگی طبیعت۔
طلاق مغلظہ (طَلَا۔ قِ۔ مُغَلْ۔ لَظَہْ) تیسرا درجہ یعنی قطعی طلاق۔
طلاکار (طِلَا۔ کَارْ) ملمع ساز۔
طلاکاری (طِلَا۔ کَا۔ رِی) ملمع سازی۔
طلاوت (طَلَا۔ وَتْ) تروتازگی، رونق۔
طلائی (طِلَا۔ ئِی) سونے کی، سنہری۔
طلایہ (طَلَا۔ یَہْ) رات کی نگہبان فوج۔
طلایہ دار (طَلَا۔ یَہْ۔ دَارْ) مخبر، افسر طلایہ
طلایہ گردی (طَلَا۔ یَہْ۔ گَرْ۔ دِی) رات کی گشت
طلب (طَلَبْ) مانگ، خواہش، حاجت، بلاوا، آرزو، خواہش، مانگنے والا، (طُلُبْ) آدمیوں کا گروہ، (طُلَّبْ) طالب کی جمع۔
طلبانہ (طَلَ۔ بَا۔ نَہْ) روزانہ اُجرت۔
طلبگار (طَلَبْ۔ گَارْ) آرزومند۔
طلبگاری (طَلَبْ۔ گَا۔ رِی) آرزومندی۔
طلبندہ (طَلَ۔ بَنْ۔ دَہْ) بلانے والا، ڈھونڈھنے والا
طلبہ (طَلَبَہْ) طالب کی جمع، (طُلْبَہْ) مطلوب۔
طلبی (طَلَ۔ بِی) طلب، بلاوا۔
طلبیدن (طَلَ۔ بِی۔ دَنْ) بلانا، چاہنا، مصدر طلبید

طلبیدہ (طَلَ-بی-دَہ) بلایا ہوا، چاہا ہوا۔

طلع (طَلْع) کسیلا، کھجور کا پھول۔

طلخام (طِل-خام) بتھنی، فیل اور شیلہ۔

طلسم (طِلِس-سم) خزانہ کے اوپر جادو کی بناوٹی شکل، ایسی صورت جمع طلسمات۔

طلسماتی (طِلِس-ما-تی) منسوب بہ طلسمات۔

طلعت (طَل-عَت) دیدار، روشنی۔

طلق (طَلْق) ابرق، شراب، بچہ پیدا ہونیکا درد، ہرن، شکاری کتا، ورق زر (طُ-لُق) طُلق، طَلق، زبان تیز۔

طلق اللسان (طَل-قُل-لِسان) فصیح، خوش کلام۔

طلق الوجہ (طَل-قُل-وَجْہ) خوبصورت۔

طلق الیدین (طَل-قُل-یَدَین) سخی۔

طلق تحلول (طَلق-تَح-لول) ابرک کا پانی۔

طلل (طَلَل) جسم، بدن، کھنڈر جمع اطلال، طلول۔

طلمبہ (طُلُم-بَہ) آگ بجھانے کا انجن۔

طلوب (طَلُوب) طالب۔

طلوع (طُلُوع) نکلنا، ظاہر ہونا۔

طلیعہ (طَلی-عَہ) دیکھو طلایہ جمع طلائع۔

طلیق (طَلِیق) قید سے آزاد۔

طلیق اللسان (طَلی-قُل-لِسان) تیز زبان۔

طم (طَم) تموج، دریا کی موج۔

طماطم (طَما-طِم) ٹماٹر، ولایتی بیگن۔

طماع (طَم-ماع) لالچی (طُم-ماع) طامع کی جمع۔

طماعت، طماعیت (طَما-عَت، طَما-عی-یَت) لالچ، لوبھ۔

طماچہ (طَما-چَہ) طمانچہ، تھپڑ جو رخسار پر [illegible]

طمانچہ (طَمان-چَہ) تھپڑ، تھپیڑ، تھپیڑا، چانٹا۔

طمانینت، طمانیت (طُما-نی-نَت، طُما-نی-یَت) سکون قلب، تسلی۔

طمث (طَمْث) حیض کا خون، جماع۔

طمرس، طمروس (طِم-رِس، طِم-روس) جھوٹا۔

طمس (طَمْس) مٹانا، ناپید کرنا۔

طمش (طَمَش) آدمیوں کا گروہ جمع طموش۔

طمطراق (طُم-طُ-راق) ٹھاٹھ، کر و فر۔

طمطم (طِم-طِم) عجمی، بات کرنے کا شعور نہ ہو۔

طمع (طَمَع) امید، ہوس جمع اطماع (طَمِع) لالچی، طامع، لوبھی۔

طمع خام (طَمْع-خام) فضول کی ہوس۔

طمنچہ (طَمَن-چَہ) پستول۔

طموس (طُموس) مٹنا، ناپید ہونا۔

طمیس (طَمیس) اندھا۔

طن (طَن) انگریزی وزن مطابق ۲۷ من [illegible] پونڈ۔

طناب (طَناب) خیمہ کی ڈوری۔

طناز (طَن-ناز) ناز، شوخ، ناز کرنے والا، اٹھلا کر چلنے والا۔

طنب (طُنُب) ڈوری، طناب جمع اطناب، طنب۔

طنبک (طُم-بُک) تبک، ڈھولکی۔

طنبور (طَم-بُور، طُم-بُور) ایک ساز۔

طنبورہ (طَم-بُو-رَہ) ایک ساز، طنبور۔

طنجیر (طَن-جیر) دیکھو تجیر۔

طنز (طَنْز) طعنہ، تانا، تمسخر۔

طنطنہ (طَن-طَنَہ) کر و فر، نقارہ کی آواز۔

طنک (طَنْک) آواز۔

طنہ (طَن-نَہ) بھانڈی، بھدے۔

طنین (طَنِین) جھنکار، کھنکھناہٹ۔

طوارق (طَوا-رِق) طارق۔

طوائف (طَوا-ئِف) طائفہ کی جمع۔

طواف (طَواف) پھیرا، چکر، گھوم، سیر۔

(ع) ۔ زّاتی ، بہت طول کرنیوالا ، بھیرا ، لا مشکار ۔

طوالت (طُوا ۔ لَت) ، درازی ۔

طوالع (طُوا ۔ لِع) ، طالع کی جمع ۔

طوامیر (طُوا ۔ میر) ، طومار کی جمع ۔

طوائح (طُوا ۔ ئِح) ، طائحہ کی جمع ۔

طوائف (طُوا ۔ ئِف) ، طائفہ کی جمع ، بیسوا ، گانیوالی ۔

طوب (طُوب) ، پکی اینٹ ، آجر ۔

طوبیٰ (طُو ۔ بیٰ) ، نام بہشتی میوہ دار پیڑ کا ۔

طود (طَود) ، بڑا پہاڑ ، پہاڑ ۔

طور (طُور) ، جزیرہ نما سینا کا ایک پہاڑ ، (طَور) ، انداز ، ڈھنگ ، کیرکٹر ، جمع اطوار ۔

طوس (طُوس) ، دیکھو توس ۔

طوسی (طُو ۔ سی) ، ایک بیگنی رنگ ۔

طوط (طُوط) ، کپاس ، لمبا تڑنگا آدمی ۔

طوطا (طُو ۔ طا) ، نام پرند ، سوا ۔

طوطک (طُو ۔ طَک) ، نام ساز ۔

طوطی (طُو ۔ طی) ، توتی ، ایک چھوٹی ہری چڑیا ۔

طوطیا (طُو ۔ طیا) ، دیکھو توتیا ۔

طوع (طَوع) ، رغبت ، اطاعت ۔

طوعاً (طَو ۔ عَن) ، رضا مندی سے اطاعت ۔

طوعاً و کرہاً (طَو ۔ عَنو ۔ کَر ۔ ہَن) ، طَو ۔ عَن ، خوشی ، کَر ۔ ہَن ، بخوشی یا ناخوشی ۔

طوغ (طَوغ) ، فوج کا جھنڈا ۔

طوف (طَوف) ، پھیرا ، پھیرا ، چکر گھوم ۔

طوفان (طُو ۔ فان) ، سب پر چھا جانیوالی چیز ، ڈوبنا ، مصیبت (طُو ۔ فان) آدمی کے گرد گھیرنا ۔

طوفانی (طُو ۔ فا ۔ نی) ، طوفان والی چیز ۔

طوق (طَوق) ، ہنسلی ، گلوبند ، حلقہ ، وسعت ، طاقت جمع اطواق ۔

طوکیو (طو ۔ کیو) ، ٹوکیو دار الحکومت جاپان ۔

طول (طُول) ، لمبائی ، (طَول) ، بخشش ۔

طول امل (طُو-لِ-اَمَل) ا، دنیا کی ہوس۔
طولانی (طُو-لا-نی) ف، لمبی، منسوب بہ طول۔
طول عمل (طُو-لِ-عَمَل) بکھیڑا۔
طولیدون (طُو-لی-دُون) ا، ایک زہریلا درخت۔
طومار (طُو-مار) ا، لمبی تحریر، لکھت، نامہ، صحیفہ جمع طوامیر۔
طوسہ (طُو-سَہ) گھوڑے کی مادہ گھوڑی۔
طونس (طُو-نِس) ا، نام شہر، شمالی افریقہ۔
طوی (طَوی) ا، بیابان، شادی (طُوٰی) بھوکا، وادی ایمن۔
طویت (طَوِیَّت) ا، بھید، نیت، اندیشہ، مرتبہ۔
طویل (طَوِیل) لمبا، دراز۔
طویلہ (طَوِیْ-لَہ) ا، گھوڑے کا اصطبل، لمبی رسی جانوروں کے پاؤں باندھنے کی۔
طویلۂ دُر (طَوِی-لَۂ-دُر) موتیوں کی لڑی۔
طہارت (طَہَا-رَت) ا، پاکیزگی، وضو، استنجا۔
طہر (طُہْر) ا، عورت کی پاکی کے ایام۔
طہران (طِہ-رَان) دارالسلطنت ایران۔
طہور، طاہر (طَہُور، طَاہِر) پاک۔
طی (طَی) ا، لپیٹ، تہ، راہ طے کرنا، نام قبیلہ (طَئی) بھوک، برہنگی۔
طیاب (طَیْ-یَاب) ا، بہت زیادہ پاک۔
طیار (طَی-یَار) آمادہ، تیار، درست، اڑنے والا۔
طیارہ (طَیْ-یَا-رَہ) تیز رفتار سواری، ہوائی جہاز۔
طیاش (طَیْ-یَاش) ہلکا، خفیف الحرکات۔
طیاف (طَیْ-یَاف) کاہن۔
طیان (طَیْ-یَان) بھوکا، پیچیدہ، کمند، طیان، جنگلی بیلیں۔
طیب (طِیب) ا، خوشبو، پاکیزگی، خوش طبعی (طِیبہ) جمع اطیاب (طَیِّب) ا، پاک، حلال، مزہ دار جمع طیبات۔

طیبت (طِیْ-بَت) مزاج، خوش طبعی جمع طیبات۔
طیبہ (طَیْ-بَہ) نام مدینہ منورہ (طَی) پاک، پاکیزہ۔
طیبین (طَیْ-یِ-بِین) اچھی قوم۔
طیر (طَیْر) ایک پرند، بہت سے پرندے۔
طیران (طَیَ-رَان) ف، اڑان، پرواز۔
طیرہ (طِی-رَہ) ا، عیب، ہلکی، خفت (طِیَرَہ) فال بد، شگون۔
غضروف (غُض۔روف) نرم ہڈی جمع غضاریف۔
غضن (غَضَن) جھری، چین، سرشتہ۔
غضنفر (غَضَن۔فَر) شیر درندہ۔

غضوب (غَضُوب) بڑا غصیلا۔
غضوضت (غَضُو-ضَت) تازگی۔
غضیض (غَضِیض) تازی و نازک کلی۔
غطو (غُطُو)، سو جانا۔
غطاء (غِطَاءُ)، سرپوش، میز پوش، پردہ، پوشش۔
غطاس (غَطَّا-س)، پن ڈبی، ایک قسم کی مرغابی۔
غطریس (غِطْ-رِیس)، متکبر، ظالم، مغرور۔
غطریف (غِطْ-رِیف)، سردار، شریف، بہادر۔
غطس (غَطْس)، غوطہ دینا۔
غطش (غَطَش)، بینائی کی کمزوری۔
غطیط (غَطِیط)، سینہ کا خراٹا۔
غفار (غَفْ-فَار)، بڑا بخشنے والا، بڑا چھپانے والا، نام اللہ تعالے۔ (غِفَار)، پنڈلی و ران وغیرہ کے بال۔
غفر، غفران (غَفْر)، (غُفْ-رَان)، بخشش، معافی۔
غفرلہٗ (غُفِرَلَہٗ) اُس کیلئے بخشش کی جائے۔
غفس (غَفْس)، زمین پر مارنا۔
غفل، غفلت (غَفْل)، (غَفْ-لَت)، لاپرواہی، بے خبری۔
غفلتاً (غَفْ-لَتَنْ)، اچانک، بطور غفلت۔
غفور (غَفُور)، بڑا بخشنے والا، نام اللہ تعالیٰ۔
غفیر (غَفِیر)، بہت زیادہ، خود، مغفر، چھپانے والا، جو کہ سپاہی اوڑھے۔
غل (غُلّ)، گردن کا طوق، پیاس، جمع اغلال۔ شور، چیخ پکار، (غِلّ) کینہ، خیانت، کدورت۔
غلا (غَلَاء)، قحط، گرانی۔
غلاب (غِلَّاب)، بڑا غالب۔
غلاۃ (غُلَاۃ)، غالی کی جمع۔
غلاظ (غِلَاظ)، دیکھو غلیظ۔
غلاظت (غَلَاظَت)، گاڑھا پن، موٹاپن، درشتی، گندگی۔
غلاف (غِلَاف)، ہر چیز کا لفافہ، پردہ، میان، جمع غُلُف۔

غلاف القول (غِلَا-فُلْ-قَوْل)، قول، سمجھ کی کنجی۔
غلالہ (غِلَالَہ)، کرتا، شلوکہ، (غُلَالَہ)، زلف، لٹ۔
غلام (غُلَام)، لڑکا، لونڈا، بردہ، مجبور کرا، جمع غِلْمَہ، غِلْمَۃ، غِلْمَان، اُغْلِمَہ۔
غلام جانباز (غُلَامِ-جَانْ-بَاز)، [illegible]۔
غلام گردش (غُلَامِ-گَرْ-دِش)، دیوان خانہ اور زنانخانے کی درمیانی راہداری۔
غلبا (غُلْ-بَا)، ایسے بڑے گھنے درخت کی جگہ، جمع غُلْب۔
غلبہ (غَلَبَہ)، قُدْرَت، زبردستی، فتح، جمع غَلَبَات۔
غلت (غَلَت)، بھول چوک، غلطی۔
غلتبان (غَلْ-تَبَان)، دیکھو غلطبان۔
غلس (غَلَس)، پچھلی رات کی اندھیری۔
غلط (غَلَط)، چوکنے والا، چوکا ہوا، چوک، خطا، جمع اَغْلَاط، (غِلَظ)، غلیظ (غَلُظ)، [illegible] ہونٹ لٹکانا۔
غلط العام (غَلَطُلْ-عَام)، عام لوگوں کی غلطی جسکو سب کرتا۔
غلط العوام (غَلَطُلْ-عَوَام)، عوام یعنی عام جاہل جسے غلطی کی۔
غلطان (غَلْ-طَان)، گول، لڑھکتا ہوا، لوٹتا ہوا۔
غلط انداز (غَلَط-اَنْ-دَاز)، بھولا بھالا، عیار۔
غلطانی (غَلْ-طَا-نِی)، منسوب بہ غلطان۔
غلطانیدن (غَلْ-طَا-نِی-دَن)، لڑھکانا، لوٹوانا۔
غلطک (غَلْ-طَک)، گول، بٹہ، گولی۔
غلط کار (غَلَط-کَار)، غلطی کرنے والا۔
غلط کاری (غَلَط-کَا-رِی)، غلطی کرنا۔
غلط گو (غَلَط-گُو)، جھوٹا۔
غلط گوئی (غَلَط-گُو-ئِی)، دروغ، جھوٹ۔
غلطیدہ (غَلْ-طِی-دَہ)، لڑھکنے والا، لوٹنے والا۔
غلط نویس (غَلَط-نَوِیس)، غلط لکھنے والا۔
غلط نویسی (غَلَط-نَوِیسِی)، غلط لکھنا۔
غلطہ (غَلَطَہ)، [illegible]، نام محلہ قسطنطنیہ۔
غلطی (غَلَطِی)، چوک، خطا۔
غلطیدن (غَلْ-طِی-دَن)، لڑھکنا، لوٹنا۔

غلطیدنی (غَلْطی دَنی) ف۔ ص، لڑھکنے کے لائق۔
غلطیدہ (غَلْطی دَہ) ف۔ ص، لڑھکا ہوا۔
غلظ (غِلَظ)، (بازنبر) ذکل، مٹاپا۔
غلظت (غِلْ ظَت)، دیکھو غلاظت۔
غلیج (غَلِیج)، دیکھو غلیچ۔
غلغل (غُلْ غُل) ع۔ مذ، شور غل، پرندوں کی آواز۔
غلغلہ (غُلْ ۔ غُلَہ)، دھوم، شور۔
غلغلیچ (غُلْ ۔ غُلیچ)، دیکھو غسلیچ۔
غلغونہ (غُلْ ۔ غُو۔ نَہ)، دیکھو گلگونہ۔
غلف (غَلَف)، عیش و عشرت، (غَلْف) ف، غلاف میں کرنا، بال لمبا ہونا (غُلُف) ع، غلاف کی جمع
غلق (غَلَق)، دروازہ بند کرنے کی لکڑی (مَغْلَق)، بند دروازہ (غَلَق)، مشکل بات۔
غلک (غُلَک) ف۔ مذ، گلک، غولک۔
غلل (غَلَل)، پیاس، جلن۔
غلمان (غِلْ مان) ع۔ مذ، غلام کی جمع، جنت کے بہشتی خدمت لڑکے
غلمت (غُلْمَت) ع۔ مث، تیزی شہوت۔
غلیچ (غَلْ ۔ یچ)، گدگدی۔
غلمہ (غِلْمَہ) مذ، غلام کی جمع۔
غلندر (غَلَنْ۔ دَر)، دیکھو قلندر۔
غلو (غُلُوّ)، بڑھا چڑھا پن، ہجوم، مبالغہ۔
غل و غش (غِلّ و غِش)، کدورت۔
غلول (غُلُول)، اچھی غذا، زود ہضم غذا۔
غلولہ (غُلُو۔ لَہ)، دیکھو گلولہ۔
غلہ (غَلَّہ) ع۔ مذ، اناج، نقد آمدنی جمع غلّات
غلہ دان (غَلَّہ دان) مذ، اناج کا کوٹھار۔
غلہ فروش (غَلَّہ فَروش) مذ، اناج کا سوداگر۔
غلہ فروشی (غَلَّہ فَروشی) مث، اناج کی سوداگری۔
غلی (غَلْی)، دیگ وغیرہ ابلنا۔
غلیان (غَلَیان)، جوش، (غِلْیان)، دیکھو قلیان
غلیشت (غَلِیشت)، کھچڑی، بھیڑ۔

غلیظ (غَلِیظ)، گاڑھا، دبیز، ناپاک، جمع غلاظ و اغلاظ۔
غلیل (غَلِیل)، پیاسا، پیاس، کینہ، حسد، جلن۔
غلیل (غُلّے)، ایک کمان۔
غلیلچی (غُلیل چی) مذ، غلیل چلانے والا۔
غلیلہ (غُلیلَہ) مذ، گولی، غلّہ۔
غلیواج، غلیواژ، چیل، ایک قسم کی چیل۔
غلیون (غَلْیُون) مذ، حقہ، قلیان۔
غم (غَم) ع۔ مذ، رنج، جمع غموم۔
غمار (غُمار)، کثرت، بھیڑ بھاڑ۔
غماز (غَمّاز)، چغلخور، سخن چیں۔
غمازانہ (غَمّازانہ)، چغلخور کی مانند۔
غمازگی (غَمّازگی)، آنکھوں یا بھوں سے اشارہ کرنا۔
غمازی (غَمّازی) مث، چغلخوری۔
غماض (غِماض)، اونگھ۔
غمام (غَمام)، بادل، جمع غمائم، غمام۔
غمامہ (غَمامَہ)، بادل، گھونگا، اونٹ کا منہ بند
غمان (غَمّان)، رنجیدہ۔
غمچہ (غُمْ ۔ چَہ)، گھونسلہ، جھولا۔
غمخوار (غَم خوار)، غم کھانے والا۔
غمخواری (غَم خواری) مث، غم کھانا۔
غمخوردہ (غَم خُردَہ)، غم کھایا ہوا۔
غمخور (غَم خور)، غم کھانے والا، شکیلا۔
غمد (غِمْد)، میان، نیام، جمع اغماد و غمود۔
غمدیدہ (غَم دیدہ)، غم دیکھا ہوا۔
غمر (غَمْر)، بہت سا پانی، بہت پانی، کثرت، سختی، جمع غمار، غمور، (غُمر)، نادان، ناتجربہ کار، جمع اغمار، (غِمر)، کینہ، پیاس۔
غمرسیدہ (غَم رسیدہ)، غم پہنچا ہوا۔
غمز (غَمْز)، آنکھ کی چھیڑ چھاڑ، آنکھوں کا اشارہ۔
غمزدہ (غَم زَدہ)، غم کا مارا ہوا۔
غمزہ (غَمْزَہ)، آنکھیں مارنا۔

غمس (غَمْس) [ا۔ س] ڈبونا، غوطہ کھلانا۔
غمص (غَمْص) آنکھ کی گید جو باہر بہے۔
غمض (غَمْض) پستی زمین، جو غموض، کم ہو، اونگھنا۔
غمکدہ (غَم کَدَہ) غم کا مکان۔
غمگسار (غَم گُسار) غم کھانے والا۔
غمگساری (غَم گُساری) غم کھانا۔
غمگین (غَم گِین) رنجیدہ۔
غمگینی (غَم گِینی) رنجیدگی۔
غمناک (غَم ناک) غم سے بھرا ہوا۔
غمناکی (غَم ناکی) غم سے بھرا ہونا۔
غموس (غَمُوس) بے نیت قسم، جھوٹی قسم۔
غموس (غُمُوس) جھوٹی قسم۔
غموض (غُمُوض) پوشیدہ اور غیر واضح کلام۔
غمہ (غُمَّہ) پوشیدہ کام، دُکھ۔
غمی (غَمی) غم والی بات، موت۔
غمیں (غَمِیں) رنجیدہ۔
غن (غُن) کولھو کی لاٹھ، لاٹ کا پتھر۔
غنا (غِنا) دولتمندی، بے نیازی (غُنا) راگ،
انعہ (غُنَ) نفع، فائدہ، غُنّہ، ناک، ہوا کا اظہار بغیر حرکت
غنام (غَنّام) نامی، گڈریا، غارتگر۔
غنائم (غَنائِم) غنیمت کی جمع۔
غنج (غُنج) ناز، کرشمہ، ناز، چونچلا۔
غنجار، غنجارہ (غُنجار۔غُنجارَہ) سُرخی، غازہ، گلگونہ۔
غنجل (غُنجُل) سیاہ گوش۔
غنچہ، غنچیہ (غُنچَہ۔غُنچِیَہ) کلی۔
غندہ (غُندَہ) بد وضع، غنڈا۔
غنک (غُنَک) گوبر کی ڈھیری۔
غنم (غَنَم) بکری، بھیڑ، (اِغتِنام) غنیمت، غُنم۔
غنو، غنودگی (غُنو۔غُنُودگی) اونگھ۔
غنودن (غُنُودَن) اونگھنا، مصدر غنود۔
غنودنی (غُنُودَنی) اونگھنے کے لائق۔
غنودہ (غُنُودَہ) اونگھا ہوا، اونگھتا ہوا۔
غنہ (غُنَّہ) ناک میں بولنے کی آواز۔
غنی (غَنی) دولتمند، بے پروا، ج اغنیاء۔
غنایت (غَنایت) مالداری، بے پروائی۔
غنیم (غَنیم) لٹیرا، دشمن۔
غنیمت (غَنیمت) لوٹ کا مال، انعام، ج غنائم، ٹھیک بات۔
غواری (غَوارِی) غاریہ کی جمع۔
غواشی (غَواشِی) غاشیہ کی جمع۔
غواص (غَوّاص) غوطہ خور۔
غواصی (غَوّاصی) غوطہ خوری۔
غوامض (غَوامِض) غامض کی جمع۔
غوانی (غَوانِی) غانیہ کی جمع۔
غوائل (غَوائِل) غائلہ کی جمع۔
غوایت (غَوایَت) گمراہی۔
غوث (غَوث) فریاد، فریاد رس، بزرگی کا ایک درجہ۔
غوچ (غوچ) مینڈھا، بھیڑ کا نر۔
غوچی (غُوچی) چھوٹا سا گڑھا۔
غور، غور (غَور۔غُور) گہرائی، گہرا سوچنا، تہ رسائی۔
غور و پرداخت (غَور و پَرداخت) غور کرنا، بڑے کی خبر، دیکھ بھال۔
غورہ (غُورَہ) کچا انگور۔
غوری (غُوری) تشتری، رکابی۔
غوزہ (غُوزَہ) کپاس کا کوکڑا، روئی کی گتھی۔
غوشاک (غَوشاک) کوڑا کرکٹ۔
غوص (غَوص) ڈبکی، غوطہ۔
غوطہ (غَوطہ) پستی، گہرا خیال، ڈبکی۔
غوطہ (غُوطَہ) ڈبکی۔
غوغا (غَوغا) شور و غل، ہنگامہ۔
غوغائی (غَوغائی) شور مچانے والا۔
غوک (غُوک) مینڈک، ضفدع۔
غول (غُول) ایک خیالی بلا جو جنگل میں

میں آ جاوے اور جب نکل بھاگنا چاہتی ہے آٹا لیتی ہے جو غُشان ج ، غول ، گروہ ، ٹولی ، کان ۔

غولک (غُو-لَک) ، متفرق آمدنی رکھنے کی صندوقچی ۔

غولیں (غُو-لِیں) ، مشکی ۔

غوی (غَوِی) ، گمراہ ، بے راہ ۔

غی (غَی) ، گمراہی ۔

غیابت (غَیَا-بَت) ، چھپانے والی چیز ، گہرائی ۔

غیاث (غِیَاث) فریاد ، فریاد رسی ، فریاد رس ۔

غیار (غِیَار) یہودی کا زرد امتیازی نشان ۔

غیاف (غَیَّاف) ، لمبی چوڑی داڑھی والا ۔

غیب (غَیب) ، پوشیدگی ، دل ، جمع غُیُوب و غِیَاب ۔

غیانی (غَیْ-یَا-نی) ، بے شرم عورت ۔

غیبت (غِی-بَت) ، پیٹھ پیچھے بدی ، بہتان ، چغلی ۔

غیبوبت (غَی-بُو-بَت) ، جدائی ، اوجھل پن ۔

غیبہ (غَی-بَہ) ، ترشح ۔

غیبی (غَی-بی) ، منسوب بہ غیب ، غیب والا ۔

غیث (غَیث) ، مینھ ، بارش ۔

غیداقی (غَی-دَا-قی) ، ایک محدود عمر ۔

غیر (غَیر) ، دوسرا ، بیگانہ جو آشنا نہ ہو ، سوا ، بجز ، عقل ، رائے ، فائدہ رسانی ۔

غیران (غِی-رَان) ، غار کی جمع ، اغیار ، غیر کی فارسی جمع ذی روح ، غیر لوگ ۔

غیر انصاف (غَیر-اِن-صَاف) ، بے انصاف ۔

غیر انصافی (غَیر-اِن-صَا-فی) ، بے انصافی ۔

غیرت (غَی-رَت) ، لاج ، شرم ، (مج) رشک ، غصہ ۔

غیرتمند (غَی-رَت-مَنْد) ، وہ جس کو غیرت ہو ۔

غیرتمندانہ (غَی-رَت-مَن-دَا-نَہ) ، غیرتمند کی شکل ۔

غیرتمندی (غَی-رَت-مَن-دی) ، باغیرت ہونا ۔

غیر حاضر (غَیر-حَا-ضِر) ، جو حاضر نہ ہو ۔

غیر حاضری (غَیر-حَا-ضِ-ری) ، حاضر نہ ہونا ۔

غیر ذالک (غَی-رِ-ذَا-لِک) ، اس کے سوا ۔

غیر شرعی (غَیر-شَر-عی) ، جو شرعی نہ ہو ، خلاف شرع ۔

غیر قانونی (غَیر-قَا-نُو-نی) ، جو قانونی نہ ہو ۔

غیر لازم (غَیر-لَا-زِم) ، نامعقول ، جو لازم نہ ہو ۔

غیر متعین (غَیر-مُ-تَ-عَیْ-یَن) ، جو مقرر نہ ہو ۔

غیر مکرر (غَیر-مُکَر-رَر) ، انجان ۔

غیر واقع (غَیر-وَا-قَع) ، غلط ، خلاف واقع ۔

غیر واقعی (غَیر-وَا-قِ-عی) ، بے اصل ۔

غیض (غَیض) ، جنگل ، تھوڑی بخشش ، کاغذ کی ارزانی (غَیض) ، کمی ، گھٹنا ۔

غیضہ (غَی-ضَہ) ، جنگل ، صحرا ۔

غیظ (غَیظ) ، سخت غصہ ۔

غیل (غِیل) ، جھاڑی ، جنگل (غَیل) ، فربہ بچہ ۔

غیلم (غَی-لَم) ، کچھوا ، سلحفات ۔

غیم (غَیم) ، چھائی ہوئی گھٹا ، جمع غیوم ۔

غین (غَین) ، ابر ، پیاس ، اندھیرا ، جلبل ۔

غیور (غَیُور) ، بڑا غیرتمند ۔

ف

ف (فا-ئے) ، حرف تہجی ، قائم مقام عدد ۸۰ کا ، چند حروف سے بدلی ہے - ۱- ب کے ساتھ مثلاً زبان ، زفان - ۲- پ کے ساتھ مثلاً پیل ، فیل - ۳- ث کے ساتھ مثلاً جدث ، جدف - ۴- ز کے ساتھ مثلاً زغند ، فند - ۵- س کے ساتھ مثلاً جست ، جفت - ۶- م کے ساتھ مثلاً نمیر ، نفیر - ۷- و کے ساتھ مثلاً فام ، وام - ۸- ہ کے ساتھ مثلاً تُف ، تُہ ۔

فا ، **فا** ، دیکھو ف ۔

فاتح (فَا-تِح) ، جیتنے والا ، کھولنے والا ، جمع فاتحین ۔

فاتحہ (فَا-تِ-حَہ) ، الحمد ، دیباچہ ، شروع ، کھولنے والی ۔

فاتر (فَا-تِر) ، نیم گرم پانی ، خراب ، سست ۔

فائق (فا-ئِق) اچھا، بڑھنے والا۔

فاتک (فا-تِک) بہادر، دلیر۔

فاتن (فا-تِن) بہکانے والا، بھٹکانے والا، شیطان۔

فاتورہ (فا-تُو-رَہ) گڈ ڈ، بیابان۔

فاتوریدن (فا-تُو-رِی-دَن) اوپر ہو جانا، اکڑ جانا، بھنکا۔

فاتوسین (فا-تُو-سِین) سپیدان، سپیدا۔

فاتولیدن (فا-تُو-لِی-دَن) دیکھو فاتوریدن۔

فاجر (فا-جِر) بدکردار، زانی جمع فجار، فجرہ۔

فاجرہ (فا-جِ-رَہ) بدکردار عورت، چھنال۔

فاحش (فا-حِش) حد سے گزرا ہوا، بدکار، حد سے گزرا۔

فاحشہ (فا-حِ-شَہ) بدکاری، برائی جمع فواحش، بدکار عورت جمع فاحشات۔

فاختہ (فا-خ-تَہ) ایک پرند، جمع فواخت۔

فاختی (فا-خ-تی) فاختہ کا سا رنگ۔

فاخر (فا-خِر) فخر کرنے والا، اچھی چیز، تحفہ۔

فاخرہ (فا-خِ-رَہ) اچھی، بہت عمدہ چیز۔

فاخورہ (فا-خُو-رَہ) برتن بنانے کا کارخانہ۔

فادز (فا-دِز) بڑا، پہاڑ، راست۔

فاز، فاذ، نافۂ مشک، جس سے خوشبو نکلے، ہرن کا گوشت (ف) جمع، نافہ کی جمع۔

فارہ (فا-رَہ) پختہ، سیانا، الگ۔

فارس (فا-رِس) سوار جمع فوارس، فارسستان
(فا-رِس) ملک ایران، مغربی ایشیا۔

فارسی (فا-رِ-سی) ایرانی، فارسی زبان۔

فارسیانہ (فا-رِ-سی-یا-نَہ) فارسی جیسی، فارسی صفت۔

فارسیہ (فا-رِ-سی-یَہ) منسوب بہ فارس۔

فارع (فا-رِع) بلند، اونچا پہاڑ۔

فارعہ (فا-رِ-عَہ) خوش مزاج عورت۔

فارغ (فا-رِغ) خالی، بے کام۔

فارغ البال (فا-رِغ-ال-بال) خوش حال، بے فکر۔

فارغ البالی (فا-رِغ-ال-با-لی) بے فکری۔

فارغ خطی (فا-رِغ-خَط-طی) لا دعوے، بری ہونا۔

فارق (فا-رِق) جدائی ڈالنے والا۔

فاروق (فا-رُوق) حق و باطل میں فرق کرنے والا۔

فارہ (فا-رَہ) جمع فار، نافہ مشک
(فا-رِہ) تیز، ہوشیار، سمجھدار۔

فازہر (فا-زَہ-ر) دیکھو پازہر۔

فاژہ، فاژہ (فا-ژَہ، فا-ژَہ) جماہی، انگڑائی۔

فاژیدن (فا-ژی-دَن) جماہی لینا، مصدر فاژدہ۔

فاس (فا-س) کلہاڑی، بسولہ۔

فاسخ (فا-سِخ) تباہ و خراب کرنے والا، باطل ہونے والا۔

فاسد (فا-سِد) خراب، بگڑا ہوا، تباہ جمع فسدہ، فسّاد، فسدی۔

فاسدہ (فا-سِ-دَہ) فاسد کا مونث۔

فاسق (فا-سِق) بدکار مرد جمع فاسقین، فسقہ، فسّاق۔

فاسقہ (فا-سِ-قَہ) بدکار عورت۔

فاش (فا-ش) ظاہر، آشکارا۔

فاشرا (فا-شِ-را) ایک جڑی۔

فاصل (فا-صِل) جدا کرنے والا۔

فاصلہ (فا-صِ-لَہ) دوری، فرق جمع فواصل۔

فاضل (فا-ضِل) صاحب فضل جمع فضلا، زیادہ۔

فاضلہ (فا-ضِ-لَہ) عالمہ، جو بچ رہے، زیادہ جمع فواضل۔

فاطن (فا-طِن) سخن، جمع فاطن، فواطن۔

فاطر (فا-طِر) پیدا کرنے والا، خالق۔

فاطن (فا-طِن) دانا، عقلمند۔

فاطمہ (فا-طِ-مَہ) وہ عورت جس نے بچہ کا دودھ چھڑا دیا ہو۔

فاعل (فا-عِل) کام کرنے والا، مزدور جمع فعلہ۔

فاغیہ (فا-غِ-یَہ) حنا کا پھول۔

فاق (فا-ق) تیر کا سوفار۔

فاقد (فا-قِد) کھونے، گم کر دینے والا۔

فاقع (فا-قِع) گہرا پیلا رنگ۔

فاقہ (فا۔ قہ) بھوکا مرنا۔ فقیری۔ حاجت –

فاقہ کشی (فا۔ قہ۔ کَشی) فاقہ کرنا –

فاقہ مست (فا۔ قہ۔ مَس۔ ت) مفلس۔ فاقہ میں مست

فاقہ مستی (فا۔ قہ۔ مَس۔ تی) فاقہ میں بےفکری۔

فاک۔ فکات احمق آدمی –

فاکر (فا۔ کِر) سوچنے والا۔ فکر کرنے والا۔

فاکہانی (فا۔ کِہا۔ نی) میوہ فروش –

فاکہہ (فا۔ کِہہ) ہر میوہ جمع فواکہ، میوہ جات

فال (فال) شگون جمع فوال و افوال –

فالج (فا۔ لِج) ایک مرض –

فالق (فا۔ لِق) چیر پھاڑ کرنا یا شگافنے والا –

فالودہ (فا۔ لو۔ دہ) نام کھانا یا مشہور کھانا –

فالوذہ، فالوذج (فا۔ لو۔ ذَہ، فا۔ لو۔ ذَج) دیکھو فالودہ

فالیز (فا۔ لیز) دیکھو پالیز۔

فام (فام) رنگت۔ رنگ۔ لون –

فانوس (فا۔ نُوس) کنول۔ چراغدان۔ شمع جس میں۔

فانوسِ خیال (فا۔ نو۔ سِ۔ خیال) ایک قسم کی قندیل –

فانہ (فا۔ نہ) دیکھو پانہ –

فانی (فا۔ نی) فنا ہونے والا –

فانیذ (فا۔ نیذ) شکر کی سفید قند –

فانیلہ (فا۔ نی۔ لہ) بنیان –

فائت (فا۔ ئِت) فوت ہونے والا –

فائح، فائحہ (فا۔ ئِح، فا۔ ئِحہ) خوشبو، وہ چیز جو مہکے جمع فوائح –

فائدہ (فا۔ ئِ۔ دہ) نفع، سود جمع فوائد –

فائدہ مند (فا۔ ئِ۔ دہ۔ مَند) نفع والا، فائدہ والی چیز۔

فائدہ مندی (فا۔ ئِ۔ دہ۔ مَن۔ دی) فائدہ ہونا۔

فائز (فا۔ ئِز) پہنچنے والا –

فائز المرام (فا۔ ئِزُل۔ مَرام) مقصد پر پہنچنے والا۔

فائزہ (فا۔ ئِ۔ زہ) پہنچنے والی –

فائض (فا۔ ئِض) بکثرت بہنے والا۔

فائضہ (فا۔ ئِ۔ ضہ) فیض دینے والی

فائق (فا۔ ئِق) بلند ہونے والا۔ بہتر –

فائقہ (فا۔ ئِ۔ قہ) بلند ہونے والی –

فبہا (فَ۔ بِہا) اس کیا کہنا۔ بہتر۔ بہت خوب –

فتق (فَتْق) دراڑ ہونا –

فتا (فَتا) جوانمردی۔ نوجوان آدمی۔ جوانی –

فتات (فَتات) جوان عورت –

فتاتہ (فُتا۔ تہ) ریزہ۔ چورا –

فتاح (فَت۔ تاح) نام اللہ تعالیٰ کھولنے والا –

فتادگی (فِتا۔ دَ۔ گی) گرا ہونا۔ پڑا ہونا –

فتادن (فِتا۔ دَن) گرنا۔ پڑنا –

فتادنی (فِتا۔ دَ۔ نی) گرنے کے لائق –

فتادہ (فِتا۔ دَہ) گرا ہوا۔ پڑا ہوا –

فتاریدن، فتالیدن (فَتا۔ ری۔ دَن، فَتا۔ لی۔ دَن) پھاڑنا۔ جدا کرنا۔ اینٹھنا –

فتاق (فِتاق) وہ چیز جس سے خمیر تیار کیا جائے

فتال (فَت۔ تال) ماہر۔ مستعد۔ تیز –

فتاوی (فَتا۔ وی) فتوی کی جمع

فتح (فَتْح) کشائش۔ جیت جمع فتوح و فتوحات کھولنا۔ جیتنا –

فتح الباب، فتح باب (فَت۔ حُل۔ باب، فَت۔ حِ۔ باب) دروازہ کھولنا –

فتحمند (فَتْح۔ مَند) جیتنے والا –

فتحمندی (فَتْح۔ مَن۔ دی) جیت –

فتحنامہ (فَتْح۔ نا۔ مہ) جیت کی تحریری اطلاع

فتح نشان (فَتْح۔ نِشان) جیت کا جھنڈا –

فتح نصیب (فَتْح۔ نصیب) جیتنے والا –

فتحہ (فَت۔ حہ) زبر۔ نصب –

فتحیاب (فَتْح۔ یاب) جیت پانے والا –

فتحیابی (فَتْح۔ یا۔ بی) جیت پانا –

فتور (فُتور) خلل۔ جھگڑا –

فتر (فِتْ۔ر) کُنّا ذکی۔
فتراک (فِتْ۔راک) شکار بند جو زین میں لگا ہو۔
فترت (فَتْ۔رَت) سستی، ضعف، دو پیغمبروں کے درمیان کا وقفہ ج فترات۔
فتردن (فَتْ۔رَ۔دَن) چیرنا، پھاڑنا، ٹکڑے کرنا۔
فتریدن (فَتْ۔رِی۔دَن) دیکھو فتادن، اڑانا
فتش (فَتْ۔ش) ڈھونڈھنا، کریدنا۔
فتق (فَتْ۔ق) کُنّا ذکی، خصیے بڑھ جانے کی بیماری۔
فتل (فَتْ۔ل) بٹنا، مروڑنا۔
فتلیدن (فَتْ۔لِی۔دَن) دیکھو فتریدن۔
فتن (فَتْن) آزمانا۔
فتنہ (فِتْ۔نَہ) شور، خونی، آشوب، گناہ ج فِتَن
فتنہ انگیز (فِتْ۔نَہ۔اَنْ۔گیز) فتنہ اٹھانے والا۔
فتنہ انگیزی (فِتْ۔نَہ۔اَنْ۔گی۔زی) فتنہ اٹھانا۔
فتنہ سامانی (فِتْ۔نَہ۔سا۔ما۔نی) فتنہ کا ساز و سامان
فتوت (فُتُوَّت) جوانمردی، مروت۔
فتودن (فُتُو۔دَن) ضعیف ہونا، توقف کرنا، معذور ہونا
فتور (فُتُور) خرابی، سستی، ہاتھ پاؤں ٹوٹنا۔
فتویٰ (فَتْ۔وا) شرعی حکم ج فتاویٰ۔
فتہ (فِتْ۔تَہ) آٹے کی کرسی، پنگھوڑا۔
فتی (فَتا) جوان، جوانمرد، سخی ج فتیان، فُتُوَّہ، فتیہ (فِتْ۔یَہ) جوان آدمی۔
فتیا (فُتْ۔یا) فتویٰ۔
فتیان (فَتَیان) دو جوان، دن رات۔
فتیق (فَتیق) پو صبح، نکھار۔
فتیلہ (فَتی۔لَہ) بتی۔
فتیہ (فَتیَہ) جوان عورت۔
فج (فَج) پہاڑوں کا راستہ (ج فجاج) اکھڑ، خام۔
فجاجت (فَجا۔جَت) خامی، کچا پن
فجار (فَج۔جار) بڑا بدی کرنے والا۔
فجر (فَج۔ر) صبح، فجور (فُجُور) جرأت، بدی، بخشش
احسان، فُجّار فاجر کی جمع۔
فجعت (فَج۔عَت) دردمندی، مصیبت۔
فجل (فُجْل، فُجُل) مولی، ترب، فَجَل (فَجَ۔ل) موٹا ہونا، ڈھیلا رہنا۔
فجور (فُجُور) گناہگاری، زناکاری (فُجّار) گناہگار، جفاکار۔
فجیعت (فَجی۔عَت) درد، سخت مصیبت۔
فح (فَح) پھنکار۔
فحاش (فَح۔حاش) بےشرم، سخت بدزبان، بخیل۔
فحام (فَح۔حام) کوئلہ فروش۔
فحش (فُحْش) بدی، الام کاف۔
فحشا (فَح۔شا) برا کام، حرامکاری۔
فحص (فَحْص) ڈھونڈھنا۔
فحض (فَحْض) بڑا پھل یا تر چیز تراشنا۔
فحفاح (فَح۔فاح) ایک بہشتی نہر۔
فحل (فَحْل) نر، مذکر ج فحال، فحول، سُہیل تارہ۔
فحم (فَحْم، فَحَم) کوئلہ، انگشت۔
فحوا، فحویٰ (فَح۔وا) خلاصہ، مضمون، معنی، مطلب ج فحاوی۔
فحیح (فَحیح) سانپ کی آواز۔
فحیل (فَحیل) دیکھو فحول۔
فخ (فَخ) شکاری جال۔
فخار (فَخ۔خار) ٹھیکری، کمہار، سوکھی ہوئی مٹی کا بنا برتن (فَخّار) بڑا ناز کرنے والا۔
فخامت (فَخا۔مَت) بزرگی، قدر، بلندی، موٹا پن۔
فخبر (فَخ۔بَر) دیکھو فخر، انسان کا چہرہ۔
فخت (فَخْت) چاندنی، چاند کی روشنی۔
فخذ (فَخِذ) دو ران، جانگھ ج افخاذ
فخر (فَخْر) غرور، گھمنڈ، ناز۔
فخری (فَخ۔ری) انگور کی ایک قسم، فخر سے منسوب۔

فخریہ (فَخْ۔ رِی۔ یَہ) فخر کے طور پر، فخر سے منسوب
فخفرہ (فِخْ۔ فِرَہ، فلفہ جو) گیہوں کی بھوسی۔
فخلہ (فَخْ۔ لَہ) زبان دراز عورت۔
فخیدان (فَخْ۔ یِ۔ دَن) کپاس اوٹنا۔
فخیدہ (فَخْ۔ یِ۔ دَہ) اوٹی ہوئی کپاس۔
فخور (فَخُور) نازاں، اترانا (فخور) اترانے والا۔
فخیخ (فَخِیخ) نیند کے خراٹے۔
فخیر (فَخِیر، فعایل بمعنی ۲۔ ساتھ فخر کرنے والا (فخیر)
فخیر، بہت فخر کرنے والا۔
فخیم (فَخِیم) بزرگ قدر، بڑی چیز۔
فدا (فِدا) قیدی کی رہائی کا معاوضہ۔ صدقہ،
بدلہ، قربان۔
فداد (فَدّاد) سخت آواز کا آدمی۔
فدامت (فَدا۔ مَت) جفاکاری، سختی۔
فدان (فَدّان) ہل، بیلوں کا جوڑا، ایکڑ جیسی پیمائش
فدائی (فِدا۔ ئی) قربان ہونے والا۔
فدرنگ (فَدْ۔ رَنگ) دوا نہ کی اثر دار۔
فدرہ (فِدْ۔ رَہ) گوشت کی بوٹی، بچا، فدرہ (فَدْ۔ رَہ)
بوریا، چٹائی۔
فدفد (فَدْ۔ فَد) جنگل، ہموار زمین۔
فدوی (فِدْ۔ وِی) قربان ہونے والا۔
فدیہ (فِدْ۔ یَہ) مال قیدی کی عوض میں۔
فذلک (فَذْ۔ لَک) حاصل، باقی، عاقبت، رقم
جمع حساب بعد تفصیل۔
فر (فَرّ) بھاگنے والا، بھاگنے والے (فُرّ، جمع)
زیبا، لونا، سرچھائیں۔
فرا (فَرا) کلمۂ زاید، آگے، قبل، نزدیک، دور،
اوپر، گورخر (فَرا) پستی سیئے والا:
فرات (فُرات) نام دریا (عراق)
فراتر (فَرا۔ تَر) پیشتر۔
فراترک (فَرا۔ تَرَک) پیشترک۔

فراخ (فَراخ) وسیع، چوڑا، بہت۔
فراخا (فَرا۔ خا) کشادگی، سیر سے۔
فراختن (فَراخ۔ تَن) دیکھو افراختن مصدر فرازد۔
فراختنی (فَراخ۔ تَنی) بلند کرنے لائق۔
فراختہ (فَراخ۔ تَہ) بلند کیا ہوا۔
فراخور (فَرا۔ خُور) لائق، سزاوار۔
فراخوری (فَرا۔ خُوری) سزاواری، لائقی۔
فراخی (فَرا۔ خی) کشادگی۔
فراخیدن (فَرا۔ خی۔ دَن) بدن کا سن گرم ہو جانا۔
فرادی (فُرا۔ دی) فرد کی جمع، الگ الگ۔
فرادیس (فَرا۔ دِیس) فردوس کی جمع۔
فرار (فِرار) بھاگ، بھاگ جانا (فَرّار) بھگوڑا۔
فراری (فَرا۔ ری) بھاگا ہوا، بھگوڑا۔
فراز (فَراز) کلمۂ ندا، بلند، اوپر، کشادہ،
نشیب کے مقابل، آگے، سامنے، بلندی، پستی۔
فرازندہ (فَرا۔ زِنْ۔ دَہ) بلند کرنے والا
فرازی (فَرا۔ زی) بلندی، اونچائی۔
فرازیدن (فَرا۔ زی۔ دَن) بلند کرنا، کھڑا کرنا۔
فراس (فَراس) شیر (فِراس) ترنج آستیں۔
فراست (فِراست) سمجھ، عقلمندی، قیافہ (فُرا۔
سَت) گھوڑے کی شناخت کا علم۔
فراش (فِراش) بستر، بچھونا، جمع افرشہ (فَرّاش)
پروانہ (فَرّاش) فرش بچھانے والا۔
فراشتن (فَراش۔ تَن) دیکھو افراشتن۔
فراشہ (فَرا۔ شَہ) عجز، تشنگی، پروانہ (فُرا
شَہ) جھاڑو۔
فراشیدن (فَرا۔ شی۔ دَن) جاڑا چڑھنا۔
فراغ (فَراغ) چھٹی، آرام، فرصت۔
فراغبالی (فَراغ۔ بالی) بے فکری۔
فراغت (فَرا۔ غَت) فرصت، شغل۔
فراق (فِراق) جدائی۔

فرامش، فرامشت (فرا۔ مُش، فرا۔ مُشت) دیکھو فراموش ۔

فرامشی (فرا۔ مُشی) دیکھو فراموشی ۔

فراموش (فرا۔ مُوش) بھول، چوک ۔

فراموش خانہ (فرا۔ مُوش۔ خا۔ نہ) فری میسن لاج

فراموشی (فرا۔ مُو۔ شی) بھولا ہوا ایک ۔

فراموشیدن (فرا۔ مُو۔ شی۔ دَن) بھولنا، چوکنا ۔

فرامین (فرا۔ مِین) فرمان کی جمع ۔

فرانساوی، فرانسوی (فران۔ سا۔ وی) فرانسی، فرانسیسی ۔

فرانسہ، (فران۔ سَہ) فرانس (مغربی یورپ)

فرانسیسی (فران۔ سی۔ سی) ملک فرانس سے منسوب ۔

فراوان (فرا۔ وان) بہت زیادہ ۔

فراوانی (فرا۔ وا۔ نی) زیادتی، کثرت ۔

فراویز (فرا۔ ویز) دامن کی سنجاف ۔

فراہت (فرا۔ ہَت) فن کی استادی ۔

فراہم (فرا۔ ہَم) اکٹھا، جمع شدہ

فرائد (فرا۔ ئِد) فریدہ کی جمع ۔

فرائض (فرا۔ ئِض) فریضہ کی جمع ۔

فربہ (فَر۔ بہ) موٹا ۔

فربہی (فر۔ بہی) موٹاپا ۔

فربل (فر۔ بل) موٹا، بھدا ۔

فرت (فُرت) جلدی (فرت سے) جانا ۔

فرتوت، فرتود (فَر۔ تُوت، فر۔ تُود) بوڑھا پھونس ۔

فرث (فَرْث) اوجھڑی کے اندر کا پاخانہ ۔

فرج (فَرْج) عورت کا اندام نہانی، چھید سوراخ جمع فروج (فروج) آگے کا سوراخ، تفریح آرام (فرح)، فرّج ہلکے پیٹ کا آدمی ۔

فرجار (فر۔ جار) پرکار ۔

فرجام (فر۔ جام) انجام، انتہا، لائق

فرجہ (فُر۔ جہ) پہرنا، پروا ۔

فرجند (فر۔ جَند) صاحب شکوہ ۔

فرجون (فر۔ جُون) کھرہرا ۔

فرجہ (فُر۔ جَہ) فرصت، تماشا، شگاف جمع فرجات (فُر۔ جات) خالی مکان، فرجہ، حصے کی جگہ ۔

فرجہ جو (فر۔ جہ۔ جُو) فرصت ڈھونڈنے والا ۔

فرح (فَرَح) خوشی جمع افراح (اف۔ راح) خوشی ۔

فرحت (فر۔ حَت) خوشی

فرحت آثار (فر۔ حت۔ آ۔ ثار) شادی، خوش خرم ۔

فرخ (فَرْخ) چوزہ، پرندہ کا بچہ جمع افراخ (اف۔ راخ) فرّخ (فر۔ رُخ) مبارک، خوبصورت، خوش ۔

فرخاش (فر۔ خاش) دیکھو پرخاش ۔

فرخج (فر۔ خَج) بدزیب، نازیبا، گھوڑے کا بچہ

فرخندہ (فر۔ خُن۔ دَہ) مبارک، خجستہ ۔

فرخویدن (فر۔ خو۔ یدن) درختوں کی ٹہنیاں یا تاک وغیرہ چھانٹنا ۔

فرخیدن (فر۔ خی۔ دَن) پرانا ہونا ۔

فرد (فَرْد) اکیلا آدمی جمع افراد، جمع فرادی کاغذ کا ایک پرت، دفتر کا کاغذ جمع فردات ۔

فردا (فر۔ دا) آئندہ کل ۔

فردوس (فر۔ دَوس) بہشت جمع فرادیس ۔

فردی (فر۔ دِی) فہرست، کاغذ کا پرت جمع فردیات

فرز (فُرز) دیکھو فرزب ۔

فرزان (فر۔ زان) علم و دانش ۔

فرزانگی (فر۔ زا۔ نگی) دانشمندی ۔

فرزانہ (فر۔ زا۔ نہ) دانشمند، عقلمند ۔

فرزجہ (فر۔ زَجہ) شیافہ، پردہ ۔

فرزد و فرزدہ (فر۔ زَد) آٹے کا پیڑا ۔

فرزند (فر۔ زَند) بیٹا، بیٹی ۔

فرزندی (فر۔ زَن۔ دِی) بیٹا ہونا ۔

فرزہ (فر۔ زہ) گھاس، پرزا

فرزی، فرزین، فرزینی (فر۔ زِین) وزیر، مہرۂ شطرنج

فرس: (فَ رَس) گھوڑا، گھوڑی جمع افراس، اَفرُس (فُرس) ایرانی، اہلِ ایران (فَرْس) شیر کا شکار کو مار ڈالنا۔

فرسا: (فَر سا) گھِسنے والا، گھٹانے والا، پُرانا ہونے والا۔

فرساو: (فَر سا و) تسکین، دلشنید۔

فرسایندہ: (فَر سا یَن دَہ) گھسانے والا، گھسنے والا، پرانا ہونے والا۔

فرسائیدن: (فَر سا ئی دَن) دیکھو فرسودن۔

فرسپ: (فَر سَپ) شہتیر۔

فرستادن: (فِر س تا دَن) بھیجنا مصدر فرستندہ۔

فرستادنی: (فِر س تا دَ نی) بھیجنے کے لائق۔

فرستادہ: (فِر س تا دَہ) بھیجا ہوا۔

فرستندہ: (فِر س تَن دَہ) بھیجنے والا۔

فرستوک: (فَر س توک) دیکھو پرستوک۔

فرستہ: (فِر س تَہ) دیکھو فرشتہ۔

فرسخ: (فَر سَخ) تین میل جمع فراسخ۔

فرسن: (فِر سِن) قسم۔

فرسنگ: (فَر سَنگ) دیکھو فرسخ۔

فرسود: (فَر سُود) بہت پرانا، گھِسا ہوا۔

فرسودگی: (فَر سُو دَ گی) پرانا پن، گھساؤ، بگاڑ۔

فرسودن: (فَر سُو دَن) گھِسنا، گھسانا، بہت پرانا ہونا مصدر فرسایندہ۔

فرسودنی: (فَر سُو دَ نی) گھسنے کے لائق، پرانا ہونے کے لائق۔

فرسودہ: (فَر سُو دَہ) گھِسا گھِسا، اُٹھا ہوا، بگڑا ہوا۔

فرسودۂ روزگار: (فَر سُو دَ ءِ رو ز گار) زمانہ کا بچھڑا۔

فرش: (فَرْش) بچھونا، بچھانے کی چیز جمع فروش، افرش، فُرُش، فراش کی جمع۔

فرشتہ: (فِ رِش تَہ) ایک آسمانی نورانی مخلوق۔

فرشنہ: (فَر شَ نَہ) برش، فرشنہ، بچھونا۔

فرشی: (فَر شی) فرش سے منسوب، فرش کا، فرش کی، حقہ کی ایک قسم۔

فرص: (فَرْص) کاٹنا، چیرنا، پھاڑنا۔

فرصاد: (فِر صاد) سفید شہتوت۔

فرصت: (فُر صَت) آرام، مہلت جمع فُرَص۔

فرصہ: (فِر صَہ) روئی، کرسف، (فُر صَہ) فرصت، مجال۔

فرض: (فَرْض) ادائیگی، کاٹنا، کسی چیز کا تخمینہ، فرض وہ جو خدا نے دی۔

فرضاً: (فَر ضَن) بطور فرض، باعتبار فرض کے۔

فرضہ: (فُر ضَہ) جہازوں کی گودی، گھاٹ۔

فرضی: (فَر ضی) منسوب بفرض، مانی ہوئی چیز۔

فرط: (فَرْط) زیادتی، غلبہ۔

فرع: (فَرْع) عورت کی چوٹی، مروڑ، شاخ جمع فروع۔

فرعل: (فُر عُل) بجو کا بچہ۔

فرعون: (فِر عَون) اناکا جھگڑالو، متکبر، سرکش، مصری بادشاہوں کا قدیم لقب جمع فراعنہ۔

فرعونی: (فِر عَو نی) منسوب بہ فرعون۔

فرعونیت: (فِر عَو نی یَت) تکبر، سرکشی۔

فرعہ: (فَر عَہ) انکساری۔

فرعی: (فَر عی) منسوب بہ فرع، جو اصلی نہ ہو۔

فرغار: (فَر غار) خوب تر کیا ہوا، بھیگا ہوا۔

فرغاریدن: (فَر غا ری دَن) خوب تر کرنا، بھگونا، گوندھنا۔

فرغر: (فُر غُر) چھوٹا سا تالاب۔

فرغل: (فَر غُل) لبادہ، جاڑوں کا ایک لباس۔

فرغند: (فَر غَند) اکاس بیل، امربیل۔

فرغہ: (فِر غَہ) جلد اور فراخ جگہ۔

فرغیش: (فَر غیش) تنگ، فریفتہ۔

فرفخ: (فَر فَخ) خرفہ کا ساگ۔

فرفر: (فَر فَر) جلدی جلدی۔

فرفرہ: (فَر فَ رَہ) پھرکی، پھیرکی۔

فرفیر: (فِر فیر) گلِ بنفشہ۔

فرق (فَرْق) جدائی، سر کی مانگ، سر جمع افراق
(فِرْق) سپیدۂ سحر، (فُرْ) جدائی، پراگندگی۔

فرقان (فُرْ-قان) قرآن مجید۔

فرقت (فُرْ-قَت) جدائی۔

فرقد (فَرْ-قَد) بچھڑا، نام ستارہ۔

فرقدان، فرقدین (فَرْ-قَدان، فَرْ-قَدَین) دو تارے قطب شمالی کے۔

فرقعہ (فَرْ-قَعَہ) انگلی چٹخانا۔

فرقہ (فِرْ-قَہ) کوئی گروہ، قوم جمع فِرَق۔

فرقہ پرست، فرقہ پسند (فِرْ-قَہ-پَ-رَسْ-ت، فِرْ-قَہ-پَسَنْد) جانبدار قوم یا سیاسی جتھے کا

فرقہ پرستی، فرقہ پسندی (فِرْ-قَہ-پَرَسْ-تی، فِرْ-قَہ-پَسَنْ-دی) قومی طرفداری۔

فرقہ وار (فِرْ-قَہ-وار) فرقہ سے متعلق، فرقہ کی مانند۔

فرقہ وارانہ (فِرْ-قَہ-وا-را-نَہ) فرقہ کی نسبت جھگڑے والا

فرکن (فَرْ-کَن) ندی، نالہ۔

فرکند (فَرْ-کَنْد) در، ڈھیر، کھائی۔

فرگل (فَرْ-گُل) دیکھو فرغل۔

فرما (فَرْ-ما) فرمانے والا۔

فرماسون (فَرْ-ما-سون) فری میسن جو ایک اسرار جماعت ہے

فرمان (فَرْ-مان) حکم، شاہی پروانہ جمع فرامین۔

فرمانبردار (فَرْ-مان-بَرْ-دار) حکم ماننے والا۔

فرمانبرداری (فَرْ-مان-بَرْ-دا-ری) حکم ماننا۔

فرماندہ (فَرْ-مان-دِہ) حاکم، بادشاہ۔

فرمان فرما (فَرْ-مان-فَرْ-ما) گورنر جنرل، بادشاہ

فرمائش (فَرْ-ما-ئِش) حکم، سفارش، کام کا حکم، مانگ

فرمائشی (فَرْ-ما-ئِ-شی) حسب مرضی، مصنوعی۔

فرمایندہ (فَرْ-ما-یَن-دَہ) فرمانے والا۔

فرمشت (فَرْ-مُشْت) فراموش۔

فرمشتی (فَرْ-مُشْ-تی) فراموشی۔

فرمودن (فَرْ-مو-دَن) فرمانا، ارشاد، مصدر فرماید

فرمودنی (فَرْ-مو-دَنی) فرمانے کے لائق۔

فرمودہ (فَرْ-مو-دَہ) فرمایا ہوا۔

فرموش (فَرْ-موش) دیکھو فراموش۔

فرناس (فِرْ-ناس) گاؤدی، کم عقل، شیر ببر، احمق آدمی
(فُرْ-ناس) پسند کا ماننا، غافل، برناس۔

فرناق (فَرْ-ناق) طہارت خانہ۔

فرنج (فِرَنْج) دیکھو فرنگ۔

فرنجک (فَرَنْ-جَک) کابوس۔

فرند (فِرِنْد) تلوار کا جوہر، تلوار۔

فرنسا (فَرَنْ-سا) ملک فرانس (مغربی یورپ)

فرنساوی (فَرَنْ-سا-وی) فرانس کا باشندہ۔

فرنسیس (فَرَنْ-سیس) دیکھو فرنسا۔

فرنسیسی (فَرَنْ-سی-سی) فرانسیسی، فرنساوی۔

فرنگ، فرنگ، فرانس کا قدیم نام، یعنی یورپین

فرنگ (فِرَنْگ) یورپ، گورا چٹا رنگ۔

فرنگستان (فِرَنْ-گِس-تان) یورپ۔

فرنگی (فِرَنْ-گی) یورپین، یورپی۔

فرو بز (فَرْو-بَز) کم، دیکھو (فَرْ-وْ) لومڑی کی کھال بنائی ہوئی

فروار (فَرْ-وار) دیکھو پروار۔

فروتن (فُرو-تَن) عاجز۔

فروتنی (فُرو-تَ-نی) عاجزی۔

فروج (فَرْ-رُوْج) شلوکا۔

فروجہ (فَرْ-رُوْ-جَہ) مرغی کا چوزہ جمع فراریج۔

فروخت (فَرو-خْت) بکری۔

فروختار (فَرو-خْ-تار) بیچنے والا، بیچا۔

فروختگی (فَرو-خْ-تَگی) بکائی، بکری۔

فروختن (فَرو-خْ-تَن) بیچنا مصدر فروشندہ
روشن کرنا مصدر فروزندہ۔

فروختنی (فَرو-خْ-تَنی) بیچنے کے لائق، روشن کرنے کے لائق

فروختہ (فَرو-خْ-تَہ) بیچا ہوا، روشن۔

فرود (فُرود) نیچے، زیر، تحت، (فُرو-دْ) بجھا ہوا۔

فروداشت (زبرو) ف۔ مث۔ آخر، پایاں۔

فرو آمدن (زبرو) ف۔ مص۔ اُترنا، مضا فرود آید۔

فرو دست (زبرو) ف۔ ص۔ زیر دست۔

فرودگاہ (زبرو و کاف) ف۔ ا۔ ٹھکانا، اُترنے کی جگہ۔

فروردین (زبرو۔ سکون) ف۔ ا۔ ایرانی سال کا پہلا شمسی مہینہ۔

فروز (زبرو) : چمک۔

فروزاں (زبرو) ف۔ ص : روشن، سوزاں۔

فروزیدہ (زبرو۔ زیر ی) ف۔ ص۔ روشن، افروختہ۔

فروسیدہ (زبرو۔ زیر ی) ف۔ ص۔ [illegible] ملا اینٹھن۔

فروست، فروسیت (زبرو) ع۔ مث۔ (فتحہ ر) شہسواری، گھوڑے کی سواری، گھوڑے کی پہچان۔

فروش (زبرو) ف۔ ص۔ بیچنے والا، فروختن مص کا امر۔

فروشاندن (زبرو) ف۔ مص۔ اُڑانا، ہانکنا (زبرو) شاں۔ (زبر) فراشاندن کا مخفف۔

فروشانیدن (زبرو) ف۔ مص۔ بکھرانا۔

فروشندہ (زبرو) ف۔ ص۔ بیچنے والا۔

فروشیدن (ضمہ ش) ف۔ مص۔ بیچنا۔

فروشیدنی (زبرو) ف۔ ص۔ بیچنے کے لائق۔

فروغ (ضمہ ر) ف۔ ا۔ [illegible] کی صبح۔

فروغ (ضمہ غ) ف۔ ا۔ روشنی، چمک۔

فروق (زبرو) ع۔ ص۔ فرق کرنا، فروق، فرق کرنے والا۔

فروکش (زبرو۔ کش) : اُترنے والا۔

فروکشی (زبرو۔ کش) : اُترنا۔

فروگذاشتہ (زبرو۔ گذ) ف۔ ص۔ [illegible] ہوا، چھوٹا۔

فروماندگی (زبرو) ف۔ مث۔ عاجزی، لاچاری۔

فروماندن (زبرو) ف۔ مص۔ عاجز ہونا، مضا فرو ماند۔

فروماندہ (زبرو) ف۔ ص۔ عاجز، لاچار۔

فرومایگی (زبرو) ف۔ مث۔ کمینہ پن، اوچھا پن۔

فرومایہ (زبرو) ف۔ ص۔ کمینہ، اوچھا۔

فروگذشت (زبرو) ف۔ مث۔ کوتاہی، فروگذاشت، بیکاری۔

فروہلیدن (زبرو) ف۔ مص۔ چھوڑنا، لٹکانا۔

فرہ، فرّہ (زبر ف) ف۔ مث۔ شان و شوکت، عظمت، شکوہ، صفت، خوش مزاجی، (فربہ) : بہت خوش، فارہ، فربہی۔

فرہختن (زبر ف) ف۔ مص۔ تربیت دینا۔

فرہخت (زبر ف) ف۔ مث۔ ادب : [illegible]

فرہنج (زبر ف) ف۔ ا۔ ادب۔

فرہنجیدن (زبر ف) ف۔ مص۔ ادب کرنا، ادب سکھانا۔

فرہنگ (زبر ف) ادب، عقل، بزرگی، لغات کی کتاب۔

فرہیختن (زبر ف) : دیکھو فرہختن۔

فریاد (زبر ف) ف۔ ا۔ دہائی۔

فریادرس (زبر ف) ف۔ ص۔ فریاد کو پہنچنے والا۔

فریادرسی (زبر ف) ف۔ مث۔ فریاد کو پہنچنا۔

فریادی (زبر ف) ف۔ ص۔ دہائی دینے والا۔

فریاخ (زبر ف) ف۔ ص۔ فراخ۔

فریب (زبر ف) ف۔ ا۔ دھوکا، مکر، چھل۔

فریبا (فریب سے) : فریفتہ۔

فریب خوردہ (زبر ف) ف۔ ص۔ فریب کھایا ہوا۔

فریبندہ (فریب سے) ف۔ ص۔ فریب دینے والا، فریب کرنے والا۔

فریبی (فریب سے) ف۔ ص۔ فریب دینے والا۔

فریج (زبر ف) : دیکھو فرج۔

فرید، فریدہ (زبر ف) ع۔ ص۔ تنہا، اکیلا، جمع فرائد۔

فریز (زبر ف) ف۔ ا۔ دوب گھاس، بال [illegible]۔

فریشا (زبر ف) ف۔ ا۔ ایک شہر کا نام۔

فریب (زبر ف) [illegible]

فریسی (زبر ف) [illegible]

فریضہ (زبر ف) ع۔ مث۔ [illegible] جمع فرائض۔

فریفتگی (زبر ف) ف۔ مث۔ عاشقی، بے خودی۔

فریفتن (زبر ف) ف۔ مص۔ فریب دینا، فریفتہ کرنا، عاشق ہونا، مضا فریبد۔

فریفتہ (زبر ف) ف۔ ص۔ عاشق، فریب دیا ہوا، فریب کھایا ہوا۔

فریق (فَرِیق) ع ل، جماعت، فرقہ، انبوہ، حریف، فریق۔
فریقانہ (فَرِیقا۔نَہ) فریق کی مانند۔
فریقِ ثانی (فَرِیقِ ثا۔نی) مقابل جتھا۔
فریقین (فَرِی۔قَین) دونوں مقابل جتھے۔
فریوردن (فَرِے۔وَر۔دَن) [illegible] میں اکٹھا ہونا۔
فریوک (فَرِے۔وُک) بیچ، فریب دہ۔
فریہ (فِر۔یَہ) جھوٹ، افترا۔
فزا (فَ۔زا) بڑھنے والا، بڑھانے والا۔
فزائش (فَزا۔ئِش) بڑھوار، بڑھوتری۔
فزاینده (فَزا۔یَن۔دَہ) بڑھنے والا، بڑھانے والا۔
فرنج (فَرَنج) [illegible] افرنج، [illegible] بڑھنے والا [illegible]
فزود (فَزُود) دیکھو افزود۔
فزودن (فَزُو۔دَن) بڑھنا، بڑھانا، مضارع فزاید۔
فزوده (فَزُو۔دَہ) بڑھا ہوا، بڑھایا ہوا۔
فزوں (فَزُوں) افزوں، دیکھو فزونی۔
فزونی (فَزُو۔نی) دیکھو افزونی۔
فژولیدن (فَژُو۔لی۔دَن) [illegible] پژمردہ کرنا یا ہونا، پریشان کرنا یا ہونا (فَژُو۔لی۔دَن) لفظا کرنا۔
فساد (فَسا۔د) ابتر، بگاڑ، جو آفت، فتنہ ذات۔
فسادی (فَسا۔دی) فساد کرنے والا۔
فسار (فِسار) دیکھو افسار۔
فساق (فُسّاق) فاسق کی جمع۔
فسان (فَسان) دھار تیز کرنے کا پتھر، فسانہ۔
فسانہ (فَسا۔نَہ) دیکھو افسانہ۔
فسانیدن (فَسا۔نی۔دَن) منتر کرنا، رام کرنا، افسانہ کہنا۔
فسانیده (فَسا۔نی۔دَہ) جادو کیا ہوا، رام کیا ہوا، منتر کیا ہوا۔
فسانندہ (فَسا۔نَن۔دَہ) افسونگر۔
فسائیدن (فَسا۔ئی۔دَن) دیکھو فسانیدن۔
فستان (فُس۔تان) گاؤن جو انگریزی لباس ہے۔
فستق (فُس۔تُق) پستہ جو ایک خشک میوہ ہے۔
فستقی (فُس۔تُقی) پستئی رنگ۔

فسح (فَسح) کشادہ ہونا، ہاتھ پاؤں بڑھانا
کرنا (فُسح) فراخی۔
فسحت (فُس۔حَت) کشادگی اور فراخی۔
فسخ (فَسخ) توڑنا، توڑ پھوڑ، رائے یا ارادہ کی تبدیلی
(فُسخ) سیر، گردش۔
فسر (فَسر) مطلب کھولنا، قارورہ دیکھنا۔
فسردگی (فُسُر۔دَگی) دیکھو افسردگی۔
فسردن (فُسُر۔دَن) دیکھو افسردن، مضارع فسرد۔
فسردنی (فُسُر۔دَنی) ٹھٹھرنے کے لائق۔
فسرده (فُسُر۔دَہ) دیکھو افسرده۔
فسره (فَسَرَہ) جاڑا، لرزہ۔
فسفاس (فَس۔فاس) کند تلوار۔
فسفر (فَس۔فَر) فاسفورس۔
فسق (فِسق) ترکِ امرِ حق، برے اعمال۔
فسقیه (فِس۔قِیَہ) حوض۔
فسکل (فِس۔کِل) انکسی، کاہل، (فُس۔کُل)
گھڑ دوڑ میں سب سے پیچھے کا گھوڑا۔
فسل (فَسل) بے مروت، ادنا، ناکارہ آدمی، جمع فسول، افسال۔
فسو (فُسو) پھسکی، چُس کرنا۔
فسوس (فُسُوس) ٹھٹھول، دل لگی، حسرت، افسوس۔
فسوسیدن (فُسُو۔سی۔دَن) افسوس اور حسرت کرنا،
ٹھٹھول کرنا۔
فسوق (فُسُوق) دیکھو فسق۔
فسوں (فُسُوں) دیکھو افسوں۔
فسوں کار (فُسُوں۔کار) جادو کا کام کرنے والا۔
فسیح، فسیحه (فَسیح، فَسی۔حَہ) وسیع، فراخ، کشادہ۔
فسیق (فِسّیق) جو فسق میں پکا ہو۔
فسیل (فَسیل) پودا، نونہال۔
فش (فَش) دیکھو پش (پَش) ایسی بات جیسے
پش، فوارہ، [illegible] ایال، گھوڑے کی دم۔
فشا (فِشا) چھانٹنے والا۔

فشار (فِشار) نچوڑ، بھینچ، نچوڑنے والا، بھینچنے والا
(فُشار) بھڑاس، ابھریاں۔
فشاردن (فِشار دن) نچوڑنا، بھینچنا۔ مصدر فشارد
فشاردنی (فِشار دنی) نچوڑنے کے لائق۔
فشاردہ (فِشار دہ) نچوڑا ہوا۔
فشافش (فَشا فَش) تیروں کی بارش کا شور۔
فشاں (فِشاں) جھاڑتا ہوا، جھاڑنے والا۔
فشاندن (فِشاں دن) جھاڑنا۔ مصدر فشاند۔
فشاندنی (فِشاں دنی) جھاڑنے کے لائق۔
فشاندہ (فِشاں دہ) جھاڑا ہوا۔
فشانندہ (فِشا نندہ) جھاڑنے والا۔
فشانی (فِشا نی) جھڑائی۔
فشر (فَشر) بیہودہ بات۔
فشردن (فُشُر دن) نچوڑنا، مصدر فشرد۔
فشردنی (فُشُر دنی) نچوڑنے کے لائق۔
فشردہ (فُشُر دہ) نچوڑا ہوا۔
فشست (فَشَست) پھٹکار۔
فشنگ (فِشَنگ) پٹاخہ، کارتوس۔
فشیدن (فَشی دن) نچوڑ دور کرنا۔
فص (فَص) نگینہ، نگ، بیچ کا حصہ، شطرنج کا مہرہ،
چوسر کی گوٹ جمع فصوص۔
فصاحت (فَصا حَت) خوش زبانی، خوش گوئی۔
فصاد (فَصّاد) فصد کھولنے والا، جراح (فِصاد) جمع فصید
فصادی (فَصّا دی) جراحی۔
فصال (فِصال) جدائی، بچے کی دودھ چھڑائی (فَصّال)
جدا کرنے والا، دربان۔
فصح (فِصح) نصرانیوں کی عید۔
فصد (فَصد) رگ کھولنا۔
فصل (فَصل) جدائی، ٹکڑا، موسم، ... جمع فصول
فصیح (فَصیح) خوش گو، تیز زبان، جمع فصحا، فصحاء
فصیلہ (فَصیلہ) جس کا دودھ چھڑایا گیا ہو، جمع فصائل۔

فصیل (فَصیل) شہر کی دیوار، بچے کی جدائی، جمع فصائل
اونٹ کا بچہ۔
فضا (فَضا) میدان، کھلی ہوئی جگہ، جمع افضیہ (فُضا)
پانی جو زمین پر جاری ہو۔
فضائح (فَضائح) (فِضاح) جمع فضیحت، رسوائی۔
فضاحت (فَضا حَت) قباحت۔
فضالہ (فُضا لہ) دیکھو فضلہ۔
فضائل (فَضائل) فضیلت کی جمع۔
فضائل (فَضائل) فضیلت کی جمع۔
فضح (فَضح) رسوائی، رسوا کرنا۔
فضل (فَضل) نیکی، افزونی، بخشش، جمع افضال و فضول
فضلا (فُضَلا) فاضل کی جمع۔
فضلہ (فَضلہ) بچا ہوا، پس خوردہ،
بچی کچھی، بیکار چیز، جمع فضلات۔
فضوح (فُضوح) رسوائی۔
فضول (فُضول) زیادتی، بیکار، فضل کی جمع (فَضول) زیادہ گو
فضول خرچ (فُضول خرچ) بیکار خرچ کرنے والا۔
فضول خرچی (فُضول خرچی) اسراف، بیکار خرچ
فضول گو (فُضول گو) بکّی۔
فضول گوئی (فُضول گوئی) بکواس۔
فضولی (فُضولی) بکواس، جھگڑا، بکواسی۔
فضہ (فِضّہ) چاندی۔
فضیح (فَضیح) رسوا۔
فضیحت (فَضی حَت) رسوائی، بدنامی، جمع فضائح
فضیحتی (فَضی حَتی) رسوا، بدنام۔
فضیلت (فَضی لَت) بزرگی، بڑائی، جمع فضائل
فطام (فِطام) بچے کی دودھ چھڑائی، جدائی۔
فطانت (فَطا نَت) چترائی، عقلمندی۔
فطح (فَطح) چپٹا کرنا (فَطَح) چوڑے سر کا ہونا۔
فطر (فَطر) پھاڑنا، پیدا کرنا، روزہ کھولنا (فِطر) روزہ
کھولنا، روزہ کھولنے والا یا والے (فُطر) کھنب۔

فطرت (فِطْ-رَتْ) پیدائش، جسم، عقلمندی۔
فطرتی (فِطْ-رَتی) چالاک، تیز۔
فطرہ (فِطْ-رَہ) عید کا صدقہ۔
فطری (فِطْ-رِی) خلقی، پیدائشی۔
فطس (فَطَسْ) چوڑی ناک والا۔
فطن (فِطْن) (فِطَان، فُطُونۃ، فِطْنۃ) ہوشیاری (فَطِن) فطن، ہوشیار۔
فطور، فطوری (فُطُور، فُطُوری) افطاری، ماحضر۔
فطیر (فَطِیر) بِنا آٹا، ضد خمیر۔
فطیس (فِطِّیس) بڑا ہتھوڑا۔
فطیم (فَطِیم) دودھ چھوٹا ہوا بچہ۔
فظ (فَظّ) بدمزاج، سخت دل، بدزبان۔
فظاظت (فَظَاظَت) درشتی، بدمزاجی۔
فظیظ (فَظِیظ) آب منی۔
فظیع (فَظِیع) بڑی بری بات۔
فعّال (فَعَّال) کار ت، عورت عام (ج۔ فعال) کام کرنیوالا، (فِعَال) فعل کی جمع۔
فعل (فِعْل) کام، عمل، حرکت، کلمہ جو معنی حدثی پر دلالت کرے (ج۔ افعال)، (فَعْل) کرنا
فعلاً (فِعْ-لاً) بطور فعل، باعتبار فعل۔
فعلہ (فَعَلَہ) فاعل کی جمع۔
فغ (فَغّ) بت، صنم، صورت۔
فغاک (فَغَّاک) پاگل، نادان، حرامزادہ۔
فغان (فُغَان) نالہ، فریاد۔
فغر (فَغْر) منہ کھولنا۔
فغفور (فَغْ-فُور) چین کے قدیم بادشاہوں کا خطاب۔
فغم (فَغْم) للچانا۔
فغند (فَغَنْد) دیکھو زغند۔
فف (فَفّ) دیکھو پف۔
فق (فَقّ) خوفزدہ، پریشان۔
فقا (فَقَا) آنکھ پھوڑنا۔

فقاح (فُقَّاح) پھول، کلی، انکور۔
فقارت (فَقَارَت) پشت کا مہرہ، ریڑھ کی ہڈی، ج فقار۔
فقاع، فقاعی (فُقَّاع، فُقَّاعی) لال رنگ کا آدمی، (فُقَّاع) جو کی شراب، بلبلہ، حباب، بوزا۔
فقاہ، فقاہت (فَقَاہَت، فَقَاہۃ) سمجھ، عقلمندی۔
فقد (فَقْد) گم کرنا، گم ہونا۔
فقدان (فُقْ-دَان) گم، نایابی، کمی۔
فقر (فَقْر) افلاس، غربت، فقیری، کھودنا (فِقَر) جانب ج فقرہ۔
فقرہ (فِقْ-رَہ) عبارت کا ٹکڑا، مہرہ، ج فِقَر، فقرات (فَقْ-رَہ) ہڈیوں کا توڑ دینا۔
فقس (فَقْس) ہاتھ کی کسی چیز کا انڈا توڑنا۔
فقط (فَقَط) بس۔
فقع (فُقْع) بول، غرب، (فَقَع) بعض چیز، سانپ کی ٹوپی۔
فقم (فَقَم) ج فقوم، ٹھوڑی، منہ، دہانہ۔
فقوع (فُقُوع) پیلا پھولک، دھوکا۔
فقہ (فِقْہ) قانون شریعت اسلامی۔
فقید (فَقِید) نایاب۔
فقید المثال (فَقِیدُ لْ مِثَال) بے مثل۔
فقیر (فَقِیر) بھکاری، کنگال، درویش، ج فقرا۔
فقیرانہ (فَقِی-رانہ) فقیر کی مانند۔
فقیری (فَقِی-رِی) کنگالی، درویشی۔
فقیع (فُقِّیع) دیکھو فقاع۔
فقیہ (فَقِیہ) علم فقہ جاننے والا، ج فقہا۔
فک (فَکّ) چھڑانا، کھولنا، جدا کرنا، جبڑا، چھوٹنا۔
فک اسفل (فَکِّ اَسْفَل) نیچے کا جبڑا۔
فک اعلیٰ (فَکِّ اَعْلیٰ) اوپر کا جبڑا۔
فکاک (فَکَاک) قیدی کی رہائی، جس سے چھوٹے
فکاہت (فُکَاہَت) خوش طبعی، ہنسی، زندگی۔ (فَکِہ) خوش طبع ہونا۔
فکر (فِکْر) غور، سوچ، اندیشہ، ج افکار۔

فکرت (فِکرَت) ع۔ مث۔ سوچ، اندیشہ جمع فِکَر۔

فکری (فِکری) ع۔ ص۔ متفکر۔

فکیف (فَکَیف) ع۔ کلمۂ استفہام، پس کیونکر۔

فگار، فگال (فِگار، فِگال) دیکھو افگار۔

فگانہ (فِگانَہ) ف۔ مذ۔ ادھورا بچہ جو پیٹ سے گر جائے۔

فگن (فِگَن) دیکھو افگن۔

فگندن (فِگَندَن) ف۔ (ن) ڈالنا مضارع فِگَنَد۔

فگندہ (فِگَندَہ) ف۔ ص۔ ڈالا ہوا۔

فگنندہ (فِگَنَندَہ) ف۔ ص۔ ڈالنے والا۔

فل (فُل) دیکھو فلان۔

فلا (فَلا) ع۔ ویرانہ۔

فلات (فَلات) ع۔ ویرانہ، جولاہے کا تانی۔

فلاح (فَلاح) ع۔ مذ۔ خیریت، عافیت (فَلّاح) کسان جمع فلّاحین۔

فلاحت (فِلاحَت) ع۔ مث۔ کسانی، کھیتی باڑی۔

فلاخن (فَلاخَن) ف۔ مذ۔ گوپھیا، گوپھن۔

فلاس (فَلّاس) ع۔ امذ۔ پیسے بیچنے والا۔

فلاسفہ (فَلاسِفَہ) ع۔ جمع۔ فلسفی کی جمع۔

فلاسنگ (فَلاسَنگ) ف۔ مث۔ فلاخن، بیابان۔

فلاط (فَلاط) ع۔ ناگاہ، ناگہاں۔

فلاکت (فَلاکَت) ع۔ مث۔ مفلسی، زمانہ کا چکر۔

فلاکت زدہ، فلاکتی (فَلاکَت زَدَہ، فَلاکَتی) ف۔ ص۔ مفلس۔

فلان، فلانی، فلانہ، فلاں (فُلان، فُلانی، فُلانَہ، فُلاں) ع۔ غیر معلوم آدمی، وہ آدمی جس کی خبر نہ ہو۔

فلج (فَلَج) ع۔ مذ۔ فالج۔

فلخودن، فلخیدن (فَلخُودَن، فَلخِیدَن) ف۔ (ن) دھننا، کپاس اوٹنا مضارع فلخند، فلخانیدن۔

فلخودنی، فلخیدنی (فَلخُودَنی، فَلخِیدَنی) ف۔ ص۔ دھننے، کپاس اوٹنے کے لائق۔

فلخودہ، فلخیدہ (فَلخُودَہ، فَلخِیدَہ) ف۔ ص۔ دھنکا، اوٹا ہوا۔

فلذہ (فِلذَہ) ع۔ مذ۔ کلیجہ کا ٹکڑا، جگر کا ٹکڑا۔

فلزّ، فلز (فِلِزّ) ع۔ مذ۔ معدنی دھات جمع فِلِزّات۔

فلزّی (فِلِزّی) ع۔ ص۔ معدنی، کانی۔

فلس (فَلس) ع۔ مذ۔ مچھلی کا چھلکا، پیسہ جمع فلوس، افلس۔

فلسطین (فِلَسطین) ع۔ ا۔ مذ۔ ملک مغربی ایشیا۔

فلسفہ (فَلسَفَہ) ع۔ مذ۔ حکمت، دانشمندی، علم اشیائے موجودات اور اُن کے اسباب۔

فلسفی (فَلسَفی) ع۔ ص۔ فلسفہ جاننے والا جمع فلاسفہ۔

فلسفیانہ (فَلسَفِیانَہ) ع۔ ص۔ فلسفی کی مانند۔

فلسین (فَلسَین) ع۔ مذ۔ ٹکا، دو پیسے، ادھنا۔

فلطہ (فَلطَہ) ع۔ ناگاہ، فَلاط۔

فلع (فَلع) ع۔ پھاڑنے والا، بڑا کلہاڑا۔

فلعہ (فِلعَہ) ع۔ مذ۔ کھال کا ٹکڑا، پارۂ پوست۔

فلفل (فِلفِل) ف۔ مث۔ کالی مرچ۔

فلفلمویہ (فِلفِل مویَہ) ع۔ مث۔ پیپلامول، بیخ درخت فلفل۔

فلق (فَلَق) ع۔ مذ۔ صبح کا اُجالا، فجر، اِنفِلاق (فَلق) (ن) چیرنا، پھاڑنا۔

فلقہ (فِلقَہ) ع۔ مذ۔ ہموار کا ٹکڑا۔

فلک (فَلَک) ع۔ مذ۔ آسمان جمع افلاک، فُلک (فُلک) مث۔ کشتی، ناؤ۔

فلکہ (فَلکَہ) ع۔ مذ۔ خیمہ یا چرخے کی گول ٹکلی۔

فلکی (فَلَکی) ع۔ ص۔ آسمانی، علم ہیئت جاننے والا۔

فلو (فِلُو) ع۔ مذ۔ سال بھر کا بچھیرا۔

فلوس (فُلوس) ع۔ فلس کی جمع۔

فلوق (فُلُوق) ع۔ دراڑیں، بوائی، کفیدگیِ پا۔

فلوکہ (فَلُوکَہ) ع۔ مذ۔ ڈونگی، چھوٹی کشتی، فُلک۔

فلول (فُلُول) ع۔ باڑھ گر جانا۔

فلہ (فَلَہ) ف۔ مث۔ پیوسی۔

فلہذا (فَلِہٰذا) ع۔ ف۔ پس اس واسطے۔

فلیو (فَلیو) ف۔ ص۔ بیہودہ، بے فائدہ۔

فم (فَم) ع۔ مذ۔ منہ، دہان۔

فن (فَن) ع۔ مذ۔ ہنر جمع فنون، افنان۔

فنا (فَنا) ع۔ ا۔ نابودی، زوال۔

فنج (فَنْ۔ ج) اسق

فنجانُ مُشک ۔ فا بروزن رمضان ۔ فنجا ، دمہ کی بیماری ۔

فنجان (فِنْ۔ جَان) چھوٹی پیالی ۔

فنجیدن (فَنْ۔ جِی۔ دَن) ہاتھ پاؤں ٹوٹنا ۔

فند (فَنْد) مکر ، فریب ، جھوٹ ، دھوکا (فُنْ۔ د) پہاڑ (فَنَن) گروہ ، جتھہ ۔

فندق (فُنْ۔ دُق) ریٹھا ، ایک قسم کا میوہ سپاری کے برابر سرخ پھل ۔

فنن (فَ۔ نَن) ٹہنی ، ڈالی جمع افنان جمع جمع افانین ۔

فنودن (فُ۔ نُو۔ دَن) سست ہونا ۔

فنیین (فُ۔ نَیْن) کھماری ، بغل کا پھوڑا ۔

فو (فُو) ایک جنگلی بوٹی ، (فُوّ) شتر مرغ ۔

فوات (فَوَات) نیستی ، گذر جانا ۔

فواحش (فَ۔ وَا۔ حِش) فاحشہ کی جمع ۔

فواخت (فَ۔ وَا۔ خِت) فاختہ کی جمع ۔

فواد (فُوَاد) دل ، جان ، قلب ، جی ۔

فوارس (فَ۔ وَا۔ رِس) فارس کی جمع ۔

فوارہ (فَوْ۔ وَا۔ رَہ) آبِ اچھال (فُوّا۔ رَہ) پھوارا ، جھرنہ ۔

فواصل (فَ۔ وَا۔ صِل) فاصلہ کی جمع ، قرآن مجید کی آیتوں کے آخری ہم وزن الفاظ ۔

فواضل (فَ۔ وَا۔ ضِل) فاضلہ کی جمع ۔

فواظ (فُوَاظ) مرنا ، روح پرواز کرنا ۔

فواق (فُوَاق) ہچکی ، ہچک ۔

فواکہ (فَ۔ وَا۔ کِہ) فاکہہ کی جمع ۔

فوالج (فَ۔ وَا۔ لِج) فالجہ کی جمع ۔

فوائد (فَ۔ وَا۔ ئِد) فائدہ کی جمع ۔

فوت (فَوْت) موت ، ناکامی ، گذر ، جمع افوات ۔

فوتی (فَوْ۔ تِی) موت سے متعلق ، متوفی کا سامان ۔

فوج (فَوْج) لشکر ، گروہ جمع افواج ۔

فوج کشی (فَوْج۔ کَشِی) فوج کی چڑھائی ۔

فوجدار (فَوْج۔ دَار) [illegible] منتظم ، پولیس ۔

فوجداری (فَوْج۔ دَا۔ رِی) لڑائی جھگڑا ۔

فوجی (فَوْ۔ جِی) منسوب بہ فوج ، فوج والا ۔

فوح (فَوْح) مہک ، باس جمع فُوُوحات ۔

فودج (فَوْ۔ دَج) دیکھو ہودج ۔

فور (فَوْر) وقت ، جلد ، جوش ، اُبال (فُور) پیازی ، ہلکا سرخ ۔

فوراً (فَوْ۔ رَنْ) جلدی کے ساتھ ۔

فوران (فَوَ۔ رَان) فوراں ، جوش ، اُبال ۔

فوری (فَوْ۔ رِی) منسوب بہ فور ، فوراً ، جلدی کا ۔

فوز (فَوْز) کامرانی ، بامقصد یابی (فُوز) جماع کرنے کی آواز ۔

فوض (فَوْض) کسی پر کام چھوڑ دینا ۔

فوضوی (فَوْ۔ ضَوِی) منسوب بہ فوضی ، اشتراکی ۔

فوضویت (فَوْ۔ ضَوِی۔ یَت) بدل مساوات ، اشتراکیت ۔

فوضی (فَوْ۔ ضَا) وہ نظامِ حکومت جس میں سب لوگ برابر ہوں

فوطہ (فُو۔ طَہ) تہبند ، تہمد ، لنگوٹ ، انڈکوش ، خصیہ (فَوْ۔ طَہ) تولیہ ، ازار ، لنگ ۔

فوطہ دار (فُو۔ طَہ۔ دَار) خزانچی ، نقد روپیہ والا ۔

فوظ (فَوْظ) مرنا ، روح پرواز کرنا ۔

فوف (فُوف) ناخن کی کوڑی ۔

فوفل (فُو۔ فَل ، فَوْ۔ فَل) چھالی ، سپاری ، اڑک ۔

فوق (فَوْق) اوپر ، بلندی (فُوق) اوپر ہونا ، ناخن کی سفیدی ، سوفار ۔

فوق الذکر (فَوْ۔ قُذْ۔ ذِکْر) ذکر ، یا اوپر بیان کیا ہوا (فُوْ۔ قُذْ۔ ذَکَر) عضو تناسل کی بیماری ۔

فوقانی (فَوْ۔ قَا۔ نِی) اوپر کا ، اوپر والا ، منسوب بہ فوق

فوقیت (فَوْ۔ قِی۔ یَت ، فَوْ۔ قِیَّت) برتری ، بلندی ۔

فول (فُول) سیم کے بیج ۔

فولاد (فَوْ۔ لَاد) ایک سخت ، ارضی دھات ، پولاد ۔

فولادی (فَوْ۔ لَا۔ دِی) منسوب بہ فولاد ، فولاد والا ۔

فوم (فُوم) لہسن ، اناج ، پیاز کی گٹھی ۔

فوہ (فُوہ) منہ ، دہان ، [illegible] رنگ کے

فوح (ع) ا۔ مذ۔ مہک، خوشبو۔ فوحہ۔ جمع افواح
بیچیرہ (ف) ا۔ کلمۂ تحقیر۔
فوہار (ف) ا۔ مث۔ فسوار، مہین پھوار۔
فوہڑا (ف) ا۔ مذ۔ موٹا تازہ نوجوان۔
فہّام (ع) ص۔ بہت بڑا سمجھنے والا۔
فہد (ع) ا۔ مذ۔ چیتا، یوز، تیندوا۔
فہر (ع) ا۔ مذ۔ پتھر۔
فہرس، فہرست (ف) ا۔ مث۔ ترتیب جس میں مضامین درج ہوں۔
فہم (ع) ا۔ مذ۔ سمجھ، بوجھ۔ فہّامہ، فہوم، سمجھنے والا
فہمائیدن (ف) مص۔ سمجھانا۔
فہمندہ (ف) ص۔ مذ۔ سمجھنے والا۔
فہمید (ف) ا۔ مث۔ سمجھ۔
فہمیدگی (ف) ا۔ مث۔ سمجھ بوجھ، سمجھداری۔
فہمیدن (ف) مص۔ سمجھنا۔ مصدر متعدی۔
فہمیدنی (ف) ص۔ سمجھنے کے لائق۔
فہمیدہ (ف) ص۔ مذ۔ سمجھا ہوا۔ جمع فہمیدگان۔
فہو (ع) ا۔ مذ۔ بھول، سہو، نسیان۔
فہیم، فہیمہ (ع) ص۔ سمجھنے والا۔
فیٔ (ع) ا۔ وہ جو بغیر جنگ دشمن سے ہاتھ آیا ہوا مال، غنیمت۔
ڈھلتی ہوئی چھاؤں جو آ گیا۔ (ع) حرف جار
یعنی میں، اندر، ہر ایک۔
فیاح (ع) ا۔ مذ۔ جوڑا۔
فیاد (ع) ا۔ مذ۔ اچھلنے والا، خرگوش۔
فیاض (ع) ص۔ فیض پہنچانے والا، دریا دل۔
فیال (ع) ا۔ مذ۔ ہاتھی بان، مہاوت۔
فی البدیہہ (ع) ق۔ بغیر سوچے، فوراً۔
فی الجملہ (ع) ق۔ غرض، حاصل کلام۔
فی الحال (ع) ق۔ حال میں، فوراً، ابھی۔
فی الفور (ع) ق۔ فوراً، اب، جلدی۔
فی المثل (ع) ق۔ مثلاً، کہاوت میں۔
فی النار (ع) ق۔ نار، آگ میں۔

فی الواقع (ع) ق۔ سچ مچ، حقیقت میں۔
فی الوقت (ع) ق۔ اس وقت، اسی وقت، وقت پر۔
فیج (ف) ا۔ قاصد، پیک۔
فیجن (ع) ا۔ مذ۔ نام بوٹی، جنگلی سداب۔
فیح (ع) ا۔ مہک۔ اسم فیحی۔ جمع فیوحات۔
فیخ (ع) ا۔ مذ۔ بخار سے مشابہ ایک حالت۔
فید (ع) ا۔ مذ۔ ایک قسم کی زعفران، کھڑا بال،
فیر (انگریزی) خوبصورت، اچھا، درست۔
فیرنی (ف) ا۔ مث۔ ایک قسم کی کھیر۔
فیرمند (ف) ا۔ مذ۔ فیروز مند کا مخفف
فیروز (ف) ص۔ مظفر، کامیاب، فتحمند۔
فیروز بخت (ف) ص۔ خوش قسمت، قسمت کا دھنی۔
فیروزج (ف) ا۔ مذ۔ دیکھو فیروزہ۔
فیروزمند (ف) ص۔ کامیاب، فتحمند۔
فیروزمندی (ف) ا۔ مث۔ کامیابی۔
فیروزہ (ف) ا۔ مذ۔ جواہرات کی ایک نیلی قسم۔
فیروزی (ف) ا۔ مث۔ کامیابی، فتحمندی۔
فیریدن (ف) مص۔ افسوس کرنا، فریاد
کرنا۔ مصدر متعدی۔
فیصا (ع) ا۔ مث۔ مصر۔
فیشہ (ع) ا۔ مذ۔ حشفہ۔
فیصل (ع) ا۔ مذ۔ حکم، انفصال حق و باطل
فیصلہ (ع) ا۔ مذ۔ انفصال حق و باطل، تجویز، حکم۔
فیض (ع) ا۔ مذ۔ فائدہ، بخشش۔ جمع فیوض،
فیاض اسم صفت۔
فیضان (ع) ا۔ مذ۔ فیض، بڑا فائدہ، بخشش۔
فیضانی (ع) ص۔ فیض رسان، فیضان کی طرف منسوب۔
فیض رسان (ف) ص۔ فیض پہنچانے والا۔
فیض رسانی (ف) ا۔ مث۔ فیض پہنچانا۔
فیضی (ع) ص۔ فیض سے نسبت رکھنے والا۔
فیضیاب (ف) ص۔ فیض پانے والا۔

فیضیابی (ف۔ فَیض۔یا۔بی) فیض پانا۔
فیظ (ع۔ فَیظ) مرنا، روح پرواز کرنا۔
فیف (ع۔ فَیف) جنگل، بیابان۔
فیفاء (ع۔ فَی۔فا) جنگل، بیابان، ج فیافی۔
فیل (ع۔ فِیل) ہاتھی، ج فیول، افیال، فیلہ
(فِیَلہ) شطرنج کا مہرہ۔
فیلبار (ف۔ فیل۔با۔ر) برسات کی آخری بھرن۔
فیلبان (ف۔ فیل۔بان) ہاتھی بان، چرکٹا۔
فیلبانی (ف۔ فیل۔با۔نی) ہاتھی بانی۔
فیلپا (ف۔ فیل۔پا) پاؤں سوجنے کی بیماری۔
فیلتن (ف۔ فیل۔تن) ہاتھی کی برابر، فیلتن۔
فیلتن (ف۔ فیل۔تن) دیکھو فیلتن۔
فیلغ (ف۔ فی۔لغ) جنگل کا پاٹ۔
فیلدندان (ف۔ فیل۔دن۔دان) ہاتھی دانت۔
فیل زہرہ (ف۔ فیل۔زہ۔رہ) بہت بجوش۔
فیلسوف (ع۔ فیل۔سوف) حکیم، حکمت مند۔
فیلمرغ (ف۔ فیل۔مرغ) ایک فرضی عظیم الشان پرندہ۔
فیلول (ع۔ فی۔لول) کم عقل، عقل ماری جانا، بے سبب رہ جانا۔
فیلہ (ف۔ فی۔لہ) ہاتھنی۔
فیّم (ع۔ فیّم) سخت آدمی جسم قسیم۔
فیمابین (ع۔ فی۔ما۔بین) درمیان میں۔
فینسا (ع۔ فی۔نا) نام ولایت، دارالحکومت آسٹریا ملک یورپ کا
فی نفسہ (ع۔ فی۔نف۔سہٗ) لفظی معنی اپنی ذات میں، اصل میں
فینسر (ف۔ فی۔نسر) ایک وقت، گھڑی، ساعت۔
فیوض (ع۔ فُیوض) فیض کی جمع۔
فیوظ (ع۔ فیوظ) مرنا، روح پرواز کرنا۔
فیہج (ع۔ فی۔ہج) شراب، پیمانہ، صراحی۔

ق

ق (ع۔ قاف) مخصوص حرف عربی، قائم مقام عدد ۱۰۰۔ حرف قمری، چند حروف سے بدل گیا۔ ۱۔ خ کے ساتھ مثلاً جوخ، جوق۔ ۲۔ غ کے ساتھ مثلاً قالین، غالین۔ ۳۔ ک کے ساتھ مثلاً تریاق، تریاک۔
۴۔ گ کے ساتھ مثلاً خانقاہ، خانگاہ
قاآن (ت۔ قا۔آن) بڑا بادشاہ، چین کا بادشاہ۔
قاآنی (ت۔ قا۔آ۔نی) بادشاہ کو نسبت رکھنے والا، بادشاہی
قاب (ع۔ قاب) طباق، پلیٹ، خوان، پیالہ، رکیبی، مقدار، زہ اور کمان کے پلے اور قبضہ کا درمیانی فاصلہ۔
قابخانہ (ف۔ قاب۔خا۔نہ) جوئے خانہ، قمار خانہ۔
قاب سنگار (ف۔ قاب۔سِن۔گار) سنگار کیبی۔
قابض (ع۔ قا۔بض) قبضہ رکھنے والا، قبض کرنے والا۔
قابضہ (ع۔ قا۔بضہ) قبضہ رکھنے والی۔
قاب قوسین (ع۔ قاب۔قو۔سین) دو کمانوں کی مقدار،
قابل (ع۔ قا۔بِل) لائق، سزاوار، قبول کرنے والا۔
قابلہ (ع۔ قا۔بلہ) دایہ، دائی جمع قوابل۔
قابلیت (ع۔ قا۔بِلی۔یت) لیاقت۔
قابو (ت۔ قا۔بو) فرصت، موقع، بس، بوتہ۔
قابوچی (ت۔ قا۔بو۔چی) خودغرض، خودمطلب۔
قابول (ت۔ قا۔بول) دیکھو قاپول۔
قاپو (ت۔ قا۔پو) دروازہ۔
قاپوچی (ت۔ قا۔پو۔چی) دربان۔
قاپول (ت۔ قا۔پول) پرنالہ۔
قاپان (ت۔ قا۔پان) تکڑ، بڑی ترازو۔
قاپی (ت۔ قا۔پی) دروازہ۔
قاتل (ع۔ قا۔تل) قتل کرنے والا، جمع قاتلین۔
قاچ (ت۔ قاچ) دیکھو قاش۔
قادر (ع۔ قا۔در) طاقتور، قدرت رکھنے والا، اللہ تعالیٰ کا نام
قادرانداز (ف۔ قا۔در۔اَن۔داز) تیر، گولی چلانے والا، نشانہ باز
قادراندازی (ف۔ قا۔در۔اَن۔دا۔زی) نشانہ بازی، گولی چلانا۔
قادر علی الاطلاق (ع۔ قا۔در۔عَلَل۔اِط۔لاق)
ہر کام پر قدرت والا، اللہ تعالیٰ۔

قاذورہ (ع ا-مث) نجاست، بدکاری۔ ج قاذورات
قار (ع ا-مذ) برف، روغن قیر۔
قارب (ع ا-مذ) کشتی، ناؤ۔
قارح (ع ا-مذ) فربہ اندام، تام جثہ، شوخ و ناز والا۔
قارعہ (ع ا-مث) سختی، زمانہ، قیامت۔ ج قوارع۔
قارو (ع ا-مذ) راج ہنس، بڑی بط۔
قارورہ (ع ا-مث) شیشہ، شیشی جس میں مریض کا پیشاب ہو۔ ج قواریر۔
قارہ (ع ا-مث) بڑا ٹیلہ، وہ پتھر جس کا رنگ بہت کچھ سیاہ ہو۔
قاری (ع ا-مذ) پڑھنے والا۔ ج قاریین، قرا، قرات۔
قاز (ت ا-مث) بڑی بط، جنگلی بطہ۔
قازان (ت ا-مذ) نام شہر، بیرونی روس)
قازقان (ت ا-مذ) کڑھائی، دیگ۔
قاذورہ (ع ا-مث) [illegible] اور [illegible]۔
قاسر (ع ا-مذ) جبر کرنے والا۔
قاسم (ع ا-مذ) بانٹنے والا۔
قاسی (ع ا-مذ) سخت دل، سیاہ دل۔
قاش (ت ا-مث) پھانک، پھول۔
قاشق (ت ا-مث) چمچہ، ملعقہ۔
قاصد (ع ا-مذ) نامہ بر، ایلچی، خبر رساں۔ ج قصاد
قاصب (ع ا-مذ) قصاب، حلال کرنے والا، گوشت کاٹنے والا۔
قاصد (ع ا-مذ) ارادہ، قصد کرنے والا۔
قاصر (ع ا-مذ) عاجز، کوتاہی کرنے والا۔
قاضی (ع ا-مذ) [illegible]
قاضب (ع ا-مذ) تیز تلوار۔ ج قواضب۔
قاضی (ع ا-مذ) [illegible] منصف۔ ج قضاۃ۔
قاطبۃً (ع ا-مذ) تمام، سب، بالکل۔
قاطر (ع ا-مذ) ٹپکنے والا، ٹپکایا ہوا۔
قاطع (ع ا-مذ) کاٹنے والا۔ ج قواطع۔
قاطع الطریق (ع ا-مذ) رہزن، [illegible]
قاطن (ع ا-مذ) مقیم، باشندہ۔ ج قاطنین، قطان
قاطون (ع ا-مذ) [illegible]۔

قاع (ع ا-مذ) جنگل، میدان۔
قاعد (ع ا-مذ) سردار قوم، سردار لشکر، بیٹھا ہوا، بیٹھنے والا۔ ج قاعدین۔
قاعدہ (ع ا-مث) دستور، آئین، بنیاد، اصل، [illegible] کا نام۔ ج قواعد، بیٹھی ہوئی۔
قاعہ (ع ا-مث) صحن، انگنائی۔
قاف (ع ا-مذ) نام پہاڑ (مجوزہ [illegible])
قاف تا قاف (ع ا-مذ) تمام دنیا۔
قافلہ (ع ا-مث) مسافروں کی جماعت۔ ج قوافل۔
قافلہ سالار (ف ا-مذ) قافلہ کا سردار۔
قافلہ سالاری (ف ا-مث) [illegible] قافلہ کی سرداری۔
قافیہ (ع ا-مث) شعر کا آخری [illegible]۔ ج قوافی۔
قاق (ت ا-مذ) سوکھا آدمی، سوکھا ہوا گوشت۔
قاقا (ت ا-مذ) [illegible]۔
قاقل (ع ا-مذ) شراب بنانے کی ایک دوا۔
قاقلہ (ع ا-مث) بڑی الائچی۔
قاقلتین (ع ا-مث) چھوٹی بڑی دونوں الائچیاں۔
قاقم (ت ا-مذ) ایک جنگلی جانور جس کی پشم بیش قیمت ہوتی ہے۔
قال (ع ا-مذ) کہنا، بات۔ قال، اس نے کہا۔
قال مقال (ع ا-مذ) لمبی بات چیت۔
قالب (ع ا-مذ) سانچہ، ڈھانچہ، جسم، بدن۔ ج قوالب۔ پھرنے والا، لوٹنے والا۔
قالی (ت ا-مذ) قالین۔
قالیچہ (ت ا-مث) چھوٹا قالیچہ۔
قالین (ت ا-مذ) غالیچہ۔
قامت (ع ا-مث) قد۔
قامع (ع ا-مذ) توڑنے والا، ذلیل کرنے والا۔
قاموس (ع ا-مذ) سمندر، گہرا دریا۔
قاموس الاعلام (ع ا-مذ) [illegible] دائرۃ المعارف [illegible]
قان (ت ا-مذ) خون، لہو۔

قانِت (ع۔ ا۔ مذ) خاموش، فرمانبردار، جمع قانتین۔

قانِصہ (ع۔ ا۔ مث) پوٹا، سنگدانہ۔

قانِط (ع۔ ص) نا اُمید، جمع قانطین۔

قانع (ع۔ ص) تھوڑی چیز پر صبر کرنے والا۔

قانون (ع۔ ا۔ مذ) آئین، قاعدہ، دستور، جمع قوانین، ایک باجا۔

قانون گو (ع۔ ا۔ مذ) تحصیل کا ایک عہدہ دار۔

قانون گوئی (ع۔ ا۔ مث) قانون گو کا عہدہ۔

قانی (ع۔ ص) سُرخ۔

قاووت (ت۔ ا۔ مذ) ستو، وہ جو ایک قسم کا خوردونوش ہے۔

قاہر (ع۔ ص) نام اللہ تعالیٰ، زبردست، قہر کرنے والا۔

قاہرہ (ع۔ ص) جابرہ، غالب، زبردست، دارالسلطنت مصر قاہرہ۔

قاقُم (ت۔ ا۔ مذ) سمور، سنجاب۔

قائد (ع۔ ا۔ مذ) پیشوا، اندھے کا راہنما، جمع قائدین،
قُوَّاد (ع۔ ا) دیکھو قوّاد۔

قائف (ع۔ ا۔ مذ) شگون، قیافہ شناس۔

قائق (ت۔ ا۔ مث) کشتی، ناؤ۔

قائل (ع۔ ص) کہنے والا، اقرار کرنے والا، جمع قائلین۔

قائلہ (ع۔ ص) کہنے والی، اقرار کرنے والی۔

قائم (ع۔ ص) کھڑا ہوا، پائندہ، مستقل، برقرار رہنے والا، جمع
جمع قُوَّام، قُیَّم، قیّام۔

قائم مزاج (ع۔ ص) مستقل مزاج۔

قائم مزاجی (ع۔ ا۔ مث) مستقل مزاجی۔

قائم مقام (ع۔ ص) جگہ پر قائم، نمایندہ۔

قائم مقامی (ع۔ ا۔ مث) جگہ پر قائم ہونا، نمایندگی۔

قائمہ (ع۔ ا۔ مث) فہرست، دفتر کا کاغذ، پلنگ کا پایہ،
سیدھی لکیر جو دوسری پر قائم ہو کر دونوں زاویے
برابر بنائے، جمع قوائم۔

قائمہ زاویہ (ع۔ ا۔ مذ) (۹۰) درجے کا موڑ، کونا۔

قائمہ موجودات (ع۔ ا۔ مث) چیزوں کی فہرست، بیجک۔

قائین (ع۔ ا۔ مذ) بیوی کا بھائی، شوہر کا بھائی۔

قب (ت۔ ا۔ مث) تلوار کی جھنکار۔

قبا (ع۔ ا۔ مث) جامہ، عبا، (قَبّا) پتلی کمر کی عورت۔

قباچہ (ع۔ ا۔ مث) چھوٹی سی قبا، قبا کی تصغیر۔

قباحت (ع۔ ا۔ مث) نقص، بگاڑ، برائی، خرابی۔

قبالہ (ع۔ ا۔ مذ) دستاویز، بیعنامہ، مکان کا کاغذ، فروختگی کی
تحریر (قِبالہ سے ہوتا ہے) (قُبالہ) آمنے سامنے، برابر۔

قبان (ت۔ ا۔ مذ) قپان، ایک بڑی ترازو۔

قباء (ع۔ ا) دیکھو قبا۔

قبائل (ع۔ ا) قبیلہ کی جمع۔

قبح (ع۔ ا۔ مذ) برائی، بھونڈا پن، (قَبْج) (ع۔ ا۔ مذ) چکور،
نر (ع۔ ا) چکور، جمع قبجور۔

قبرستان (ع۔ ف۔ ا۔ مذ) گورستان، جہاں بہت سی قبریں ہوں۔

قبرص (ع۔ ا۔ مذ) ایک جزیرہ، سائپرس، بحیرۂ روم۔

قبرغہ (ت۔ ا۔ مذ) پسلی، کوکھ، پہلو۔

قُبّرہ (ع۔ ا۔ مث) لوا، چنڈول۔

قبریس (ف۔ ا۔ مذ) ریشم، قبرصی۔

قبس (ع۔ ا۔ مذ) آگ کا انگارہ، (قبس) تیز (ع۔ مص)
سلگانا، آگ لینا، حاصل کرنا۔

قبص (ع۔ ا۔ مذ) پیٹ کا درد، کھینچاؤ، روکنا، خوشی، ابر کی
بزرگی (قبص) خوف، غنا، زوال (قبص) (ع۔ مص)
پوروں سے پکڑنا۔

قبض (ع۔ ا۔ مص) گرفت، دست رس، گرفتاری، دشمن،
پاخانہ نہ ہونا، جب کہ ہونا قبض اصطلاح بیکس بستہ۔

قبضہ (ع۔ ا۔ مذ) مٹھی، تلوار پکڑنے کا دستہ، قابو۔

قبضیت (ع۔ ا۔ مث) بندش، قبض ہونا۔

قبطان (ع۔ ا۔ مذ) کپتان۔

قبطون (ع۔ ا۔ مذ) اندرونی مکان، مکان کے اندر کا مکان۔

قبطی (ع۔ ص) قدیم مصری قوم۔

قَبع (ع۔ ا۔ مذ) کالی بیل، گول کدو۔

قبقاب (ع۔ ص، ا) کھڑاؤں، چوبی چپل، وہ گولی
کپڑے پر پھیرنے کا مہرہ۔

قبل (ع۔ ظ) پہلے، پیشتر، (قُبُل) سامنے، پیش۔

مقابلت (قُبُل) زمین کی اونچائی (قُبُل)

(قُبُل) عورت کی پشت، شرمگاہ، سامنے کی چیز

(قُبُل) قبیل کی جمع -

قبل الوقوع (قَبْ . لُل . وُقُوع) وقوع سے پہلے -

قبلہ (قِبْ - لَہ) کعبہ، کلمۂ تعظیم، قبلہ کی سمت

(قُبْ - لَہ) بوسہ -

قبلہ نما (قِبْ - لَہ نُما) قبلہ کی سمت معلوم کرنے کا آلہ -

قبوح (قُبُوح) بُرا، خراب -

قبوض (قُبُوض) قبضات -

